باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

184

ماہنامہ عبقری ® لاہور

ستمبر 2021ء محرم الحرام صفر المظفر 1443 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

”جنات کا پیدائشی دوست“

جناتی دنیا کا صدیوں سے آزمودہ لاہوتی نقش!

اسی شمارہ کے صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ فرمائیں! اجازت عام

تسبیح خانہ لاہور میں قیام کیلئے حسب موسم بستر، تکیہ اور ظروف ساتھ لائیے ورنہ معذرت

سات رنگ کی دالیں صدقہ کیجئے کمال خود دیکھئے

- زندگی سے مایوس تھا مگر سیدہ کائناتؓ کی سفارش کام آگئی!
- السر، شوگر، کولیسٹرول اور یورک ایسڈ ختم! یہ قہوہ پی لیجئے!
- اذان اور جنات کی دوڑیں! آنکھوں دیکھے مشاہدات
- بلڈ کینسر کیلئے ہندو حکیم کا ہمارے بزرگ کو بتایا نسخہ خاص
- پان، گٹکا، نسوار اور تمباکو سے نفرت! بس یہ پڑھ لیجئے!
- ٹوٹے دل، اجڑے گھر بسانے کا آزمودہ عمل
- صحرائی درویش سے رئیس بننے کا نسخہ لیجئے
- تجھے تیرے قرآن کی بددعائیں کھا گئیں!
- من چاہا رزق چاہیے تو بس یہ عمل کیجئے!

حفاظت، کفایت، مدد، قرض نجات! حیرت انگیز حفاظتی حصار

شیخ الوظائف 14 اکتوبر 2021ء

بروز جمعرات دوران درس خاص عمل کروائیں گے۔ جو بھی شامل ہوا وہ کی ہمیشہ حفاظت، کفالت اور غیبی مدد ہوگی، قرض، علت، قلت، ذلت سے نجات ۔ بے شمار کا آزمودہ مسنون عمل۔ حیرت انگیز کمالات۔

یہ دم شدہ پانی پی لیجئے! قد میں یقینی اضافہ

کیا آپ کے گھر میں یہ نبویؐ اور سائنسی برتن ہیں؟

نہیں تو فکر کریں!

الحدیث اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَفِيْ مُدِّنَا (صحیح بخاری)

اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے صاع میں اور ہمارے مد میں برکت عطا فرما!

مُد نبوی ﷺ

صاع نبوی ﷺ

قیمت 2250 روپے

قیمت 3850 روپے

خطرناک اور لاعلاج بیماریوں کا علاج صرف تانبے کے مُد اور صاع سے

اپنے مقدر میں خوش نصیبی لانا چاہتے ہیں!

16 ستمبر 2021ء بروز جمعرات

تسبیح خانہ لاہور میں بعد نماز مغرب نوچندی کا درس ہوگا۔

جادو، جنات، گھریلو الجھنوں، نظر بد، کاروباری بندش رشتوں کی بندش، سفلی عمل، میاں بیوی میں دڑار، تمام مسائل ختم

بڑی بوڑھیاں زبردستی آنکھ میں سرمہ کیوں ٹھونستی تھیں! آج جان لیجئے!

0343-8710009

ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈ من "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- ❖ گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈ من کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- ❖ گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- ❖ کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ❖ ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- ❖ اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈ من سے رابطہ کیجئے۔
- ❖ سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پر اپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- ❖ تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- ❖ عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- ❖ **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- ❖ اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈ من سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو

شیخ الوظائف کی کاغان آمد/ درس

4 ستمبر 2021ء بروز ہفتہ صبح 9 بجے

ایڈریس: محترم سید مزمل شاہ ہاؤس، چیف آف کاغان

کالے دھاگے کا بندش توڑ عمل! ایک گچھی ہمراہ لائیں! فوری شادی میاں بیوی میں محبت کیلئے اکسیر

درس میں تشریف لاتے ہوئے ایک کالے دھاگے کی گچھی ہمراہ لائیں! شیخ الوظائف اس پر خاص بندش توڑ عمل کروائیں گے! گھر جا کر روزانہ رات کو سوتے وقت دھاگہ بازو پر باندھیں صبح اٹھ کر اپنی بندش، مسائل کا تصور کر کے اسے جلا دیں۔ جیسے ہی گچھی کا تمام دھاگہ ختم ہوگا۔ سخت سے سخت ہر قسم کی بندش ٹوٹ جائے گی! میاں بیوی میں محبت کیلئے اکسیر ہے!

40 کنکریوں کا کایا پلٹ عمل! جادو جنات، آسیب پر قہر ڈھادیں!

درس میں 40 چھوٹی کنکریاں (باریک بجری) ہمراہ لائیں یا وادی کاغان میں پہاڑوں پر پڑی کنکریاں چن لیں۔ شیخ الوظائف اس پر خاص عمل کروائیں گے۔ گھر جا کر روزانہ سو کر اٹھنے کے بعد ایک کنکری سامنے رکھ کر اس پر شیخ الوظائف کا بتایا خاص عمل 21 بار وضو بے وضو ہر حالت میں پڑھیں اور گھر کے صحن میں کہیں رکھ دیں۔ کیونکہ تعداد کے ذریعے ہی سے ساری بیماریاں او ساری نحوستیں منتی ہیں۔ بس صحن میں رکھتے ہی ایک انوکھا نور روحانیت اور طاقت شروع ہوگی۔ چالیس دن کے بعد آپ کو جادو جنات، آسیب، گھریلو الجھنیں اور لاعلاج بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے گی۔ گھر کا ہر فرد اپنے لیے علیحدہ عمل کرے۔ اور یہ ہمیشہ صحن میں پڑی رہیں۔

خواتین اپنے سر کے اترے بال ہمراہ لائیں! بلائیں آفتیں ٹلوائیں!

خواتین درس میں آتے ہوئے تھوڑے سے سر کے اترے ہوئے بال ہمراہ لائیں۔ اپنے بالوں کو شہادت کی انگلی پر لپیٹ لیں۔ شیخ الوظائف اس پر نورانی عمل کروائیں گے۔ چند لمحوں بعد جیسے ہی آپ بال انگلی سے اتاریں گے، جسم سے بیماریاں، پوشیدہ امراض، بانجھ پن، بلائیں آفات، نظربد، جناتی اثرات ختم ہو جائیں گے۔ یہ عمل صرف خواتین کیلئے ہے!

قرضوں کا بوجھ بے برکتی کا شکوہ! آئیے! کاغان کے پہاڑوں پر برکت کے انبار پائیے

قرضوں کے بوجھ تلے بے برکتی کا شکوہ کرنے والوں کیلئے خاص عمل۔ شیخ الوظائف درس کے دوران پہاڑوں کی طرف دیکھتے ہوئے ایک خاص وظیفے کا ورد کروائیں گے جس سے چند ہی دنوں میں قرضوں کے پہاڑ ختم اور رزق دولت آپ کی طرف ایسے آئے گی جیسے پہاڑ سے نیچے پانی۔ غیب سے روزی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

خشک ناریل پر شفائیہ عمل اب کوئی بیماری لاعلاج نہیں!

درس میں اپنے ہمراہ 3 عدد خشک ناریل ہمراہ لائیں! اس پر شفائیہ عمل ہوگا۔ گھر جا کر ان ناریل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے کسی برتن میں محفوظ رکھیں اس میں مزید ناریل شامل کر کے اس کو بڑھا سکتے ہیں۔ شوگر، موٹاپا، بلڈ پریشر، امراض قلب، کینسر، امراض معدہ، بڑھاپا، نارمل ڈیلیوری، جسم کی دردیں اور ازدواجی کمزوری کا شکوہ کرنے والوں کیلئے باکمال شفائیہ تحفہ ہے!

تیل، شہد، نمک، شکر ہمراہ لائیں! فیملی کیلئے شفاء کا خزانہ ساتھ لے جائیں!

درس کے آخر میں شیخ الوظائف ان چیزوں پر اسم اعظم کا دم فرمائیں گے۔ گھر جا کر ان چیزوں کو استعمال کریں اور حیرت انگیز کمالات، شفائیہ برکات جاگتی آنکھوں سے دیکھیں! اولاد کی نافرمانی، بے راہ روی، بدتمیزی، گھر میڈیکل سٹور بن گیا ہو، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے اور بیماریوں کے خاتمے کیلئے اکسیر ہے!

خریدیں! آئینہ! شیخ الوظائف خود آپ کے آئینے پر عمل کریں گے! اپنے ہمراہ ایک چھوٹا سا آئینہ لائیں۔ نظر بد، چہرے کے حسن و جمال، دانے کیل مہاسے، چھائیاں، رشتہ ہونے میں رکاوٹ، رشتے آتے ہوں لیکن پسند کرتے ہوں جیسے مسائل کیلئے شیخ الوظائف آپ کے آئینے پر روحانی عمل کریں گے۔ دن میں چند بار اس آئینے میں اپنا چہرہ دیکھیں۔

خواتین ہر حالت میں شامل ہوسکتی ہیں۔ علیحدہ باپردہ ماحول

---

35 بار لکھیں اور بامراد بن جائیں

بڑے بڑے اولیاء کرام اور عامل کامل حضرات کا استعمال کردہ ایک ایسا عمل جس نے کیا وہ تونگر ہو گیا

جس کی جیب میں ہو گا رزق خود اس کے پیچھے بھاگے گا

بیمار شفاء یاب ہوا، بھوکے کو کھانا ملا، بے گھر کو گھر ملا

اولاد باکمال اور بے مثال بن گئی

میاں بیوی کے جھگڑے ایسے ختم جو کبھی ہوئے نہ تھے

عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملا، دیدار رسول ملا

16 ستمبر 2021ء بروز جمعرات

یہ مقبول نقش تسبیح خانہ لاہور میں آ کر لینا ہرگز نہ بھولیے!

شیخ الوظائف خود لکھوائیں گے۔

---

7 روحانی پیکیج! جادو، بندشیں، بیماریاں، مشکلات ختم! 1۔ پرانا سوٹ ہمراہ لائیں، جادو، جنات، آسیب، بیماریاں ختم! 2۔ تالا کا عمل، ہر بندش کھلوایئے۔ 3۔ کروڑ پتی بننے کا روحانی نسخہ۔ جائے نماز، مٹی کا پیالہ، خوشبو ہمراہ لائیں۔ صرف تین تسبیح خانہ گزاریئے، خوشحال ہو جایئے۔

مزید تفصیلات صفحہ 64

عَبۡقَرِيٍّ حِسَانٍ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ القرآن

بیاد

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 3 | جلد نمبر 16 | ستمبر 2021 محرم الحرام صفر المظفر 1443 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور ستمبر 2021ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے

سالانہ ممبر شپ 1260 روپے رجسٹرڈ ڈاک بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

آپ کی امانت ضرور لوٹائیں گے

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں، ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا' حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے' بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکرگزار ہوں گے' ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب' رسائل' جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے' وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں' مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

غیبی مدد کا نظارہ اپنی آنکھوں سے کریں

نہ کوئی وظیفہ نہ نقش نہ عمل! صرف سننے سے بگڑے کام سنور جائیں!

مشکلات کو سلجھانے' الجھنوں سے نجات پانے' دکھوں' بیماریوں' جادو و جنات سے چھٹکارے اور ہر مقصد کے حصول کیلئے شیخ الوظائف کی اسم اعظم کے ساتھ کی جانے والی صرف 40 شفائیہ دعائیں سنیں اور اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد کا نظارہ اپنی آنکھوں سے کریں۔ (قیمت: میموری کارڈ 8GB صرف 450 روپے' علاوہ ڈاک خرچ)

دکھی انسانوں کے لیے خوشیوں کا سامان

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے ادارہ عبقری کا شعبہ ''عبقری ٹرسٹ'' لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

یقین کیجئے یہ سچ اور حقیقت ہے! احتیاط کیجئے!

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری خدمات کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر خدمات کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

کوئی ایجنسی ہولڈر عبقری خدمات کے نام پر سامان' نقدی یا کسی بھی دیگر چیز کا مطالبہ کرے تو اس نمبر پر بذریعہ میسج یا واٹس ایپ اطلاع کیجئے۔ 03438710009

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

یہ ردی نہیں آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے صدقہ جاریہ ہے!

وہ کتب یا رسائل جو آپ کے زیر مطالعہ نہ ہوں شاید وہ دوسروں کیلئے خیر' ہدایت' معلومات اور ان کے مسائل کا حل ہوں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری کتب' رسائل بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: ''عبقری' عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

E mail:contact@ubqari.org | 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس

کمزور اور بے کسوں کی برکت

حضرت مُصعب بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ (ان کے والد) حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خیال تھا کہ انہیں اُن صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین پر فضیلت حاصل ہے جو ان سے (مالداری اور بہادری کی وجہ سے) کم درجہ کے ہیں۔ (ان کے خیال کی اصلاح کی غرض سے) نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارے کمزوروں اور بے کسوں ہی کی برکت سے تمہاری مدد کی جاتی ہے اور تمہیں روزی دی جاتی ہے۔ (بخاری)

بیماری میں رب کے آگے گڑگڑانا

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو بندہ بیماری کی وجہ سے (اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوکر) گڑگڑاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بیماری سے اس حال میں شفاء عطا فرماتے ہیں کہ وہ گناہوں سے بالکل پاک صاف ہوتا ہے۔ (طبرانی۔ مجمع الزوائد)۔☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص دنیا میں کسی پریشان حال کی پریشانی کو دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی آخرت کی پریشانی دور فرمائیں گے اور جو شخص دنیا میں کسی مسلمان کے عیب پر پردہ ڈالتا ہے اللہ تعالیٰ آخرت میں اس کے عیب پر پردہ ڈالیں گے۔ جب تک آدمی اپنے بھائی کی مدد کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرماتے رہتے ہیں۔ (مسند احمد)

حال دل

ایڈیٹر کے قلم سے

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

حسرت اور حسد کی نظر کی تباہ کاریاں

کپڑوں کے تھیلے اور ٹوکریاں کدھر گئیں؟

ایک دور تھا کہ خریداری کرتے ہوئے یا بازار سے کھانے پینے پکانے کی کوئی چیز لانے کیلئے کپڑے کے تھیلے اور ٹوکریاں ہوتی تھیں' اسی میں چیزیں لاتے تھے' بیماریاں نہیں تھیں' دکھ ختم' چھوٹے پکے گھر مگر دل وسیع' محبتیں الفتیں ایک دوسرے سے میل ملاپ اور اگر گھر میں کوئی کمی بیشی ہو بھی جاتی تو زندگی بہترین گزرتی' نہ طلاقوں کی شرح زیادہ' نہ بڑے ہسپتال' نہ میڈیکل سٹوروں کی جگہ جگہ دکانیں' کچھ نہیں تھا۔

معاشرے میں پھیلے مسائل اور بربادی کی وجہ

آیئے! قارئین میں آپ کو اس کا سبب بتاتا ہوں لیکن غور سے تھوڑی سی میری باتیں دل کی گہرائیوں سے سمجھ لیں اور دل کو سمجھ نہ بھی آئے تو اسے سمجھا دیں۔

نظر بد حقیقت ہے' حدیث اور تمام مذاہب سے اس کا ثبوت ہے' نظر کھا جاتی ہے' لگتی بھی ہے اور لگائی بھی جاتی ہے یعنی نظر لگانے والے بھی موجود اور نظر لگتی بھی ہے اور ایسی کھا جاتی ہے کہ انسان خیال اور گمان نہیں کرسکتا۔

حسد کی نظر! کینہ' بغض' لالچ اور انتقام

نظر کی پہلی قسم: حسد کی نظر' کینہ' بغض' لالچ' انتقام' یہ تمام نظریں ایسی ہیں جس کا اثر ہوتا ہے ہڈیوں اور خون کے اندر رچ بس جاتی ہے اور جتنا حسد' کینہ' بغض زیادہ ہوتا ہے اتنا زندگی میں پریشانیاں' مشکلات اور ناکامیاں بڑھتی چلی جاتی ہیں اور اس حسد' کینہ اور بغض کی نظر زندگی کے مسائل' مشکلات میں اور اضافہ کردیتی ہے۔ لاعلاج بیماریاں' دکھ روگ' تکالیف یہ تمام اسی کے سبب ہوتی ہیں اور اگر کسی کو میری بات پر یقین نہ آئے تو عبقری ویب سائٹ پر دیئے گئے حوالے (لنکس) نظر بد پر سائنس اور یورپ کی تحقیق کو تفصیل سے پڑھ لیں اس نظر سے بچنا کتنا ضروری ہے اور زندگی میں حفاظت میں اس کا کیا اہتمام کرنا چاہیے آپ خود سوچیں اور اس پر توجہ کریں۔

دوسری نظر: حسرت کی نظر ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ آپ کھانا' گوشت' پھل' سبزی' دودھ' دہی' مزید کھانے پینے کی چیزیں ایسے انداز سے گھر لا رہے ہیں کہ ساری دنیا اس کو دیکھ رہی ہو۔ ایک غریب' نادار مفلس جس کے دل میں ان چیزوں کے کھانے کی تمنا اور حسرت ہے اگر اس کی نظر پڑ گئی اور اس کی نظر حسرت کی نظر ہے یاد رکھیں! یہ حسد کی نظر تو نہیں لیکن حسرت کی نظر ہے' حسرت کی نظر بھی اچھے اچھے لوگوں کو کھا جاتی ہے' اچھے خاصے لوگ صحت مند تومند' بیماریاں دکھوں اور تکالیف میں مبتلا ہوجاتے ہیں اور ایسے طریقے سے مبتلا ہوجاتے ہیں کہ انسان ساری عمر ٹیسٹ کرواتے کرواتے دیوانہ ہوجاتا ہے لیکن وہ ٹیسٹ ناکام' انسان ناکام اور سدا کا بیمار رہتا ہے۔

دھوئیں سے پڑوسی کو تکلیف مت دو

حدیث مبارکہ میں ہے: مفہوم کہ اپنے دھوئیں سے اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ دو یعنی کوئی چیز پکائی ہے تو اس کا دھواں پڑوسی تک پہنچا اور اس کے دل سے حسرت نکلی کہ اے کاش! میرے پاس بھی ہوتا تو میں بھی کھا پی لیتا اور میں بھی جی بھر کر کھاتا حتیٰ کہ یہاں تک کتب میں لکھا ہے کہ جو پھل کھائیں اس کے چھلکے اپنے دروازے کے قریب نہ پھینکیں بلکہ دور کہیں ایسی جگہ جہاں کسی کی نظر نہ پڑے' کسی کی حسرت بھری نظر سے بچنا بہت ضروری ہے۔ میں آخری بات آپ سے ضرور عرض کروں گا کہ حسرت بھری نظر اور حسد بھری نظر دونوں نہایت خطرناک ہیں۔ حسد بھری نظر آپ کے بس میں نہیں کہ حاسد حسد بھری نظر سے آپ کو ڈس لے لیکن حسرت بھری نظر آپ کے بس میں ہے۔ اس لیے مسنون دعاؤں کا اہتمام حسد بھری نظر کا علاج اور چیزوں کو ڈھکا ہوا لے کر لانا اور کھانا یہ حسرت بھری نظروں کا حل ہے۔ بڑوں کی بات یاد آئی تین چیزوں کے لیے پردہ چاہیے۔

1: عورت۔ 2۔ رزق۔ 3۔ مال۔ آئیں! ہم نظروں کے اس آخری دھماکہ سے بچیں۔ نظر بد پر جدید سائنسی تحقیقات پڑھنے کیلئے عبقری ویب سائٹ کا وزٹ کیجئے۔

www.ubqari.org

صحرائی درویش سے رئیس بننے کا نسخہ لیجئے

اقتباس: 18 رمضان المبارک درس 2017ء

ہمارے علاقہ ایک مشہور ہوٹل اور سرائے تھی' ہوٹل مالک کا نام رمضان تھا' ہوٹل کے کمرے کرائے پر دیتا تھا۔ اس کے پاس سارا دن دودھ کڑاہے میں کڑھتا رہتا اور ہر وقت دودھ بہت موٹی بالائی رہتی' میں ایک دن وہاں سے بالائی لے رہا تھا۔ ایک مستری الٰہی بخش صاحب ہوتے تھے' بہت بڑے انجینئر تھے' دنیا کا ہر پرزہ بنا دیتے تھے' مہا کاریگر شخص تھے۔ وہ دو چیزوں کے شوقین تھے۔ ایک تو وہ ہر جمعہ کو دوسرے شہر کی کسی جامعہ مسجد میں جا کر نماز جمعہ پڑھتے تھے' وہ کہتے میری آؤٹنگ بھی ہوتی ہے اور مجھے سکون بھی ملتا ہے۔ دوسرا دودھ کی بالائی کھانے کے شوقین تھے۔ پیالا بھر کر چمچ سے بالائی کھاتے تھے اور دودھ کی بالائی اسی ہوٹل والے کے پاس ملتی تھی۔ بڑی زبردست بالائی ہوتی تھی۔ اب مستری الٰہی بخش بھی کھڑا ہے۔ میں بھی بالائی لے رہا ہوں۔ میں نے تھوڑی بالائی لینی تھی اس نے بڑا پیالا لینا تھا۔ دیکھا تو رمضان ہوٹل والے نے سر پر ٹوپی رکھی ہوئی ہے۔ مستری الٰہی بخش نے طنز کیا کیونکہ رمضان تو کسی اور دنیا کا آدمی تھا۔ اس کی سرائے پر تو کمروں کی بکنگ ہوتی تھی۔ اس نے کہا کہ خیریت تو رمضان' صوفی بن گیا؟ یہ بات ہوئی میں بالائی لے کر چلا آیا۔ ایک عمومی بات تھی۔ ایک وقت آیا اس کی سرائے ختم ہوگئی، ہوٹل ختم ہوگیا' ایک حادثے میں اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی اور یہ مریض بھی بن گیا۔ میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے جتنے بھی پڑوس میں رہنے والے جواب بھی ہیں، ان کے پاس میرا آنا جانا، سلام کرنا معمول ہے۔ اسی طرح اماں رحمۃ اللہ علیہا کے جتنے ملنے والے ہیں' میں ان کے ہاں بھی جاتا ہوں۔ اسی طرح میں رمضان سرائے والے کے پاس بھی جاتا تھا اور کوئی خدمت بھی کر آتا تھا۔ ایک مرتبہ گیا تو ٹوپی اس کے سر پر تھی اور جب میں پیسے دیتا تو مجھے کہتا' نہیں مجھے ضرورت نہیں' میرے پاس بہت ہیں' لیکن میں زبردستی دے آتا تھا۔

میں نے ایک مرتبہ پوچھا: میں نے کہا چاچا! آپ نے ایک مرتبہ سر پر ٹوپی رکھنے کی کہانی بتائی تھی وہ دوبارہ بتایئے: کہنے لگا: میرے پاس سرائے میں جب خاص طور پر کپاس کی فصل پک جاتی ہے تو لوگوں کے پاس پیسے ہوتے ہیں' اس دوران پھیری لگانے والے بہت آتے ہیں' لوگ کپڑا' برتن اور اس طرح کی دوسری چیزیں ان سے خرید کرتے ہیں۔ انہی دنوں میرے پاس ایک صاحب آئے' بڑا درویش نیک، صاف ستھرے مزاج کا آدمی تھا۔ مجھے کہنے لگا! میں سالہا سال سے تیرے پاس آتا ہوں اور میں تجھے دیکھتا ہوں تو پریشان ہوتا ہے۔ میں نے کہا: خرچے بہت ہیں' جس کی سرائے ہے وہ ہر سال کرایہ بڑھا دیتا ہے۔ میری روزی لگی ہوئی ہے۔ اس نے کہا تو ایسا کر آج کے بعد ننگے سر نہ رہا کر، تیرے مسائل حل ہو جائیں گے اور تو مالدار ہو جائے گا، خوشحال ہو جائے گا۔ مزید کچھ اس طرح کی اس نے باتیں کی' نجانے اس کی باتوں میں کیا کشش تھی کہ میں نے اسی وقت ہاتھ میں موجود رومال سے سر ڈھانک لیا اور بعد میں ایک ٹوپی خرید لی۔

عرش سے اترتا رزق ایسے شخص پر عاشق ہوتا ہے

مجھے مزید کہنے لگا: مجھے اس درویش نے یہ بھی بتایا تھا کہ ننگے سر نہ رہا کر تجھے بہت رزق ملے گا۔ رزق عرش سے آتا ہے، جس کا سر ڈھکا ہوا ہوتا ہے رزق اس پہ عاشق ہو جاتا ہے۔ بس میں نے سر ڈھانپنا شروع کر دیا۔ کہنے لگے سر ڈھانپنا تھا کہ میری عادات اور میرا مزاج بدل گیا اور پھر وہ لوگ جو میں اپنے ہوٹل کی چارپائیوں اور کمرے دوسرے نظام کے لیے دیتا تھا' میرا دل اس کام سے اکتانا شروع ہو گیا کہ میں گناہوں اور برائیوں کا ذریعہ بنتا ہوں اور اپنے بارے میں لفظ کہا: جو کہنا مناسب نہیں۔ بس مجھے اپنے آپ سے' گناہوں بھرے کام سے نفرت ہونا شروع ہوگئی۔ ٹوپی کیا رکھنا تھی' میرے رزق میں برکت اور میری زندگی میں تبدیلی' میرے مزاج میں' میرے ذوق میں' میری چاہتوں میں، میرے جذبوں میں انقلاب اور تبدیلی آنا شروع ہوئی اور میں نے اپنے آپ کو تبدیل کیا۔ لوگوں نے کہنا شروع کر دیا: تجھے کیا ہو گیا ہے؟ جو بھی آتا برائی کے کام کیلئے کمرہ لینے کیلئے آتا میں شدت سے انکار کر دیتا اور سرائے میں ہوٹل میں صاف ستھرے آدمی رکھے۔ وہ کہنے لگے میں نے ادھر برائی کیلئے انکار کرنا شروع کر دیا اور اللہ پاک نے میرے ساتھ مزید کرم فرمانا شروع کر دیا۔ مزید بتایا: میں تہجد پڑھتا ہوں' اپنے گناہوں پر روتا ہوں اور اس ٹوپی کو سنبھال کے اتارتا ہوں۔ پھر میرے سامنے یقین جانئے ایسے ٹوپی کو اتارا' چوما اور چوم کے پھر سر پر رکھ دیا۔ مجھے اس کا وہ اتارنا اور چومنا' آنکھوں کے سامنے منظر یاد ہے۔ (جاری ہے)

لاعلاج مریض صحت یاب! سب حیران

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اور عبقری کی پوری ٹیم کو قیامت تک اسی طرح مخلوق کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آپ کا تعارف ہمیں اس خوبصورت رسالہ عبقری نے کروایا' یہ رسالہ میرے ابوجان نے سب سے پہلے لاکر دیا عبقری رسالہ پڑھنے کے بعد ہر کوئی اس کا دیوانہ ہو جاتا ہے' اسی طرح ہم لوگ بھی اس رسالہ کے تقریباً دیوانے ہی ہو گئے' سارا گھر ہی اس کو پڑھتا ہے۔ میرے دو بیٹے ہیں ان میں سے کوئی بھی اگر بیمار ہوتا ہے تو میں وہ وظائف جو آپ درس میں بیان فرماتے ہیں پڑھتی ہوں تو اللہ تعالیٰ ان کو شفاء دیتا ہے' اسی طرح میرا ایک کزن جو کہ ڈیپریشن میں مبتلا تھا' اس کو میں نے آپ کے درس سنائے تو اور درس سننے کے بعد وظائف کرنا شروع کر دیئے اور ساتھ ساتھ مراقبہ بھی کیا' اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ بالکل تندرست ہو گیا ہے' حالانکہ وہ تو ہمیشہ یہی کہتا تھا کہ میں کبھی بھی صحیح حالت میں نہیں آسکتا لیکن آپ کے درس کی برکت سے اور ان وظائف کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس کو ڈیپریشن جیسے مرض سے نجات دے دی۔ (سدرہ شاہ' خیر آباد)

عبقری ایجنسی ہولڈر نے برباد کر دیا!

میری والدہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہیں' ان کے کہنے پر مقامی ایجنسی ہولڈر سے اکسیر البدن لینے گیا' ایجنسی ہولڈر نے مجھے ایک معجون تھما دی جس پر کوئی لیبل نہ تھا اور اس کے اتنے فوائد بتائے کہ میں حیران رہ گیا' والدہ نے میرے کہنے پر یہ دوا استعمال کی اور آج ایک سال ہو گیا وہ گردوں کی مریضہ بن چکی ہیں۔ قارئین احتیاط کیجئے! کسی کی باتوں میں ہرگز نہ آئیے! صرف عبقری کی خالص جڑی بوٹیوں کی تیار شدہ ادویات ہی استعمال کیجئے۔

نامعلوم لاش! نوزائیدہ بچہ اور قاتل

انتخاب: ابولبیب شاذلی

عمرؓ کی دعا اور پاک دامن قاتلہ تک رسائی!

ایک بار امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو راستے میں پڑے بے ریش مقتول کی لاش کے پاس لایا گیا آپ نے لاش کا معائنہ کرنے کے بعد مقتول کے متعلق لوگوں سے پوچھ گچھ کی لیکن کوئی خاطر خواہ بات سامنے نہ آئی اور نہ ہی قاتل کا کوئی سراغ ملا۔ بہر حال آپ نے بارگاہ الٰہی میں یوں دعا کی ''اے اللہ مجھے اس کے قتل کی تلاش میں کامیابی عطا فرما'' تقریباً ایک سال بعد دوبارہ آپ کو معلوم ہوا کہ جس جگہ اس شخص کی لاش پڑی تھی وہیں پر اب ایک زندہ بچہ موجود ہے۔ یہ دیکھ کر آپ نے فرمایا: ''اگر اللہ نے چاہا تو اب میں اس شخص کے قاتل تک پہنچ جاؤں گا'' پھر آپ نے وہ بچہ ایک عورت کی پرورش میں دے دیا اور اسے تاکید فرمادی کہ ''اگر کوئی بھی عورت تمہارے پاس اس بچے سے متعلق آئے' اسے پیار کرے یا اس کے ساتھ محبت کا اظہار کرے تو اسے کرنے دینا اور اس کی اطلاع ہم تک فوراً پہنچانا''

کیاتم یہ بچہ تھوڑی کیلئے مجھے دے سکتی ہو!

کچھ عرصہ بعد اس عورت کے پاس ایک لونڈی آئی اور کہنے لگی: ''کیا تم یہ بچہ کچھ دیر کے لیے مجھے دے سکتی ہو تاکہ میری مالکن اس بچے کو دیکھے' پھر میں تمہیں یہ بچہ واپس لوٹا دوں گی'' اس عورت نے کہا: کیوں نہیں بلکہ میں بھی تمہارے ساتھ ہی چلتی ہوں' پھر وہ لونڈی اور عورت دونوں مالکن کے پاس پہنچ گئیں' مالکن نے بچے کو لے کر اسے چوما' پیار کیا اور اپنے سینے سے چمٹا لیا وہ مالکن دراصل ایک انصاری صحابی رسول کی بیٹی تھیں۔ بہر حال اس عورت نے سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو ان کے متعلق بتا دیا۔ آپ نے تلوار نکالی اور اس صحابی کے گھر پہنچ گئے' دیکھا تو وہ باہر ہی تشریف فرما تھے۔ آپ نے ان سے فرمایا: آپ کی فلاں بیٹی نے کیا کیا؟ انہوں نے عرض کی: اے امیر المومنین اللہ اسے جزائے خیر دے' وہ تو حقوق اللہ' حقوق والدین' صوم وصلوٰۃ و دینی معاملات کی ادائیگی کے حوالے سے لوگوں میں مشہور ہے۔ فرمایا: کیا آپ اس بات کو پسند کریں گے کہ میں اس سے کچھ پوچھ گچھ کر دوں تاکہ خیر میں اس کی رغبت مزید بڑھ جائے؟ عرض کی: اے امیر المومنین اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے' آپ یہیں تشریف رکھیے میں ابھی تھوڑی دیر میں آتا ہوں' پھر ان انصاری صحابی نے (پردے کے اہتمام کے بعد) اپنی بیٹی سے ملنے کی اجازت دے دی تو سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ان کے پاس گئے اور باقی تمام افراد کو باہر نکال دیا۔ پھر آپ نے تلوار نکال کر ان سے فرمایا: ''تم مجھے سچ سچ بتاؤ گی کہ بچے کا کیا معاملہ ہے؟' ورنہ میں تمہیں قتل کر دوں گا اور یاد رکھو عمر کبھی جھوٹ نہیں بولتا''

وہ بیٹی نہیں بلکہ بیٹا نکلا

انہوں نے اپنے ساتھ پیش آنے والے معاملے کی روداد سناتے ہوئے عرض کی کہ حضور! میرے پاس ایک بڑھیا آیا کرتی تھی' اس کا اور میرا معاملہ ایسا تھا جیسے ماں اور بیٹی کا' وہ ایک عرصہ تک میرے پاس آتی رہی پھر ایک دن اس نے مجھ سے کہا: بیٹا میں ایک لمبے سفر پر جارہی ہوں' میری ایک بیٹی ہے جسے میں اکیلا نہیں چھوڑ سکتی اس لیے اسے تمہارے ہاں چھوڑ کر جارہی ہوں'' اس کی بیٹی کا ایک بیٹا بھی تھا جو بالکل لڑکیوں کے مشابہ تھا میں اسے لڑکی ہی سمجھتی رہی مجھے کبھی اس پر شک بھی نہ ہوا کہ وہ لڑکی نہیں بلکہ لڑکا ہے ایک دن میں سو رہی تھی کہ اس نے مجھ پر قابو پالیا اور میرے ساتھ زنا کیا' اسی دوران میرے ہاتھ میں چھری آ گئی اور میں نے اسے قتل کر دیا' پھر اس کی لاش اسی راستے پر ڈال دی جہاں آپ نے دیکھی تھی۔ میں اس زنا سے حاملہ ہوگئی اور اس بچے کو جنا تو میں نے اس بچے کو بھی اسی جگہ ڈال دیا جہاں اس کے باپ کی لاش ڈالی تھی۔ (باقی کے تمام معاملات سے آپ باخبر ہیں) اللہ عزوجل کی قسم! اس بچے اور اس کے باپ کے متعلق جو کچھ میں نے آپ کو بتایا وہ بالکل صحیح ہے۔

صحابی رسول کی بیٹی کے لیے دعا

سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اس پاک دامن صحابی رسول کی بیٹی کو دعائیں دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: تم نے سچ کہا' اللہ تمہیں برکات عطا فرمائے' پھر آپ نے انہیں وعظ ونصیحت کی' ان کے لیے مزید دعا کی اور باہر تشریف لے آئے' پھر ان کے والد سے ارشاد فرمایا ''اللہ تمہاری بیٹی کو برکتیں عطا فرمائے' کتنی نیک و پرہیزگار بیٹی ہے میں نے اس سے جو پوچھ گچھ ونصیحت وغیرہ کرنی تھی کر دی ہے' ان صحابی نے بھی آپ کو دعا دیتے ہوئے عرض کی: اے امیر المومنین اللہ آپ کو بے شمار بھلائیاں عطا فرمائے اور آپ کو رعایا کے معاملے میں جزائے خیر عطا فرمائے۔ (مناقب امیر المومنین عمر بن خطاب الباب الثالث والثلاثون ص ۷۹)

عاشق رسولؐ کی دعا پر بادل برسنے پر مجبور

حضرت سیدنا خوات بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں شدید قحط پڑا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو دو رکعت ''نماز استسقاء (یعنی بارش کے لیے پڑھی جانے والی نماز) پڑھائی۔ اس کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چادر کا دایاں حصہ بائیں کندھے پر اور بایاں حصہ دائیں کندھے پر ڈالا۔ پھر اللہ عزوجل کی بارگاہ میں دست سوال دراز کرتے ہوئے یوں التجاء کی: ''اے اللہ عزوجل ہم تجھ سے ہی مغفرت کے طالب ہیں اور تیزی وحدہ لاشریک ذات سے بارش کا سوال کرتے ہیں۔'' ابھی آپ رضی اللہ عنہ اپنی جگہ سے ہٹے بھی نہ تھے کہ بارش برسنے لگی۔ کچھ دنوں بعد چند اعرابی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی: ''اے امیر المومنین! ہم اپنے علاقہ میں بیٹھے تھے کہ اچانک کہیں سے بادل آگئے جن سے یہ آواز آرہی تھی: ''اے ابوحفص! مدد آ گئی' اے ابوحفص! مدد آ گئی۔''

بچہ ساری رات کیوں روتا ہے؟ ماؤں کی سب سے بڑی پریشانی ختم

(ڈاکٹر سعدیہ خان، راولپنڈی)

کان کا راستہ (سرنگ) کے بیرونی عضو یا حصے سے منسلک ہوا کرتا ہے۔ کان کا وہ حصہ جو گوشت پر مشتمل ہوتا ہے اسے پینا کہتے ہیں۔ یہ ایک چھوٹا سا راستہ ہوتا ہے جو کان کے پردے سے جا ملتا ہے۔ کان کا پردہ ہوا اور پانی سے محفوظ (ٹائٹ) ہوا کرتا ہے۔ کان کے پردے پانی سے اس وقت متاثر ہوتے ہیں جب کان کے درمیانی حصے میں انفیکشن واقع ہو جائے، زخم ہو جائے یا پیپ پڑ جائے۔ اس وقت کان کے پردے بھی غیر محفوظ ہو جاتے ہیں۔ کان کا راستہ بھی اس وقت انفیکشن کا شکار ہو سکتا ہے۔ وہ بچے جو اکثر پیراکی کیا کرتے ہیں یا پانی میں کھیل کود کرتے ہیں' یا زیادہ نہاتے ہیں ان کے بیرونی کانوں میں انفیکشن کا خطرہ دوسروں سے زیادہ ہوا کرتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ پانی میں مختلف قسم کے جراثیم ہوا کرتے ہیں۔ پھپھوندی ہوا کرتی ہے جو براہ راست ان کے کانوں پر حملہ آور ہوتی ہے جس کے نتیجے میں ان کے کانوں میں انفیکشن کی شکایت ہو جاتی ہے۔

علامات: (۱) کان کا راستہ، سوزش زدہ، سوجا ہوا اور سرخ دکھائی دے۔ (۲) کان کے بیرونی راستے پر یعنی اوپر ہی سرخی مائل دانے یا دھبے نمودار ہو جائیں۔ (ہلکے ہلکے زخم کی شکل میں) (۳) کان سے پیپ یا میل نکلنا شروع ہو جائے۔ (۴) کان میں خارش یا تکلیف بھی ہو سکتی ہے۔ (۵) بچہ کان کے بھرے بھرے ہونے کی شکایت کرے۔ اسے ایسا محسوس ہو جیسے اس کے کانوں میں پانی بھر گیا ہو یا سننے میں اسے تھوڑی دشواری ہو رہی ہو۔ (۶) کبھی کبھی کانوں میں ایسی تکلیف ہونے لگے جس سے بچہ بے حال ہو کر رہ جائے۔

ماؤں کو ایسی صورتحال میں کیا کرنا چاہیے؟

بچے کو پیراکی کے لئے جانے دیں لیکن کوشش کریں کہ پانی اس کے کانوں میں براہ راست داخل نہ ہو۔ نہاتے ہوئے ایسی کیپ پہنا دیں کہ جس سے اس کے کان پانی سے بچے رہیں۔ چھوٹے بچوں کو اکیلے نہانے نہ دیں' خود نہلائیں' بچے کو کان کھجانے یا کان چھونے سے روکنے کی کوشش کریں۔ اگر میل یا پیپ وغیرہ کانوں سے بہہ رہی ہو تو اسے اس طرح صاف کریں کہ کان کے راستے کو آپ کی انگلیاں چھو نہ سکیں۔ یعنی کان کی سرنگ کو نہ صاف کریں بلکہ باہر بہہ آنے والی گندگی صاف کر دیں اگر بچے کو تکلیف ہو رہی ہے تو معالج کے مشورے سے اسے کوئی پین کلر دی جا سکتی ہے۔

بچے کے کان میں پانی! ماؤں کو اب کیا کرنا چاہیے؟

کان کا میل: کان کا میل ایک زرد اور گاڑھی رطوبت ہوا کرتا ہے۔ اس کا کام کان کے راستے کو صاف اور نم رکھنا ہے۔ کچھ بچوں کے کانوں میں میل کم ہوتا ہے جبکہ کچھ بچوں میں بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس زیادتی کی وجہ سے ان کے کانوں کے راستے بند ہو جاتے ہیں۔ اگر کانوں سے اچانک میل بہت زیادہ بہنے لگے تو اس کا سبب کانوں کے درمیانی حصے کا انفیکشن ہو سکتا ہے۔ **علامات:** (۱) کانوں سے نکلتا ہوا بھورے رنگ کا سخت مادہ جو کانوں کے راستوں میں ہو بچے کی سماعت کم ہو سکتی ہے۔ (۲) بڑے بچے کانوں کے بھرے بھرے ہونے کی شکایت کر سکتے ہیں۔ (۳) نہانے یا کانوں میں پانی داخل ہونے کے بعد کانوں میں تکلیف ہونے لگے کیونکہ پانی سے میل پھول جاتا ہے۔

ماؤں کو ایسی صورتحال میں کیا کرنا چاہیے؟

بچوں کے کانوں کے راستے یعنی سرنگ سے چھیڑ چھاڑ نہ کریں۔ بہتے ہوئے میل کو کانوں سے باہر گرم پانی میں کپڑا بھگو کر اس سے صاف کر لیا کریں۔ کاٹن بڈ کا استعمال ہرگز نہ کریں یہ بچوں کے لیے خطرناک چیز ہے۔ کبھی بھی کانوں میں کاٹن بڈ ڈال کر میل صاف کرنے کی کوشش نہ کریں اس سے میل باہر نہیں آتا بلکہ اور بھی تکلیف ہونے لگتی ہے۔ اگر کانوں میں میل زیادہ ہو گیا ہو اور اس کی وجہ سے تکلیف ہو رہی ہو تو پھر بچے کو معالج کے پاس لے جائیں جو اس کے کانوں میں ڈراپس ڈال کر جمے ہوئے میل کو نرم کر دے گا یا پھر گرم پانی اور ایک سرنج کے ذریعے میل کانوں سے کھینچ لیا جاتا ہے۔ خود آپ بھی بچے کے کانوں میں میل کو نرم کرنے کے لیے سوڈیم بائی کاربونیٹ کے قطرے ڈال سکتی ہیں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ کان شفاء بچے کو استعمال کروائی جا سکتی ہے۔ یہ بات تجربہ شدہ ہے کہ بچہ کان کی تکلیف سے ہمیشہ محفوظ رہتا ہے۔

ضمنی دوائیں اور علاج

چینی طریقہ علاج بشمول ایکوپنکچر اس تکلیف کے ازالے کے لیے بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ علاج بالغذا پر یقین رکھنے والے اس بات کی ضرورت محسوس کرتے ہیں کہ بچے کو ابتدا ہی سے ایسی غذائیں استعمال کرائی جائیں کہ جن کی وجہ سے اسے یہ تکلیف نہ ہو پائے۔ کچھ اور حقائق: کانوں میں ہونے والی تکلیف درمیانی کان میں ہونے والے انفیکشن بڑھتے بڑھتے کانوں کے پردے تک پہنچ جاتا ہے اور کانوں کے پردے پھٹ جائیں تو یہ کیفیت حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہے۔ کانوں کے پردے کا یہ زخم ہفتہ دس دنوں میں بھر جایا کرتا ہے لیکن اس دوران یہ احتیاط رکھی جائے کہ بچے کے کانوں میں پانی داخل نہ ہو۔

دم شدہ دھاگہ سے بیوی صحت یاب

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری اہلیہ کو سخت لیکوریا تھا' بہت ادویات استعمال کروائی، مہنگے علاج کروائے لیکن مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ عبقری ہجویری محل میں آستانہ منت مراد کے افتتاح کے بعد ہم وہاں گئے تو وہاں "اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ دھاگہ" دیکھا۔ میں نے ہجویری محل کے اسلامک سنٹر سے بیوی کو وہ نیلا دھاگہ لے دیا۔ بیوی نے گھر آ کر وہ دھاگہ پیٹ کر باندھ لیا۔ الحمدللہ دھاگہ باندھنا تھا کہ دن بدن مرض کم ہوتا گیا اور آج ڈیڑھ ماہ ہو گیا ہے میری بیوی کو لیکوریا سے مکمل نجات مل گئی ہے۔ (عمر' لاہور)

درویش نے مجھے دیکھا اور فرمایا:

تجھے قرآن کی بددعائیں کھا گئیں

(محمد عاصم، لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی اور آپ کی نسلوں کی قیامت تک حفاظت‘ کفالت اور عافیت رکھے‘ آمین! میں بے شمار مسائل‘ مشکلات میں دھنسا ہوا تھا‘ بے شمار جگہ لاکھوں برباد کیے مگر نجانے کیسی نحوست تھی جو ختم ہونے کا نام ہی نہ لے رہی تھی‘ کاروبار صرف اتنا چلتا تھا کہ دو وقت کا کھانا کھالیں‘ میرے بچے پھل کو ترستے‘ بہترین سکولوں میں پڑھتے پڑھتے حالات کی وجہ سے اٹھا کر سرکاری سکول میں داخل کروادیا‘ نئے کپڑے نہ بنوا کر دے سکتا تھا‘ رشتے داروں کی اترن پہننا شروع کردی‘ زندگی میں کبھی ایسا دور بھی آئے گا کبھی سوچا نہ تھا‘ میرے کاروبار وسیع تھا‘ گھر میں سکون اور خوشیاں تھیں‘ مگر پھر آہستہ آہستہ سب ختم ہوگیا‘ گھر میں جھگڑے‘ بے سکونی‘ بیماری نے ڈیرے ڈال لیے‘ پریشانیاں اتنی کہ چالیس سال کی عمر میں ہی ساٹھ سال کا بزرگ لگنا شروع ہوگیا‘ کوئی عزیز ملتا مجھے دیکھتا تو حیران رہ جاتا کہ تمہیں کیا ہوگیا؟

جس کام میں ہاتھ ڈالتا برباد ہوجاتا

جس کام میں ہاتھ ڈالتا برباد ہوجاتا‘ اگر کہیں سے پیسے لیکر کوئی کاروبار شروع کرتا تو وہ ایسے ختم ہوجاتا جیسے کبھی شروع ہی نہ کیا ہو‘ دن بدن قرض کی دلدل میں دھنسنا شروع ہوگیا۔ کوئی کہتا جادو ہے‘ کوئی نظر بد بتاتا‘ کسی نے بندش کہہ کر خوب پیسے سمیٹے۔ ایک دن پریشان دکان پر بیٹھا سوچوں میں گم اپنے اچھے دنوں کی بہاریں یاد کررہا تھا کہ کبھی میں بھی خوشحال تھا‘ کبھی کوئی کمی نہ تھی‘ ہر غریب کا احساس کرتا تھا‘ رشتہ داروں کو خوب کھلاتا پلاتا تھا‘ میری دکان پر اگر کوئی آجاتا تو کھانا کھلائے بغیر نہ بھیجتا تھا‘ آخر مجھ سے ایسا کیا گناہ ہوگیا کہ ساری خوشیاں‘ بہاریں‘ نعمتیں مجھ سے چھن گئیں اور آج میں اس حال میں پہنچ گیا ہوں۔ ابھی یہ سوچ ہی رہا تھا کہ ایک بزرگ آکر مجھ سے کھانے کیلئے پیسے مانگے‘ میں نے اس کی طرف دیکھ کر مسکرایا اور کہا باباجی ابھی تو کچھ نہیں ہے صبح سے بکری نہیں ہوئی‘ اللہ خیر کرے گا آپ اگلی دکان والے سے لے لیجئے۔

اللہ کریم کو میری بے بسی پر ترس آگیا

شاید اللہ کریم کو میری بے بسی پر ترس آگیا اور میرے حالات دوبارہ بہتر ہونے والے تھے اور مجھے غلطی اور گناہ کا احساس دلایا جارہا تھا‘ اس بزرگ نے میری طرف غور سے دیکھا اور فرمایا: تیرے گھر میں قرآن پڑا ہے‘ میں نے کہا جی باباجی پڑا ہے کیوں کیا ہوا؟ مجھ سے کہنے لگے: کتنا عرصہ ہوا تو نے کھول کر نہیں دیکھا؟ کتنے عرصہ سے تو نے اس کو اٹھا کر نہیں دیکھا‘ اس پر مٹی دھول حتیٰ کہ شاید مکڑیوں نے جالا تک بنالیا ہوگا۔

قرآن کا حق ادا کون کرے گا؟

روز صبح اٹھتے ہوئے‘ کھانا کھاتے ہوں‘ بیوی بچوں کے حقوق پورے کرنے کیلئے دن رات ایک کردیتے ہو مگر قرآن کا حق کون ادا کرے گا‘ اس کو کون پڑھے گا؟ اتنے سالوں سے تم نے اس کو کھولنا تو درکنار کبھی اس کے غلاف تک کی صفائی نہیں کی حتیٰ کہ اس کی طرف کبھی نظر اٹھا کر دیکھا بھی نہیں۔ اچانک مجھے محسوس ہوا میں زمین میں دھنس رہا ہوں‘ منوں بوجھ کسی نے کندھوں پر رکھ دیا ہے۔

تجھے تیرے قرآن کی بددعائیں لے ڈوبیں!

اس بزرگ کی آواز ذرا بلند ہوئی‘ مجھے میرے کندھے سے پکڑ کر جھنجھوڑا اور فرمایا: ’’تجھے تیرے قرآن کی بددعائیں لے ڈوبیں!‘‘ بس! یہ سننا تھا کہ میں پسینے میں شرابور ہوگیا‘ جسم کانپنا شروع ہوگیا‘ وہ بزرگ یہ کہہ کر چلے گئے اور میں نجانے کب تک یوں ہی بیٹھا رہا‘ اچانک جھٹکا لگا‘ اٹھا‘ دکان بند کی اور گھر کی طرف تیزی سے جانے لگا‘ وضو کیا‘ اور جاکر جب الماری کے اوپر پڑے قرآن کی طرف دیکھا تو وہ مٹی سے اٹا ہوا تھا‘ مکڑیوں کے جال بن چکے تھے میرے ہاتھ کانپ رہے تھے آنکھوں سے آنسو کی جھڑیاں حتیٰ کہ ہچکی بندھ گئی‘ میرے قریب میری بیوی‘ بچے کھڑے حیرانی سے مجھے دیکھ رہے تھے‘ کسی کو کچھ علم نہیں کیا ہوا؟ وہ مجھے بار بار پوچھ رہے تھے کہ آخر آپ کو ہوا کیا ہے؟

لوگ سمجھے ہمارے گھر فوتگی ہوگئی ہے!

میں ان سب کی باتوں سے بے خبر قرآن کے غلاف کی صفائی میں مشغول اور بار بار قرآن سے معافی مانگ رہا تھا‘ غلاف اتارا‘ قرآن کو مسلسل چومتا رہا‘ معافیاں مانگتا رہا‘ میری حالت دیکھ کر بیوی بچے بھی رونا شروع ہوگئے‘ ایسا لگ رہا تھا کہ جیسے اس گھر میں کوئی فوتگی ہوگئی ہے‘ پہلے روتا رہا پھر دھاڑنا اور چلانا شروع ہوگیا‘ محلے والے بھی اکٹھے ہوگئے‘ وہ دن میں کبھی نہیں بھول سکتا‘ وہ وقت‘ وہ گھڑی‘ وہ لمحات شاید مر کر بھی نہ بھول پاؤں۔ اپنی اہلیہ کو بتایا کہ ہمارے ساتھ جو کچھ ہوا اس عظیم کتاب کی قدر نہ کرنے کی وجہ سے ہوا۔ میری زندگی بدل چکی تھی‘ غلاف کو دھلوایا‘ قرآن پاک کو خوشبو لگائی‘ جس جگہ قرآن پاک رکھا اس جگہ کو عرق گلاب سے صاف کیا‘ خوشبودار کیا‘ وہاں قرآن رکھا‘ اب روزانہ صبح اٹھ کر انتہائی ادب سے روز پڑھتا ہوں‘ چاہے ایک رکوع یا ایک لائن ہی کیوں نہ پڑھوں۔ عبقری رسالہ ملا‘ درس سننا شروع کیے‘ ایک مرتبہ درس میں بھی آپ نے قرآن کو روزانہ پڑھنے کا فرمایا اور ساتھ یہ بھی فرمایا کہ قرآن اپنے پڑھنے والے کو دعائیں بھی دیتا ہے اور بددعائیں بھی۔

قرآن کھول کر جو دعا کرتا ہوں‘ پوری

یقین کیجئے! گزشتہ چند سالوں سے قرآن پاک کو روز پڑھنے سے نہ صرف گھر بلکہ کسی کیلئے بھی جو بھی دعا کروں یا قرآن پاک سے کہہ دوں کہ میرا فلاں مسئلہ حل نہیں ہورہا‘ اللہ تعالیٰ میرا وہ مسئلہ حل فرمادیتے ہیں۔ میرے برے دن ختم ہوئے‘ میری خوشیاں لوٹ آئیں‘ مجھے زندگی میں دوبارہ خوشحالی کی بہار ملی‘ آج بچے دوبارہ اچھے سکولوں میں پڑھتے ہیں‘ روزانہ صبح اب ہمارے گھر میں سات قرآن کھولے جاتے ہیں‘ خشوع خضوع سے پڑھا جاتا ہے‘ قرآن کا ادب کیا جاتا ہے۔ میرا یہ پیغام ہر گھر تک پہنچادیں‘ ہر بیماری‘ پریشانی‘ کاروباری بندش‘ رشتوں کی بندش‘ اولاد کی نافرمانی جادو جنات اور نظر بد نہیں ہوتی کچھ ہماری اپنی بھی غلطیاں اور کوتاہیاں ہوتی ہیں۔ آیئے! آج سے قرآن سے محبت کیجئے‘ قرآن آپ سے محبت کرے گا‘ قرآن کو پڑھیے‘ سنواریئے‘ خوشبو لگایئے‘ قرآن آپ کے گھر کو سنوار دے گا‘ خوشبو سے معطر کردے گا۔ ان شاء اللہ۔

سوچ کا انداز بدلیے! ہمیشہ خوش رہیں گے

محمد مسعود احمد، لاہور

خوشیاں بادل کی طرح، غم سردیوں کی لمبی رات

ہر انسان خوش رہ سکتا ہے اور اس کے لیے اسے زیادہ تگ ودو کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ اسے اگر کچھ چاہیے تو وہ ہے اپنی سوچ اور اپنے انداز میں تھوڑی سی تبدیلی۔ کہا جاتا ہے کہ خوشیاں بادل کے اس اجلے ٹکڑے کی طرح ہوتی ہیں جو پل بھر کے لیے سایہ کرکے رخصت ہوجاتا ہے، جب کہ دکھ اور پریشانیاں سردیوں کی طویل راتوں کی طرح کٹنے میں ہی نہیں آتیں۔

ہر انسان خوش رہنا چاہتا ہے

ہر انسان خوش رہنا چاہتا ہے اور اس کی ساری زندگی خوشی حاصل کرنے کی تگ ودو میں گزر جاتی ہے۔ ہر انسان کے لیے خوشی مختلف معنی رکھتی ہے۔ کچھ دولت پاکر خوش ہوتے ہیں۔ ماں کو اصل خوشی اپنے ننھے بچے کی معصوم مسکراہٹ سے ملتی ہے۔ کچھ لوگوں کے لیے خوشی کا پیمانہ معاشرے میں اعلیٰ رتبہ اور مقام ہوتا ہے۔ کچھ لوگ خوشیاں بانٹ کر خوش ہوتے ہیں اور دنیا میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جن میں خوشی کا احساس دوسروں کو اذیت دینے سے جاگتا ہے۔ خوشی ہر ایک کے لیے مختلف ہے اور ہر کوئی مختلف انداز میں اپنے لیے خوشی تلاش کرتا ہے۔

خوش رہنے والے لمبی عمر پاتے ہیں

نفسیات کے ماہرین کا کہنا ہے کہ خوشی کی کوئی مادی حیثیت نہیں ہے۔ وہ انسان کے اندر پھوٹنے والا ایک احساس ہے، جس کے محرکات مختلف ہوسکتے ہیں۔ خوشی کا انحصار ہمارے گردوپیش کے حالات سے بھی ہے۔ ایک چیز جو کسی خاص وقت میں خوشی دیتی ہے، ضروری نہیں ہے کہ دوسری بار ملنے پر بھی وہ خوشی کے احساس کو گدگدائے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ہر انسان خوش رہ سکتا ہے اور اس کے لیے اسے زیادہ تگ ودو کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ اسے اگر کچھ چاہیے تو وہ ہے اپنی سوچ اور اپنے انداز میں تھوڑی سی تبدیلی۔

خوش رہنے والے افراد ان لوگوں کی نسبت زیادہ عرصہ جیتے ہیں جو ہر وقت جلتے کڑھتے رہتے ہیں۔ طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ لمبی عمر اور اچھی صحت کی کنجی ہے خوش رہنا۔ خوشی ایک ایسی چیز ہے جس کا حصول تقریباً ہر انسان کے اپنے دائرہ اختیار میں ہے۔ چھوٹی چھوٹی چیزیں انسان کو بڑی بڑی خوشیاں دیتی ہیں۔ برطانیہ میں حال ہی میں چالیس ہزار سے زیادہ گھرانوں پر کیے جانے والے ایک مطالعاتی جائزے سے پتا چلا کہ ایسے گھروں کے لوگ نسبتاً زیادہ خوش پائے گئے جو ہفتے میں کم از کم تین دن گھر میں ایک ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے۔

رشتہ داروں سے تعلق جتنا مضبوط اتنی خوشی

ماہرین کا کہنا ہے کہ ہماری زیادہ تر خوشیوں کا تعلق دوسروں کی ذات سے جڑا ہوتا ہے۔ آپ کا اپنے رشتے داروں اور دوست احباب کے ساتھ تعلق جتنا مضبوط ہوگا، خوش رہنے کے امکان اتنے ہی زیادہ ہوں گے۔ ماہرین کے مطابق میاں بیوی کا تعلق سب سے لطیف اور سب سے قریبی ہوتا ہے۔ یہ تعلق جتنا گہرا ہوگا، انسان اتنا ہی زیادہ خوش رہ سکے گا۔ اکثر اوقات ڈھارس اور تسلی پریشانی میں کمی لاتی ہے اور اپنا مقصد پانے کی امید اسے خوشی کا احساس دلاتی ہے۔ میاں بیوی ہی ایک دوسرے کا دکھ درحقیقی معنوں میں بانٹ سکتے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل غیر ملکی یونیورسٹی کے ایک مطالعاتی جائزے سے پتا چلا تھا کہ انسان کی زندگی میں خوشی کا اصل دور 50 سال کی عمر کے بعد شروع ہوتا ہے۔ کیونکہ اس وقت تک انسان اپنی زندگی کے نشیب وفراز دیکھ چکا ہوتا ہے۔ اس کے مزاج میں ٹھہراؤ آگیا ہوتا ہے اور وہ زیادہ حقیقت پسند ہوگیا ہوتا ہے۔ اس عمر میں پہنچ کر میاں بیوی ایک دوسرے کے سچے رفیق بن چکے ہوتے ہیں اور بچے بھی ماں باپ کے دکھ سکھ میں ساتھ دینے کے قابل ہوچکے ہوتے ہیں۔

اپنے بچوں، بہن بھائیوں میں دلچسپی لیں

ماہرین کہتے ہیں کہ خوش رہنے کے لیے آپ اپنے بچوں، بہن بھائیوں اور دوستوں میں دلچسپی لیں، ان کی سرگرمیوں میں شرکت کریں، اپنے اور ان کے درمیان فاصلے کم کریں۔ باہمی انسانی تعلقات آپ کو خوشیوں تک لے جانے والا ایک کلیدی زینہ ہے۔ اکثر اوقات ہماری پریشانی کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ہم دوسروں سے بہت زیادہ توقعات وابستہ کرلیتے ہیں اور جب وہ پوری نہیں ہوتی تو ہمیں دکھ ہوتا ہے لیکن دوسری جانب جب ہمیں توقع سے زیادہ ملتا ہے تو خوشی ہوتی ہے۔ یعنی توقعات جتنی کم ہوں گی، خوش رہنے کا امکان اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ ایک عرب مفکر کا کہنا ہے کہ انسان 90 فیصد حالات وواقعات کے رحم وکرم پر ہوتا ہے جب کہ اس کا اپنا دائرہ اختیار صرف دس فیصد ہے۔ ہمارے وسائل چاہے کتنے ہی زیادہ کیوں نہ ہوں، ہم پھر بھی، بہت کچھ نہیں کرسکتے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر آپ خوش رہنا چاہتے ہیں تو اپنے لیے ایسے اہداف مقرر کریں، جنہیں پورا کرنا آپ کے لیے ممکن ہو، خاص طور پر چھوٹے چھوٹے اہداف چھوٹی کامیابی آپ کو بڑی خوشی دے سکتے ہیں۔

خوشی کا تعلق ہماری خواہشات سے بھی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ آپ کی خواہشات ایسی ہونی چاہئیں جنہیں پورا کرنا آپ کے بس میں ہو۔ بصورت دیگر سوائے پریشانی کے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔ گویا دوسرے لفظوں میں قناعت کی عادت اپنائیے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ خوشیاں بانٹنے سے بڑھتی ہیں۔ ہر انسان، خواہ وہ کتنا ہی مفلس کیوں نہ ہو دوسروں کو کم از کم ایک مسکراہٹ تو دے سکتا ہے۔ اور ایک سچی مسکراہٹ انسان کو جتنی خوشی دے سکتی ہے وہ قیمتی سے قیمتی تحفے سے بھی حاصل نہیں ہوسکتی۔

بڑی بوڑھیاں زبردستی آنکھ میں سرمہ کیوں ٹھونستی تھیں! آج جان لیجئے!

فریدہ خانم، راولپنڈی

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آج سے صدیوں پہلے ہی اپنے ارشاد پاک میں فرمایا تھا کہ ''سرمہ لگایا کرو۔'' طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آپ کو بہت سی ایسی احادیث مبارکہ ملیں گی کہ جن سے آپ کو سرمے کی افادیت کا پتہ چلے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام اعمال اور فرامین ایسے ہیں جن پر عمل کرنے میں ہی امت کی فلاح و بہبود ہے۔ احادیث کے مطالعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ محبوب خدا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو دو سلائی سرمے کی پہلے دائیں آنکھ میں پھر دو سلائی بائیں آنکھ میں پھر ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں ڈالتے تھے۔ زمانہ قدیم سے سرمے کو آنکھوں کی خوبصورتی کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ مصری عورتیں اپنی آنکھوں کو خوبصورت بنانے کے لیے سرمہ لگایا کرتی تھیں۔ سرمے کے بے شمار طبی فوائد ہیں لیکن اس پر بات کرنے سے پہلے بہتر ہے کہ آپ کو سرمے کے بارے میں بتایا جائے کہ دراصل یہ کیسا جزو ہے اور کہاں سے آیا ہے اور اس کی دیگر تفصیلات کیا ہیں۔

سرمہ کیا ہے؟: سرمہ ایک سیاہ رنگ کا نہایت چمکدار پتھر ہے۔ یہ قدرتی کانوں میں پایا جاتا ہے۔ تحقیقات کے مطابق سرمے میں معمولی سی گندھک بھی شامل ہے۔ پاکستان میں سرمے کا پتھر چترال، کوہستان اور باجوڑ کے علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ دنیا کا بہترین سرمہ چترال اور اصفہان میں ملتا ہے۔

سرمہ کی مفید اقسام! آپ کے کام آئیں گی

طبی لحاظ سے سرمے کا مزاج دوسرے درجے میں سرد اور تیسرے درجے میں خشک ہے۔ سرمے کی ایک قسم ''سُرمی'' کہلاتی ہے جس میں سلفر (گندھک) اور زنک (جست) شامل ہے۔ سُرمے کی ایک قسم ''سُرمہ سفید'' ہے۔ لوگ غلط فہمی اور معلومات نہ ہونے کی وجہ سے اسے سرمہ سمجھتے ہیں حالانکہ یہ سرمہ ہے ہی نہیں، یہ تو آنکھوں کا دشمن اور نہایت نقصان دہ ہے۔ یہ تو سنگ مرمر کی ایک قسم ہے، بھلا سنگ مرمر کو آنکھوں جیسی نازک عضو میں کیسے لگایا جا سکتا ہے؟ لیکن بہت سے لوگ معلومات لئے بغیر اسے استعمال کر کے ناقابل تلافی نقصان اٹھاتے ہیں۔

سرمے کو بناتے وقت اسے اتنا زیادہ کھرل یعنی پیسا جاتا ہے کہ اس کی چمک ختم ہو جاتی ہے اور اس کے نقصان دہ اجزاء بار بار کی رگڑ سے ضائع ہو جاتے ہیں اور ان میں ایسی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے کہ یہ ہماری آنکھوں کے لیے یوں سمجھیں کہ بہت سے مسائل اور بیماریوں میں شفائی اثرات کا حامل ہو جاتا ہے۔ سرمہ آنکھوں کی جھلیوں اور پردوں پر اپنے شفائی اثرات ڈال کر مختلف امراض سے نجات کا باعث بنتا ہے لیکن یہ سب فوائد اصل سُرمے سے ہی ممکن ہیں۔

سرمہ کے پتھر کو عرق گلاب میں ڈبوئیے

ماہرین کا خیال ہے کہ سادہ سُرمہ سے صحت خراب ہوتی ہے کیونکہ اس میں لیڈ (سیسہ) اور آکسائیڈ موجود ہوتا ہے جو آنکھوں کے لیے مضر ہے۔ 1971ء میں حکومت نے یہ حکم بھی دیا تھا کہ سرمہ میں لیڈ کا تناسب کم ہونا چاہئے اور اس بناء پر سرمہ کے لائسنس جاری کئے گئے۔ اب لیڈ کی مقدار کو کم کرنے کے لیے پتھر کو عرق گلاب میں ڈبویا جاتا ہے۔ اس عمل سے لیڈ الگ ہو جاتا ہے۔ اس عمل کو سات بار دہرایا جاتا ہے۔ اس کے بعد پتھر کو خشک کر کے پیس لیا جاتا ہے۔

سرمہ کی افادیت پر احادیث مبارکہ اور طبی فوائد

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ تمہارے سرموں میں سے بہترین اثمد ہے۔ یہ بینائی کو روشن کرتا ہے اور بال اُگاتا ہے۔ یہی روایت احمد ترمذی، الحاکم اور ذہبی نے سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بھی بیان کی جسے انہوں نے اپنے والد محترم سے سنا۔ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''تین چیزیں بینائی میں اضافہ کرتی ہیں: اثمد کا سُرمہ، سبزے کو دیکھنا اور خوبصورت چہرے کا دیدار''۔ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ''نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک سرمہ دانی تھی جس میں سے وہ ہر ایک آنکھوں میں تین مرتبہ لگایا کرتے تھے''۔ (ابن ماجہ) ابوداؤد کی روایت کے مطابق سُرمہ لگانے کا سب سے اچھا اور مفید طریقہ یہ ہے کہ اسے لگانے والا طاق سلائیاں ہی لگائے۔ **سرمے کے طبی فوائد: زخموں میں شفاء:** اگر زخموں پر سادہ پسا ہوا سُرمہ چھڑکا جائے تو زخموں سے خون بہنا بند ہو جاتا ہے، جلدی بھر جاتے ہیں اور گلنے سڑنے سے بھی بچ جاتے ہیں۔ **چیچک کے داغ:** اگر چیچک نکل رہی ہو تو اس دوران چہرے اور رخسار پر سرمہ لگائیں۔ سبز دھنیے کے پانی اور کافور میں سلائی ڈبو کر سرمہ آنکھوں میں لگائیں یہ آنکھوں اور چہرے پر چیچک کے چھالے اور زخم سے محفوظ رکھتا ہے اور اگر چیچک کے زخموں کے لیے جسم پر بھی سرمہ استعمال کیا جائے تو زخم جلد ٹھیک ہوتے ہیں اور کالے نشان اور دھبے نہیں پڑتے۔ **نکسیر پھوٹنا:** اگر سُرمے کو پیشانی پر لیپ کر دیا جائے تو نکسیر کے لیے شفاء بخش ہے۔ ناک سے بہتا خون رک جاتا ہے لیکن سرمہ اصل اور کسی معتبر دواخانہ سے لیں۔ یہ تو چند فوائد ہیں اور بھی نہ جانے آنکھوں کے کتنے امراض ہوں گے جو کہ (اصلی) سُرمے سے شفاء پاتے ہوں گے۔ سُرمے کا استعمال جن لوگوں نے متواتر کیا انہوں نے اس کے جادو اثر فوائد بھی پائے۔ آج کے دور میں میک اپ کی جدید مصنوعات نے آنکھوں کو بہت نقصان پہنچایا ہے۔ بہتر ہے کہ ہم سادگی سے سنگھار کریں، سنت پر بھی عمل ہو اور آنکھیں بھی صحت مند رہیں۔

بیوٹیشن ہوں، بالوں کی صحت کیلئے 20 سالہ آزمودہ نسخہ لیجئے!

میں ایک بیوٹیشن ہوں کئی سالوں سے میرا تجربہ ہے اور میں لوگوں کو یہ نسخہ بتا بھی رہی ہو۔ بال کمزور ہوں، بڑھتے نہ ہوں بال بے رونق ہوں جلدی سفید ہو رہے ہوں، بیرون ممالک سے لوگ مجھ سے یہ تیل منگواتے ہیں۔ تیل یہ ہے: (۱) سرسوں کا تیل خالص ایک پاؤ، (۲) آملہ کا تیل آدھا پاؤ، (۳) ناریل کا تیل ایک پاؤ، (۴) کیسٹر آئل دو بوتلیں 50 ملی لیٹر والی، (۵) وٹامن ای کیپسول دس سے پندرہ عدد بڑے۔ ترکیب: سب کو مکس کر کے رکھ لیں بال دھونے سے دو گھنٹے پہلے سر کا مساج کریں پھر سر کسی اچھے شیمپو سے دھولیں۔ تین ہفتوں کے عمل سے بال بہت زیادہ گھنے، لمبے، چمکدار اور نرم و ملائم ہو جاتے ہیں۔ بیس سال سے ہم آزمار ہے ہیں۔

جان مال کی حفاظت کیلئے یہ دم شدہ پانی پئیں!

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیرشرعی اعمال کی بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے

جب صفر کا چاند دیکھے تو نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ نہایت توجہ و یکسوئی سے یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بفضل باری تعالیٰ اس عمل کے کرنے سے گناہوں کی معافی عطا ہوگی' اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ **ماہ صفر کی پہلی شب:۔** کتاب ''راحۃ القلوب'' میں ہے کہ جو کوئی نمازِ عشاء کے وتر اور نفل نماز سے پہلے چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے' دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے' تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ فلق پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ الناس پڑھے۔ نماز ادا کرنے کے بعد ایک سو مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھے۔ پھر ستر مرتبہ درود پاک پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ **آخری عشرہ:۔** ماہ صفر کے آخری عشرہ میں نفل نمازیں پڑھنے سے اللہ تعالیٰ بندے پر خصوصی فضل و کرم فرماتا ہے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ آخری عشرہ کے شروع کے دن نماز اشراق کے بعد غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے اور بغیر کسی سے کوئی کلام کئے چار رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ستر مرتبہ سورۂ کوثر' پانچ مرتبہ سورۂ اخلاص اور ایک ایک مرتبہ معوذتین پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد اپنا سر سجدے میں رکھے اور ایک سو مرتبہ یَاوَھَّابُ اور اَلْحَیُّ اَلْحَقُّ کہے۔ اس کے بعد اٹھ کر بیٹھ جائے اور اکسٹھ مرتبہ سورۂ الم نشرح' اکسٹھ مرتبہ سورۂ والتین' اکسٹھ بار سورۂ النصر' اکسٹھ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر ایک ہزار چودہ مرتبہ یَاوَھَّابُ کا ورد کرے۔ اس کے بعد سو مرتبہ اَلْحَیُّ اَلْحَقُّ پڑھے اور تین مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ **جان و مال کی حفاظت کیلئے:۔** جو کوئی اس ماہ مبارک میں کسی بھی دن پانچوں فرض نمازوں کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ کر ایک مرتبہ ذیل میں دی ہوئی آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی خود بھی پئیں اور اپنے گھر والوں کو بھی پلائے تو بفضل باری تعالیٰ وہ ہر طرح کی مصیبت و پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ یہ دم کیا ہوا پانی پینے والے کی جان و مال کی حفاظت فرمائے گا۔ اس کی عمر میں برکت عطا فرمائے گا۔ آیات مبارکہ یہ ہیں: سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (یٰسین). سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ o سَلٰمٌ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ o سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ o سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ o (الصفت). سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ (الزمر) سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (القدر) **ثواب حاصل کرنا:** جو کوئی یہ چاہے کہ اسے بہت زیادہ ثواب حاصل ہو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرے اور اسے نیکی کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے تو وہ اس ماہ کی 27 تاریخ کو چاشت کی نماز کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الم نشرح پڑھ کر ستر مرتبہ سورۂ والتین پڑھے' ستر مرتبہ سورۂ نصر پڑھے اور ستر مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔

کوئی بستر مرگ پر ہے یا بات طلاق تک پہنچ چکی!

آپ پریشان ہیں' سالہا سال سے بیمار ہیں' یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروبار کی بندش ہے یا گھریلو الجھنیں' جھگڑے بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرایئے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں' خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

اس ماہ کی روحانی محفل

10 ستمبر بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 20 ستمبر بروز پیر رات 9 بج کر 17 منٹ سے لے کر 10 بج کر 13 منٹ تک۔ 29 ستمبر بروز بدھ صبح 9 بجکر 11 منٹ سے لیکر 10 بج کر 21 منٹ تک یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درددل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں' ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

بیماریوں پریشانیوں سے عاجز متوجہ ہوں!
اپنا روحانی آپریشن خود کیجئے!
ماہانہ روحانی محفل

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

حضرت عبداللہ حنازل رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

ظالموں کے ظلم سے حفاظت کیلئے

یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے ظالموں کے ظلم سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار یَاعَزِیْزُ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔

احتلام سے حفاظت

احتلام کی کثرت آدمی کو کمزور کر دیتی ہے اس کیلئے رات کو سوتے وقت باوضو سورۂ نوح (پ 29) کی تلاوت کرنے سے پڑھنے والا احتلام سے محفوظ رہتا ہے۔ احتلام سے بچنے کا دوسرا عمل اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ احتلام سے محفوظ رہے تو اس کیلئے سورۃ الناس (مکمل) باوضو تین بار پڑھے اور اس کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور سو جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔ اگر پڑھنے کے بعد بات کر لی تو دوبارہ پڑھ لے۔

مرد کا عورت پر قادر رہونا اور حمل کا ٹھہرنا

اگر کوئی مرد شرم کی وجہ سے یا کسی مرض کے سبب عورت پر قادر نہ ہو تو اس کیلئے دو انڈے لے اور دونوں کو دھو کر اُبال لے اور ایک انڈے پر باوضو روشنائی سے لکھے۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿الذٰریٰت ۴۷﴾ اور یہ انڈہ مرد رات کو کھالے۔ وَ الْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿الذٰریٰت ۴۸﴾ اور یہ انڈا عورت کو دے کہ وہ رات کو کھالے اس کے بعد حقوق زوجیت ادا کریں ان شاء اللہ حمل قائم ہوگا اور اولاد ہوگی۔

قیدی کی رہائی کیلئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور اس کی رہائی مشکل ہو رہی ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک نشست میں (یعنی درمیان میں نہ اٹھے اور عمل مکمل کر کے اٹھے) دو ہزار مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے۔ اوّل و آخر میں درود ابراہیمی اکیس اکیس بار ضرور پڑھے۔

وہ کلمات یہ ہیں: مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

نوجوان نسل برائی سے محفوظ رہنے کیلئے

شہوت کا غلبہ ختم کرنے کیلئے اوّل تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو بار: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ مِنْ نَفْخِهٖ وَ نَفْثِهٖ وَ هَمْزِهٖ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے غلبہ شہوت ختم ہوگا اور عبادت میں دل لگے گا لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ کرے۔

عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے

عزت کا مقام حاصل کرنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے ظالموں کے ظلم سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ بار یَاعَزِیْزُ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ معاشرتی زندگی میں عزت وعظمت کا مقام حاصل ہوگا۔ دشمن ناکام ہوں گے۔

خوفناک خواب کا علاج

اگر کسی کو خوفناک اور بھیانک خواب ستاتے ہوں تو سونے سے پہلے تین دفعہ تعوذ پڑھے اور تین ہی مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور اس میں کلمہ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ کو تین دفعہ دہرائے پھر سو جائے۔ انشاء اللہ امن و راحت میں سوتا رہے گا۔

اللہ تعالیٰ سے محبت کے لیے

جو صبح کی نماز کے بعد یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ اس اسم کو سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ کی محبت اس کو ملے گی۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اس پر کوئی مشکل نہ پڑے گی۔ سرمے کی سلائی پر دم کر کے آنکھوں میں لگائیں ان شاء اللہ نظر میں تیزی پیدا ہوگی۔

مرادیں پوری ہوں گی

نماز فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے 41 بار سورۃ فاتحہ ہر بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ پڑھی جائے۔ اول اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اس کے بعد جو بھی دعا مانگی جائے۔ اگر 40 دن تک کی جائے تو الجھی ہوئی حاجتیں سلجھ جاتی ہیں۔

اولاد نرینہ کے لیے

جو والدین اولاد نرینہ کی نعمت سے محروم ہوں وہ روزانہ 101 دفعہ سورۃ الکوثر پڑھیں ان شاء اللہ عنقریب اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے نوازیں گے اور یہ انتہائی مجرب عمل ہے توجہ اور دھیان سے عمل کریں۔

شیخ الوظائف کے پسندیدہ پکوان اور صحت مندی کے انداز

قارئین! کبھی آپ نے جبڑے اور بالائی کھا کے دیکھی ہے؟ جوڑے (ہاتھ کی بنی ہوئی سویاں جو انگلی کے پورے کے برابر ہوتی ہیں) کہتے ہیں ہاتھ کی بنی ہوئی سویوں کو یہ سویاں ہاتھ سے بنائی جاتی ہیں (آج بھی مختلف دیہات اور چھوٹے شہروں میں یہ سویاں عام ملتی ہیں جبکہ بڑے شہروں میں ناپید ہوچکی ہیں) سویاں پکی ہوئی ہوں اور ان کے اوپر دودھ کی بالائی رکھ کر چمچ سے کھائیں۔ صحت بھی اور مزہ بھی۔ بیٹھے بیٹھے اور ڈش یاد آئی جو بچپن میں اکثر کھائی بھی اور لوگوں کے گھروں میں عام بھی تھی۔ بہترین روٹی پکا کر اوپر شکر اور گھی مکس کر کے ڈال کر کھائیں، یقین کیجئے ذائقہ ایسا کہ آپ انگلیاں چاٹ جائیں اور صحت ایسی کہ لوگ دیکھ کر حیران رہ جائیں۔ نوجوان نسل کو یہ ذائقے کہاں ملیں گے؟ اب تو برگر کی زندگی آگئی۔ یقین جانیے! وہ زندگی ہی کیا تھی' سادہ خوراک' سادہ لوگ' سادہ باتیں۔ میں حیران ہوں آج کی نئی نسل کس ڈگر پر چل نکلی۔ مجھے ایک صاحب کہنے لگے کہ ہمارے بچے' دیسی گھی' بکرے' گائے کا گوشت نہیں کھاتے اور باقاعدہ اپنے خاندان کے گھر گنوائے کہ میرے گھر کے علاوہ فلاں فلاں رشتے دار کے بچے بھی دیسی گھی' چھوٹا گوشت اور بڑا گوشت نہیں کھاتے۔ مرغی بھی صرف برائلر کھاتے ہیں۔ دیسی مرغی بھی نہیں کھاتے۔ قارئین! جو برائلر خود نہیں چل سکتی وہ آپ کو کیا چلائے گی اور دیسی مرغ اگر انسان پکڑنا چاہے تو ساتویں محلے سے جا کر پکڑا جاتا ہے۔ برائلر مرغی آپ کسی بھی شکل میں کھائیں پیزا' برگر' شوارما وہ آپ کو نقصان ہی دے گا۔ قارئین! اچھا چلو آپ مجھے یہ بتائیں۔ کبھی آپ نے سویاں والا پلاؤ کھایا ہے؟ میں نے کئی دوستوں کو کھلایا ہے۔ واہ واہ کمال ہے اس کی لذت۔ سویوں کا پلاؤ ہو اور سری پائے میں پکا ہوا ہو۔ کمال ہے۔ چاول کا پلاؤ تو کھایا، سویوں کا پلاؤ ہو اور سری پائے میں پکا ہوا ہو یا چھوٹے گوشت میں پکا ہوا ہو۔

قارئین! نوجوانی اور جوانی میں جسمانی' ذہنی' پٹھوں کا کھچاؤ' ہر وقت سستی' کاہلی کی شکایت کرنے والے مرد و خواتین صرف چند دن خالص دیسی گندم سے بنی روٹی کو دیسی گھی اور شکر میں اچھی طرح گوندھ کر چوری بنا کر کھا کر دیکھیں۔ انتہائی لاجواب ٹانک' بے مثال غذا ہے۔ چند ہی دنوں میں ذہنی و دماغی تھکاوٹ دور' جسم میں بھرپور طاقت محسوس ہوتی ہے' پٹھوں کا کھچاؤ ختم ہوجاتا ہے' نیند کی کمی دور' ڈیپریشن ختم' چہرے سے اداسی ختم اور کھوئی رونق واپس لوٹ آتی ہے' کچھ عرصہ استعمال سے دیکھنے والے بھی حیران ہوجاتے ہیں کہ آپ کون سا ٹانک استعمال کررہے ہیں؟

افسوس کہ ہم فطرت سے دور ہوگئے اور ایسی شاندار' ذائقہ دار' صحت بخش غذاؤں کو بھلا بیٹھے' آیئے! دوبارہ فطرت کو تھام لیں' برائلر اور بیکری کی اشیاء سے ذرا پرہیز کریں اور اپنے بڑوں کی ریت روایت کو اپنا کر صحت کو پالیں۔

انگور سے کینسر کا کامیاب علاج! دمہ کے مریض بالکل ٹھیک

کاشف علی' لاہور

انگور، اہم پھلوں میں سے ایک ہے۔ یہ لذیذ، غذائیت سے بھرپور اور آسانی سے ہضم ہوجاتا ہے۔ انسانی صحت وتوانائی کی بحالی کے لیے انگور قدرت کا انمول تحفہ ہے۔ انگور کے دانے گول یا بیضوی اور گچھے کی صورت میں ہوتے ہیں۔ انگور کی بہت سی قسمیں اور سائز ہوتے ہیں چنانچہ ان کی شکل، رنگ، ذائقہ اور خوشبو بھی مختلف ہوتی ہے۔ ان کے دانے مٹر کے دانوں سے لے کر آلو بخارے تک کی جسامت رکھتے ہیں۔ یہ سبز، زرد، کالے، سرخ اور نیلے رنگ میں پایا جاتا ہے۔

شفا بخش قوت اور طبی استعمال

انگور کی زبردست طبی افادیت کا تعلق اس میں خالص گلوکوز کی فراوانی ہے۔ تجربات نے ثابت کیا ہے کہ دل اور دوسرے اعضائے رئیسہ کی طبعی کارکردگی کا دارومدار جسم میں گلوکوز کے جذب ہونے اور جزو بدن بننے کے عمل پر ہے۔ انگور چونکہ تیزی سے جذب اور جزو بدن بننے والے اجزاء پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس لئے مذکورہ عمل میں معاون ہے اور بحالی صحت کو سرعت سے ممکن بناتا ہے۔ بخار، عمومی کمزوری اور ضعف ہضم کے مریضوں کے لیے انگور ایک عمدہ غذا ہے۔

انگور سے کینسر کا کامیاب علاج

پھلوں سے علاج کے ضمن میں انگور کا استعمال بہت اہم ہے۔ ایک صدی پہلے انگلستان میں علاج بالغذا کے ایک ماہر نے انگور کے ذریعے کینسر کا کامیاب علاج کیا۔ انگور سے علاج کو اپنانے والوں میں جرمنی بہت بڑے مرکز کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ تازہ انگور کے رس کا دن میں پانچ بار استعمال ایک مکمل علاج ہے۔ یہ علاج چار سے چھ ہفتوں تک جاری رہنا چاہیے جبکہ اس کا اثر آفرین دور ستمبر اور اکتوبر پر مشتمل مسلسل دو مہینے ہیں۔ کچھ مریضوں کو اس کی مقدار زیادہ دی جاتی ہے۔ مرض کی شدت کے مطابق ایک کلو سے 6.5 کلو تک انگوروں کو نچوڑ کر حاصل ہونے والا رس روزانہ پلایا جاتا ہے۔

قبض دور' انتڑیاں صاف' صحت لاجواب

قبض: انگور میں موجود شکر، خلوی مادہ اور نامیاتی تیزاب مل کر اسے جلاب آور بناتے ہیں۔ قبض دور کرنے کے لیے یہ بہت اہم غذا ہے۔ انتڑیوں کو صاف کرنے میں اس کی کارکردگی محدود نہیں ہے۔ یہ معدے اور انتڑیوں کو نئی قوت دیتا ہے اور پرانے قبض کو دور کرتا ہے۔ قبض سے نجات کے لیے روزانہ 350 گرام انگور کھانا ضروری ہے۔ اگر تازہ انگور دستیاب نہ ہوں تو کشمش کو پانی میں کچھ دیر بھگو رکھنے کے بعد استعمال کیا جاسکتا ہے۔ **فساد ہضم:** انگور بدہضمی میں بہت نافع ہیں۔ یہ ایسے اجزاء پر مشتمل ہیں جو اسے ہلکی پھلکی غذا بناتے ہیں، بدہضمی دور کرتے ہیں اور بہت کم وقت میں معدے کی خراش اور گرمی کا توڑ کرتے ہیں۔ **دمہ:** انگوروں کو مرض دمہ میں بھی بہت مفید قرار دیا جاتا ہے۔ ماہرین کے مطابق انگور اور ان کا رس، دمہ کے علاج میں موثر دوا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ دمہ کے مریض کو اگر انگور کے باغ میں رکھا جائے تو وہ بہت جلد صحت یاب ہوجاتا ہے۔

دل کی بیماری: دل کی بیماری کے علاج میں انگور بہت کامیاب غذا ہے۔ یہ دل کو تقویت دیتے ہیں۔ دل کے درد اور اختلاج قلب (دل کی تیز دھڑکن) کا خاتمہ کرتے ہیں۔ اگر مریض انگوروں کو کچھ دن تک اپنی اکلوتی غذا بنالے تو مرض پر تیزی سے قابو پایا جاسکتا ہے۔ دل کے دورے کے بعد مریض کے لیے انگور کا رس پینا بہت مفید ہوتا ہے۔ یہ درد اور تیز دھڑکن کے سنگین نتائج سے محفوظ رکھتا ہے۔ دردشقیقہ: خوب پکے ہوئے انگوروں کا جوس دردشقیقہ یعنی آدھے سر کے درد میں تسکین بخش ہے۔

گردوں کی بیماری: انگور میں پانی اور پوٹاشیم کی مقدار کافی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ منفرد قسم کی پیشاب آور صلاحیت رکھتا ہے چونکہ اس میں البومین اور (باقی صفحہ نمبر 53 پر)

جادو سے تڑپتے سلگتے خط اور علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

آپ بھی اپنے مسائل کیلئے خط لکھیں! راز داری کا خیال رکھا جائے گا!

بدنظری کی انتہا ہوگئی! گالیاں دینا معمول

عبادت سے دوری اختیاری ہوگئی ہے، بدنظری انتہا کی ہو رہی ہے، گالیاں دینا معمول بن گیا ہے، گانے سننا معمول بنالیا ہے، وظائف سے جو روحانیت ملتی تھی سب چھن گئی ہے، وساوس، بدگمانیوں نے گھیر لیا ہے۔ رحمت کے قطرے کا طلب گار ہوں کوئی حل بتائیں۔ (بشارت محمود، لاہور)

جواب: نماز فجر کے فوراً بعد ایک سو ایک بار یَارَحِیۡمُ اور اسی تعداد میں اسم یَاوَارِثُ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے ہاتھ چہرے پر پھیر لیا کریں۔ رات کو سونے سے پہلے آرام دہ حالت میں بیٹھ کر آہستگی سے سانس اندر لیں اور ایک بار یَارَحِیۡمُ پڑھ کر باہر نکال دیں۔ اس طرح دس منٹ کرنے کے بعد سو جائیں۔ ہر نماز کے بعد کم از کم ایک تسبیح استغفار کی پڑھا کریں' جب نماز پڑھیں تو اپنی نظر جما کر سجدے والی جگہ پر رکھیں' چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے درود شریف کا ورد کیا کریں' ان شاء اللہ آپ کا مزاج نیکی والا بن جائے گا' برا کام کرنے اور چاہنے سے بھی نفرت ہوجائے گی۔

نجانے کیوں احساس کمتری کا شکار ہوں؟

چند لوگوں میں بات کرتے ہوئے سانس پھول جاتی ہے۔ ٹھیک سے بول نہیں سکتا تاکہ میرا سینہ کھل سکے (ج' لاہور)

جواب: آپ سورۂ الم نشرح کثرت سے پڑھا کیجئے' اپنی نمازوں میں بھی اسی سورۂ کی تلاوت کیجئے' ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں آپ کا سینہ کھل جائے گا' آپ کی ہچکچاہٹ اور گھبراہٹ ختم ہوجائے گی' آپ ہر جگہ پر اعتماد ہوکر بولیں گے۔

خوف، پریشان خیالی، وہم اور شک کا شکار

ایک کامیاب زندگی گزارنے کیلئے جس خوداعتمادی کی ضرورت ہوتی ہے، وہ مجھ میں نہیں ہے، خوف اور پریشان خیالی، وہم اور شک بھی زیادہ ہے۔ کوئی ایسی راہ بتائیں کہ میں اپنی کمزوریوں پر غالب آجاؤں۔ (فہیم، لاہور)

جواب: اسم ذات اللہ خوشخط لکھوا کر روزانہ رات سونے سے پہلے اور صبح بیدار ہونے کے بعد دس منٹ تک پوری توجہ کے ساتھ دیکھا کریں، روزانہ رات کو "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ، یَا اَللّٰہُ یَاحَفِیۡظُ یَارَحِیۡمُ" گیارہ بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرکے ہاتھ چہرے پر پھیر لیا کریں اس طرح تین بار کریں، بہتر ہے کہ یہ عمل سونے سے پہلے کرکے فوراً سو جائیں اس ترتیب پر کم از کم چار ماہ عمل کیا جائے۔

بے جان سا جسم

میں اکثر بیمار رہتی ہوں اور علاج جاری ہے۔ بیٹھے بیٹھے اچانک یوں لگتا ہے جیسے میری ٹانگیں اور جسم بے جان ہوگئے ہیں اور میں مرنے والی ہوں۔ میری روح پرواز کرنے والی ہے، کچھ دیر بعد طبیعت بحال ہوجاتی ہے۔ ہر وقت موت کا خیال اور خوف دامن گیر رہتا ہے۔ (الف۔ح)

جواب: رات کو سونے کیلئے لیٹیں تو آنکھیں بند کرکے لیٹ جائیں۔ پوری یکسوئی اور توجہ سے یَاحَفِیۡظُ یَاوَدُوۡدُ یَابَدِیۡعُ دس پندرہ منٹ پڑھنے کے بعد سو جائیں۔ نماز فجر کے بعد پانی پر اکتالیس یا چھیاسٹھ مرتبہ یَاحَیُّ قَبۡلَ کُلِّ شَیۡءٍ یَاحَیُّ بَعۡدَ کُلِّ شَیۡءٍ دم کرکے پی لیا کریں۔ انشاء اللہ طبیعت کی بحالی میں مدد ملے گی۔

چار بچے گونگے، جادو کا اثر لگتا ہے!

چار بچے گونگے ہیں' لگتا ہے کسی نے جادو کروایا ہے۔ جو بھی کام شروع کرتا ہوں مستقل مزاجی نہیں ہوتی' مالی حالات بھی خراب ہیں اس کے علاوہ بیمار بھی رہتا ہوں۔ (ص، گوجرانوالہ)

جواب: صبح و رات سورۂ فلق پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لیا کریں اور ساتھ ہی ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر پھیر لیا کریں۔ علاوہ ازیں نماز عصر کے بعد یَا اَللّٰہُ یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ ایک سو ایک بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حالات بہتر ہونے کی دعا کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ پر یقین رکھیں کہ اس یقین سے ہی انسان کو اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی بھی حاصل ہوتی ہے۔ وسوسوں میں گرفتار نہ ہوں۔

رشتہ کی ادھوری بات' کیا یہ بندش ہے؟

ہم چھ بہن بھائی ہیں اور بوڑھے ماں باپ ہیں۔ ہماری پوری فیملی ہمیشہ بیمار رہتی ہے۔ دو بھائیوں کی شادی ہوئی ہیں ان بھائیوں کی آپس میں نہیں بنتی۔ ایک بہن کی شادی ہوئی ہیں باقی تینوں کی شادی نہیں ہو رہی جب رشتے آتے ہیں یا کوئی بات چلتی ہے تو ادھوری رہ جاتی ہے۔ (پوشیدہ)

جواب: بندش اور نحوست کی باتیں بے یقینی اور وہم کی پیداوار ہیں۔ اس طرف توجہ دینے کے بجائے اللہ کی رحمت پر یقین مضبوط کریں۔ روزانہ نماز عشاء اور نماز فجر کے بعد ایک سو ایک بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرکے ہاتھ چہرے پر پھیر لیا کریں اور پھر اللہ تعالیٰ سے جلد فضل و کرم کی درخواست کیا کریں۔ ان شاء اللہ آپ کی شادی کے اسباب بھی پیدا ہوجائیں گے اور بھائیوں میں جو رنجش ہے وہ بھی ختم ہوجائے گی۔

شوہر کا کاروبار ختم! بیٹے کا ویزہ نہیں لگ رہا

شوہر کا چکن کا کام ہے جو چل نہیں رہا۔ میرے شوہر اکثر بیمار بھی رہتے ہیں اور میں خود بھی بلڈ پریشر کی مریضہ ہوں۔ بیٹے کو دوسرے ملک بھیجنے کی کوشش کر رہی ہوں لیکن ویزا نہیں لگ رہا۔ کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ مشکلات حل ہوجائیں۔ (والدہ طلحہ، سیالکوٹ)

جواب: شوہر اور بیٹے سے کہیں کہ وہ نماز فجر سے پہلے دو رکعت نماز گھر میں ادا کریں اور تین بار آیت الکرسی پڑھ کر دعا کریں اور فرض نماز مسجد میں جاکر ادا کیا کریں اور عمل کو معمول بنالیں عرصہ دراز تک عمل پیرا رہیں۔ ان شاء اللہ دونوں مسائل حل ہوجائیں گے۔

طبی مسائل کا آزمودہ حل

براہ راست شیخ الوظائف سے جانیے!

جوان بچی کا معاملہ ہے، توجہ کیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کے چہرے اور جسم کا رنگ کالا ہوتا جارہا ہے۔ لیڈی ڈاکٹر سے مشورہ کیا اس نے دوائی دی لیکن کوئی فرق نہیں پڑرہا میں بہت پریشان ہوں جوان بچی کا معاملہ ہے کوئی اچھی سی دوائی یا ٹوٹکہ تجویز کردیں۔ (چاند بی بی، پوشیدہ)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' اور ''چہرہ شفاء'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں' ان شاء اللہ چند ہی ہفتوں میں آپ کی بیٹی کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

فیملی کے تمام ممبران کے بال گرتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے اور میری تمام فیملی کے سر کے بال بہت ہی زیادہ گرتے ہیں اس کے لیے کوئی ٹوٹکہ نسخہ یا دوائی تجویز فرمادیں۔ (ثناء اخلاق)

مشورہ: کسی تجربہ کار نے مجھے ایک ٹوٹکہ بتایا کہ ایک دیسی انڈہ لے لیں اس کو توڑ کر ایک پیالی میں ڈال لیں' جتنا انڈہ ہو اتنی دیسی سرخ پسی ہوئی کیمیکل کے بغیر مہندی اور دہی۔ ان سب کو ملا کر پیسٹ بنائیں اور انگلیوں سے بالوں کی جڑوں میں لگائیں اور کم از کم چار پانچ چھ گھنٹے لگائیں۔ اس کے بعد سر صابن سے دھوئیں' کیونکہ اس وقت جتنا نقصان بالوں کو کیمیکل سے بھرے شیمپو دے رہے ہیں اتنا نقصان شاید کوئی چیز دے گی۔ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگ سر میں تیل نہیں لگاتے۔ فوراً سے پہلے تیل کا استعمال کریں اور اس مقصد کے لئے ناریل کا تیل سب سے مفید ہے۔ اگر آپ ناریل کے تیل میں لیموں کا رس ملالیں تو یہ بہت ہی فائدہ مند ہوگا۔ آپ رات کو تیل لگائیں اور صبح کے وقت سر کو دھولیں اور چند ہی دن میں جادو دیکھیں۔ اگر آپ کیسٹر آئل میں شہد کے چند قطرے ملا کر سر پر لگائیں تو آپ کے بال خوبصورت ہوتے جائیں گے۔ اگر آپ ہفتے میں ایک بار بھی یہ تیل لگائیں تو آپ کے بال لمبے ہونا شروع ہوجائیں گے۔ میتھی کے بیج لے کر انہیں اچھی طرح پیس لیں اور اس ایک بوتل میں تھوڑا سا پانی ڈال کر اس محلول کو ہفتے میں ایک بار اپنے سر پر لگائیں اور لمبے اور خوبصورت بال حاصل کریں۔

محسوس کرنے کی حس سے محروم ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر بیس سال ہے میرا مسئلہ یہ ہے کہ پیدائشی طور پر میرا جسم صحیح کام نہیں کرتا اور محسوس کرنے کی حس سے میرا جسم کہیں زیادہ محسوس ہوتا ہے اور کہیں کم ہوتا ہے۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ میرے حرام مغز کی بناوٹ نارمل نہیں ہے جس کی وجہ سے یہ تمام مسائل میرے ساتھ ہیں۔ میرا پیشاب اور پاخانہ بغیر کنٹرول کے ہوجاتا ہے۔ کوئی دوائی تجویز فرمادیں۔ (محمد عاقب، خیرپور میرس)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''معجون شفاء یابی'' ''ستر شفائیں'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند ڈبیاں استعمال کریں' اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''کراماتی تیل'' کی مالش صبح وشام لکھی گئی ترکیب کے مطابق کیجئے۔ چند دن یا چند ہفتے کرکے یہ عمل چھوڑ نہ دیجئے' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے علاج کیجئے' اس کے ساتھ آپ ہروقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ سارا دن ہزاروں کی تعداد میں پڑھیے۔

بلڈ پریشر قوت کی کمی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بلڈ پریشر اور قوت کی کمی کا شکار ہوں کوئی اچھی سے دوائی تجویز فرمادیں۔ (خواجہ عمران، لاہور)

مشورہ: آپ مکئی' جوار' باجرہ اور کالا چنا برابر وزن لے کر باریک پسوالیں' پھر اس کا آٹا گوندکر روٹی پکائیں۔ یہ روٹی سالن یا جیسے آپ کو سہولت ہو چند دن استعمال کیجئے۔ شوگر' ہائی بلڈ پریشر' ہر قسم کی کمزوری' بدہضمی' تیزابیت' کھٹے ڈکار' موٹاپا سمیت تمام امراض کا لاجواب علاج ہے۔ بس یہ روٹی کھائیں اور کمال دیکھیں۔

بیٹے کے گردے ٹھیک کام نہیں کرتے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کی عمر دو سال ہے چھ ماہ پہلے اچانک اس کی آنکھوں اور پیشاب والی جگہ پر ورم آنا شروع ہوگئے ڈاکٹر کو چیک کروایا ٹیسٹ سے پتا چلا کہ بیٹے کے گردے مکمل طور پر کام نہیں کررہے۔ میڈیسن دینا شروع کردی بجائے مرض کم ہونے کہ بہت ساری بیماریاں لگ گئی بالآخر ہم نے انگریزی میڈیسن چھوڑ دی ہیں۔ اب تو پیشاب میں خون آنا شروع ہوگیا ہے۔ آپ اس کے لیے ادویات تجویز فرمادیں۔ (وسیم اسلم، سرگودھا)

مشورہ: ھوالشافی: کلونجی دو کلو لے کر صاف کرکے اس میں پانی ڈال کر اس کو دھولیں' جب مٹی نکل جائے پھر اس میں دس کلو صاف پانی بھر دیں۔ ساری رات اس کو بھگو کر رکھیں۔ صبح اسے دھیمی آگ پر چڑھادیں۔ پانی کو ایک گھنٹہ ابال کھانے دیں۔ جب کلونجی کے دانے سرخ مائل ہوجائیں' کپڑے سے پانی پن کر بوتلیں بھر کر رکھ لیں۔ صبح اٹھ کر کلونجی کا پانی دو گلاس لے کر اتنا شہد ڈالیں کہ وہ میٹھا ہوجائے' بیٹے کو پلادیں۔ پانی نہار منہ پی لیں۔ چند دن یہ عمل کروائیے۔

مجھے پڑھے بغیر آپ کے طبی مسائل حل نہ ہوں گے؟

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

اولاد کی نعمت سے محروم

میری شادی کو 14 سال ہوگئے ہیں مگر اولاد کی نعمت سے محروم ہوں مزید کمزوری بہت ہے۔ (شاہد حسین، مری)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''بے اولاد کورس'' چند ماہ استعمال کیجئے۔ آپ کے دونوں مسائل ہی حل ہوجائیں گے۔

جس کام میں ہاتھ ڈالیں گے کامیابی ملے گی صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

(میری زندگی کیسے بدلی؟) (قاری، گجرات)

یقین تھا مجھ پر جادو جنات کا حملہ نہیں ہو سکتا مگر یہ کیا ہوا؟

قارئین! حضرت جی کے درس سوال (عبقری ہال) آیت ویب [illegible] دیکھنے سے لاکھوں کی [illegible] دل کی [illegible] بات [illegible] جاتا ہے جہاں درس ہوتا ہے، وہاں [illegible] حیرت انگیز [illegible] ختم ہو جاتی ہیں آپ بھی [illegible]

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہو گی۔

مجھے عبقری سے جڑے تین سال سے زیادہ کا عرصہ ہو چکا ہے۔ عبقری رسالہ کی تعریف کرنا گویا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ یہ ایک شاندار رسالہ ہے لوگوں کی زندگیوں کو بدلنے کا اللہ کریم نے اس کو ذریعہ بنایا ہوا ہے۔ لوگ اس میں شائع ہونے والے اعمال وظائف اور ٹوٹکوں کے ذریعے سے اپنی زندگی کی چھوٹی بڑی مشکلات کا حل لے رہے ہیں اور پھر مشکلات سے نکلنے کے بعد اپنی آپ بیتی عبقری رسالہ کو خطوط کے ذریعے ارسال کرتے ہیں جس کے دو فائدے ہوتے ہیں ایک تو یہ کہ جس وظیفے یا ٹوٹکے سے فائدہ ہوا ہو ایک تو اس کی یاددہانی ہو جاتی ہے دوسرا یہ کہ جو نئے قاری ہوتے ہیں وہ اس تحریر کو پڑھ کر وظیفہ یا ٹوٹکہ استعمال کرتے ہیں اور ان کا بھی بھلا ہو جاتا ہے۔ اس طرح مخلوق خدا کی خدمت کا ایک سلسلہ چلا ہوا ہے جو کہ جاری و ساری ہے اور میں رب العزت سے دعا کرتا ہوں کہ یہ سلسلہ تا قیامت جاری رہے۔ اب میں بات کرنا چاہوں گا شیخ الوظائف سے متعلق جن کی شخصیت آج کے اس خطرناک دور میں کسی نعمت خداوندی سے کم نہیں۔ آپ کیلئے دل سے دعائیں نکلتی ہیں کہ رب العزت آپ پر برکت عطا فرمائے۔ آپ کو ہمیشہ صحت وتندرستی اور شان و شوکت والی زندگی عطا فرمائے یوں ہی آپ کا دست شفقت ہم جیسوں کے سروں پر قائم رکھے۔ آپ کے اس نیک اور عظیم مشن کو آپ کی نسلوں میں منتقل فرمائے اور آپ کی نسلیں بھی آپ کی طرح دکھی، مجبور، بے سہارا انسانیت کے لیے سکھ اور راحت کا سامان بنے اور یہ سلسلہ تا قیامت تک چلتا رہے۔

عبقری سے جڑنے سے پہلے زندگی کا احوال

آپ سے جڑنے سے پہلے زندگی بہت ہی عجیب تھی حالانکہ کسی ظاہری برے فعل میں مبتلا نہیں تھا لیکن عبادت کے معاملے میں انتہائی کمزور تھا نماز سے بہت دور تھا کبھی کبھار نماز پڑھ لیتا تھا لیکن دل نماز سے پوری طرح غافل تھا۔ ایسا لگتا تھا کہ کوئی قوت ہے جو نماز اور مسجد کی طرف جانے نہیں دیتی۔ زندگی کے بہت سارے سال اسی طرح گزر گئے۔ اس دوران زندگی میں غم اور خوشی کا سلسلہ بھی چلتا رہا لیکن غم اور پریشانیاں خوشیوں کے مقابلے میں بہت زیادہ تھیں۔ قدم قدم پر رکاوٹوں کا سامنا رہا ہر کام میں رکاوٹ۔ جادو جنات کے بارے میں بچپن سے سنتے تھے کہ یہ ہوتے ہیں اور لوگوں کو پریشان کرتے ہیں۔

مجھ پر جادو، جنات کا حملہ نہیں ہو سکتا!

لیکن ساتھ ساتھ اس بات کا بھی پوری طرح وہم تھا کہ جنات کا حملہ یا جادو کا حملہ مجھ پر نہیں ہو سکتا کیوں کہ میں طبیعتاً کسی کو بھی نقصان پہنچانے والا نہیں ہوں تو بھلا مجھے کون نقصان پہنچائے گا، کون مجھ پر جادو کرے گا، کون مجھے نظر بد لگائے گا اور کیوں کرے گا۔ اگر مجھے کسی کو نقصان پہنچانے کی عادت ہوتی تو مجھے بھی کوئی نقصان پہنچاتا۔ اسی وہم کے سہارے میری زندگی کا سارا بچپن کا دور گزر گیا اور بہت سا وقت ضائع ہو گیا۔ زندگی اسی طرح رکاوٹوں اور پریشانیوں کے ساتھ ساتھ گزر رہی تھی۔

برباد مایوس تھا! کرم ہوا اور مجھے عبقری مل گیا

پھر اللہ کا کرم ہوا اور مجھے عبقری مل گیا

پھر اللہ تعالیٰ کو مجھ پر رحم آ گیا اور اس نے مجھے آہستہ آہستہ اپنے ذکر کی طرف متوجہ کیا لیکن اس دوران بھی میں مسنون اعمال و دعاؤں سے ناواقف تھا مجھے نہیں معلوم تھا کہ سوتے وقت کون سی دعا پڑھتے ہیں، واش روم جاتے وقت کون سی دعا پڑھتے ہیں، گھر سے نکلتے وقت کون سی دعا پڑھتے ہیں۔ گھر میں داخل ہوتے وقت کون سی دعا پڑھتے ہیں۔ مسجد میں جاتے ہوئے کون سی دعا پڑھتے ہیں۔ بس صرف کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ کا معلوم تھا وہ پڑھتے تھے لیکن جب عبقری رسالے کو پڑھا تو پھر مسنون دعاؤں کے بارے میں معلوم ہوا اور پھر معلوم ہوا کہ زندگی میں اتنی رکاوٹیں اور پریشانیاں کیوں ہیں اور ان پریشانیوں کا ہونا اور رکاوٹوں کا ہونا مسنون دعاؤں کا زندگی میں نہ ہونے کی وجہ سے تھا۔

بیت الخلاء میں جنات رہتے ہیں! اب معلوم ہوا

درس میں یہ بات سننے کے بعد کہ واش روم میں جنات رہتے ہیں اور وہ اس انسان کو جو واش روم میں جانے سے پہلے واش روم جانے کی دعا نہیں پڑھتا اس کو قابو کر لیتے ہیں۔ اس کو مختلف بیماریوں میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ میں نے سب سے پہلے بیت الخلاء کی دعا یاد کی اور جب بھی بیت الخلاء جاتا اندر جانے سے پہلے دعا پڑھتا۔ کچھ دنوں کے بعد میں نے محسوس کیا کہ میرے پیٹ میں جو ایک مستقل بھاری پن اور بے چینی کی کیفیت تھی وہ ختم ہونا شروع ہو گئی ہے اور اس کی جگہ ایک سکون سا آ گیا ہے۔ اس کے بعد میں نے گھر سے باہر جانے اور آنے کی دعائیں مسجد میں داخل ہونے کی دعا بھی یاد کی اور ان کو پڑھنا شروع کیا۔ ساتھ ساتھ میرا یہ وہم بھی ختم ہو گیا کہ مجھے جادو، جنات یا نظر بد کا اثر نہیں ہو سکتا۔

جادو جنات نے میری زندگی برباد کی

اب میں یہ جان چکا تھا کہ دراصل یہ جادو جنات اور نظر بد ہی ہیں جنہوں نے میری زندگی کو برباد کیا ہوا تھا۔ کسی نے نظر لگائی کسی نے جادو کیا کچھ معلوم نہ تھا لیکن اب میں ان سب سے اپنی جان چھڑانا چاہتا تھا اور اس کا راستہ بھی مجھے عبقری رسالے اور حضرت کے درس سے ہی ملا اور وہ یہ کہ تین بار درود شریف اول و آخر درمیان میں سات مرتبہ الحمد شریف والی آیات اور سات مرتبہ ان پڑھنی ہے اور اپنے دونوں کندھوں پر اپنے دونوں کانوں کا تصور کرتے ہوئے پھونک مارنی ہے۔ اس عمل کو دن میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور کرنا ہے۔ میں نے یہ عمل کئی مہینوں تک کیا۔ ابتدا ہی میں مجھے اس عمل سے سکون ملا جس نے مجھے یہ عمل نہ چھوڑنے کی ترغیب دی اور میں کرتا رہا۔ باقاعدہ کئی بار تو ایسا بھی ہوتا کہ دوران عمل مجھے اپنے کانوں سے گرم ہوا نکلتی ہوئی محسوس ہوتی کبھی دائیں کان سے اور کبھی بائیں کان سے۔ آج بھی مجھے سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے اس عمل کو کرتے ہوئے اور اب بھی جاری ہے۔ اس عمل کے دوران میں مسلسل یہ سوچ رہا ہوتا کہ جادو میرا ٹوٹ جائے گا ان شاء اللہ (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

بیوی کی مخلصانہ دعاؤں نے مسائل کی دلدل سے نکال دیا

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں اور آپ کے بڑوں کو جزائے خیر کثیر عطا فرمائے‘ آمین! آپ کے مجھ پر بہت احسانات ہیں ان احسانات کا بدلہ اللہ پاک ہی آپ کو عطا فرمائے۔ آمین! میری بہت اچھی سرکاری نوکری تھی اچھی زندگی تھی اچھا کھانا پینا تھا۔ الحمدللہ ہر نعمت تھی کچھ ایسی نظر بد لگی ہر چیز چھن گئی سات ماہ قید میں رہا۔ ہر قسم کی تفتیش ہوئی مگر کوئی جرم ثابت نہ ہوسکا۔ تفتیشی افسران حیران اور شرمندہ بھی تھے اور مجھے تسلی دیتے تھے کہ آپ کو نوکری سے نہیں نکالیں گے۔ مگر سات ماہ بعد ہیڈکوارٹر میں افسران کے بورڈ نے مجھے جبری ریٹائرڈ کر دیا اور ساتھ قید سے رہا بھی کر دیا۔ ہر چیز چھن گئی اس وقت جو میری حالت تھی بیان نہیں کرسکتا۔ اپنی حالت کا ایک جملہ لکھتا ہوں ’’خودکشی کر لیتا یا دل میں یہ خیال آتا ہر چیز کو آگ لگا دو‘‘ مگر ماں باپ کی دعائیں تھیں اور اعمال کی برکات تھیں جس کی وجہ سے میں بچا ہوا تھا کئی دوستوں نے کہا کہ ہم حیران کہ آپ کس طرح صحیح سلامت اور زندہ ہیں پھر میں دل میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اے اللہ! تیرا شکر ہے میرے ایمان کو سلامت رکھا۔ قید کے دوران میرے بیوی بچوں نے میرے لیے بہت دعائیں اور اعمال کیے‘ یہ میری اہلیہ کی مخلصانہ دعائیں ہی تھیں کہ آپ سے تعلق جڑ گیا‘ آپ سے جو تعلق جڑا اس کا قصہ بھی پڑھتے جایئے۔ مجھے ٹیکسلا میں سرکاری گھر ملا تھا ہمارے گھر کے اوپر ایک اور گھر تھا‘ وہ بہت اچھے اور نیک لوگ تھے انہوں نے میری بیوی کو دو انمول خزانے کا کتابچہ دیا اور بتایا کہ میرے بھائی کا ایک پیر ہے جو لاہور میں رہتا ہے اور یہ دو انمول خزانہ والا عمل ان کا بتایا ہوا ہے۔ آپ یقین سے پڑھیں ان شاء اللہ کرم ہوگا اور الحمدللہ میری گھر والی پڑھتی رہی۔ یقین کیجئے اللہ نے ایسے اسباب بنائے کہ میرے سارے مسائل ہی حل ہوگئے‘ اللہ ایسی مخلص بیوی ہر شوہر کو عطا کرے۔ اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ مجھے اور میری نسلوں کو تسبیح خانے کا سچا اور مخلص خادم بنائے۔ آمین۔ الحمدللہ! مجھے عبقری‘ آپ کی ذات‘ تسبیح خانہ کی نسبت سے بہت کچھ ملا ہے‘ اتنا ملا ہے کہ میں لکھتے لکھتے تھک جاؤں گا‘ واقعات ختم نہیں ہوں گے۔ (عبیداللہ خان‘ پشاور)

ملت کی تعمیر

مولانا وحید الدین خان

تعلیم صرف روزگار کا سرٹیفکیٹ نہیں۔ اسکا اصل مقصد قوم کے افراد کو باشعور بنانا ہے۔ افراد کو باشعور بنانا ملت کی تعمیر کی راہ کا پہلا قدم ہے۔ ملت کا سفر جب بھی شروع ہوگا یہیں سے شروع ہوگا۔ اس کے سوا کسی اور مقام سے ملت کا سفر شروع نہیں ہوسکتا۔ باشعور بنانا کیا ہے؟ باشعور بنانا یہ ہے کہ ملت کے افراد ماضی اور حال کو ایک دوسرے سے جوڑ سکیں۔ وہ زندگی کے مسائل کو کائنات کے ابدی نقشہ میں رکھ کر دیکھ سکیں۔ وہ جانیں کہ وہ کیا ہیں، اور کیا نہیں ہیں۔ وہ اس راز سے واقف ہوں کہ وہ اپنے ارادہ کو خدا کے ارادہ سے ہم آہنگ کر کے ہی خدا کی اس دنیا میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔ باشعور انسان ہی حقیقی معنوں میں انسان ہے۔ جو باشعور نہیں وہ انسان بھی نہیں۔ باشعور آدمی اپنے اور دوسرے کے بارے میں صحیح رائے قائم کرنے کے قابل ہوجاتا ہے۔ وہ یہ جان لیتا ہے کہ اس کی کون سی رائے جانبدارانہ رائے ہے اور کون سی رائے جانب غیر دارانہ، جب بھی کوئی موقع آتا ہے وہ یہ پہچان لیتا ہے کہ یہاں کون سی کاروائی ردعمل کی کی کاروائی ہے اور کون سی مثبت کاروائی ہے۔ وہ شر کو خیر سے جدا کرتا ہے اور باطل کو الگ کر کے حق کو پہچانتا ہے۔ ایک آنکھ وہ ہے جو ہر آدمی کی پیشانی پر ہوتی ہے، تعلیم آدمی کو ذہنی آنکھ عطا کرتی ہے۔ عام آنکھ آدمی کو ظاہری چیزیں دکھاتی ہے، تعلیم آدمی کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ معنوی چیزوں کو دیکھ سکے۔

جس طرح ایک کسان بیج کو درخت بناتا ہے، اسی طرح تعلیم گاہ کا کام یہ ہے کہ وہ انسان کو فکری حیثیت سے اس قابل بنائے کہ وہ ارتقائے حیات کے سفر کو مکمل کر سکے۔ تعلیم آدمی کو ملازمت دیتی ہے مگر یہ تعلیم کا ثانوی فائدہ ہے۔ تعلیم کا اصل پہلو یہ ہے کہ وہ آدمی کو زندگی کی سائنس بتائے۔ وہ آدمی کو حقیقی معنوں میں آدمی بنا دے۔

پان گٹکا نسوار اور تمباکو سے نفرت! بس یہ پڑھ لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کاروباری سلسلہ میں اکثر سرگودھا سے لاہور جاتا تھا۔ ایک مرتبہ میں نے میانوالی سے سرگودھا جانا تھا‘ بہت پریشان‘ حالات بہت خراب میرے پاس کرایہ کے پیسے نہ تھے اور جانا بھی بہت ضروری تھا‘ نماز فجر کے بعد اللہ کریم سے خوب دعا مانگی‘ مسجد سے باہر نکلا پریشان تھا‘ ایک جاننے والا مل گیا‘ اس نے بتایا کہ میں اپنی گاڑی میں سرگودھا جا رہا ہوں‘ کیا آپ میرے ساتھ چلیں گے‘ سفید پوشی کا بھرم رکھتے ہوئے میں نے عرض کیا کہ میں اپنا کرایہ دوں گا‘ وہ مسکراتے ہوئے تیار ہوگئے‘ میں اس دوران شیخ الوظائف کی بتائی مسنون دعا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ کثرت سے پڑھتا رہا۔ اس جاننے والے نے مجھے سرگودھا اتار دیا اور کرایہ بھی نہ لیا۔ سرگودھا میں ایک جاننے والا ساتھی ملا اس نے کہا آپ ہمارے مہمان ہیں۔ دوسرے دن میں نے لاہور جانا تھا تو وہاں ادارہ کی ایک گاڑی نے بھی لاہور جانا تھا‘ ایک ساتھی نے ان سے میری بات کی‘ انہوں نے بھی بخوشی آمادگی کا اظہار کیا اور مجھے بڑے اکرام کے ساتھ میری منزل پر پہنچا دیا اور یوں نماز فجر کے بعد اللہ کریم سے مانگی دعا اور مسنون دعا کے بکثرت پڑھنے کی برکت سے اللہ نے مفت میں میانوالی سے سرگودھا اور سرگودھا سے لاہور اور ساتھ مکمل اکرام‘ کھانا پینا کے ساتھ پہنچایا۔ میرے ایک جاننے والے پر جادو کے اثرات تھے‘ بندہ نے انہیں بیت الخلا والی دعا کا عرض کیا ‘انہوں نے توجہ سے سارے وظائف چھوڑ کر پڑھنا شروع کیا مذکورہ دعا پڑھتے رہے ایک دن ٹیلیفون کیا‘ مجھے بلایا‘ میں گیا تو کہنے لگے: بیت الخلاء کی دعا نے تو کمال کردیا ہے۔ میں تہجد نہیں پڑھتا تھا الحمدللہ تہجد کا اہتمام شروع ہوگیا۔ میں اٹھارہ سال کی عمر سے پان کھا رہا تھا پان کھانا چھوڑ دیا گٹکا کھاتا تھا وہ بھی چھوڑ دیا لیکن تمباکو نہیں چھوٹ رہا تھا اس دعا کی برکت سے (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

پیٹ درد میں مبتلا تھا شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عمان میں پانچ سال نوکری کرکے پاکستان آگیا لیکن یہاں آتے ہی میرا پیٹ خراب ہوگیا اور مسلسل درد رہنے لگا جس وجہ سے میں نے کھانا پینا بہت ہی زیادہ کم کردیا جس سے کمزوری بھی ہوگئی۔ بہت ادویات کا استعمال کیا لیکن پیٹ کا درد جو کبھی تیز اور کبھی ہلکا ہوجاتا تھا ختم ہونے پر نہیں آرہا تھا۔ میں بہت ہی درد اور پریشانی میں مبتلا تھا کیونکہ اب پاکستان میں جاب ڈھونڈنے لگا تھا جو نہیں مل رہی تھی اوپر سے پیٹ کا درد لیے بیٹھا تھا۔ ایک روز پیٹ درد کے باعث میں گھر سے نکل کر باہر بیٹھا تھا کہ ایک راہ گیر نے مجھ سے پوچھا کہ بھائی لگتا ہے تکلیف میں مبتلا ہو تو میں نے اس کو ساری تفصیل بتائی کہ یہ مسئلہ ہے اس نے کہا کہ لاہور میں عبقری دواخانہ ہے تم وہاں چلے جاؤ ان شاء اللہ ٹھیک ہوجاؤ گے میں نے اس سے ایڈریس لیا اور شام کو چھوٹے بھائی کے ساتھ موٹرسائیکل پر سوار ہوکر دواخانہ پہنچا' ٹوکن لیا اور آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات کی اور ان کو تمام صورتحال سے آگاہ کیا تو انہوں نے مجھے جوہر شفاء مدینہ اور ہاضم خاص استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے دو دو ڈبی لی اور گھر واپس آگیا اور اس پر لکھی گئی ہدایات کے مطابق استعمال کرنا شروع کی دس دن مسلسل استعمال سے ہی مجھے کافی فرق پڑنا شروع ہوگیا۔ بھوک بھی بہت لگنا شروع ہوگئی پہلے بھوک بھی نہیں لگتی تھی پیٹ کا درد دس دن میں ہی ختم ہوگیا۔ دوائی کے ختم ہونے پر میں مکمل صحت یاب ہوگیا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جس نے مجھے شفاء بخشی۔ حالانکہ میں صحت یاب ہوگیا ہوں لیکن اب بھی جوہر شفاء مدینہ اور ہاضم خاص میرے گھر میں ہر وقت موجود رہتی ہے۔ گھر میں بڑا چھوٹا جس کسی کو بھی پیٹ درد یا گیس کا مسئلہ ہو تو یہی ادویات کا استعمال کرتے ہیں ماشاء اللہ سے صحت ملتی ہے۔ پڑوس میں بھی اگر کسی کی طبیعت خراب ہو تو وہ بھی ہمارے گھر سے یہ دوائی لے جاتے ہیں۔ (محمد شفقت، سبزہ زار لاہور)

بیٹی کالے یرقان اور میں معدہ کی مریضہ تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر آٹھ سال ہے چند روز سے اس کی طبیعت خراب رہنے لگی تھی میں نے اپنے شہر میں مختلف ڈاکٹرز سے اس کا معائنہ کروایا ادویات لیں لیکن بیٹی ٹھیک ہونے پر نہیں آرہی تھی اس کے چہرے کا رنگ خراب ہونا شروع ہوگیا تھا۔ ایک روز میں جب مقامی ڈسپنسری میں بیٹی کو لے کر گئی تو وہاں بیٹھی ایک معمر خاتون نے کہا بہن تمہاری بیٹی کو یرقان کی شکایت ہے اور وہ کالا یرقان ہے اس کا علاج جلدی کروا لو ورنہ نقصان ہوسکتا ہے یہ سن کر میں ڈر سی گئی اور فوراً بیٹی کو گھر لے آئی اور بڑے ہسپتال لے جانے کا فیصلہ کیا۔ میں نے اپنی امی کو ملتان فون کیا کہ بیٹی کو کالے یرقان کی شکایت لگ رہی ہے اب میں اس کو بڑے ہسپتال لے جارہی ہوں تو میری امی نے کہا جانے کی ضرورت نہیں تم ایسے کرو ساہیوال میں عبقری کی ایجنسی ہے وہاں سے تین روحانی پھکی لے آؤ اور گھنٹے گھنٹے بعد بیٹی کو کھلاتی رہو۔ میں ساہیوال میں عبقری ایجنسی سے روحانی پھکی لی اور امی کی بتائی ہوئی بات پر عمل کرتے ہوئے ہر گھنٹے بعد بیٹی کو دوائی دینا شروع کردی تقریباً پانچ دن لگاتار دوائی دینے کے بعد میں نے محسوس کیا کہ بیٹی کے چہرے کا رنگ بدلتا نظر آرہا تھا میں سمجھ گئی کہ فرق پڑنا شروع ہوگیا ہے اس کے علاوہ ایک اور بات میں نے نوٹ کی کہ پہلے میری بیٹی کچھ کھاتی نہیں تھی ہر وقت میں اس کے پیچھے کھانا لے کر بھاگتی تھی لیکن جب سے روحانی پھکی کا استعمال شروع کروایا ہے اب بیٹی خود کہتی ہے کہ امی مجھے بھوک لگی ہے اب اس کی صحت پہلے سے بہت ہی زیادہ بہتر ہے۔ میرے معدہ میں بھی اکثر تکلیف رہتی تھی میں انگریزی ادویات کا استعمال کررہی تھی میں نے سوچا کہ میں بھی روحانی پھکی کا استعمال کرتی ہوں' ہوسکتا ہے میرا معدہ بھی ٹھیک ہوجائے۔ پھر میں نے استعمال شروع کیا دو ڈبی پھکی کے استعمال سے ہی مجھے واضح فرق محسوس ہوا۔ اب ہمارے گھر میں جس کو بھی معدہ یا پیٹ کی تکلیف ہو تو ہم آنکھیں بند کرکے روحانی پھکی استعمال کرتے ہیں جس سے اللہ پاک شفاء دیتا ہے۔ (زوجہ نصیر احمد، ساہیوال)

کان سے گندا بدبودار پانی کا آنا بند، درد سے چھٹکارا مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کا عرصہ پانچ سال سے کان بہتا تھا بدبو اتنی ہوتی کوئی قریب نہ بیٹھ سکتا تھا ساری ساری رات درد سے روتا رہتا ہم نے گجرات کے بہت مشہور ڈاکٹرز ناک کان گلہ سپیشلسٹ دونوں سے علاج کروایا لیکن بے سود رہا۔ بیٹا اگر کوئی بھی ٹھنڈی چیز کھالیتا یا چاول کھاتا اسی وقت کان بہنا شروع ہوجاتا۔ علاج کروا کروا کر عاجز آگئے۔ کان بند ہوگیا کان کا سوراخ بالکل چھوٹا ہوگیا اور جو کان بہتا تھا اس طرف سے گال اندر کو چپک گیا۔ اب جوان اولاد کو تکلیف میں دیکھ کر تمام گھر ہی پریشان تھا۔ اب میں کسی اچھے سے ڈاکٹر کی تلاش میں تھا جس کے لیے میں نے اسلام آباد، لاہور کے بڑے بڑے ہسپتالوں میں رابطے کیے۔ اسی اثناء میں ایک روز میری ملاقات ایک دوست سے اس کی دکان پر ہوئی اس سے میں نے اپنے بیٹا کا مسئلہ بیان کیا تو اس نے کہا کہ تم بیٹے کو لاہور عبقری دواخانہ لے جاؤ ان شاء اللہ ٹھیک ہوجائے گا اور جانا جمعرات کے دن جہاں تم حضرت صاحب کا درس بھی سن لوگے اور تسبیح خانہ میں خصوصی دعا میں شرکت لازمی کرنا۔ میں جمعرات کی صبح بیٹے کو لے کر گجرات سے لاہور عبقری دواخانے پہنچا جہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ملاقات کی انہوں نے کان شفاء ڈراپ استعمال کرنے کا مشورہ دیا اور ساتھ میں اکسیر البدن بھی دی پھر میں بیٹے کے ساتھ تسبیح خانہ آگیا اور حضرت کا درس سنا اور آخر میں دعا ہوئی تو میں نے رو رو کر اللہ سے بیٹے کی صحت یابی کی دعا کی اور رات ہم گھر واپس آگئے ایک ماہ دوا اور کان شفاء کے استعمال سے بیٹے کا بہتا کان رک گیا اور درد بھی نہ رہا اور دن بدن صحت بننا بھی شروع ہوگئی میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور عبقری دواخانہ اور آپ کو دعائیں دیں۔ (محمد فیصل، گجرات)

چھائیوں سے نجات کے لئے فطری ٹوٹکے کا استعمال کیجئے

صائمہ خالد، کراچی

خوبصورت اور بے داغ چہرہ خواتین کی شخصیت پر بہت مثبت اثرات مرتب کرتا ہے۔ روشن اور صاف رنگت والی خواتین میں اعتماد کی فراوانی ہوتی ہے اور یہی امر ان کی ذات کو دلکش اور پرکشش بنا دیتا ہے۔ اگر زندگی سادہ اور فطری انداز سے بسر کی جائے، کھانے پینے کی عادات میں توازن برتا جائے، چہرے کو دھوپ اور دھوئیں سے محفوظ رکھا جائے اور غذا میں تازہ سبزیاں اور پھل کو ترجیح دی جائے تو یہ خوبصورتی نہ صرف برقرار رہتی ہے بلکہ ان میں مزید نکھار پیدا ہوتا ہے۔ لیکن اگر زندگی کے شب و روز بے ترتیب انداز سے بسر کیے جائیں، خوراک اور رہن سہن میں توازن نہ ہو تو خواتین بہت سی جلدی پریشانیوں کا شکار ہو جاتی ہیں۔ خصوصاً چہرے کی جلد پر مختلف قسم کے داغ دھبے، غیر ضروری بالوں کی کثرت، بے رونقی اور رنگت میں تبدیلی ایسے بیشمار مسائل سے دو چار ہونا پڑتا ہے۔ چہرے کے ان داغوں کو ''چھائیاں'' کہا جاتا ہے۔ یہ وہ داغ ہیں جنہیں زیادہ تر عورتوں کے چہروں پر دیکھا جاتا ہے جو کہ ان کی خوبصورتی کو بری طرح متاثر کرتے ہیں۔ چھائیاں عموماً غذائی نقائص کی بناء پر بنتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ ایسی خواتین جن کی غذا متوازن نہ ہو یا ناکافی خوراک بھی ان کا باعث بنتی ہے۔ چنانچہ غریب متوسط طبقے کی عورتوں اور دیہی علاقوں کی خواتین میں یہ جلدی نقص زیادہ دیکھنے میں آتا ہے اور زیادہ تر دوران حمل اور زچگی کے بعد بچوں کو دودھ پلانے کے دنوں میں نمایاں ہوتا ہے۔ ان دنوں میں بھی حاملہ یا زچہ کو عام عورت کی نسبت زیادہ خوراک اور توانائی کی ضرورت ہوتی ہے اس کے علاوہ دوران حمل ایسے ہارمونز پیدا ہوتے ہیں کو چہرے کے رنگ کو جزیرے بنا کر گہرا کر سکتے ہیں، یہ زیادہ تر چہرے، ماتھے اور گردن کو بدنما کرتے ہیں۔

چھائیوں کے اسباب

جگر کی خرابی اور خون کے نقائص، پیٹ کے کیڑے، گردوں کی خرابیاں، جوڑوں کے دردوں کی شدید بیماریاں۔ خواتین چہرے کی تزین و آرائش کے لیے استعمال ہونے والی کاسمیٹکس جن میں تارکول مرکبات شامل ہوں۔ اسی طرح چہرے پر لگائی جانے والی مختلف غیر معیاری کریمیں بھی جلد پر داغ بنانے کا باعث بنتی ہیں۔

فطری غذاؤں سے چھائیوں کا علاج

خوراک سادہ اور فطری ہونی چاہیے جس میں تازہ پھل، سبزیاں استعمال کیجئے۔ چہرے کو مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ ان چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کا استعمال کیجئے، جس کے انسانی صحت پر بہت مثبت اثرات بھی مرتب ہوتے ہیں۔ روغنی اور بہت زیادہ چکنائی والی غذاؤں سے پرہیز کرنا چاہئے کیونکہ چکنائیاں نظام ہضم میں بگاڑ کا باعث بنتی ہیں۔ اس کے علاوہ چہروں کو صاف و شفاف، چھائیوں سے نجات کے لئے حسب ذیل ماسک لگایا جائے۔

بیسن 25 گرام، عرق گلاب بقدر ضرورت اور ایک عدد لیموں کا رس، ان تینوں اجزاء کو باہم ملالیں، چہرے کو نیم گرم پانی سے دھو کر اس آمیزے کو چہرے پر اچھی طرح لگائیں اور داغ والی جگہ پر ہلکا ہلکا مساج کریں، اسے خشک ہونے دیں اور تقریباً آدھے گھنٹے بعد منہ دھو لیں۔

بغیر میک اپ کے ہونٹوں کو خوبصورت بنائیں

ش ا، ملتان

ہونٹ ہر خاتون کے چہرے کا ایک پرکشش حصہ ہوتے ہیں کون نہیں چاہتا کہ اس کا چہرہ خوبصورت نظر آئے لیکن ہونٹوں کی خوبصورتی اور ترو تازگی، چہرے کی خوبصورتی میں چار چاند لگا دیتی ہے۔ ہونٹ ہمارے جسم کے نازک حصوں میں سے ایک حصہ ہے جس پر موسم کے اثرات جلد نمایاں ہوجاتے ہیں۔ سخت گرمی، دھوپ، گرمی اور سردی کا خشک موسم ہو تو ہونٹوں پر ان کے اثرات زیادہ مرتب ہوتے ہیں۔ ہونٹوں کے اوپر ایک تہ جم جانا ایک عام مسئلہ ہوتا ہے اور اکثر و بیشتر لوگ اسی کی شکایت کرتے نظر آتے ہیں۔ ہونٹ اپنی نزاکت اور حساسیت کی وجہ سے ہماری خاص توجہ کے طلب گار ہوتے ہیں، خاص طور سے جاڑوں کے موسم میں اگر ذرا سی بے توجہی کا مظاہرہ کیا جائے تو ہونٹ نہ صرف بدنما ہو کر چہرے کی خوبصورتی پر اثر انداز ہوتے ہیں بلکہ اسی کے ساتھ انتہائی تکلیف کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ کچھ خواتین کے ہونٹوں پر قدرتی طور پر خشکی ہوتی ہے جس کی وجہ سے ہونٹوں پر چھلکے سے اترتے ہیں۔ ایسے ہونٹوں پر لپ اسٹک لگانے سے چند منٹ پہلے روغن بادام لگا لیا جائے تو اس سے زیادہ خشکی کا احساس نہیں ہوگا۔ ہونٹوں کی خشکی دور کرنے اور ان میں خوبصورتی پیدا کرنے کے لئے آسان حل یہ ہے کہ روزانہ رات کو سونے سے پہلے دس منٹ تک ہونٹوں پر روغن بادام کا مساج کریں، ایسا کرنے سے چند ہی روز میں مثبت تبدیلی نظر آنے لگے گی۔ جس طرح جلد اور جسمانی خوبصورتی کے لئے سبزیاں اور پھل مفید ہیں اسی طرح ہونٹوں کی دلکشی اور خوبصورتی کے لئے سبزیاں اور پھل نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔

چقندر سے قدرتی لپ اسٹک تیار کریں: سبزیوں میں خاص طور پر چقندر ایک ایسا پھل ہے جو ہونٹوں کا رنگ سرخ اور اس کی دلکشی میں بے پناہ اضافہ کرتا ہے، بلکہ یوں سمجھ لیجئے کہ چقندر ہونٹوں کے لئے قدرتی لپ اسٹک کا کام دیتا ہے، اس کے علاوہ چقندر کے پتے بھی ہونٹوں کے لئے بے حد مفید ہیں۔ چقندر کا ایک عدد عام سائز کا ٹکڑا لے کر ہونٹوں پر چند منٹ مساج کرنے سے ہونٹوں کی سیاہی آسانی سے صاف ہوجاتی ہے اور اس سے ہونٹ پرکشش اور سرخ نظر آتے ہیں۔ چقندر کو اگر بطور سلاد استعمال کیا جائے تو اس سے ہونٹوں کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔

شہد کا ہونٹوں کے لئے دیسی ٹانک: ٹماٹر، گاجر کا جوس بھی ہونٹوں کی خوبصورتی کا باعث ہے۔ ہونٹوں پر تین دن متواتر شہد لگانے سے ہونٹوں کی خوبصورتی میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے، زیتون کے تیل کا مساج ہونٹوں کی تازگی اور خوبصورتی کو برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

ہونٹوں کی خشکی دور کرنے کا آسان ٹوٹکہ: اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ سردیوں کے موسم میں ہونٹوں کا خشک ہوجانا ایک عام بات ہے اس کے لئے ایک نہایت آسان ٹوٹکہ ہے۔ ایک چمچ انڈے کی زردی، ایک چمچ زیتون کا تیل، ایک کھیرے کا جوس اور ایک چمچ عرق گلاب، ان اجزاء کو شیشے کے کپ میں ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں۔ یہاں تک کہ سب کچھ یکجان ہو جائے، (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

ٹوٹے دل' اجڑے گھر بسانے کا آزمودہ عمل

اویس اشرف، ملتان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو ہمیشہ سلامت رکھے، آپ کی نسلوں کی حفاظت فرمائے۔ آپ جس طریقہ سے مخلوق خدا کو اللہ سے ملا رہے اس کی نظیر نہیں ملتی، میں آپ کے درس بہت شوق سے سنتا ہوں' آپ کا براہ راست پروگرام ''شیخ الوظائف کے ہمراہ'' سے مجھے عشق ہے' ایسا کوئی پروگرام نہیں ہے جو میں نے سنا نہ ہو۔ میں سمجھتا ہو کہ قیامت تک یہ پروگرام اُمت محمدیہ ﷺ کے لیے قیمتی خزانہ ہے۔ عبقری حویلی میں جس وقت یہ پروگرام شروع ہوا تھا' اُن ابتدائی دنوں میں ایک پروگرام میں خاتون نے میاں بیوی میں بے مثال محبت پیدا کرنے کے لیے ایک عمل بتایا تھا، جو اس کا آزمودہ تھا اور اس نے اس عمل کے حیرت انگیز نتائج پائے۔ عمل انتہائی آسان ہے اور رزلٹ لاجواب ہے۔ آج کل میاں بیوی کے جھگڑے بڑھ رہے ہیں اور طلاق کی شرح میں دن بہ دن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ایسی تڑپتی سسکتی بیویاں جن کی طرف شوہر توجہ ہی نہیں کرتے، یا پھر شوہر باہر کی خواتین سے ناجائز تعلقات قائم کرکے اپنی شریک حیات کو بھول چکے ہوں۔ دُکھی' پریشان شوہر جن کی بیویاں بات بات پر شک اور لڑتی ہوں' سسرال والوں کے ساتھ مل کر شوہر کو ذلیل وخوار کرتی ہوں' مہینوں ناراض ہوکر اپنے والدین کے گھر چلی جاتی ہوں' شوہر جو دن کا تھکا ہارا گھر آئے اور آتے ہی بیوی کی تلخ باتوں کی فائرنگ سے زخمی ہوجائے، اس کے لیے یہ عمل بہترین مرہم ہے۔ اگر میاں بیوی اس عمل کو کرلیں' زندگی سُکھی گزرے گی اور کبھی آپس میں ناچاقی نہیں ہوگی۔ یاد رکھیے گا! اللہ نے کائنات میں سب سے پہلا رشتہ میاں بیوی کا بنایا ہے' جتنا خوبصورت اس رشتہ کو بنایا ہے کسی رشتہ کو نہیں بنایا اور شیطان بھی سب سے زیادہ اسی رشتہ پر حملہ کرتا ہے۔

لہٰذا میاں بیوی کو اپنے رشتہ میں اَنا اور غصہ کو ختم کرکے پیار و محبت اور رحم کی طاقتور لہریں قائم کرنی چاہیں۔ صلہ رحمی کو اللہ نے بہت زیادہ پسند کیا ہے، قرآن وحدیث میں صلہ رحمی پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے' صلہ رحمی صرف باہر کے رشتوں داروں کے لیے نہیں ہے اپنے شریک حیات کے ساتھ بھی ضروری ہے۔ میاں بیوی اگر اس عمل کے ساتھ یہ پانچ چیزیں اپنی زندگی میں شامل کرلیں، جو ہمارے پیارے نبی ﷺ 1400 سال پہلے ہمیں فرما گئے تھے تو ازدواجی زندگی خوشیوں سے بھر جائے گی، نسلیں تباہ ہونے سے بچ جائیں گی، والدین کے جھگڑوں کا نسلوں کی تربیت پر بہت زیادہ اثر پڑتا ہے۔ وہ پانچ چیزیں یہ ہیں:

نمبر1: بدگمانی

اپنے شریک حیات کے خلاف بدگمان مت ہوں، جیسے ہی کوئی بدگمانی آئے' اپنے شریک حیات کی اچھی باتیں یاد کرنا شروع کردیں' بدگمانی کو جڑ مت پکڑنے دیں، اس کو مزید محبت اور توجہ دینا شروع کردیں۔

نمبر2: طعنہ بازی

اپنے شریک حیات کو بات بات پر طعنہ نہ دیں، تم نے یہ کردیا، تم ہو ایسی یا ایسے، تمہارا قصور ہے، تمہاری وجہ سے ہوا۔ ایسا مت کریں، اگر شریک حیات سے غلطی ہو بھی جائے تو مناسب وقت دیکھ کر اس طرح سے بات کریں کہ میں یہ سمجھتا ہوں، میرا یہ اندازہ ہے، میری یہ رائے ہے۔ جب اس طرح بات کرنا شروع کریں گے، تو یہ رشتہ کبھی کمزور نہیں ہوگا۔

نمبر3: دفاع

اگر شریک حیات سے غلطی ہوئی ہے یا نہیں ہوئی یا بچوں کی تربیت میں کمی ہوئی یا کوئی ایسا مسئلہ ہوجائے کہ جس پر شریک حیات یہ کہے کہ تمہیں یہ پتا ہونا چاہیے تھا، تم نے ایسا کیوں کیا۔۔۔ اس پر یہ جواب دینا کہ میرا قصور نہیں ہے، میری غلطی نہیں ہے، معاملات کو مزید کشیدہ کردیگا، ایسے میں یہ کہہ دینا کہ میں آپ کی بات سمجھ رہا ہوں یا سمجھ رہی ہوں، آئندہ ایسی غلطی نہیں ہوگی، آئندہ اس کا خیال رکھوں گا یا رکھوں گی۔ اس طرح زندگی بہت آسان ہوجائے گی۔

نمبر4: غصہ

اپنے غصہ پر قابو پائیں، غصہ آئے تو وضو کرلیں، اپنی حالت تبدیل کرلیں، بیٹھے ہیں تو کھڑے ہو جائیں، کھڑے ہیں تو بیٹھ جائیں' اپنی حالت تبدیل کریں۔

نمبر5: تحفہ

وقتاً فوقتاً اپنے شریک حیات کو اپنی حیثیت کے مطابق گفٹ ضرور دیں' تحفہ دینے سے محبت بڑھتی ہے اور شریک حیات بھی دل سے تحفہ قبول کرے، اس میں کیڑے مت نکالے۔ یہ تمام باتیں 1400 سال پہلے سرورکونین ﷺ ہمیں فرماگئے ہیں۔ عمل یہ ہے: 11 بار درود ابراہیمی، 11 بار آیت کریمہ، 11 بار سورۃ فاتحہ، 11 بار سورۃ اخلاص، 11 بار سورۃ فلق، 11 بار سورۃ الناس ہر بار بسم اللہ کے ساتھ اور 11 بار درود ابراہیمی فجر کی نماز کے بعد پڑھنا ہے، توجہ دھیان اور لگن سے۔ اس عمل کو اپنی زندگی میں شامل کرلیں۔ اپنی نسلوں کو بھی اس عمل کی نصیحت کرکے جائیں۔

یہ دم شدہ پانی پی لیجئے! قد میں یقینی اضافہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جس طرح آپ انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی تمام ٹیم کو جزائے خیر دے آمین! میرے آزمودہ وظائف جو میں قارئین کی نذر کر رہی ہوں ان شاء اللہ جو بھی کریگا فائدہ حاصل ہوگا۔

قد میں اضافہ کیلئے آزمودہ عمل

سورۂ یٰسین تھوڑے سے پانی پر تین مرتبہ پڑھ کر پی لیں، قد بڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔ یہ عمل کم از کم تین ماہ لازم کریں۔ جن کے قد بڑھنے کی رفتار کم ہو تو بڑی سی بوتل میں پانی بھر کر پہلے دن ایک دفعہ پڑھ کر پھونک ماریں۔ دوسرے دن دوسری دفعہ اس طرح پانی تیار ہو جائے گا۔ بڑی بوتل پر تین مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر پھونکیں۔

دنیا میں کام کا بوجھ زیادہ نہ ہو

ہر نماز کے بعد بی بی فاطمہؓ کی تسبیح اور چوتھا کلمہ پڑھیں تو اللہ تعالیٰ دنیا میں اس پر کاموں کا بوجھ نہیں ڈالتے۔ تسبیح یہ ہے۔ سبحان اللہ تینتیس دفعہ، الحمدللہ تینتیس دفعہ، اللہ اکبر چونتیس دفعہ یَانُوْرُ گیارہ دفعہ پڑھ کر شہادت کی انگلی کے اوپری حصے پر دم کر کے آنکھوں میں اس طرح پھیریں کہ انگلی آنکھ کی تپلی سے چھو جائے پھر چوتھا کلمہ پڑھیں۔

آنکھ کا موتیا اور کالا پانی ختم

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تسبیح (سبحان اللہ 33 دفعہ، الحمدللہ 33 دفعہ، اللہ اکبر 34 دفعہ) میں یَانُوْرُ 11 دفعہ پڑھ کر سرمہ کی سلائی پر دم کر کے آنکھ میں پھیرنے سے موتیا اور کالا پانی ختم ہو جاتا ہے۔

رزق میں اضافہ کا انوکھا عمل

رزق میں اضافہ: ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ کی اور ایک تسبیح بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی۔ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنی ہے اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ یہ عمل ایک دن چھوڑ کر ایک دن کرنا ہے۔

زندگی کے ہر رکے ہوئے کام ہوں گے

نماز ظہر کے بعد ایک تسبیح اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پڑھتا ہوں۔ اس سے میری زندگی کے تمام کام مجھے پورے ہوتے نظر آتے ہیں۔

پیچش اور پتلے دست ختم: دھلی اور بھنی ہوئی خشخاش ایک ٹی اسپون دانتوں سے اچھی طرح چبا کر اوپر سے پانی پی لیں دست ختم ہو جاتے ہیں۔

شاہ جہاں کی شکر گزاری

شاہ جہاں نے اپنے جلوس کے لیے وہ شہرۂ آفاق تخت بنوایا جسے تخت طاؤس کہتے ہیں۔ بارہ ستونوں پر مینا کاری کی ہوئی چھت دھری تھی۔ چھت سے لے کر پائے تک خالص کندن اور آبدار جواہر جگ مگ کر رہے تھے اور تین شیر بھی، بلند چبوترے پر یہ عالم تھا گویا ایک ستارے کا نگینہ ہے کہ انگوٹھی پر دھرا ہے۔ چاروں طرف چار چتر زرنگار جن میں موتیوں کی جھالر جھلملاتی تھی۔ آگے ایک شامیانہ کہ جواہرات اور موتیوں کی آبداری سے دریائے نور کی طرح لہراتا تھا اور ایک لاکھ روپے کی لاگت میں تیار ہوا تھا، خالص سونے کی چوبوں کے گرد کرسیاں اور چوکیاں اپنے اپنے مرتبہ سے سجی ہوئی تھیں۔ تخت کے گرد کئی کئی گز کا حاشیہ چھوڑ کر چاندی کا کٹہرا ایسا خوش نما لگا تھا کہ جس کی مینا کاری مرغ نظر کو شکار کرتی تھی۔

پہلے روز لال قلعے دربار آراستہ ہوا تو اقبال کا رعب اور دبدبہ دیکھ کر قدرت خدا یاد آتی تھی، کٹہرے کے باہر شہزادے، راجے، مہاراجے، صوبوں کے حاکم، امیر وزیر اپنی اپنی جگہوں پر کھڑے تھے۔ دیوان خاص کے ہر ایک دروازے پر محافظ بندوقیں کندھوں پر رکھے کھڑے تھے۔ باہر کے دالان میں عہدیدار اور منصب دار حکم کے منتظر تھے، دالان کے دروں میں تین تین قدر دراز حبشی لال وردیاں پہنے ہتھیاروں سے لبریز کھڑے تھے۔ منشی قلم دان اور بستے سامنے رکھے موجود تھے۔ باہر تیس تیس گز کا فاصلہ دے کر چاندی کا کٹہرا تھا اور وہاں خاص خاص بادشاہی سپاہی دائیں جانب ترک، سامنے راجپوت اور بائیں جانب افغان اپنی اپنی وردیاں پہنے بھی موجود تھے۔

دربار آراستہ ہوا، شہزادوں اور امرا نے نذرانے پیش کیے۔ اچانک بادشاہ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اور دونوں ہاتھ فاتحہ کو اٹھائے، ساتھ ہی اہل دربار نے ہاتھ اٹھائے فاتحہ کے بعد بادشاہ نے کہا: ''اے بندگانِ با اخلاص! جو خیال اس وقت میرے دل میں گزر رہا ہے اس کا اظہار تم پر واجب سمجھتا ہوں۔ فرعون نے آبنوس اور ہاتھی دانت کے تخت پر بیٹھ کر خدائی کا دعویٰ کیا۔ گواہ اور آگاہ ہو کر جس نخوت اور غرور سے اس نے وہ دعویٰ کیا تھا، میں اس سے لاکھ مرتبہ زیادہ عبودیت الٰہی کا اقرار کرتا ہوں'' یہ کہہ کر وہ اٹھا اور سجدہ شکر میں گر گیا۔

کفر اور محتاجی سے بچنے کی مجرب دعا

طالب علموں کے لیے مجرب دعا

فجر کے بعد پڑھی جانے والی طالب علموں کے لیے مجرب دعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا (سنن ابن ماجہ 925) ترجمہ: ''اے اللہ میں آپ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور قبولیت والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔''

کفر اور محتاجی سے بچنے کی مجرب دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ (سنن نسائی) ترجمہ: ''اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں کفر سے اور محتاجی سے۔''

قیامت کو راضی ہونے کی دعا

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان صبح اور شام کے وقت تین تین بار یہ دعا پڑھے گا۔ اللہ اس کو قیامت کے دن (کثرت ثواب کے ساتھ) راضی کرے گا۔ دعا یہ ہے:

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا۔ (ترمذی) ترجمہ: ''میں اللہ کو رب ماننے اور اسلام کو دین ماننے اور محمد کو نبی ماننے پر راضی ہوں۔'' نوٹ: آپ پہلی اور دوسرے نمبر والی دعا کو کثرت سے پڑھ سکتے ہیں۔ (حفیظ الرحمن جٹ۔ ساہیوال)

آپ کا سوال حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

①۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ ②۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ ③۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ ④۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ ⑤۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ ⑥۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ ⑦۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ ⑧۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

علی رضا' سکھر۔ عروج ظفر' جاوید نگر۔ منور جمیل' لودھراں۔ ثمینہ نازش' گجرات۔ صفا ہمایوں' منڈی بہاؤالدین۔ روبینہ ندیم اقبال' لاہور۔ ثناء رسول' دندہ شاہ بلاول۔ ملیحہ' سکھا نیوالہ۔ احمد رمضان دھدھڑ۔ آسیہ بتول' سیالکوٹ۔ عابد حسین' لاہور۔ مہوش اکبر' تمبولی۔ مریم منظور' اوکاڑہ۔ سمیہ اُم کلثوم' نوشہرو فیروز۔ شبنم نواز' گاؤں گلی پانچ مانسہرہ۔ وقار احمد' سرگودھا۔ عبدالحکیم' اسلام آباد۔ محمد عثمان صدیقی' گوجرانوالہ۔ شازیہ' حبیب آباد۔ عمران عباس' نوشہرہ۔ محمد خبیب' تلہ گنگ۔ یاسمین اختر' راولاکوٹ۔ رفیہ بیگم' ہری پور۔ محمد صفدر' لاہور۔ صائمہ رانی' ملتان۔ مصباح' مظفر گڑھ۔ سائرہ بانو' مغل پورہ۔ محمد فاروق' لاہور۔ شاہ زیب احمد' جہلم۔ شفیق الرحمن' گلیال۔ سمیرہ اشفاق' لاہور۔ جہاں زیب علی' ضلاع جہلم۔ شمشاد پروین' کراچی۔ رانا فرحان ودود' چیچہ وطنی۔ ایمن ودود' چیچہ وطنی۔ شگفتہ ناز' شاہ پور حیدر۔ محمد عامر' حیدر آباد۔ عائشہ کنول' گوجرانوالہ۔ رومانہ جاوید' لاہور۔ عالیہ' کراچی۔ راشد' لاہور۔ ثمرہ جاوید' ہری پور۔ محمد

شریف۔ ارم شاہین، برنالہ۔ ماریہ، جلالپور جٹاں۔ فدا حسین، جلال آباد۔ تسلیم زہرا، تلہ کنگ۔ احمد نواز، مردان۔ سیدہ نائلہ بشیر، پشاور۔ قاری غلام حیدر، ٹوپی۔ شہناز عبدالقادر، کراچی۔ محمد یوسف، کھاریاں۔ مہرین خواجہ، خان گڑھ۔ رخسانہ یوسف، دینہ۔ سوراج خان، پشاور۔ عمر جاوید، راولپنڈی۔ خالدہ، کراچی۔ انجم آراء، کراچی۔ نسیم اختر، چنیوٹ۔ ملیحہ ارم، چکوال۔ محمد عمر عبداللہ، ڈی آئی خان۔ شبانہ، حیدر آباد۔ اقراء رانا، سمندری۔ عذرا، کراچی۔ محمد ادریس خان، کوٹ نجیب اللہ۔ محمد اقبال، گوجر خان۔ نادیہ ریاض، ظاہر پیر۔ محمد اسحاق،

میانوالی۔ فاطمہ اعوان، ٹیکسلا۔ ضیاء شہناز، گوجر خان۔ رضیہ بیگم، ہری پور۔ محمد سلیم اقبال، دیپالپور۔ سیدہ خالدہ جیلانی، ملتان۔ ایم بی بی، ڈی جی خان۔ یاسر ابرار، راولپنڈی۔ صدف، مردان۔ فرزانہ جبیں، کھوئیاں۔ طاہر جاوید، شکرگڑھ۔ محمد اکبر، کراچی۔ محمد نصیر حسینی، منڈی بہاؤالدین۔ اقصیٰ نصیر، منڈی بہاؤالدین۔ جاوید اقبال، سیالکوٹ۔ جاوید احمد، ملتان۔ محمد صابر عباس، آزاد کشمیر۔ فضل کریم، پشاور۔ محمد فاران حمید بیگ، ملتان۔ مبین احمد خان، اٹک۔ محمد یاسر خلیل، خوشاب۔ تصور بی بی، کامونکی۔ محمد حنیف خان، میانوالی۔ غلام مصطفیٰ، پشاور۔ ثریا جبیں، فیروزوالہ۔ عرفان تبسم، چکوال۔ عیزہ عاشق، بھیڑ سوڈیاں۔ جویریہ افضل، ہری پور۔ افتخار احمد، چکوال۔ شکور احمد، راولپنڈی۔ نفیس فاروق، باغ۔ عذرا، راولپنڈی۔ محمد حبیب ارشد، فتح پور۔ آصف علی، میرپور۔ عدیل احمد، راولپنڈی۔ شازیہ یاسر، ساہیوال۔ حضرت بی بی، پشاور۔ سید کمیل اصغر، لاہور۔ غلام رسول، کراچی۔ فوزیہ پروین، واہ کینٹ۔ ساجد علی، مندرہ۔ نبیلہ بی بی، کراچی۔ اعجاز الرحمن، حیدر

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

عشاء کی نماز کے بعد جس وقت آپ تسلی سے فارغ ہوں کسی کمرے میں یا ایسی جگہ جہاں کہیں شور شرابہ اور زیادہ آوازیں نہ ہوں وہاں بیٹھیں بہتر تو یہی ہے کہ غسل کرلیں ورنہ وضو کر کے صاف ستھرا لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر آپ مسلسل اَسْتَغْفِرُ اللہَ الْعَظِیْمُ بس یہی پڑھیں اور کچھ نہ پڑھیں۔ یہ وظیفہ ٹھیک ستر منٹ پڑھنا ہے اور اس تصور کے ساتھ پڑھنا ہے کہ ساری دنیا کی مخلوق زبان' بے زبان' جاندار بے جان' انسان' فرشتے' جنات' کائنات کی کوئی مخلوق ہے جو میری نظر یا شعور میں ہے یا نہیں ہے وہ میری طرف سے استغفار کر رہی ہے اور ایک طرف یہ تصور اور ایک طرف یہ تصور ہو کہ میں دنیا کا سب سے بڑا مجرم ہوں اور اگر مجھے اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا تو ٹھیک ورنہ اگر معاف نہ کیا تو یہ دنیا میرے لیے جہنم اور آخرت میرے لیے جہنم بن جائے۔ ستر منٹ یہ عمل کرنا ہے اس کے بعد اٹھ کر سو جانا ہے اور ہاں فجر کی نماز ضرور پڑھنی ہے۔ نوٹ: یہ عمل صرف طاق راتوں میں کرنا ہے' یعنی تین، پانچ، سات' نو اسی طرح دن بڑھاتے جائیں۔ کام ہونے تک عمل کریں۔

خالد' میلسی۔ حاجی کریم بخش' کوٹ رکھاں۔ ندا' فیصل آباد۔ محمد اویس' خان گڑھ۔ مریم جاوید' ہری پور۔ محمد اقبال' سیالکوٹ۔ محفوظ اختر' پھلڑے سیداں۔ سمیرا شہباز' گوجرانوالہ۔ محمد انوار غان' بورے والا۔ سراج احمد' بہاولپور۔ گلزار احمد' واہ کینٹ۔ فرزانہ' کھیرو۔ نور عبداللہ، اٹک۔ والدہ حافظ ارسلان، چونڈہ۔ گلشن پروین، دریا خان۔ محمد شفیق ہاشمی، اوکاڑہ۔ عروبہ سلیم، کھیوڑہ۔ محمد ادریس، پشاور۔ معاذ احمد، اسلام آباد۔ سائرہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ شہناز اختر، گجرات۔ بی بی کشمیر، کوئٹہ۔ تصور حسین، پشاور۔ محمد ظہیر احمد، پوشیدہ۔ اسماء حسن، تونسہ

خانپور۔ غفار احمد شاد، سیالکوٹ۔ ناہید اختر، راولپنڈی۔ عالیہ نورین، لالہ موسیٰ۔ دعا خان، گجرات۔ نذیراں بی بی، ظفروال۔ حسن عبداللہ جیلانی، کراچی۔ حمیدہ بیگم، کراچی۔ صائمہ ارم، شیخوپورہ۔ میاں مقصود احمد، فیصل آباد۔ شاہدہ منصور، ملتان۔ غلام حسین، ملکانی۔ کاشر سہیل، سیالکوٹ۔ اخلاق احمد، حیدر آباد۔ مصباح جبین، لاہور۔ طاہرا کرام، واہ کینٹ۔ عاصمہ عدیل، شاہدرہ۔ کنیز فاطمہ، سیالکوٹ۔ شوکت حسین، گاؤں کامرہ۔ امیر حمزہ، لاہور۔ پوشیدہ، پتوکی۔ عبدالرؤف، حیدر آباد۔ شاہد محمود، مریدکے۔ عارضہ صدیق، فتح پور۔ زوجہ زبیر احمد، ہری پور۔ نسرین،

آباد۔ ارشاد بیگم، علی پور۔ نسیم بی بی، لودھراں۔ محمد عدنان ضیاء، حاصل پور۔ محمد بشیر مرزا، مظفر آباد۔ ابرار الحق، سردار پور۔ صنوبر، لالہ موسیٰ۔ خالدہ خادم حسین، سنانوال۔ گلناز، کراچی۔ سید پیر تاج، نوشہرہ۔ مہرین، مظفر گڑھ۔ محمد تنویر تبسم، بہاولپور۔ روشن، کراچی۔ عبدالستار، کراچی۔ محمد بلال، لاہور۔ خدیجہ بنت بلقیس، لاہور۔ شگفتہ یاسمین، اسلام آباد۔ عندلیب شہزادی، بہاولپور۔ محمد عباس، گوجرانوالہ۔ کلثوم، جھڈو۔ حماد احمد، کراچی۔ محمد ندیم، کراچی۔ حاجی مختار احمد، لڈن۔ حاجرہ عمر، جہلم۔ ثاقب محمود، لاہور۔ سکینہ اختر، لاہور۔ ساجد وحید، کوہاٹ۔

زمیندار بھائیوں کی جائیداد کے مسائل حل! انوکھا عمل

محمد رافع ارسلان، چیچہ وطنی

حضرت حکیم صاحب سب سے پہلے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کا سایہ شفقت تادیر ہم سب پر قائم ودائم رکھے اور آپ کو صحت وتندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے آمین۔

عبقری ایک شاندار رسالہ ہے۔ جو مصائب ومشکلات میں گھرے ہوئے لوگوں کے لئے امید کی کرن ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ عبقری کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین۔ عبقری سے جڑے ہوئے تقریباً تین سال ہوچکے ہیں اور اس رسالے کے ذریعے ہمیں بہت فیض ملا ہے اور ان شا اللہ ملتا رہے گا۔ عبقری سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ اللہ رب العزت سے تعلق مضبوط ہوا اور یہ یقین پختہ ہوا کہ جو کچھ بھی ملتا ہے اللہ رب العزت کے در سے ہی ملتا ہے۔ لہٰذا جو کچھ بھی مانگنا چاہیے بس اللہ کے آگے فریاد کرو وہ مناسب وقت پر سب کچھ عطا کردیتا ہے۔ محترم حکیم صاحب! آج میں بھی عبقری کے ذریعے آپ کی ذات سے ہمیں ملنے والے فیض کا واقعہ آپ کے اور قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ میرا تعلق ایک زمیندار گھرانے سے ہے۔ میرے والد اور ان کے سب بھائی یعنی میرے تایا لوگ سب سرکاری ملازم تھے۔ آج سے کئی سال قبل گھریلو رنجشوں اور ناچاقیوں کی وجہ سے سب علیحدہ علیحدہ ہوچکے تھے اور جہاں جہاں کسی کی نوکری تھی میرے والد سمیت سب اپنے بیوی بچوں کو ساتھ لے گئے تھے لیکن ایک تایا جن کی ابھی نئی نئی شادی ہوئی تھی، بس وہ دادا جی کے پاس رہے چونکہ میرے دادا جی گاوں میں رہتے تھے اور میرے تایا جی قریبی گاوں میں ایک ٹیچر تھے لہٰذا انھیں دادا جی کے ہمراہ رہنا پڑا۔ اسی طرح کچھ سال بیت گئے سن 2011ء میں میرے والد صاحب جب پاک آرمی سے ریٹائرمنٹ کے بعد واپس آئے تو پتا چلا کہ میرے دادا جی نے آدھی زمین جو کہ ویسے بھی قیمتی تھی میرے اس تایا کے نام کروادی ہے اور اس کے علاوہ کچھ پلاٹس جو کہ سب کے مشترکہ تھے وہ بھی میرے تایا نے بیچ کر پیسے اپنے اکاونٹ میں جمع کروالیے جب یہ بات سب بھائیوں کو پتا چلی تو سب نے بقیہ زمین اپنے اپنے نام لگوانے کا مطالبہ کیا لیکن میرا وہ تایا جو ساتھ رہتا تھا' اس نے دادا جی کو ایسی پٹیاں پڑھائیں کہ دادا جی نے سب کو زمین دینے سے انکار کردیا۔ مختصر یہ کہ پانچ چھ سال کی کوشش کے باوجود بھی دادا جی کسی کو زمین دینے پر رضامند نہ ہوئے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ دوسرے بھائیوں کو تو کبھی کبھی زمین دینے کی بات ہو جاتی لیکن ہمارا نام ہی نہ لیا جاتا کہ ہمیں بھی کبھی وہ زمین دیں گے۔ اس عرصے میں ہمارے معاشی حالات بھی کافی خراب رہے۔ بہت سے عاملوں کے پاس گئے۔ کوئی کہتا کہ جادو ہے اور کوئی کہتا کہ ان پر بہت خطرناک جنات چھوڑے گئے جس وجہ سے دادا جی زمین دینے کا نام نہیں لیتے۔ آخر کار ہم عاملوں کے پاس بھی جا جا کر اور پیسے لٹا کر تھک گئے اور سب اللہ پر چھوڑ دیا۔ اللہ کی کرنی ایسی ہوئی کہ مجھے میرے سکول سے ایک کتابچہ پڑا ہوا ملا جو کہ کافی بوسیدہ ہو چکا تھا اور اس پر لکھا تھا'' دو انمول خزانہ'' جب وہ کتابچہ پڑھا تو اس میں شیخ الوظائف کا تعارف پڑھا۔ لیکن اس وقت ہمیں علم نہ تھا کہ شیخ الوظائف کون ہیں؟ میں یہ کتابچہ گھر لے آیا تو میری والدہ اور والد دونوں نے اس میں سے دیکھ کر انمول خزانہ نمبر دو کا ورد شروع کردیا اور کئی سوا لاکھ مکمل کیا۔ اس کی برکت سے ہمارے معاشی حالات میں بہت بہتری آئی اور اللہ کی طرف توجہ اور دھیان بڑھا۔ خیر اس کے کچھ ماہ بعد عرصہ ٹھیک سے یاد نہیں' دو انمول خزانہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے عبقری سے ملادیا۔ (باقی صفحہ نمبر 57 پر

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

کتاب کا ادب

بھولا سبق یاد کیجئے

سانول چغتائی

قارئین السلام علیکم ! عوام الناس کے مزاج میں یہ بات عام ہوگئی ہے کہ وہ کتاب کا ادب کرنا بھول گئے ہیں اور کتاب کے ادب کو پڑھنے کا حصہ ہی نہیں سمجھتے' ہرگز نہیں!! یہ مزاج اس پہلو میں یہ کہ جب ورق پلٹتے ہیں تو ورق کا خیال نہیں کرتے اور بہت بے دردی سے کتاب کے صفحات کو پلٹ کر آگے بڑھتے ہیں جس سے کتاب کے ورق کی طاقت میں کمی ہوتی ہے۔ آپ کو جلدی بھی ہے مگر کتاب کا ادب کیجئے' اس کو اپنے سامنے میز پر رکھیے میز نہیں تو ہاتھ میں پکڑیئے' اس کے صفحات احتیاط سے پلٹیے' کیوں؟ ہمیں قرآن کا ادب سکھایا گیا وہ اس لیے کیونکہ جب تک ہم کسی چیز کا ادب نہیں کریں گے ہمیں فائدہ نہیں ہوتا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' جب بھی قرآن پڑھتے تو اس قرآن کو چومتے اور اپنی پیشانی کے ساتھ لگاتے اور اس مبارک ہستی صحابی رسول نے ہمیں زندگی میں قرآن اور نہ صرف قرآن بلکہ ہر کتاب کے ادب کا سبق دیا ہے۔ آج کل یہ بھی رواج کا حصہ بن گیا ہے کہ کتاب پڑھ کر کتاب کو اٹھا کر دور سے ہی اس کی جگہ پر پھینک دیا جاتا ہے' اس کی جگہ پر جا کر رکھنے کی زحمت گوارا نہیں کی جاتی۔ کتاب کے صفحات اگر کہیں سے پھٹ رہے ہیں تو کوئی پرواہ نہیں کی جاتی اور اسے مزید پھاڑ دیا جاتا ہے۔ شیخ الوظائف اپنے زمانہ طالب علمی میں طبیہ کالج بہاولپور کی لائبریری میں مطالعہ کرتے تھے' جو نواب بہاولپور نے بنائی تھی جو آج بھی پاکستان کی بڑی لائبریریوں میں شمار ہوتی ہے اس لائبریری سے شیخ الوظائف کتاب لائبریری کے ذمہ دار سے پوچھ کر گھر لے جاتے جیسا کہ ہر لائبریری کا نظام کہ چند دنوں کی اجازت ہوتی ہے۔ اس پھٹی ہوئی کتاب کو شیخ الوظائف جلد ساز کے پاس لے جاتے اور اس کی بہترین جلد اپنے پیسوں سے کروا کر کتاب محفوظ بنا کر واپس لائبریرین کو دے آتے۔ اسی طرح کئی ضعیف کتب جلد کروا کر لائبریری کی زینت میں اضافہ کیا۔ لائبریرین دیکھتا رہا' شیخ الوظائف کی اس خدمت اور کتب سے ان کا لگاؤ اور محبت دیکھ کر ساری لائبریری کی چابیاں شیخ الوظائف کے حوالہ کردیں اور پوری لائبریری کا ذمہ دار شیخ الوظائف کو بنادیا۔ صرف اور صرف کتاب کے ادب کی وجہ سے۔ قارئین! یہ تو لائبریری کی کتاب تھی۔ ہم لوگ تو اپنی (باقی صفحہ نمبر 57 پر

السر شوگر کولیسٹرول اور یورک ایسڈ ختم! یہ قہوہ پی لیجئے!

فوزیہ کراچی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ نسخہ جات لے کر حاضر ہوئی ہوں یقیناً! قارئین مستفید ہوں گے۔

ہیپاٹائٹس بی، سی جگر، تلی پر ورم، سوزش، پیٹ میں پانی بھرنا کے ساتھ ساتھ شوگر اور کولیسٹرول، یورک ایسڈ، گردوں اور معدے کی تیزابیت، اور السر کے لیے دوا ہے۔ طب نبوی ﷺ سے لیا گیا ہے۔ دنیا کے سب سے بڑے طبیب اعظم حضرت محمد ﷺ نے جو چیزیں انہوں نے بنی نوح انسان کو دی ہیں انہیں یقین کے ساتھ استعمال کریں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ ھوالشافی: (۱) کاسنی، (۲) کلونجی، (۳) میتھی دانہ، (۴) مکو، (۵) قسطِ شیریں، (۶) سونف، (۷) اونٹ کٹارہ، (۸) سبز چائے، (۹) چھوٹی الائچی، (۱۰) گلاب کی پتیاں، (۱۱) لیمن گراس، (۱۲) ملٹھی، (۱۳) سفید پودینہ تمام اشیاء 100,100 گرام سب چیزوں کو ہم وزن لے کر پیس کر سفوف بنالیں۔ رات کو کھانے کے بعد ایک چائے کا چچ سفوف ایک گلاس پانی میں قہوہ بنا کر یا ایک چچ پھانک لیں۔ قہوہ میں گڑ استعمال کریں یا سادہ بھی بنا سکتے ہیں۔ کم از کم چھ سے آٹھ ماہ استعمال کریں۔ سخت گرمی میں استعمال ترک کردیں۔ شدید مرض کی شدت میں دن میں دو دفعہ استعمال کریں اور کم شدت میں ایک بار استعمال کریں۔ (احتیاط) لال مرچ کا استعمال نہ کریں بلکہ کالی مرچ کا استعمال کریں۔

(۲) اونٹنی یا بکری کے دودھ میں ایک چچ شہد کے ساتھ استعمال کریں۔ (۳) گاجر، کیلا، سیب، چقندر، موسمی، مالٹا، انار کا جوس استعمال کریں۔ (۴) کریلا، مولی، سبز پتیوں کے ساتھ انگور یا جامن کا سرکہ میں اچار استعمال کریں۔ (۵) کھانے میں زیتون کا تیل استعمال کریں۔ گھی، دیسی انڈے، بڑا گوشت، تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔ (۶) جو چیزیں سالن میں کھائیں وہ شوربے والا ہو۔ (۷) بہی کا مربہ استعمال کریں۔ (۸) جو کا دلیہ صبح ناشتہ میں لیں۔

بلڈ کینسر کیلئے ہندو حکیم کا ہمارے بزرگ کو بتایا نسخہ خاص

کینسر، ٹیومر، خون کی خرابی، برین ٹیومر، جسم میں کسی بھی جگہ گلٹی، قبض، شوگر، بلڈ کینسر کے لیے ہمارے خاندان کے ایک بزرگ کو ایک ہندو حکیم نے یہ نسخہ دیا۔ ان کو برین ٹیومر تھا' ڈاکٹروں نے انہیں پندرہ ماہ کی زندگی کا کہا تھا لیکن وہ اس علاج کے بعد پندرہ سال تک زندہ رہے۔ اس کے علاوہ بلڈ کینسر کے مریضوں کو بھی اسی نسخہ سے شفاء ہوئی ہے۔

ھوالشافی: دھماسہ سو گرام' پنیر بوٹی سو گرام' جامن کی گٹھلیاں سو گرام' وھیکڑ سو گرام' بہیڑے سو گرام' برگ بانسہ سو گرام' ملٹھی سو گرام' پودینہ سو گرام' قسط شیریں سو گرام' کلونجی پچاس گرام' سنبھلو کا چھلکا سو گرام' مٹر سو گرام۔ ترکیب: ان چیزوں کا سفوف بنا کر صبح نہار منہ اور شام بعد نماز عصر ایک ایک چچ سادہ پانی کے ساتھ لیں' کم از کم آٹھ سے دس مہینے استعمال کریں اور اس کے بعد بھی اپنی زندگی میں ہفتہ وار دو سے تین بار استعمال کرسکتے ہیں۔ اس کے مضر اثرات کوئی نہیں ہیں' گزشتہ بیس سال سے پاکستان اور امریکہ میں اس نسخہ کو استعمال کرتے ہیں۔

ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی ختم! چونے کا پانی پئیں

دست اور اسہال کیلئے ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی کیلئے چونے کا پانی استعمال کریں۔ ترکیب استعمال: جو چونا پان والے کے ہاں استعمال ہوتا ہے' اس کے دو بڑے چچ ایک گلاس پانی میں ڈال کر بوتل میں ڈال لیں۔ بچوں کیلئے ایک چچ دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔ میری بیٹی چار یا پانچ ماہ کی تھی' دست کی وجہ سے سوکھ کر کانٹا ہوگئی' مجھے ایک ڈاکٹر صاحب جو کہ سول ہسپتال میں ایم ایس تھے انہوں نے یہ نسخہ دیا تھا جس کی پہلی خوراک سے ہی آرام آگیا۔

خونی و بادی بواسیر اور پیچش ختم

انار کے چھلکوں کا سفوف جو کہ پنساری کی دکان سے مل جاتا ہے' گھر میں چھلکوں کو سکھا کر پنساری سے پسوا لیں۔ ایک چچ ایک کپ پانی میں گھول کر استعمال کریں۔ دس سے پندرہ دن تک۔ پہلی خوراک سے ہی بہتری محسوس کریں۔

سینہ میں بلغم ریشہ نکالنے کیلئے

السی ایک چھٹانک' کلونجی ایک چھٹانک دونوں چیزوں کو ایک ساتھ ملالیں' ایک چچ چار کپ پانی میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ دو کپ رہ جائے۔ اب ایک کپ ایک چچ شہد شامل کرکے رات کو سوتے ہوئے استعمال کریں۔ شفاء تک استعمال کریں۔

تین چیزوں کا استعمال! صحت مند زندگی کا آغاز

اپنی روزمرہ خوراک میں تین چیزوں کا استعمال ضرور کیا کریں۔ شہد ایک چچ پانی میں ڈال کر روزانہ پئیں اور ساتھ تین کھجوریں استعمال کریں۔ اس کے ساتھ زیتون کا تیل ہفتے میں دو سے تین مرتبہ دودھ میں ڈال کر رات سونے سے پہلے پئیں۔

بوڑھے حکیم نے کیا اپنے آزمودہ نسخوں کا انکشاف!

محترم حضرت حکیم صاحب! آج صبح جب میں نے دکان کھولی تو میری دکان پر تقریباً 90 سالہ حکیم صاحب آئے، انہوں نے کہا کہ بیٹا میں ۷۰ سال سے حکمت کررہا ہوں۔ گزشتہ چند ماہ سے عبقری ماہانہ میگزین کا مطالعہ شروع کیا ہے۔ عبقری نے سخاوت کرنی سکھادی ہے جو دلوں کے راز ہیں وہ لوگوں کو لوٹائے ہیں اب میرا بھی دل چاہتا ہے کہ میں بھی اپنے آزمودہ نسخے جو سالوں سے چھپا رکھے ہیں مخلوق کے لئے عام کردوں تاکہ میرے لئے صدقہ جاریہ ہوجائے۔ میرے پاس دو نسخے ہیں جو میں درجنوں لوگوں پر آزما چکا ہوں وہ عبقری کے لئے لکھنا چاہتا ہوں۔ میں کمزوری اور ضعیفی کی وجہ سے لکھ نہیں سکتا اسلئے آپ لکھ کر انہیں بھیج دیں' میں نے فوراً وہ دونوں نسخے لکھے اور آج ہی ڈاکخانہ کے ذریعے عبقری دفتر ارسال کررہا ہوں۔ **پرانی چوٹ کے نشان ختم:** پہلا نسخہ ان بیماریوں کے لئے ہے جن میں جلد یا جسم کے کسی حصے پر چوٹ کا پرانے سے پرانا نشان ہو وہ شخص اخروٹ کے مغز لے کر بادام روغن والی مشین میں سے ان کا تیل نکلوائیں، صبح شام چند ہفتے وہ تیل نشان پر لگائیں، انشاءاللہ پرانے سے پرانا نشان ایسے ختم ہوجائے گا جیسے وہ تھا ہی نہیں' یاد رہے تیل دباؤ والی مشین سے نکالنا ہے گھمانے والی سے نہیں۔ **خارش، چنبل اور تمام جلد کی بیماریوں کا علاج:** دوسرا نسخہ پرانی سے پرانی خارش، چنبل' زخم' پھوڑے' پھنسی دانے وغیرہ ختم کرنے کے لئے ہے، جس نے بھی آزمایا زبردست پایا۔ ھوالشافی: جل دھنیا بوٹی جو کچہ کے علاقے سے عام مل جاتی ہے اسے لے کر پانی میں ابال لیں ابالنے کے بعد چھلنی سے چھان لیں اس بوٹی کو صبح شام آدھا چچ کھالیں چند دن بعد ان تمام بیماریوں کا خاتمہ ہوجائیگا سینکڑوں لوگوں پر یہ نسخہ آزما چکا ہوں۔

ناک کو روزانہ صرف 30 سیکنڈ دیں

وبائی اور خطرناک بیماریاں آپ کے قریب کبھی نہیں آئیں گی

قارئین! یہ کیسے ممکن ہے! ہاں یقیناً ممکن ہے میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں' جتنی بھی وبائی بیماریاں ہیں جیسے کورونا آپ نے ناک اور منہ کو ہی ڈھانپا ہے' ہاتھوں اور آنکھوں کو نہیں ڈھاپنا' پاؤں اور جسم کو نہیں ڈھانپا وہ تو ویسے ہی پہلے ڈھکا ہوا ہے۔ مجھے اس کے متعلق تجربہ ہوا پہلے وہ تجربہ بتانا چاہوں گا۔ چند بار حج پر حاضری ہوئی وہاں ہر بار وائرس پھیلتا ہے کیونکہ پوری دنیا کے لاکھوں لوگ آئے ہوتے ہیں' اس وائرس کا اثر نزلہ زکام' ریشہ' کھانسی' سخت بخار' ہڈیوں میں سخت درد' طبیعت بوجھل' جسم بے چین' اعصابی کھچاؤ' تناؤ بلکہ ایک مرتبہ میں خود اس کی لپیٹ میں آ گیا' بہت پرانی بات ہے' کئی دن بستر پر پڑا رہا' پھر میں نے یہ ترکیب نکالی کہ جب بھی میں وہاں جاتا تھا' زیتون کے تیل کا چھوٹا ڈبہ لے لیتا تھا' بس دن میں چند بار زیتون کے تیل کو انگلی پر لگایا اور ناک کے دونوں نتھنوں کے اندر گھما دیا' اس کا نتیجہ یہ نکلا نہ نزلہ' نہ زکام' نہ کھانسی' نہ ریشہ' نہ بدن میں توڑ پھوڑ۔

بیمار ہیں تو دم کملی والے ﷺ سے کروائیں!

ایک مرتبہ کراچی کے ایک بہت بڑے آدمی روضہ اطہر ﷺ کے قریب مجھے ملے' وہ بہت تکلیف میں تھے' مجھ سے کہنے لگے: ہر سال حاضری ہوتی ہے بہت گولیاں اور ادویات کھاتا ہوں لیکن اس وائرس کا میرے پاس کوئی علاج نہیں' کیا کروں؟ حج کے ایام میں پوری دنیا کے لوگ جمع ہوتے ہیں' طرح طرح کی سانسیں' مزاج' طبیعتیں ساتھ لاتے ہیں' ہر بار کوئی نہ کوئی تکلیف ہو جاتی ہے اب گلا خراب ہے' بہت آخری درجہ کی اینٹی بائیوٹک کھا رہا ہوں' بھاپ لے رہا ہوں' آرام کر رہا ہوں جسم ٹوٹا ہے' کئی دنوں کے بعد آج مسجد نبوی ﷺ آیا ہوں' مجھ سے کہنے لگے: آپ مجھے دم کر دیں' میں نے روضہ اطہر ﷺ کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ یہاں تو بڑوں کے پَر جلتے ہیں' دم تو کملی والے ﷺ سے کروائیں۔

مجھ سے ایک ٹوٹکہ لے لیں!

میں آپ کو ایک ٹوٹکہ بتاتا ہوں' پھر اپنا واقعہ سنایا کہ مجھے کیسے بخار ہوا' پھر میں نے کیسے زیتون کا تیل ناک میں حتیٰ کہ سوتے وقت ناک میں انگلی سے زیتون کا تیل لگایا اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ رات کو نیند بہت اچھی آئی حتیٰ کہ میرے نزدیک بعض لوگ خراٹے لیتے اس کی وجہ سے سب کی نیند خراب ہوتی تھی ان کے ناک میں زیتون کا تیل لگوایا اس کا اور زیادہ فائدہ اور بہتری ہوئی حتیٰ کہ میں نے جن جن احباب کو زیتون کے تیل کا بتایا' انہوں نے ناک کے دونوں نتھنوں میں لگایا تو انہوں نے بتایا نیند اچھی رہی' پہلے رات کو نیند ٹوٹ ٹوٹ جاتی تھی' کوئی کہنے لگا: اعصابی تناؤ' کھچاؤ کو فرق ہوا' صبح اٹھا تو ہشاش بشاش تھا پہلے بہت لمبی نیند لیتا تھا اور جسم میں اعصابی' جسمانی کھچاؤ رہتا تھا' اب مختصراً نیند بھی ہے تو جسم بالکل مطمئن اور طبیعت پرسکون ہے۔ بہرحال لوگوں نے ناک میں تیل لگانے کے بہت فوائد بتائے۔

جو فائدہ میں آپ کو بتا رہا ہوں وہ فائدہ بھی بہت زیادہ کہ جس جس کو بھی یہ بتایا وہ وبائی بیماریوں وائرس اور پھیلنے والی تکالیف سے محفوظ رہا۔ میں نے موصوف کو یہ واقعات خود سنا کر انہیں مشورہ دیا کہ آپ بھی یہ ضرور کریں۔ چند دن کے بعد مجھے پھر ملے' کہنے لگے: آپ کا ٹوٹکہ کیا کمال کا تھا' پھر ایک بار مجھے کراچی میں ان سے ملنے کا موقع ملا اور پھر وہی ہمارا موضوع رہا اور کہنے لگے: میں نے آپ کے زیتون والے ٹوٹکے کو اتنا عام کیا اتنا عام کیا اور جس جس کو بھی بتایا سمجھایا اس نے تعریف کی آج تک کسی ایک نے بھی شکوہ نہ کیا' بہت فائدہ بخش نتیجہ ملا حیرت انگیز اتنا کہ میرے گمان خیال سے بھی بالاتر۔

آپ کبھی بھی وبائی امراض کا شکار نہ ہوں گے

قارئین! آپ کو کوئی تکلیف نہیں' اللہ کرے کبھی نہ ہو' آپ کبھی کسی وبائی بیماری میں مبتلا نہ ہوئے آئندہ بھی آپ کی حفاظت' کفایت اور کفالت ہو اور اللہ کی مدد ملے مگر آپ موجودہ فضائی آلودگی سے بھی بچنا چاہتے ہیں اور لاعلاج بیماری کے اچانک حملے سے محفوظ رہنا چاہتے ہیں تو رات سوتے وقت کم از کم اور صبح' ورنہ تین وقت تو لازم ہے اگر تین وقت نہیں تو کم از کم رات سوتے وقت اچھی طرح سے ڈراپر کے ذریعے یا انگلی کے ذریعے زیتون کا تیل لگا کر سوئیے۔ آپ یقین جانیے! میری بات بہت زیادہ لوگ سننے' پڑھنے اور ماننے والے ہیں' میں نے جس جس کو بھی یہ ٹوٹکہ دیا وہ نہایت محفوظ اور حیرت انگیز طور پر صحت و تندرستی اس کو ایسی ملی کہ گمان اور خیال سے بالاتر۔ آئیے! آپ بھی زیتون کا تیل اپنے پاس رکھیں اور اگر زیتون کا تیل نہیں تو سرسوں کا تیل لے لیں' وہ بھی بہت مفید مؤثر ہے' انگلی یا ڈراپر سے' ناک کے دونوں نتھنوں میں آخر تک پہنچائیں پھر چند دنوں میں نہیں بلکہ اسی وقت اس کی تاثیر اور کمال دیکھیں۔ مجھے فائدہ ہوا' بے شمار کو فائدہ ہوا' آپ بھی فائدہ پائیں' ان شاء اللہ۔ اور اپنے آزمودہ تجربات مجھے ضرور لکھیں تاکہ نسلوں کے لیے آپ کا صدقہ جاریہ رہے' منتظر رہوں گا!

گھر کا سرمایہ سونا اور پیسے تھے! ڈکیتی ہوئی اور سب ختم

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! چند ہفتے پہلے ہمارے گھر میں چوری ہوگئی! زیورات اور پانچ لاکھ نقدی گن پوائنٹ پر لے گئے، اللہ پاک کا شکر ہے کوئی عزت کا نقصان نہیں ہوا۔ ہم نے تھانے میں ڈکیتی کی رپورٹ کروائی۔ ہمارے گھر کا سرمایہ یہ سونا اور پیسے تھے جو وہ ڈاکو لے گئے۔ میرے ایک دوست کو اطلاع ہوئی تو اس نے مجھے فون کیا اور افسوس کا اظہار کیا، باتوں ہی باتوں میں اس نے مجھے عبقری ہجویری محل کی ''طلسماتی ٹھوٹھی کا عمل'' بتایا کہ اس سے چوری واپس مل جاتی ہے۔ میں نے ''طلسماتی ٹھوٹھی'' عبقری ہجویری محل سے لا کر ایک ٹھوٹھی توے کے اوپر الٹی رکھ دی اور آگ جلا دی۔ آپ یقین کریں ٹھیک گیارہ گھنٹوں بعد وہ چور پکڑے گئے اور ہمارا سرمایہ بھی ہمیں واپس مل گیا۔ (رانا شہباز، چونیاں)

پریشان' بدحال گھرانوں اور ذہنی طور پر اُلجھے افراد کے خطوط اور سلجھے جواب

ہر اُلجھن کی سلجھن

کام اور آرام

میں نے کبھی کسی سے کہا نہیں لیکن محسوس ہوتا ہے کہ میں نفسیاتی الجھنوں کا شکار ہوں۔ کبھی سارا، سارا دن گھر سے باہر گھومنے، پھرنے میں گزر جاتا ہے اور بعض دنوں میں گھر میں بند رہتا ہوں۔ اسی طرح فیکٹری جانا ہوتا ہے تو دن، رات کام کرتا ہوں ورنہ ہفتوں چھٹیاں کرتا رہتا ہوں۔ لوگ سمجھتے ہیں مجھے کام کرنے کی ضرورت نہیں مگر جلد پریشان ہو کر گھر والوں کی باتیں سن کر پھر کام کی طرف متوجہ ہونا پڑتا ہے۔ میرے حالات کس طرح ٹھیک ہوں گے۔ (محمد اکرم۔ کراچی)

اکثر نفسیاتی الجھنیں اس وقت ناقابل حل اور اذیت ناک ثابت ہوتی ہیں جب یہ ہمارے فہم و ادراک سے بالاتر ہوں، مگر جب ہم ان کا شعور کرنے کے قابل ہوتے ہیں تو ان کو حل کرنا اور ان پر قابو پانا آسان ہو جاتا ہے۔ آپ کے معمولات ٹھیک نہیں، ان میں توازن ہونا چاہیے۔ کام، آرام اور سیر و تفریح کے اوقات مقرر ہوں، ان کے مطابق عمل کریں۔ احساس ذمہ داری ہوگا تو ہفتوں چھٹیاں نہ کیا کریں گے۔

دولت اور حسن

میری تین دوستوں کی شادی ہوگئی، چوتھی میں ہوں۔ مجھے کوئی لڑکا پسند نہیں آتا۔ کبھی دولت میرا آئیڈیل ہوتی ہے تو کبھی خوبصورتی کو ترجیح دیتی ہوں۔ دونوں چیزیں ایک جگہ نہیں ملیں ورنہ شاید اب تک میں بھی والدین کا گھر چھوڑ چکی ہوتی۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ امی بہت بیمار رہنے لگی ہیں۔ وہ چاہتی ہیں ان کی زندگی میں میں اپنے گھر کی ہو جاؤں اور میں خود کو تسلی بخش زندگی گزارنے کے قابل نہیں سمجھ رہی۔ شادی میرے مسائل کا حل ہی نہیں ہے۔ (ع، سرگودھا)

دراصل آپ کی خواہشات مسائل کو جنم دینے کا سبب بن رہی ہیں۔ شادی کے لیے دولت یا حسن کی شرائط نہیں ہونی چاہئے کیونکہ یہ دونوں چیزیں ہوں بھی تو اچھی عادات، اچھے اخلاق، اچھے کردار کو دیکھنا ہوتا ہے۔ والدین کو ہی لڑکا پسند کرنے دیں۔ اطمینان رکھیں کہ وہ غلط فیصلہ نہیں کریں گے۔

مجبتوں کا جواب

میرے بھائی کینیڈا میں تھے انہوں نے مجھ سے بہت محبت کی۔ ہر موقع پر ساتھ دیا۔ اب وہ چاہتے ہیں میں اپنے بیٹے کی ان کی بیٹی سے شادی کروں جو میرے اختیار میں نہیں۔ مجھے شرمندگی ہوتی ہے، بھائی سے کہتی ہوں ابھی انتظار کریں، بیٹا پڑھ رہا ہے۔ بات یہ ہے کہ میرا بیٹا شادی کے لیے راضی نہیں ہے۔ مجھے اتنا دکھ ہوتا ہے، بہت بے بس ہوں۔ (ز، خ۔ مری)

بھائی سے رشتے کے معاملے میں انتظار کرنے کے لیے نہ کہیں۔ جب رشتہ ہو نہیں سکتا تو امید بھی نہیں دلانی چاہیے۔ محبتوں کا جواب دعاؤں سے دیا جاتا ہے۔ رشتے کرنے ضروری نہیں ہوتے اور جب اختیار نہ ہو تو محبت کرنے والے تعلقات ختم نہیں کرتے۔ آپ بھائی سے اچھی طرح ہی ملیں، اگر وہ ناراض ہوتے ہیں تو بھی اپنی طرف سے خلوص ہی رکھیں۔

طویل سفر

چھوٹا بھائی گزشتہ پانچ سال سے کینیڈا میں ہے۔ اس دوران میں نے ایم بی اے کر لیا۔ مجھ سے کہتا ہے کہ میں بھی یہ ملک چھوڑ دوں۔ مجھے طویل سفر سے گھبراہٹ ہوتی ہے' دوست مذاق اڑاتے ہیں کہ اتنا اچھا موقع مل رہا ہے اور میں نہیں جاسکتا۔ (ص' لاہور)

مشورہ: خود سے کہیں میں جاسکتا ہوں۔ اگر مجھے طویل سفر کرنے پر گھبراہٹ ہو رہی ہے تو میرے جیسے اور بہت سے لوگوں کو بھی ہوتی ہوگی لیکن میں یہ سفر کروں گا۔ اپنے بارے میں مثبت سوچ اور اچھے الفاظ اعتماد بڑھاتے ہوئے گھبراہٹ پر قابو پانے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ گھبراہٹ ایک حد تک ہو تو سود مند بھی ہوسکتی ہے۔ اس کے ذریعے انسان صورتحال سے مقابلہ کرنے کی تراکیب سوچتا ہے۔ مثبت طریقہ ہے کہ سفر کی تیاری شروع کردیں۔ ملازمت کے حوالے سے معلومات کی جائے اور جو بھی ذہن میں سوالات آئیں ان کے حوالے سے بھائی سے گفتگو کرتے رہیں بہت بہتری محسوس ہوگی۔

مذاق کی خواہش

کوئی میرا مذاق اڑائے مجھے بہت غصہ آتا ہے۔ خاص طور پر دوستوں میں ناراض ہو جاتا ہوں۔ یہی حال گھر میں ہے۔ سب سے چھوٹا ہوں، کہیں عزت نہیں۔ یہ لوگ مجھے ایسی باتیں کہہ دیتے ہیں جو کسی دوسرے کو نہیں کہہ سکتے۔ اب میری بھی برداشت ختم ہوگئی ہے۔ لگتا ہے ساری دنیا مل کر مجھے پاگل کر دے۔ (اظہر فہد۔ فیصل آباد)

اپنی توہین کسی کو بھی برداشت نہیں، اب سوچنا یہ ہے کہ لوگوں سے کس طرح معاملہ کیا جائے کہ ان کو مذاق اڑانا اچھا نہ لگے یا وہ اپنی اس حرکت پر خوش نہ ہوسکیں۔ اس کے لیے آپ کو ہی کوشش کرنی ہوگی۔ غصہ پر قابو کرنا سیکھیں۔ جو لوگ مذاق اڑا رہے ہیں، ان کو معاف کرنا شروع کریں بلکہ خود بھی ہنس کر کہہ دیں کہ معاف کیا یا تم خوش رہو۔ میری بات کر کے ہنس سکتے ہو تو خوب ہنسو اس طرح آپ کے جملے آپ کے جذبات کو مثبت بنائیں گے اور ان کے مذاق کرنے کی خواہش کو ختم کر ڈالیں گے۔

بچپن کا ڈر

ہمیشہ سے بلیوں، کتوں اور روئیں والے جانوروں سے ڈرتی ہوں۔ مجھے لگتا ہے ان کو چھولوں گی تو پتہ نہیں کیا ہوگا، روئیں والے کپڑے مثلاً کوٹ وغیرہ بھی نہیں پہن سکتی۔ (مریم۔ دبئی)

مشورہ: عام طور پر اس طرح کا ڈر، خوف اور ناپسندیدگی بچپن سے ہوتی ہے، بہت سے لوگوں اور خاص طور پر خواتین میں خوف سے زیادہ ناگوار احساسات پیدا ہوتے ہیں۔ اگر آپ اس کے علاج کے لیے تھراپسٹ کے پاس بھی جائیں تو وہ یہی کہیں گے کہ روئیں والی چیزیں یا جانوروں کو قریب پا کر منفی ردعمل کو کنٹرول کریں۔ ان جانوروں کے بچوں کو قریب سے دیکھیں اور نہ چاہتے ہوئے بھی چھوئیں۔ اس دوران اپنے اندر ہونے والے دباؤ کو روکتے ہوئے کوشش جاری رکھیں۔ خوف پر قابو پالیں گی۔

زندگی سے مایوس تھا مگر سیدہؓ کائنات کی سفارش کام آگئی!

(اکمل فاروق، سرگودھا)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری تسبیح خانہ میں آپ کے بتائے ہوئے اعمال کی برکت سے زندگی میں بہت مثبت تبدیلیاں آئیں' آخرت کے سامان کے علاوہ دنیاوی معاملات اور مسائل میں الجھے ہوئے بے شمار لوگ ان اعمال سے مستفید ہو رہے ہیں۔ آپ نے شب جمعہ کے درس میں ایک عمل سیدہ کائنات حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے نوافل کا ذکر فرمایا جس میں دو نفل ادا کرنے ہوتے ہیں اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد جتنی تعداد میں ممکن ہو سکے سورۃ اخلاص پڑھیں' سلام پھیرنے کے بعد دعا کریں' ان نوافل کا ثواب حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو ہدیہ کردیں اور پھر آنکھیں بند کر کے تصور کریں کے سیدہ کائنات کے پاس آپ موجود ہیں' اپنی جو بھی حاجت' مسئلہ یا پریشانی ہو ان کے سامنے عرض کردیں کہ میری یہ حاجت کی سفارش اپنے بابا خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کردیں تاکہ میرا یہ مسئلہ یہ الجھن ختم ہو جائے' بہت لوگوں نے اسے آزمایا اور ہر کسی نے اپنے مسائل اور الجھنوں میں ان نوافل کو آخری حل کے طور پر پایا' کچھ مشاہدات عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کررہا ہوں تاکہ مخلوق خدا کو نفع ہو۔

اباجی مرحوم نے معاف کردیا

میرے سرگودھا کے ایک دوست بہت زیادہ مسائل اور پریشانیوں میں مبتلا تھے' جن سے نجات کے لئے انہوں نے بہت زیادہ کوشش کی مگر وہ اپنے مسائل اور پریشانیوں سے چھٹکارا نہ پاسکے' وہ کافی مایوسی کا شکار ہو گئے تھے۔ میری جب ان سے ملاقات ہوئی تو پریشانی ان کے چہرے سے ظاہر ہو رہی تھی۔ میں نے ان کو حضرت بی بی سیدہ فاطمہؓ والے نوافل ادا کرنے اور ان سے سفارش کروانے والا عمل بتایا۔ میری چند بعد ان سے دوبارہ ملاقات ہوئی تو وہ کافی مطمئن اور خوش دکھائی دے رہے تھے' مجھے بہت پرجوش اور شکریہ کے انداز میں گلے ملے' انہوں نے بتایا کہ میں نے صرف کچھ دن ہی نوافل ادا کرنے کے بعد حضرت بی بی فاطمہؓ سے سفارش کروانے والا عمل کیا تو میرے والد مرحوم میرے خواب میں آئے اور فرمایا ''بیٹا میں نے تجھے معاف کیا''۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ دراصل جب میرے والد صاحب کا انتقال ہوا تو اس وقت وہ مجھ سے سخت ناراض تھے اور اسی وجہ سے والد صاحب کی وفات کے بعد میں مختلف مسائل اور پریشانیوں کا شکار تھا' میرے ان حالات کی اصل وجہ میرے والد صاحب کی ناراضگی تھی۔ اباجی کو میں دنیا میں راضی نہ کرسکا مگر سیدہ کائناتؓ کی سفارش کام آگئی اور میرا اباجی نے مجھے معاف کردیا' جس کی برکت سے اب میرے حالات بھی بہتر ہونا شروع ہو گئے ہیں' اس سے پہلے اباجی مرحوم کبھی میرے خواب میں نہ آئے تھے' مزید اباجی نے تاکید فرمائی کہ تسبیح خانہ اور شیخ الوظائف کے ساتھ اپنی نسبت کو مضبوط رکھو' انہوں نے بتایا اس دن سے میں بہت خوش اور مطمئن ہوں۔

دو نفل پڑھیں اور جو چاہیں اللہ سے منظور کروالیں!

میرے ایک عزیز کا کسی شخص سے لین دین کا مسئلہ تھا' تقریباً تین سال سے زیادہ کا عرصہ ہو چکا تھا ان کو وہ شخص میرے عزیز کے پیسے واپس نہیں لوٹا رہا تھا۔ ان دنوں میرے اس عزیز کو پیسوں کی بہت سخت ضرورت بھی تھی جس وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان تھے۔ میں نے انہیں حضرت بی بی سیدہ فاطمہؓ والے نوافل ادا کرکے سفارش کروانے کا عمل بتایا۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ میں نے ابھی صرف تین دن ہی یہ نوافل ادا کئے اور سیدہ کائناتؓ سے سفارش کروائی تو میں نے جس شخص سے پیسے لینے تھے اس نے مجھے اس بار خود کال کی اور کہنے لگے کہ بھائی میں نے آپ کے پیسے دینے تھے براہ مہربانی میرے پاس آکر وہ پیسے لے جاؤ۔ میں بہت خوش اور حیران ہوا۔ اس سے پہلے میں نے کافی کوشش کی مگر وہ شخص ہر بار ٹال مٹول سے کام لیتا اور میرے پیسے واپس کرنے کے لئے تیار نہیں تھا۔ اللہ پاک نے حضرت سیدہ فاطمہؓ کے نوافل اور ان سے سفارش کی برکت سے میرا یہ ناممکن مسئلہ حل کردیا' جبکہ میں اس معاملے میں ناامید ہو چکا تھا اور اس مسئلے کے کا بظاہر مجھے کوئی حل بھی نظر نہیں آرہا تھا۔ اللہ سدا حضرت جی اور تسبیح خانہ کو آباد و شاد رکھے۔ آمین

پرانے صفحات! نئی زندگی

گنجے پن سے چھٹکارا پایئے

گنجے پن کو عموماً لاعلاج سمجھا جاتا ہے لیکن سمجھنا چاہئے کہ جو شخص پیدائشی طور پر گنجا ہو اس کا علاج تو ممکن نہیں' لیکن ایک شخص جو اللہ کے فضل سے خوبصورت بال لے کر پیدا ہوا اور بعد میں کسی مرض کی وجہ سے اس کے بال جھڑ گئے ہوں تو اس کا علاج ممکن ہے۔ اس کے علاج کے لئے خالص گری کا تیل نیلے رنگ کی بوتل میں بیس دن کے لئے دھوپ میں رکھ دیں۔ اس کے بعد اس تیل سے سر پر ہلکی سی مالش صبح اور رات کو سونے سے پہلے کیجئے۔ اس کے علاوہ نیلے رنگ کی شعاعیں صبح وشام چند منٹوں کے لئے سر پر ڈالیں' کچھ عرصہ یہ ٹوٹکہ آزمائیں ان شاء اللہ بال اگنا شروع ہو جائیں گے۔

ایک اور ٹوٹکہ جو گنجے پن کے علاج کے لئے انتہائی آسان اور بہت لوگوں کا آزمودہ ہے۔ **ھوالشافی:** حسب ضرورت پیاز کا رس لیں اور اس کے ہموزن شہد اس میں ملا کر اسے سر پر جس جگہ بال نہ ہوں وہاں لگائیں۔ ایک سے دو ہفتے متواتر یہ عمل جاری رکھیں' بال پیدا ہونا شروع ہو جائیں گے' اس کے علاوہ بال گرنا بند ہو جائیں گے۔ (رانا اقبال، بہاولپور)

یاقہار نے جادو ختم کردیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے درس میرے لیے سکون آور ادویات کی طرح ہیں' جب تک درس نہ سن لوں دل کو سکون نہیں ملتا۔ جون 2013 میں یاقہار کا وظیفہ شائع ہوا تھا' میں نے رات سونے سے پہلے گیارہ سو مرتبہ پڑھا' ان دنوں ہمارے گھر کے حالات بہت خراب تھے' والدین آپس میں ہر وقت جھگڑتے رہتے' میں اپنے اباجی کو دیکھتی تو مجھے غصہ آجاتا' ایسے ہی وہ مجھے دیکھ کر غصے میں آجاتے تھے' گھر میں نفرتوں اور مختلف مصائب اور پریشانیوں کا نظام تھا' گھر کے حالات ان مسائل کی وجہ سے بہت زیادہ خراب ہو چکے تھے۔ میں نے چند دن یاقہار والا عمل کیا جس کی برکت سے ہمارے حالات ایسے ٹھیک ہوئے جیسے آگ پر پانی۔ گھر مکمل طور پر سکون اور امن کا گہوارہ بن گیا۔ (م۔ا، سرگودھا) (عبقری جلد 9)

عزت اور دولت کے لٹیرے بھاگنے پر مجبور ہو گئے!

آسیہ پروین، کراچی

محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! ہم گھر والوں نے 2018ء سے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا جس کے بعد زندگی میں روحانی وطبی انقلاب آگیا' اس میگزین میں بہت ہی انمول ٹوٹکے اور تیز بہدف وظائف پڑھنے کو ملتے ہیں جو کہ دنیا کے اندھیروں میں پھنسے لوگوں کو روشن راہ دکھانے کا ذریعہ ہیں۔ اللہ پاک آپ اور آپ کی نسلوں کو سدا اس خیر کے کام کو پھیلانے کا ذریعہ بنائے اور آپ کے اس خلوص کو قبول فرمائے۔ اس کارخیر کے کام میں میرا حصہ بھی شامل ہوجائے اور اس بات کو میں اپنے لئے سعادت سمجھوں گی اگر میری یہ تحریر عبقری رسالہ میں شامل ہوجائے' اس ضمن میں میرے کچھ آزمودہ وظائف اور ٹوٹکے ہیں جن میں سے چند آپ اور عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہوں گی تاکہ مخلوقِ خدا میری طرح استفادہ حاصل کرسکے۔

اللہ نے غیب سے حفاظت فرمائی

چند سال پہلے کی بات ہے ہمارے علاقے میں واردات اور چوری ڈکیتی بہت زیادہ بڑھ گئیں تھیں' لوگوں کے اندر بہت زیادہ خوف وہراس پھیل چکا تھا اور ان چوروں کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ جس گھر میں داخل ہوتے ہیں وہاں مال ودولت لوٹ کرلے جاتے ہیں اور اس کے علاوہ عزت وآبرو بھی نہیں چھوڑتے۔ ہر کسی نے اس حوالے سے اپنی اپنی احتیاطی تدابیر اختیار کرنا شروع کردیں' محلے کے لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت لائٹنگ کا انتظام بہتر کرنا شروع کردیا اور حفاظت کے لئے چوکیدار بھی مقرر کردئے' اس کے باوجود بھی لوگوں میں بے یقینی اور خوف کی کیفیت موجود تھی' بہت سے ناخوشگوار واقعات سننے کو مل رہے تھے اس لئے سب لوگوں میں پریشانی بڑھتی چلی جارہی تھی۔ اس حوالے سے میں نے ایک عمل کے بہت سے فوائد مشاہدات سنے ہوئے تھے چنانچہ ہم سب گھر والوں نے وہ دعا پڑھنا شروع کردی اور بہت توجہ ودھیان کے ساتھ کثرت سے پڑھی' چند ہی دن گزرے کے پورے علاقے میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آیا اور خبر ملی کہ وہ جرائم پیشہ عناصر ہمارا علاقہ چھوڑ گئے ہیں' اس کے بعد حالات معمول پر آگئے اور سب لوگوں نے سکھ اور چین کا سانس لیا۔ یہ سب اس مسنون دعا کا نتیجہ تھا جس سے اللہ پاک نے غیب سے حفاظت عطا فرمائی۔ یقین والوں کے لئے ایک تجربہ ہی کافی ہوتا ہے اور بے یقین لوگوں کے لئے پوری کتاب بھی ہو تو فائدہ نہیں دیتی۔ وہ مسنون دعا یہ ہے۔ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

بغیر تکلیف کے ناک اور کان چھدوائیں

ہمارے ہاں خواتین کو ناک اور کان چھدواتے وقت بہت زیادہ تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ہم عمر لڑکیاں اس وجہ سے ایسا کرنے سے کتراتی نظر آتی ہیں۔ بعض اوقات کچھ خواتین کو ناک اور کان چھدوانے کے بعد ان کے ناک اور کان کا حصہ بھی سوج جاتا ہے جس سے بہت زیادہ پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر بروقت اس مسئلے کا حل نہ نکالا جائے تو اس جگہ پر پھنسی یا تکلیف دہ دانہ وغیرہ نمودار ہوجاتا ہے جو کے چہرے کی خوبصورتی میں داغ میں مانند ہوتا ہے اور کسی بھی خاتون کو یہ بات بالکل نہ قابل قبول ہوتی ہے۔ اس مسئلے کے حل کے لیے ایک نہایت لاجواب اور حیرت انگیز ٹوٹکہ ہے جو کہ بارہا کا آزمودہ ہے۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے کہ جب بھی ناک یا کان چھدوائے تو سلائی مشین کا تیل وقتاً فوقتاً ایک ایک قطرہ کان یا ناک جہاں سے چھدوایا ہو اس پر لگائیں تو آپ کا ناک اور کان نہ درد کرے گا' نہ ہی سوجن ہوگی اور نہ ہی کوئی پھنسی وغیرہ نمودار ہوگی۔ جو بھی ناک یا کان چھدوائے وہ یہ ٹوٹکہ ضرور آزمائے ان شاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

خالہ کو ان کا بیٹا واپس مل گیا!

ہمارے محلے میں ایک خاتون رہتی ہے جن کے ساتھ ہمارے بہت دیرینہ اور اچھے تعلقات ہیں اور ہم انہیں خالہ کہہ کر ہی پکارتے ہیں۔ وہ اکثر ہمارے گھر آیا کرتی تھی مگر ایک دن کافی دنوں کے بعد ہمارے گھر آئی اور وہ بہت پریشان تھی' گھر والوں نے وجہ پوچھی بہت اصرار کرنے کے بعد وہ بتانے لگی کہ اللہ نے مجھے ایک بیٹا عطا کیا' اس کی پرورش میں کوئی کسر نہ چھوڑی اور کوشش رہی کہ اس کو تمام تر بنیادی سہولتوں سے آراستہ کیا جائے' پھر بیٹا جوان ہوا تو بہت آس امید اور نیک تمناؤں سے اس کی شادی کی تھی' لیکن کچھ ہی عرصہ گزرا اس کی بیوی ناراض ہوگئی جس کے بعد وہ اپنے میکہ چلی گئی' اسے منانے کی بہت کوشش کی مگر وہ نہ مانی بالآخر وہ میرے بیٹے کے ساتھ رہنے پر صرف اس شرط پر راضی ہوئی کہ تمہاری والدہ میرے ساتھ بالکل نہ رہے گی۔ مجھے یہ بات معلوم ہوئی تو میں نے کہا کے میرے گھر میں نہ رہنے سے اگر بیٹے کا گھر بستا ہو تو میں یہ قربانی دینے کے لئے تیار ہوں۔ لہٰذا اب میں اپنی بیٹیوں کے پاس رہ رہی ہوں تاکہ میرے بیٹے کا گھر بس جائے مگر میرا اپنے بیٹے کے بغیر دل نہیں لگتا اور زندگی میں اب مایوسی کے سوا کچھ نظر نہیں آرہا' جس بیٹے کو محبت اور پیار سے اپنی زندگی سے زیادہ اہمیت دی اور اس کی پرورش کی آج وہی میرے بڑھاپے کا سہارا نہ بن سکا مگر اس کی خوشی کے لئے میں نے اپنی خوشیاں قربان کردی ہیں۔ وہ اپنی باتیں بتارہی تھی کہ ان کے ساتھ ہم سب گھر والے بھی آبدیدہ ہو گئے۔ مجھ سمیت سب گھر والوں نے ان کو تسلی دی اور پھر خالہ کو انمول خزانہ کے بارے میں کچھ مشاہدات بتائے اور ان کو بھی نہایت کثرت اور توجہ کے ساتھ انمول خزانہ پڑھنے کی تلقین کی' خالہ جی نے انمول خزانہ بہت توجہ اور دھیان کے ساتھ پڑھا اور تھوڑا ہی عرصہ گزرا کہ ان کی بہو اپنی ساس یعنی خالہ کے ساتھ رہنے کے لئے ہنسی خوشی راضی ہوگئی اور اب الحمدللہ خالہ اپنے بیٹے اور بہو کے ساتھ ہنسی خوشی زندگی بسر کر رہی ہیں اور ہمیں دعائیں دے رہی ہیں جس کا ذریعہ اللہ نے حضرت شیخ الوظائف اور عبقری رسالہ کو بنایا۔

نماز میں بے چینی رہتی تھی

حضرت جی السلام علیکم! مجھے نماز پڑھتے ہوئے اکثر بے چینی' دشواری محسوس ہوتی تھی اور دعا بھی نہ مانگ پاتی تھی۔ جب سے میں نے نماز میں آخری چھ سورتوں والا عمل جس کی پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون' سورۃ النصر' سورۃ لہب اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص، فلق اور سورۃ ناس کو اکٹھا پڑھنا شروع کیا ہے' اس عمل سے نماز میں بہت لذت اور سکون محسوس ہوا اور لمبی دعاؤں کی توفیق ملی ہے۔ (ساجدہ پروین، کوہاٹ)

بیٹا بہنوں کو گالیاں دیتا تھا راہ راست پر آگیا!

امیر النساء، کراچی

ہمارے ایک عزیز تھے ان کا ایک بچہ بہت ضدی اور بدتمیز تھا جس سے اس کے گھر والے بہت پریشان تھے' انہوں نے بچے کو پیار محبت سے بہت سمجھایا یہاں تک کہ سختی بھی کی مگر بچہ ٹھیک نہ ہوسکا۔ میں نے ان کی والدہ کو بتایا کہ جب بچہ سو جائے تو اس کے پاس مع تسمیہ کثرت کے ساتھ سورۃ کوثر پڑھے' اللہ نے چند دن میں ہی اس کی تاثیر دکھائی اور بچہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔

بداخلاق بچہ ٹھیک ہوگیا

ایک خاتون میرے پاس روتے ہوئے تشریف لائی اور بتانے لگی کہ میرا بیٹا بہت زیادہ بداخلاق ہے' بہنوں کو مارتا اور بہت بدتمیزی کرتا ہے۔ میں نے اس خاتون کو بھی سورۃ کوثر کا یہی عمل بتایا کہ ہلکی آواز میں پڑھے کہ آواز بچے کے کانوں تک جائے' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے اس خاتون نے یہ عمل کیا جس سے اس کو بہت نفع ہوا' ان کا بیٹا کافی حد تک سلجھ گیا' جس پر اس خاتون نے میرا بہت زیادہ شکریہ ادا کیا اور بہت خوش ہوئی۔

لاعلاج بیماری سے کیسے شفاملی

میرے پاس ایک خاتون آئی جسے ایک ایسی پوشیدہ بیماری لاحق ہوگئی جس کی وجہ سے عورت کو ماں بننے میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میں نے اس خاتون کو کیپسول دیئے جس میں کلونجی اور کاسنی ڈال دی ۲ کیپسول صبح دوپہر شام کھانے کی ترغیب دی' اس خاتون نے تین ماہ تک یہ کیپسول کھائے اس کے بعد جب اس نے دوبارہ ٹیسٹ کروائے تو ٹیسٹ بالکل نارمل آئے جسے دیکھ کر وہ خود حیران ہوگئی۔ ہمارے قریب ہی ایک گورنمنٹ ہسپتال ہے جہاں بہت قابل ڈاکٹرز تعین ہیں' اس سے پہلے اس خاتون کو ڈاکٹرز نے اس بیماری کے علاج کرنے سے عاجزی ظاہر کردی تھی' جب ان کو معلوم ہوا تو وہ خود حیران ہوگئے کہ اس بیماری کے نتیجے میں تو کینسر ہوجاتا ہے آپ نے کونسی دوائی کھائی ہے جو اتنی جلدی اور آسانی سے شفاء یاب ہوگئی۔

شیخ الوظائف کو انوکھا تحفہ دیں! اور دعائیں لیں!

یقیناً بے ساختہ دعائیں عرش کو چھوتی ہیں' شیخ الوظائف نے تسبیح خانہ میں جگہ جگہ لکھا ہوا ہے ہدیہ نذرانہ نہ دیں' لیکن میوزیم کیلئے اگر آپ کے پاس کوئی بے کار چیز ہو' آپ کے کام کی نہ ہو' پرانی ہو' تو وہ شیخ الوظائف کو بطور ہدیہ دیں' کیونکہ انہیں پرانے ورثے سے بہت محبت ہے۔

دادا کی خوراک کا اثر پوتے پر ہوتا ہے! جدید سائنسی تحقیق

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ گنہگار اکثر آپ کے جمعرات کے درس میں شریک ہوتا ہے اور فیض پاتا ہے۔ دنیائے سائنس کے سب سے معتبر جریدے میں چھاپی گئی ایک تحقیق کے مطابق دادا کی کھائی ہوئی خوراک کا اثر پوتے تک پہنچتا ہے۔ بالخصوص دادا کی غذا پوتے کو کینسر سے بچانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ برطانیہ، جرمنی اور سویڈن میں کی گئی اس تحقیق میں کوئی 20,000 انسان استعمال ہوئے لیکن غذا کا اثر صرف دادا سے ثابت ہوا نانا سے نہیں۔ (ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، لاہور)

دیسی گھی کے حیرت انگیز کمالات جان لیجئے!

ہم نے بچپن سے ہی اپنے بزرگوں کو دیسی گھی کا استعمال کرتے ہوئے دیکھا جس کی وجہ سے وہ مختلف بیماریوں سے دور رہے اور صحت کے خزانوں کا راز بھی اسی دیسی گھی میں پایا۔ میں نے اکثر گھر میں دیکھا مختلف ٹوٹکوں میں دیسی گھی کا استعمال کیا جاتا تھا جس کو استعمال کرنے کی بدولت ڈاکٹروں کے پاس نہیں جانا پڑتا تھا' چند ٹوٹکے عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کررہی ہوں۔

بند ناک کو کھولنے کے لئے

اگر کسی کے ناک میں بلغم جم جائے اور اس وجہ سے ناک بند ہوجائے تو اس سے نجات پانے کے لئے دیسی گھی تھوڑی سی مقدار میں لے کر ناک پر ملیں' کچھ دیر اس کا مساج کریں' ان شاءاللہ بلغم باہر نکل آئے گی اور ناک کا یہ مرض ٹھیک ہو جائے گا اگر ناک کے ساتھ پیشانی پر بھی ہلکا مساج کرلیا جائے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

چہرہ کی خوبصورتی بغیر میک اپ

چہرے پر داغ دھبے ہوں' رنگت بجھی ہوئی ہو تو ایسی صورت میں بغیر میک اپ کئے آپ اپنے چہرے کو خوب صورت اور پرکشش بنا سکتے ہیں۔ اس کے لئے دیسی گھی مناسب مقدار میں کریم کی طرح اپنے چہرے پر مل کر ہلکا مساج کیجئے' چند ہفتے یہ ٹوٹکہ آزمانے سے چہرہ کھل اٹھے گا اور داغ دھبوں سے بھی بالکل صاف اور شفاف ہوجائے گا۔

بغیر لپ گلوز ہونٹوں کو گلابی کیجئے

اگر آپ بغیر لپ اسٹک کے ہونٹوں کو گلابی کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے زبردست دیسی ٹوٹکہ ہے۔ رات کو سوتے وقت ہونٹوں پر دیسی گھی لگا لیجئے' چند دن یہ ٹوٹکہ آزمایئے اور اس کا اثر خود اپنی آنکھوں سے دیکھئے۔ میں نے خود یہ ٹوٹکہ آزمایا اس سے ہونٹ چمکتے ہیں جیسے ہونٹوں پر لپ گلوز لگا یا ہو۔

گلا خراب ہو تو یہ ٹوٹکہ آزمایئے

موسم میں تبدیلی سے آنے والے اثرات کے نتیجے میں بہت سی مختلف بیماریوں میں گلا خراب ہونے کی بیماری ایک عام بیماری ہے جو گلے میں سوزش پیدا کرتی ہے اور گلے میں تکلیف کا باعث بنتی ہے۔ اس بیماری میں اینٹی بائیوٹک ادویات لیکر کھانا زیادہ تر لوگوں کا شیوہ بن چکا ہے جس کا ہمیں عارضی طور پر افاقہ ہوجاتا ہے مگر ساتھ ہی یہ ہماری قوت مدافعت کو کمزور کرنے کا سبب بنتا ہے لہذا گلا خراب ہونے کی صورت میں انتہائی اہم ٹوٹکہ حاضر خدمت ہے' گلے کی سوزش اور اس سے متعلق بیماریوں میں انتہائی مفید ہے۔ ہر کھانے کے بعد 4 سے 5 دانے کالی مرچ کو پیس کر چائے کی چمچ دیسی گھی گرم کرکے اس میں مکس کریں اور اسے پی لیں یہ گلے کی درد میں فوری راحت کا باعث بنے گا اور بیٹھی ہوئی آواز کو درست کردے گا۔

صفحہ نمبر 41 پر دیکھئے

سود صرف دنیا نہیں آخرت بھی برباد کرتا ہے! آنکھوں دیکھا مشاہدہ

(محمد طاہر صدیق، لاہور)

میں اپنی سپیئر پارٹس کی دکان پر بیٹھا تھا کہ ایک بہت خوش اخلاق اور خوش شکل بندہ مجھ سے اپنی گاڑی (جسے وہ بطور ٹیکسی چلا رہا تھا) کیلئے پارٹس لینے آیا' میں نے اسے اس کی مطلوبہ چیزیں دے دیں' اس دن صرف سلام دعا ہوئی' میرے پاس مکینک بھی تھا جو کہ شاید اس کا قریبی جاننے والا تھا' آہستہ آہستہ میری بھی اس سے سلام دعا ہوگئی' پھر یہ سلام دعا بڑھتے بڑھتے گہری دوستی میں تبدیل ہوگئی' وہ روز آنا شروع ہوگیا اور ہم دونوں رات کو گھنٹوں گپ شپ لگاتے' چائے پیتے' وہ بہت خوش اخلاق تھا' بہت ہنساتا' میری سارے دن کی تھکن اس کے ساتھ چند گھنٹے بیٹھنے سے ہی ختم ہوجاتی۔ اس کی گاڑی پرانی تھی مگر بالکل فٹ تھی' ایک دن باتوں باتوں میں کہنے لگا کہ میں نئی گاڑی اس سے کچھ بہتر ماڈل کی لینے کا سوچ رہا ہوں' میں نے کہا: تمہاری گاڑی بالکل ٹھیک ہے' تمہیں اچھی روزی روٹی دے رہی ہے' تنگ بھی نہیں کرتی تو پھر کیوں تبدیل کر رہے ہو؟ کہنے لگا: نہیں میرے علاقہ میں ایک شخص ہے وہ قسطوں پر پیسے دیتا ہے' اس نے مجھے کہا کہ مجھ سے پیسے لے لو اور گاڑی تبدیل کرلو پھر آہستہ آہستہ دیتے رہنا۔

تسبیح خانہ سے سود نہ کھانے کا شعور ملا

تسبیح خانہ سے نسبت اور شیخ الوظائف کے درس اور عبقری رسالہ پڑھنے کی وجہ سے اللہ نے اتنا شعور دے دیا تھا کہ یہ سود ہے اور اس کے کیا نقصانات ہیں' اکثر عبقری میں بھی پڑھتا تھا اور درس میں بھی سود کی تباہ کاریاں سنتا تھا۔ میں نے اسے سمجھایا کہ دیکھ بھائی! یہ سود ہے' یہ تیری ہنسی بستی خوشحال زندگی میں تباہی لے آئے گا یہ کام نہ کر' مگر اس نے میری باتوں کو سنجیدگی سے نہ لیا اور بات پلٹ دی۔ کچھ ہی ہفتے گزرے تھے کہ ہاتھ میں مٹھائی کا ڈبہ لیے میری دکان میں داخل ہوا اور ساتھ ہی چائے والے کو دودھ پتی کا آرڈر دے دیا' میں پوچھتا رہا بھائی بتا تو سہی کس چیز کی مٹھائی لایا ہے؟ کہنے لگا نہیں پہلے چائے آجائے' اس دن ہلکی ہلکی بارش بھی ہو رہی تھی اور ہوا میں خنکی بھی تھی' ہم نے مزے سے چائے پی اور ساتھ برفی کھائی۔ میں نے چائے کی چسکی لیتے ہوئے اس کی طرف دیکھا تو وہ بہت مطمئن اور چہرے پر خوشی چھلک رہی تھی' میں نے اطمینان سے پوچھا چل اب بتا کس چیز کی مٹھائی کھلا رہا اور ایسے خوشگوار موسم کا لطف دودھ پتی کے ساتھ دوبالا کر رہا ہے۔ کہنے لگا: میں نے گاڑی تبدیل کرلی ہے' چل باہر آ' تجھے دکھاؤں' میں نے دیکھا تو اس نے پرانی گاڑی سے قدرے بہتر حالت کی گاڑی خرید لی تھی' میں نے اسے مبارکباد دی' جب میں نے پہلی والی گاڑی کے متعلق پوچھا تو اس نے بتایا کہ وہ بیچ کر چار لاکھ مزید ڈال کر یہ گاڑی خریدی ہے۔

سود کے پیسوں سے نئی گاڑی خریدی

میں نے پیسوں کا پوچھا تو اس نے بتایا کہ قسطوں پر لیے ہیں۔ مجھے ایک دم دھچکا لگا' میں نے اسے پھر سمجھایا کہ تم نے اپنی زندگی کی سب سے بڑی غلطی کرلی ہے' اس نے میری بات کو پھر مذاق میں اڑا دیا اور گاڑی کی تعریفیں شروع کردیں۔ پھر وہ اس دلدل میں مزید دھنسنا شروع ہوگیا' اس نے گھر میں اے سی' فریج' واشنگ مشین ہر چیز نئی لے لی۔

ایک وقت آیا کہ وہ مجھ سے دور بھاگنے لگا' کیونکہ ہر بار میں اسے سمجھانے جو بیٹھ جاتا تھا' قدرت خدا کی اس کی یہ گاڑی آئے دن خراب اور اس کا ہاتھ تنگ ہونا شروع ہوگیا' پھر اس نے گھر کی چیزیں بیچ کر قسطیں ادا کرنا شروع کردیں' دن بدن سود بڑھتا گیا' یہ سود اتارتا رہا اور باقی رقم وہیں کھڑی رہتی' بیوی کا زیور بیچ کر اس نے کچھ رقم سود خوروں کو دی مگر ابھی بھی اس کی جان شکنجے میں تھی۔ اس کے چہرے سے رونق ختم ہوگئی' ہر وقت پریشان' اب جب دکان پر آتا تو انتہائی پریشان' سر پکڑ کر بیٹھا رہتا' سود خوروں کو گالیاں نکالتا' اس کا ہنسنا' کھیلنا' چہچہانا سب ختم ہوچکا تھا۔

سود نے آج میری عزت بھی برباد کرڈالی

ایک دن دکان کے اندر آیا تو میرے پاس بیٹھ کر رونا شروع کردیا' میں نے جلدی میں پانی کا گلاس کولر سے بھر کر اس کی طرف بڑھایا اور اس کو حوصلہ دیا' جب اس کی ہچکی تھمی تو دکان کی چھت کی طرف کتنی دیر گھور گھور کر دیکھتا ہوا اچانک بولا: میرے تین بچے ہیں' میرے گھر کبھی جھگڑا نہیں ہوا' میں انتہائی خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہا تھا' مگر شاید کسی نے جادو کردیا ہے؟ میں بھی بیمار' بچے آپس میں لڑائی کرتے نہیں تھکتے' بیوی مجھ سے ہر وقت ناراض اور اکھڑی اکھڑی رہنا شروع ہوگئی۔ میری بیوی انتہائی باوفا تھی' مجھے اس پر سو فیصد بھروسہ تھا مگر گزشتہ چھ ماہ سے مسلسل دیکھ رہا ہوں کہ وہ فون پر کسی سے میسج پر گفتگو کرتی ہے۔ کل میں اچانک گھر گیا تو میرے سر پر آسمان گر پڑا' زمین پھٹ گئی' میرا مین گیٹ اندر سے لاک تھا' میں نے چابی سے کھولا اندر گیا تو بیٹھک سے آوازیں آئیں' میں نے کمرہ کھولا تو مجھے اپنی آنکھوں پر یقین نہ آیا' میری باوفا بیوی' جس کی قسم میں کہیں بھی اٹھا سکتا تھا' وہ علاقہ کے اوباش کے ساتھ بیٹھی باتیں کر رہی تھی۔ میں سکتے میں تھا کہ وہ شخص اٹھ کر باہر چلا گیا۔ میں نے اس بے وفا عورت کو مارا' دھکے دیئے' چیخا چلایا اور اٹھ کر تمہارے پاس آگیا ہوں' مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی کیا کروں؟ خودکشی کرلوں' اس کو ماردوں' میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں' نجانے کیا ہوا؟ گاڑی ہر وقت خراب' جن کے پیسے دینے وہ میرے پیچھے' مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی یہ سب کیا ہو رہا ہے؟

سود نے آخرت کی بربادی کا ساماں بھی کردیا

میں نے ٹھنڈی آہ بھری اور کہا "رب سے جنگ کروگے تو یہی کچھ ہوگا" میری بات سن کر چونک پڑا اور کہا رب سے جنگ وہ کیسے؟ میں نے کہا میں تجھے پہلے دن سے سمجھا رہا ہوں کہ یہ سود ہے تو قسطوں پر پیسے نہ لے' مگر تجھے میری سمجھ نہ آئی اب بھگت رہا تو بھی سمجھ تجھے کیوں نہیں آرہی؟ کہنے لگا: ایک بار یہ پیسے اتار دوں دوبارہ کبھی اس دلدل میں نہ دھنسوں گا۔ قارئین! کاش وہ میری بات اب بھی مان جاتا' مگر نہیں' اس نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی' بچے بھی اس کو دے دیئے' کچھ عرصہ میرے پاس آتا رہا اور بچوں کو یاد کرکر کے روتا رہا' اس نے گاڑی بیچ کر سود خوروں کے پیسے اتار دیئے' جو پیسے بچے اس کا رکشہ لے لیا۔ سود اپنا کام دکھا رہا تھا' اس کا گھر برباد ہوچکا تھا؟ اس کی زندگی اجیرن ہوچکی تھی اب آخرت کی بربادی کا ساماں شروع ہوا اور اس نے اپنی طلاق یافتہ بیوی جس کے اسٹام اور قانونی کارروائی بھی مکمل ہوچکی تھی۔ اس سے رابطہ کیا' بچے ساتھ لیے اور دوسرے صوبہ کے ایک بڑے شہر میں رکشہ سمیت چلا گیا۔ اس بات کو چار سال ہوگئے اپنی طلاق یافتہ بیوی کے ساتھ اسی شہر میں رہ رہا ہے۔ میں نے اس سے رابطہ ختم کرلیا ہے۔ ایک دو مرتبہ رابطہ اس نے کیا مگر میں نے فون نہ اٹھایا۔ کاش وہ میری بات سمجھ لیتا اور سود کے چکر میں نہ پڑتا تو آج بھی اس کی زندگی خوشحال رہتی۔

انتخاب: علامہ ابو عون حیدر نقوی المعروف کی احمد پوری

ہاضمے کی گولیوں سے جان چھڑائیں ہفتے میں ایک بار لہسن کھائیں!

فرمانِ حضرت امام رضا سلام اللہ و رضوانہ علیہ

جو شخص ریاحی درد (ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے گیس) سے محفوظ رہنا چاہے اُسے ہر ہفتے ایک مرتبہ لہسن کھانا چاہیے۔

جدید سائنسی تحقیقات

طبی ماہرین کے مطابق ریاحی کا درد عموماً نظام ہاضمہ کی خرابی کے سبب ہوتا ہے۔ جس میں ریاحی یعنی گیس جسم کے مختلف حصوں میں پھنس جاتی ہے۔ مثلاً ڈایافرام، ہاتھ پاؤں یا سر، جس کے سبب وہ درد کا موجب بنتی ہے۔ اس کے درد عارضی ہوتے ہیں جو کہ ریاح خارج ہونے پر ختم ہوجاتے ہیں لہسن کا نہار منہ استعمال بھوک کو بہتر بناتا ہے اور ہاضمے کے عمل کو مضبوط اور تیز کرتا ہے۔ لہسن جسم میں قدرتی طور پر موجود بیکٹیریا یاز میں عدم توازن پیدا نہیں کرتا بلکہ ان بیکٹیریا کو جو ہمارے لیے مفید ہیں اور ہاضمہ کو درست رکھتے ہیں ان کی تعداد میں اضافہ کرتا ہے اور جو مضر اور بیماری پیدا کرسکتے ہیں ان بیکٹیریاز کو ختم کرتا ہے۔ لہسن! گیسٹرک وال میں سوزش اور تکلیف کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ لہسن آنتوں کی بیماریوں بشمول پیچش، اسہال اور کالائٹس وغیرہ کو کم کرنے اور دل کے امراض کے خاتمے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ لہسن کو مختلف طریقوں چٹنی وغیرہ یا جیسے چاہیں اسے استعمال کریں۔

اپنی بات منوانے کا گر سیکھ لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کے درس اور عبقری رسالہ میں سورۃ کوثر کے بہت سے فضائل اور فوائد سنے ہیں۔ میں نے اسے آزمایا بھی اور ہر بار سو فیصد درست پایا ہے۔ میں اپنا ایک مشاہدہ اس سلسلے میں بتانا چاہوں گی، جس کو بارہا آزمایا ہے۔ اگر کسی کو بھی یہ شکایت ہو کہ اس کی بات کو اہمیت نہیں دی جاتی اور ہر بات کو رد کردیا جاتا ہے۔ اکثر یہ معاملات جہاں انسان نوکری کرتا ہے وہاں بہت زیادہ پیش آتا ہے۔ اس کے علاوہ بعض شادی شدہ خواتین کو سسرال میں بھی ایسی ہی صورتحال درپیش رہتی ہے۔ ایسی خواتین کیلئے بھی انتہائی مجرب ہے جو شوہر سے کوئی بات منوانا چاہتی ہیں۔ میرا یہ آزمودہ عمل ہے کہ اگر کسی سے کوئی جائز حاجت منوانی ہو تو اس شخص کو تین بار ااول و آخر درود پاک پڑھ کر ہدیہ کردے اور پھر اس سے اپنی بات عرض کردے وہ شخص کبھی بھی آپ کی بات کو رد نہ کرے گا۔ میں نے بہت لوگوں کو یہ روحانی نسخہ بتایا جس کا انہیں بہت فائدہ ہوا۔ (شگفتہ بی بی، اوکاڑہ)

یقین کیجئے ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ اسی نسخہ سے شفایاب ہوئیں

(ساجدہ بیگم، راولپنڈی)

محترم حضرت حکیم صاحب اسلام علیکم! میری پچھلے پانچ سالوں سے عبقری تسبیح خانہ سے نسبت ہے جس سے میں نے بہت سے طبی و روحانی فوائد حاصل کیے ہیں۔ عبقری سے جڑنے کے بعد زندگی میں سکون اور جو بہاریں آگئی ہیں وہ اس سے پہلے ہمیں میسر نہ تھیں۔ مسنون اعمال اور صحت مند زندگی کا راز ہمیں عبقری تسبیح خانہ کی نسبت کے بعد ہی حاصل ہوا ہے اللہ سدا اس نظام کو خیر کا ذریعہ بنائیں، آمین۔

ایک ٹوٹکہ پیش کر رہی ہوں جو کہ عبقری سے ہی ملا تھا جسے بہت لوگوں میں پھیلایا اور بہترین نتائج برآمد ہوئے۔ عبقری رسالہ میں ایک نسخہ چھپا تھا جو کہ پیپ زدہ زخموں کے لئے تھا جس کے سبب لوگوں کو کمر کا آپریشن کروانے کی ضرورت پیش آتی ہے، یہی معاملہ میرے اپنے بیٹے کو بھی پیش آچکا ہے اس کی کمر میں ایک چھوٹا سا پیپ زدہ دانہ تھا جس میں سے اکثر خون بھی بہتا تھا جس کا آخری حل آپریشن کی صورت میں ہوا۔ اس کے بعد جب میں نے عبقری رسالہ میں اسی بیماری کے حوالے سے ٹوٹکہ پڑھا تو بہت سے لوگوں کو بتایا جو آپریشن سے بچ گئے اور شفاء یاب ہوئے۔ جن عورتوں کی ڈلیوری بڑے آپریشن سے ہوتی ہے اور اس کے بعد ان کو کمر درد کی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان کے لئے بھی لاجواب ہے۔ ہمارے محلے میں ایک ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ کو بھی یہ مسئلہ لاحق تھا انگریزی اینٹی بائیوٹک گولیاں کھا کھا کر وہ بچے کو دودھ پلانے سے بھی عاجز آگئی ان کے زخموں پر باقاعدہ گلٹیاں بن چکی تھیں۔ میں نے یہ نسخہ خود تیار کر کے انہیں استعمال کرنے کے لئے دیا تو ڈاکٹر صاحب نے بلوایا اور خوشخبری سنائی کے ان کی اہلیہ مکمل طور پر صحت یاب ہو چکی ہیں۔ نسخہ یہ ہے۔ دیسی گھی ایک پاؤ' اجوائن ایک چھٹانک' ہلدی ایک چھٹانک' نیم کے پتے ایک چھٹانک (تازہ مل جائے تو بہتر ورنہ خشک لے لیں)' پھٹکری چھٹانک' میتھی کے بیج ایک چھٹانک' پیاز ایک چھٹانک۔ ان سب اجزاء کو باریک پیس کر دیسی گھی میں جلا لیں' پھر صاف روئی لے کر اسے نیم گرم گھی میں بھگو کر زخم پر لگائیں' دن میں دو مرتبہ استعمال کیجئے تو زیادہ افاقہ ہوگا۔ آدھا چمچ وہی نیم گرم گھی دودھ کے ساتھ پینے کے لئے دے دیں' انتہائی لاجواب نسخہ ہے۔ جب سے میں نے اس نسخہ کے بارے میں پڑھا ہے بہت سے لوگوں کو دیا ہے' ہر کسی نے اس کے بہترین مشاہدات بتائے ہیں۔

پتہ میں پتھری چار ہفتوں میں ریزہ ریزہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک پرائیویٹ کالج میں بی اے کے طالب علموں کو پڑھاتا ہوں۔ میرا ایک طالب علم کافی دنوں سے کالج نہیں آرہا تھا میں نے اس کے گھر کال کی کہ آپ کا بیٹا پچھلے ایک ہفتے سے کالج نہیں آرہا کیا وجہ ہے؟ تو انہوں نے بتایا کہ اسے پیشاب کرنے میں تکلیف تھی ٹیسٹ کروانے پر پتہ چلا کہ پتہ میں پتھری ہے اب ایک ہفتے سے چارپائی پر پڑا ہوا ہے۔ دوائی لے کر دی ہے لیکن تکلیف کم نہیں ہورہی۔ تو میں نے ان کو کہا کہ آپ میرے پاس آئیں میں آپ کو دوائی دیتا ہوں وہ اس کو دیں انشاء اللہ ٹھیک ہوجائے گا۔ بچے کے والدین اگلے روز کالج آئے اور مجھ سے ملاقات کی میں نے انہیں عبقری کی دوائی ”پتہ پتھری شفاء“ دی اور لکھی ہوئی ہدایت کے مطابق استعمال کرنے کا پابند کیا اور کہا اگر دوائی ختم ہوجائے تو ادھر پاس ہی شہر میں عبقری کی ایجنسی ہے وہاں سے دوائی اور لے لینا۔ تقریباً دس دن بعد میں نے دوبارہ کال کی تو میرے طالب علم نے ہی کال اٹھائی، میں نے حال پوچھا تو کہنے لگا کہ استاد جی آپ کا بہت بہت شکریہ آپ نے اچھی دوائی تجویز کی ایک ہفتے کے استعمال سے ہی مثانے میں جو درد تھا وہ ختم ہوگیا دوائی جاری ہے میں نے اور منگوالی تھی ان شاء اللہ اب میں ٹیسٹ کرواؤں گا تو پتہ چلے گا کہ پتھری ہے یا نہیں پر مجھے امید ہے پتھری نہیں ہوگی کیونکہ تکلیف ختم ہوگئی ہے۔ میں نے شام کو پھر کال کی تو اس نے خوشی خوشی بتایا کہ پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل گئی ہے اب میں بالکل ٹھیک ہوں کل سے کالج آؤں گا یہ سن کر میں نے اس کو دعائیں دی اور خوشی کا اظہار کیا۔ میں بحیثیت ٹیچر مطالعہ کرنا پسند کرتا ہوں عبقری سے میرا تعلق مطالعہ سے ہی ہوا میں نے اپنے کالج کی لائبریری میں عبقری رکھا ہوا دیکھا تھا اور اس کو پڑھا بہت ہی اچھا لگا تب سے عبقری میرے مطالعہ کا حصہ بن چکا ہے جسمانی و روحانی علاج کے لیے میں عبقری رسالے کا مطالعہ کرتا رہتا ہوں۔ (محمد ذوالفقار، راولپنڈی)

چنبل جیسی موذی بیماری کا جڑ پکڑنے سے قبل ہی خاتمہ ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے دو سال سے عبقری پڑھ رہا ہوں اچھا رسالہ ہے۔ حالیہ برسات میں رات سوتے وقت میرے بازو پر کسی کیڑے نے کاٹ لیا تو وہاں کافی دانے بن گئے اور خارش بھی شدت کی ہورہی تھی آدھی رات کو میں کہاں جاتا آخر مشکل سے نیند آہی گئی صبح اٹھتے ہی میں نے عبقری رسالہ کھولا اور اپنی اس بیماری کا علاج ڈھونڈنے لگا۔ میرے والد نے دیکھا تو کہنے لگے یہ کسی کیڑے نے نہیں کاٹا بلکہ یہ چنبل جیسی بیماری ہے۔ جس کو دیکھتے ہوئے میں نے مرہم سکون اور خون صفاء خود ہی اپنے لیے تجویز کیا اور ناشتہ کرنے کے بعد فوراً عبقری دواخانے پہنچ کر دوائی لی اور استعمال شروع کیا۔ مرہم سکون لگانے سے ایک ہی رات میں میری خارش میں کافی کمی آئی تھی ایک ڈبی کے مکمل استعمال پر خارش اور چنبل ختم ہوگئی تھی۔ مگر خون صفاء کی میں نے چھ ڈبیاں استعمال کیں تاکہ یہ بیماری دوبارہ مجھ پر حملہ آور نہ ہو۔ اس کے علاوہ میں خود کو فٹ رکھنے کے لیے فٹنس فولاد ٹانک کا بھی استعمال کرتا ہوں جس سے سستی اور جسمانی کمزوری دور کرنے میں تقویت ملتی ہے۔ عبقری کے اور بھی سیرپ وغیرہ میرے گھر میں ہر وقت موجود رہتے ہیں جس سے گھر کے تمام افراد مستفید ہورہے ہیں۔ (محمد زبیر، لاہور)

گیس تیزابیت کے مرض سے دوچار تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے آٹھ سال سے معدہ کی مریض ہوں۔ بہت سی انگریزی، دیسی ادویات کا استعمال کرچکی لیکن بیماری نے میری جان نہ چھوڑی کھانا کھانے کے بعد گیس، تیزابیت عام سی بات تھی کھانا ہضم ہونے کا نام نہیں لیتا تھا کیونکہ میرے معدہ کا نظام بہت ہی زیادہ خراب تھا بہت سے ٹوٹکے اور نسخے وغیرہ آزما لیے تھے لیکن کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔ تھک ہار گئی تھی اب تو صرف دعاؤں کے سہارے چل پھر رہی تھی۔ ایک روز میرے بیٹے نے مجھ سے کہا کہ امی جان لاہور میں ایک بہت بڑے حکیم صاحب ہیں میرے دوست کی والدہ وہاں جاتی ہیں اس لیے میں چاہتا ہوں آپ بھی وہاں جائیں شاید آپ کو بھی شفاء ہو جائے۔ میرے بیٹے نے اپنے دوست کی والدہ سے بات کروائی تو انہوں نے کہا کہ میں جمعرات کی صبح لاہور جاؤں گی آپ بھی ساتھ چل پڑنا ان شاء اللہ سب ٹھیک ہوجائے گا۔ جمعرات کی صبح ہم دونوں راولپنڈی سے لاہور تسبیح خانہ پہنچے اس نے مجھے بتایا کہ یہ تسبیح خانہ ہے جہاں حکیم صاحب شام کو درس دیں گے۔ اس کے بعد وہ مجھے دواخانے لے آئی جہاں آپ کے اسسٹنٹ صاحب بیٹھے تھے ٹوکن لینے کے بعد تقریباً تیس منٹ تک ہمارا ٹوکن آگیا میں نے تمام صورتحال بیان کی تو انہوں نے مجھے ”بدہضمی، گیس، تبخیر کورس“ تقریباً چار استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں نے چار کورس لیے اور ہم تسبیح خانے آگئے شام کو مغرب کے بعد آپ کا درس شروع ہوا کمال کا درس تھا میرے کئی سوالات کے جواب آپ کے درس میں ہی تھے میں حیران تھی کہ میرے سوالات کے جوابات مجھے ملتے جارہے ہیں۔ آخر میں جو دعا ہوئی ایسی دعا تو میں نے آج تک نہیں مانگی بہت طویل اور پراثر دعا حضرت جی نے کروائی۔ رات راولپنڈی پہنچی اگلے دن سے دوائی کا استعمال شروع کیا دو کورس کے استعمال سے مجھے بہتری محسوس ہونا شروع ہوئی جیسے پہلے کھانا کھانے کے بعد معدہ وزنی اور سستی سے چھا جاتی تھی ایسی صورتحال پیدا ہونا کم ہوگئی تھی۔ دو ماہ مسلسل دوائی کے استعمال سے اللہ پاک نے مجھے صحت بخشی اور آج میں جو مرضی کھاسکتی ہوں لیکن میں پھر بھی احتیاط کرتی ہوں۔ سالوں بعد میں نے مصالحے دار سالن کھایا جس کے لیے میں ترس گئی تھی۔ اب ہر جمعرات حضرت جی کا درس آن لائن سنتی ہوں جس سے قلبی سکون میسر ہوتا ہے۔ ماہنامہ عبقری بھی میں نے گھر لگوا لیا ہے جو ہر ماہ باقاعدگی سے اخبار فروش ہمیں دے جاتا ہے جس میں ڈھیروں ٹوٹکے اور نسخے اکثر میں آزماتی رہتی ہوں اس کے علاوہ وظائف سے جو میں نے پایا وہ بیان کرنے سے قاصر ہوں بہت کچھ پایا۔ اگر میں کہوں کہ عبقری نے ہمیں زندہ رہنے کا سلیقہ سکھا دیا تو یہ غلط نہ ہوگا۔ میرے گھر میں عبقری کی ادویات کے علاوہ کوئی انگریزی دوا استعمال نہیں کی جاتی۔ (زوجہ ظفر محمود، راولپنڈی)

ڈپریشن میں جاچکا تھا ایسا لگتا تھا پاگل ہوجاؤں گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً تین سال سے عبقری پڑھ رہا ہوں بہت ہی لاجواب اور منفرد رسالہ ہے۔ جو ایک بار پڑھ لے وہ دوبارہ پڑھے بغیر رہ نہیں سکتا اس میں دیئے گئے ٹوٹکے اور وظائف سے لاکھوں دنیا فیض پا رہی ہے۔ اس کے علاوہ میں ہر جمعرات آن لائن آپ کا درس بھی سنتا ہوں جس سے مجھے روحانی طور پر بہت نفع ہوتا ہے۔ پچھلے کچھ مہینوں سے میں کاروباری حالات کی وجہ سے سخت ٹینشن میں مبتلا تھا نقصان پر نقصان ہوتا چلا جارہا تھا کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی کیا کروں۔ بلڈ پریشر بھی ہائی رہنا شروع ہوگیا تھا جس کے پیش نظر میں نے عبقری رسالہ سے روشن دماغ اور سکون افزاء کا اپنے لیے انتخاب کیا اور یوٹیوب پر آپ کے پڑے درس سننے کا ارادہ کیا۔ میں نے ادویات کا آرڈر فون پر بک کروایا تقریباً دو دن بعد مجھے پارسل مل گیا اور لکھی گئی ہدایات کے مطابق میں نے دوائی کا استعمال شروع کردیا جس سے مجھے کافی فرق محسوس ہوا اس کے ساتھ ساتھ ہر رات سونے سے پہلے میں نے آپ کا درس سننا شروع کردیا جس سے مجھے جینے اور آگے بڑھنے کی ہمت ملی اور میں ڈپریشن سے باہر آگیا ورنہ ایسا لگتا تھا میں پاگل ہوجاؤں گا۔ اب میری زندگی معمول پر آگئی ہے اب تو ٹینشن والی بات پر بھی ٹینشن نہیں آتی میں دماغی طور پر بالکل پرسکون ہوگیا ہوں۔ عبقری میں دیئے گئے وظائف کی بدولت میرے کاروبار میں بھی بہتری آنا شروع ہوگئی ہے جتنے نقصان میں کاروبار جارہا تھا اب نقصان کم ہونا شروع ہوگیا ہے۔ (فواد تبسم، گوجرانوالہ)

ہیپاٹائٹس کے جراثیم پانچ سال بعد زندہ ہوگئے تھے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے پانچ سال قبل میری بڑی بہن ہیپاٹائٹس کا شکار ہوگئی تھی اس وقت ہمارا بے تحاشہ پیسہ اس کی بیماری پر لگا بہت سے انجکشن لگوائے پھر جاکر وہ ٹھیک ہوئی اب پانچ سال گزرنے کے بعد پھر جراثیم نے سر اٹھالیا اور بہن دوبارہ اس مرض میں مبتلا ہوگئی گھر میں ایک پریشانی کا عالم تھا کہ اب کیا کیا جائے۔ ابو کے ایک جاننے والے نے بتایا کہ آپ اس کو عبقری دواخانے لے جائیں ان شاء اللہ ٹھیک ہوجائے گی ہم نے دواخانے کا ایڈریس اور فون نمبر لیا۔ فون پر رابطہ کرنے پر پتہ چلا کہ آپ سے ملاقات کے لیے ٹائم لینا پڑتا ہے مگر اسسٹنٹ حکیم صاحب موجود ہوتے ہیں ان سے چیک کرواسکتے ہیں ہم نے فون پر ہی اسسٹنٹ صاحب سے بات کی اور بہن کی بیماری کا بتایا تو انہوں نے تین ماہ ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' کے استعمال کا مشورہ دیا اور کہا کہ آپ کے شہر میں عبقری کی ایجنسی موجود ہے دوائی وہاں سے مل جائے گی فوراً سے ابو ایجنسی پر گئے اور اصلاح معدہ جگر پیکیج لے آئے اور استعمال کروانا شروع کیا اللہ کے فضل سے ایک ماہ دوائی کے استعمال کے بعد ٹیسٹ کروایا تو مرض میں کافی حد تک کمی آچکی تھی اور مسلسل تین ماہ دوائی کے استعمال کروانے کے بعد ٹیسٹ کروانے پر پتہ چلا کہ بیماری مکمل ختم ہوچکی ہے جس پر تمام گھر والوں نے شکر ادا کیا کہ اللہ پاک نے بہن کو بیماری سے شفاء دیدی ہے۔ اب گھر میں کسی کو بھی کوئی مسئلہ یا بیماری ہو تو ہم عبقری دواخانے کال کرتے ہیں جس کا ہمیں حل مل جاتا ہے۔ مسئلہ چاہے جسمانی ہو یا روحانی دونوں حل ہوجاتے ہیں۔ اب ہم نے اپنے گھر پر عبقری رسالہ بھی لگوالیا ہے۔ ہر کسی کو عبقری رسالے کا انتظار ہوتا ہے چھوٹے بڑے سب دلچسپی سے عبقری رسالہ پڑھتے ہیں اور طرح طرح کے ٹوٹکے بھی استعمال کرتے ہیں۔ (صدف، وزیرآباد)

باباجی کی ٹانگوں کا درد دو بوتل سے ٹھیک ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً ایک سال سے عبقری پڑھ رہا ہوں۔ عبقری سے تعارف میرے ایک دوست کی وجہ سے ہوا میں اس کے گھر جائے پر گیا تو میز پر عبقری رکھا دیکھا پڑھنے کو دل کیا، پڑھا اور پھر پڑھتا ہی گیا۔ بہت ہی لاجواب رسالہ ہے۔ ہمارے محلے میں ایک ریٹائرڈ باباجی ہیں جن سے اکثر میری ملاقات ہوتی رہتی ہے آتے جاتے سلام کرتا ہوں بہت اچھے بزرگ ہیں۔ ایک دن میں نے دیکھا کہ دیواروں کو پکڑ پکڑ کر چل رہے ہیں میں نے پوچھا کیا ہوا باباجی؟ تو کہنے لگے کہ بیٹا ٹانگوں میں بہت درد ہے انگریزی ادویات کا بھی استعمال کیا ہے لیکن پھر درد شروع ہوجاتی ہے۔ ان کا حال پوچھنے کے بعد میں گھر گیا اور عبقری رسالہ سے باباجی کی بیماری کا حل ڈھونڈنے لگا صفحات پلٹتے پلٹتے میری نظر کراماتی تیل پر پڑی اور اس کے بارے میں پڑھا اور عبقری دواخانے کال کرکے دو بوتل منگوانے کا آرڈر دیا دو دن بعد بذریعہ ڈاک مجھے کراماتی تیل مل گیا۔ میں کراماتی تیل لے کر باباجی کے پاس گیا اور انہیں استعمال کرنے کا طریقہ کار سمجھایا۔ تقریباً ایک ہفتے بعد میرا پھر چکر لگا تو میں نے باباجی سے طبیعت پوچھی تو کہنے لگے کہ اللہ تمہارا بھلا کرے بہت ہی لاجواب تیل ہے دو دن کے استعمال سے ہی مجھے فرق پڑنا محسوس ہوگیا تھا اور مجھے امید ہے اس کے مسلسل استعمال سے مجھے ٹانگوں کے درد سے چھٹکارا مل جائے گا یہ سن کر مجھے بہت خوشی ہوئی۔ باباجی مجھے کراماتی تیل کی قیمت ادا کررہے تھے لیکن میں نے انہیں کہا کہ یہ میری طرف سے بطور ہدیہ ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہر ماہ کا عبقری رسالہ بھی میں آپ کو بطور تحفہ دیا کروں گا۔ انہوں نے مجھے ڈھیروں دعائیں دی میں سمجھتا ہوں ان دعاؤں کا حقدار آپ اور عبقری دواخانہ ہے۔ (زاہد حسین، پسرور)

ایام کی تکلیف بے ترتیبی ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک عرصہ سے ایام کی تکلیف اور بے ترتیبی میں مبتلا تھی۔ انگریزی ادویات کا بھی بے دریغ استعمال کیا لیکن کوئی فرق محسوس نہیں ہوا۔ میں دیکھنے میں تو ٹھیک نظر آتی تھی لیکن اندر ہی اندر سے کھوکھلی ہوتی جارہی تھی۔ میری ایک سہیلی نے مجھے ''ایام شفاء سیرپ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا اور عبقری دواخانہ کا ایڈریس بھی دیا کہ یہاں سے مل جائے گا میں اپنی والدہ کے ہمراہ دواخانے آئی اور ایام شفاء سیرپ کی دو بوتل لی اس کے ساتھ ساتھ دیسی کریم کا لکھا ہوا دیوار پر ایک چارٹ پڑھا اس کی خصوصیت دل کو لگی اس لیے دیسی کریم بھی لے لی۔ استعمال شروع کیا ایام شفاء سیرپ کی ایک بوتل کے استعمال سے ہی ایام میں ترتیب آگئی اور دوسری بوتل کے استعمال سے مسئلہ مکمل حل ہوگیا۔ دیسی کریم کے استعمال سے میرے چہرے پر جو ایام کی وجہ سے چھائیاں پڑی ہوئی تھیں وہ بھی صاف ہوگئیں میرا چہرہ بالکل صاف اور شفاف ہوگیا۔ اب تو میرا عبقری دواخانہ کی ادویات پر اعتماد ہوگیا گھر میں کسی کو بھی کوئی بیماری ہو تو میں عبقری دواخانہ سے دوائی منگوالیتی ہوں جس کے استعمال سے بیماری ٹھیک ہوجاتی ہے۔ (ع۔ر، لاہور)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں۔

نہاری کے چسکے

میری عمر پچاس سال ہے میں ہوسٹل میں رہتی ہوں وہاں نہاری، پائے، گردے، مغز، بھنے ہوئے مرغ کی دکانیں ہیں۔ دوپہر کو عموماً میں ان میں سے کوئی نہ کوئی چیز کھالیتی ہوں۔ ناشتے میں دو انڈے پراٹھا کھا کر یونیورسٹی چلی جاتی ہوں۔ پچھلے دنوں خون کا تجزیہ کرانے سے معلوم ہوا کہ خون میں کولیسٹرول کی مقدار خاصی بڑھ چکی ہے۔ اب میں بہت پریشان تھی۔ آپ سے یہ پوچھنا ہے کیا کولیسٹرول پرہیز سے کم کیا جاسکتا ہے۔ مجھے کھانے میں کیا لینا چاہیے اور کیا چھوڑ دینا چاہیے؟ اس کے متعلق بتائیں؟ (شمائلہ، لاہور)

مشورہ: آپ نے خود کولیسٹرول کو دعوت دی ہے۔ تلی ہوئی چکنائی والی چیزیں کھانے سے کولیسٹرول بے اندازہ بڑھتا ہے۔ آپ خدا کا شکر ادا کریں کہ آپ نے اپنا طبی تجزیہ کرالیا اور آپ کو پتہ چل گیا کہ آپ کے خون میں کولیسٹرول زیادہ ہے۔ اب آپ انڈے کھانے چھوڑ دیجئے۔ اگر دل چاہے تو انڈے کی صرف سفیدی چپاتی کے ساتھ کھائیے۔ نہاری، سری پائے، مغز بالکل بھول جائیے۔ جب تک آپ کا کولیسٹرول قابو نہیں ہوتا، سادہ غذا کھائیے۔ پھل سبزیاں روزانہ کھائیے۔ تازہ سبزی کچی یا پکی پیٹ بھر کے کھائیے، سادہ سلاد لیں اور بغیر چکنائی کا دودھ پئیں۔ مٹھائیاں اور برگر نہ کھائیے۔ صبح دیسی لہسن کے تین جوئے چھیل کر کھائیں۔ ایک جوئے سے شروع کریں۔ لہسن آپ کے لیے بہت مفید ہے۔ آپ کولیسٹرول کم کرنا چاہتے ہیں تو ہر قسم کی چکنائی سے پرہیز کریں۔ ممکن ہو تو اپنے لیے زیتون کے تیل میں کھانا پکوائیے۔ مکئی یا پھر سورج مکھی کا تیل بھی اچھا ہے۔ زیتون کے تیل میں فوائد بہت ہیں۔ جو لوگ زیتون استعمال کرتے ہیں وہ دل کی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔

قبض اور موٹاپا

میرا وزن زیادہ ہے میں چاہتی ہوں دبلی ہو جاؤں۔ میں وزن کم کرنے کے لیے بہت کم کھاتی ہوں مگر اس طرح میرے ساتھ قبض کا مسئلہ ہو جاتا ہے۔ موٹاپا کم کرنے کے لیے ادویات کا بھی استعمال کیا لیکن کوئی فرق نہیں پڑا اس لیے میں نے ادویات کا استعمال چھوڑ دیا ہے۔ مجھے بھوک بھی بہت لگتی ہے۔ (امینہ بی بی، ڈی جی خان)

مشورہ: دوائیاں کھانی بھی نہیں چاہئیں۔ بس چاول چکنائی اور چینی سے تھوڑا سا پرہیز کریں۔ آپ کے لیے میں ایک آسان ٹوٹکہ لکھ رہی ہوں۔ دوپہر کو جب بھوک تنگ کرے تو آپ آدھی بند گوبھی اچھی طرح دھو لیجئے اور بالکل باریک کاٹیے۔ ایک لیموں کا رس، نمک، کالی مرچ پسی ہوئی ڈالیں اور مزے لے لے کر کھالیں۔ اس سے دو کام ہوں گے بند گوبھی آپ کو قبض نہیں ہونے دے گی کیونکہ بند گوبھی کا مواد انتڑیاں متحرک کر دیتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ آپ کا وزن بھی کم ہوگا۔ آپ اس کی سلاد بھی بنا سکتی ہیں۔ بند گوبھی کو زیادہ پکانے سے یہ ثقیل ہو جاتی ہے جبکہ کچی جلد ہضم ہوتی ہے۔ برصغیر میں بند گوبھی پکاتے ہوئے ذرا سی ہینگ شامل کی جاتی ہے جس سے یہ جلد ہضم ہوتی ہے۔ بہتر ہے کہ اسے سلاد میں ہی استعمال کریں البتہ زیادہ نہ کھائیے۔

متلی سے نجات

اکثر متلی کی شکایت رہتی ہے' کچھ ضرور بتائیے۔ (عاصمہ پروین، جھنگ)

مشورہ: لیموں پر نمک کالی مرچ کا سفوف ڈال کر چاٹنے سے متلی رک جاتی ہے۔ اسی طرح حاملہ خواتین اگر خشک آلو بخارا چوسا کریں تو متلی نہیں ہوتی اور دل بھی نہیں گھبراتا۔ کلائی کے ذرا اوپر کپڑے کی پٹی باندھنے سے قے رک جاتی ہیں۔

سونف سپاری

میرے بچے بڑے شوق سے سونف سپاری کھاتے ہیں۔ ان کے گلے میں بھی خراش ہو جاتی ہے۔ منہ میں چھالے رہتے ہیں۔ سونف سپاری کس طرح چھڑائی جائے میں بہت پریشان ہوں۔ (رابعہ، کراچی)

مصالحے والی سونف سپاری بہت نقصان دہ ہے۔ اس سے منہ کا سرطان ہوسکتا ہے۔ اب آپ یوں کریں کہ بازار سے سونف منگوا کر صاف کریں پھر اسے توے پر ہلکا سا بھون لیجئے۔ باریک کٹا ہوا کھوپرا بھی ہلکا سا توے پر بھون لیں، بالکل ہلکا، پھر اس کے ٹکڑے کرلیں۔ الائچی کے دانے نکال کر رکھیں۔ مصری مل جائے تو اسے موٹا موٹا کوٹ کر ملائیں ورنہ تھوڑی سی موٹی چینی ملائیے۔ سونف، دھنیے کی بھنی ہوئی گری، الائچی کے دانے، کھوپرا اور چینی ملا کر رکھیے۔ چینی چڑھی رنگین سونف بازار میں عام ملتی ہے، مٹھی بھر وہ ملائیے۔ شیشے کی بوتل میں رکھیے۔ بچے بڑے شوق سے کھائیں گے یہ نقصان دہ بھی نہیں۔

سمندر کے کنارے جلد جھلس جاتی ہے

جب بھی سمندر پر جاتی ہوں عجیب طرح کی رنگت ہو جاتی ہے۔ سوزش اور جلن بھی ہوتی ہے۔ اس کے لیے بتائیے۔ (سلمیٰ بی بی، کراچی)

سمندر کی دھوپ سے عام طور پر جلن ہوتی ہے۔ اس کے لیے گھیکوار بہت مفید ہے۔ آپ نہانے کے بعد گھر آکر صاف پانی سے نہائیے اور پھر جسم خشک کرکے گھیکوار کا گودا اچھی طرح متاثرہ حصوں پر مل لیجئے۔ گھیکوار کے پتے دھو کر پہلے کنارے چھری سے کاٹ دیں پھر درمیان سے دو حصے لمبائی کے رخ کریں۔ چھری سے ایک ایک انچ کے فاصلے پر نشان لگائیے اور کاٹ کر گودا نکال لیں۔ اب اس گودے کو اچھی طرح پھینٹ لیں اور جسم پر کریم کی طرح لگا کر خشک ہونے دیں۔ زیادہ سوزش ہو تو آپ دو تین بار گودے کا رس لگا سکتی ہیں۔ اس سے بہتر کوئی دوا نہیں۔

بچے کے بال انتہائی باریک ہیں

میرا دو ماہ کا بیٹا ہے اس کے بال بہت کم تھے۔ استرا پھروایا۔ اب کہیں کہیں بال نکل رہے ہیں وہ بھی بالکل باریک۔ میں بہت پریشان ہوں، بچے کے بال کیسے موٹے ہوں گے۔ (افشین ناز، لاہور)

کچھ بچوں کے بال پیدائشی طور پر کم ہوتے ہیں۔ اس کا سب سے آزمودہ طریقہ یہ ہے کہ بچے کے بالوں پر استرا چار پانچ بار پھروائیے اور بادام روغن کی مالش کریں۔ بال نہ صرف موٹے ہوں گے بلکہ سارے سر پر نمودار ہوں گے۔ روغن بادام باریک بالوں کو موٹا کر دیتا اور طاقت دیتا ہے۔ آدھی چمچ سے کم بادام روغن سر پر آہستہ آہستہ لگائیے۔ آپ کے بیٹے کے بال مضبوط اور گھنے ہوں گے۔

پالک فولاد چونا اور فاسفورس کا قدرتی مجموعہ

آفتاب احمد، لاہور

چند سال قبل مجھے قاہرہ میں وزارت تعلیم کے مہمان خصوصی کی حیثیت سے ٹھہرنے کا موقع ملا۔ قاہرہ مصر کا صدر مقام اور بڑا حسین شہر ہے۔ دریائے نیل کے کنارے میلوں تک باغات پھیلے ہوئے ہیں۔ قاہرہ کے گلی کوچوں میں مجھے لاہور کی یاد آتی ہے۔ شہر کے اندرونی حصے اندرون لاہور سے مشابہ ہیں۔ میں وہاں مغربی طرز کے ایک ہوٹل میں قیام پذیر تھا۔ روکھے پھیکے کھانوں سے اکتا گیا تھا۔ ہوٹل کے منیجر نے جب میری بیزاری کو محسوس کیا تو اس نے ایک دوپہر مجھے یہ خوشخبری سنائی کہ آج شام آپ کے لیے اسپین کی مخصوص ڈش تیار کی جائے گی۔ مجھے اس اطلاع سے بے حد مسرت ہوئی۔ میں بڑے اشتیاق سے شام کا انتظار کرنے لگا۔ شام کو جب میں کھانے کے لیے بیٹھا تو ہوٹل کے منیجر نے ہسپانوی غذا کے محاسن پر سیر حاصل تبصرہ کیا اور کہا کہ ہسپانوی غذا یورپ میں بے حد مقبول ہے۔ اس تبصرے کے ساتھ پلیٹ سامنے رکھی گئی۔ میرا اشتیاق اضطراب میں بدل چکا تھا۔ میں نے بڑی بے چینی سے پلیٹ کو بے نقاب کیا تو اسپین کی مخصوص غذا پالک کا ساگ نکلا۔ پالک کا ساگ ہمارے ملک میں ایک عام اور ارزاں سبزی ہے۔ ہمیں اس خوراک اور اس کی طبی افادیت کا پورا احساس نہیں ہے۔ ہمیں تو وہ غذا پسند ہے جو دیار غیر سے آئے۔ ہم اپنے ملک کے جواہر ریزوں پر دوسرے ملکوں کے خزف ریزوں کو ترجیح دیتے ہیں۔

یورپ میں پالک بے حد مقبول کیوں؟

پالک کے فوائد: یورپ میں پالک بے حد مقبول ہے اور اس کے طبی فوائد کا پوری طرح اعتراف کیا جاتا ہے۔ طب یونانی کی رو سے بھی یہ مفید سبزی ہے جو جلد ہضم ہونے والی اور قبض کشا ہوتی ہے۔ یہ سرد تر ہے۔ معدہ کی سوزش اور پیاس میں مفید ہے۔ اس کا عجیب فائدہ یہ ہے کہ قبض کشاء ہونے کے ساتھ ساتھ پیشاب آور بھی ہے۔ اس طرح پیشاب کے ذریعہ گندے مادے جگر سے خارج کرتی ہے۔ پالک جگر کی کمزوری کو بھی دور کرتی ہے۔

پالک فولاد کا مؤثر خزانہ

پالک فولاد، چونا اور فاسفورس کا گراں قدر مجموعہ ہے۔ فولاد خون کا بڑا اہم جزو ہے اور اس کو سرخ رنگت بخشتا ہے۔ آکسیجن بھی بدن میں فولاد کے ذریعہ ہی کام کرتی ہے۔ بچوں، مریضوں اور کمزور انسانوں کو فولاد کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ پالک فولاد کا بڑا موثر خزانہ ہے۔ پالک میں چونا بھی پایا جاتا ہے۔ فاسفورس انسانی بدن کی نشوونما عصبی نظام اور آنتوں کی حرکات کے لیے بہت ضروری ہے۔ پالک میں فاسفورس بھی ہے۔

پالک قوت مدافعت بڑھائے

پالک میں حیاتین: پالک میں حیاتین کا بھرپور خزانہ ہے۔ حیاتین الف (اے) انسانی صحت کے لیے بے حد ضروری ہے۔ اس کی کمی انسان کی قوت مدافعت کو کمزور کرتی ہے۔ آنکھوں، معدہ، حلق، پھیپھڑوں، مثانہ اور کان کے امراض حیاتین الف کی کمی سے پیدا ہوتے ہیں۔ پالک کھانے سے حیاتین الف کی کمی دور ہوسکتی ہے۔ پالک میں حیاتین ب (بی) ج (سی) بھی پایا جاتا ہے۔ یہ حیاتین د (ڈی) سے بھی بھرپور ہے۔ پالک میں حیاتین ج (سی) بھی ہے۔ اس کی کمی سے بانجھ پن پیدا ہوتا ہے۔ جن لوگوں کو اولاد نہیں ہوتی یا عورتوں کو حمل گرنے کا اندیشہ رہتا ہے انہیں پالک کھانی چاہیے۔ حیاتین ک (کے)، ز (پی) کی کمی خون کے قوام کو رقیق کرتی ہے۔ پالک میں یہ دونوں حیاتین پائے جاتے ہیں۔ گویا پالک ملٹی وٹامن غذا ہے۔ اس میں تمام حیاتین موجود ہیں۔ اس کا استعمال صحت کے لیے بے حد مفید ہے۔ پالک کو زیادہ دیر تک ابالنا نہیں چاہیے۔ اس کو دیر تک ابالنے اور پکانے سے حیاتین ضائع ہوجاتے ہیں۔

چاول کے ساتھ پالک بہترین غذا ہے

چاول کے ساتھ پالک کا استعمال مفید اور ضروری ہے۔ یہ چاول میں حیاتین کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ چاول قابض ہے۔ پالک میں فولاد ہوتا ہے۔ پالک کے استعمال سے قبض دور ہو جاتی ہے۔ حاملہ عورتوں کے لیے پالک کا استعمال بڑا فائدہ مند ہے۔ اس کے کھانے سے عورت کی صحت اچھی ہو جاتی ہے۔ چہرے پر جھریاں اور داغ نہیں پڑتے۔ چھوٹے بچوں کے لیے پالک کا شوربا مفید ہے۔

دم کروایا تمام تکالیف سے نجات مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست محمد ظفر جن کا تعلق ہری پور سے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اکثر جسم میں بہت شدید تکلیف محسوس ہوتی تھی۔ مجھے ایسے محسوس ہوتا تھا جیسے میری گردن کو کسی نے جکڑ لیا ہو۔ میں اس حوالے سے کافی پریشان تھا۔ اسم اعظم کے دم کے میں نے بہت سے کمالات سن رکھے تھے اس لئے اسم اعظم کا دم کروانے تسبیح خانہ چلا آیا۔ اس سے پہلے انہوں نے حضرت جی آپ کے آباؤ اجداد جن میں حضرت جی کے دادا اور پردادا جی رحمۃ اللہ علیہ جو کے سب اللہ کے بڑے ولی تھے کو ہدیہ کرنا شروع کردیا۔ اس کے بعد جب آپ سے اسم اعظم کا دم کروا کر دروازے سے باہر نکلا تو بتانے لگے میرے جسم کی تمام تکالیف ختم ہوگئیں اور جسم بھی ہلکا ہوگیا' طبیعت بھی بہت زیادہ بہتر ہوگئی' دم سے پورے جسم کو سکون ملا۔

ہمارے ایک استاد محترم جن کو اللہ نے روحانی نظر دی ہوئی ہے' وہ اسم اعظم کے دم پر تشریف لائے تو انہوں نے بتایا کہ بہت زیادہ سکون محسوس ہوا۔ وہ بتانے لگے جب حضرت حکیم صاحب دم کر رہے تھے تو ایسے محسوس ہو رہا تھا جیسے ہمارے اردگرد آگ لگی ہو اور حضرت جی اس آگ پر پانی ڈال رہے ہیں جس سے وہ آگ یعنی شیطانی چیزوں کے اثرات ختم ہو رہے ہیں اور اس اسم اعظم کے دم کی برکت سے لوگ شفاء یاب ہو رہے ہیں۔ (ا،ف، سرگودھا)

19 ستمبر 2021ء بروز اتوار نماز فجر کے بعد تسبیح خانہ لاہور میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب' درس' مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سوفیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے!
لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

آخر حاسد میرا پیچھا کب چھوڑیں گے؟
حاسدین کا پکا علاج! صفحہ نمبر 41 پر دیکھئے

313 مرتبہ پڑھا اور تنگدستی نے گھر چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا سایہ ہمارے اوپر تا قیامت رہے' میری شادی کو بائیس سال ہوگئے ہیں میرے تین بچے ہیں۔ میرا شوہر میرے ساتھ بالکل بھی ٹھیک نہیں میرا بھائی مرگی کا مریض تھا اور ابو دمے کے جس کی وجہ سے میں سسرال کی ہر طرح کی سختی برداشت کرنے پر مجبور ہوگئی۔ میرے حالات بدتر ہو گئے میرے شوہر نے شادی سے پہلے بہت کمایا بھائی کی شادی کی مکان بنا کر دیئے کاروبار بنا کر دیا۔ بہن کو ہاسٹل میں خرچ کر کے ایم اے کروایا اس کی شادی کی لیکن اب وہ بندہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھا ہے میں نوکری کرتی ہوں اور بہت کم خرچ دیتا ہے جس سے گزارہ بہت مشکل سے ہوتا ہے کہ بچوں کے اخراجات میں اپنی تنخواہ سے کرتی ہوں۔ میرا شوہر جب باہر تھا تو اس نے حلال اور حرام میں تمیز نہیں کی۔ شراب پیتا تھا۔ وہاں اس نے پتا نہیں کیا کیا کہ کمپنی والوں سے اس کو نکال دیا۔ جب گھر آیا تو ہمارے حالات بد سے بدتر ہو گئے۔ راستے میں چلتے ہوئے آج سے تیرہ سال پہلے مجھے انمول خزانہ ملا جب میں نے پڑھنا شروع کیا تو میری ٹینشن کی بیماری ختم ہوگئی لیکن حالات میں کوئی فرق نہیں ہوا۔ اس دوران جب میرے گھر میں زیادہ ٹینشن ہوتی تھی تو میں اکیس بار انمول خزانہ پڑھتی تھی اس سے کچھ بہتر ہوگیا۔

اسی رمضان سے پہلے میرے حالات اتنے خراب ہوگئے کہ میرے شوہر نے مجھے کہا کہ گھر سے نکل جاؤ' بچوں کو ساتھ لو اور چلی جاؤ لیکن میں نہ گئی کہ میں نوجوان بیٹیاں لے کر کہاں جاؤں' ادھر الماری سے میرے کپڑے بھی غائب ہوگئے اور میں بیمار ہوکر چارپائی پر لگ گئی' پھر میں نے انمول خزانہ نمبر ایک 21 مرتبہ فجر کی نماز کے بعد پڑھنا شروع کیا اور انمول خزانہ نمبر دو 313 مرتبہ پڑھتی' میں حیران رہ گئی کہ میرے شوہر کا رویہ بدلنا شروع ہوگیا اور جو میں معدہ کی دوائی لے رہی تھی اس کا بھی اثر ہونا شروع ہوگیا' شوہر روزگار میں دلچسپی لینا شروع ہوگئے۔ ہمارے صحن میں جامن کا درخت تھا اور اس کا پھل پانچ چھ سال سے گرجاتا تھا جو بچ جاتا تھا وہ خشک ہوجاتا تھا' پڑھائی کرنے سے یہ اثر ہوا کہ جامن پر اتنا پھل پکا کہ سب حیران رہ گئے۔ میرا سارا خاندان عبقری رسالہ پڑھتا ہے۔ (ر۔راولپنڈی)

وہ ہتھیاروں سے لیس اور میرے پاس تعویذ! نتیجہ خود پڑھ لیجیے

رضوانہ کوثر، گوجرخان

یہ واقعہ 5 جنوری 2020ء کا ہے۔ میرے تایا جن کی اولاد نہیں تھی ان کا انتقال ہوا ان کے انتقال کے چالیس دن بعد ان کی بیوی بھی فوت ہوگئی۔ ہمارا گھر اور تایا کا گھر ساتھ جڑے ہوئے ہیں بس درمیان میں چھوٹی سی دیوار تھی جو کے ان دونوں کے فوت ہوجانے کے فوراً بعد ہم نے ختم کردی چونکہ ہم ہی پیچھے جائیداد کے وارث تھے اور وراثت کے کاغذات چالیس دن میں تیار کرکے ہم نے اپنے پاس رکھ لیے۔ ایک دن اچانک تائی کی بھانجی کا خاوند کچھ افراد کے ساتھ تایا والے حصہ میں آگیا اور لڑائی کرنا شروع کردی وہ ہتھیاروں سے لیس تھے مگر ہمارے پاس 625 والا بسم اللہ والا تعویذ تھا۔ میں نے پولیس کو کال کی جو فوراً پہنچ گئی اور سب کو گرفتار کرکے لے گئی اور اس شرط پر صلح نامہ ہوا کہ وہ دوبارہ اس مکان کا رخ بھی نہیں کرے گا۔ ایک اور بھی مشاہدہ ہے کہ مجھے آپ سے ملنے کا ٹوکن نہ مل سکا میں نے اپنا مسئلہ آپ کے اسسٹنٹ صاحب کو بتایا میرے تایا بیمار ہیں اور ان کی بیوی کے میکے والے جائیداد کی خاطر اپنے سسرال لے کر گئے ہیں کوئی وظیفہ بتائیں تو اسسٹنٹ صاحب نے مجھے سورۂ انشقاق کی آیت نمبر 4 اور 5 پڑھنے کو دی۔ میں نے پاگل بن کر پڑھی۔ جو تایا والا حصہ تھا وہ بھی ہمارے نام ہی نکلا کیونکہ تایا نے چالیس سال پہلے پسند کی شادی کی تھی دادا ابو راضی نہیں تھے انہوں نے غصے میں آکر ساری حویلی جہاں ہم رہتے ہیں میرے ابو کے نام کردی تھی اور کسی کو بھی نہیں بتایا تھا جب تایا فوت ہوئے تو کاغذات ہمارے ہی نام نکلے۔ ان دو آیات کا ایسا کمال ہوا کہ آج تک لوگ ہمارا جو حصہ جائیداد میں نکلا اس پر حیران ہیں کہ یہ کیسے ہوگیا؟

سلام قولا من رب الرحیم کا مشاہدہ: ایک بار میری اچانک ناف میں انفیکشن ہوگیا ساتھ مجھے بخار بھی کئی دنوں تک رہا گھر میں ایک پرانی کتاب پڑی تھی اس میں لکھا تھا ''سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ'' ایک چھوٹے سے کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر ناف کے اوپر پتلی ڈوری میں لپیٹ کر کمر کے اردگرد باندھ دیں میں نے ایسے ہی کیا دوسرے دن ایسے لگا جیسے میری ناف کو کچھ ہوا بھی نہیں۔ **پیٹ کی رسولی ختم:** امی کے پیٹ میں رسولی تھی جس کا آپریشن 2010 میں ہوا تھا ابھی پچھلے ہفتے کی بات ہے انکا اتنے سالوں بعد زخم اچانک خراب ہوگیا میں نے یہی آیت ''سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ'' کا تعویذ بنا کر باندھ دیا صبح ہوتی تو جو زخم پر پیپ پڑی تھی وہ غائب تھی۔ **یرقان کا علاج:** 2012ء کی بات ہے مجھے اچانک پیلا یرقان ہوگیا میں ڈاکٹر کے پاس اسلام آباد میں گئی ڈاکٹر نے سارے ٹیسٹ کروانے کا کہا مجھے امی نے بتایا کہ اگر تم سورۂ کہف کی آیت ''كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ'' صبح فجر پڑھ کے سورج نکلتے ہوئے منہ سورج کی طرف کر کے گلاس پانی کا لے کر اس پر اکیس بار یہ آیت دم کرو اور سورج غروب ہونے تک یہ دم شدہ پانی گھونٹ گھونٹ یقین کے ساتھ پیو میں نے گیارہ دن ہی ایسا کیا کہ بالکل ٹھیک ہوگئی لیکن میں نے عمل اکیس دن کیا۔ **مشاہدہ:** گھر میں جب بھی کوئی پریشانی، بیماری آتی ہے میں ایک لائن میں 19 بار ''ب'' دوسری لائن میں 19 بار ''س'' اور تیسری لائن میں 19 بار ''م'' پھر ان تینوں لائنوں کے اوپر بڑا سا اللہ لکھ کر تعویذ بنا کر دے دیتی ہوں' بیمار شخص یہ تعویذ چوس کر نگل جاتا ہے' بندہ فوراً ٹھیک ہوجاتا ہے اگر پریشانی ہو تو یہی تعویذ درخت کے ساتھ یقین سے باندھ دیتی ہوں مسئلہ کچھ عرصہ تک حل ہوجاتا ہے۔

یاقادر یانافع کے کمالات: میں نے جنوری 2012ء کے رسالے میں پڑھا تھا کہ آٹا گوندھنے کے دوران جو خاتون مسلسل یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھے گی' وہ روٹی شفاء بن کر ہضم ہوگی اور آٹے میں بھی برکت ہوگی۔ میں یہ عمل گزشتہ نو سال سے کر رہی ہوں۔ بہت لاجواب عمل ہے۔

والدہ کے آزمودہ نسخے! بنائیے صحت پائیے!

محسن شہزاد، سرگودھا

حضرت جی السلام علیکم! 2019 کے رسالہ میں میری والدہ صاحبہ نے پڑھا کہ اس میں لکھا ہوا تھا کہ اجوائن اور سفید زیرہ ہم وزن لے کر اسے اچھی طرح صاف کرلیں اور پھر ان کو پیس کر مکس کرلیں پھر اس کو ایک ڈبی یا کسی جار میں محفوظ کرلیں اس کی ایک چمچ صبح اور ایک چمچ شام لیں۔ والدہ نے اسی طرح کیا اس کو صبح شام استعمال کرلیا تو وہ کہنے لگی کہ اب سارا دن گھر کے کام وغیرہ بھی کرتی ہوں مگر ذرہ سی پیاس محسوس نہیں ہوتی سارا دن روزہ بہت پرسکون گزرتا ہے اور ایک فائدہ اور بھی اس کا ملاوہ یہ کہ افطاری کے بعد پانی پینے کی وجہ سے پیٹ بھاری ہوجاتا ہے وہ اب یہ دوا استعمال کرنے سے نہیں ہوتا بلکہ بالکل تندرست رہتا ہے۔ میری ان تمام حضرات سے درخواست ہے کہ وہ یہ آزمودہ تجربہ ضرور استعمال کریں اور اس کے فائدوں سے لطف اندوز ہوں۔

لاجواب ٹانک، بے مثال مرکب

آملہ، ہریڑ، بہیڑ، سیب اور کوڑتمے کا مربہ سب ایک ایک پاؤ لیں۔ ان تمام کی گٹھلیاں نکال کے ان کو آپس میں پیس کر مکس کرلیں اور اچھی طرح مکس کرلیں اور اس میں ایک پوری کاپی چاندی ورک بھی شامل کرلیں ان تمام اشیاء کو مکس کرنے کے بعد یہ ایک معجون بن جائے گی۔ اس کو صبح وشام ایک ایک چمچ استعمال کرنے سے چکرآنے اور دل کی گھبراہٹ سے مکمل طور پر نجات حاصل ہوگی اور لائف پرسکون اور خوشگوار ہو جائے گی۔ والدہ صاحبہ کہتی ہیں کہ میں رات کو بچی ہوئی روٹی کو ناشتہ میں دہی میں کوٹ کر اس میں مکس کر کے جب بھی کھاتی ہوں تو پورا دن بہت شاندار گزرتا ہے' پورا دن خوشگوار اور ہشاش بشاش رہتا ہے۔ **سفر خوشگوار:** جس انسان کو بھی سفر کے دوران الٹی یا پھر اس کی طبیعت خراب ہوتی ہو تو وہ دو رکعت نفل صلوۃ سفر پڑھ کر اس کے بعد پانچ سورتیں چھ بسم اللہ کے ساتھ پڑھ کر دعا کرلے تو اس کا سارا سفر بہت ہی زیادہ خوشگوار گزرے گا۔ والدہ کہتی ہیں کہ میں نے ایک جگہ فوتگی پر جانا تھا میرا روزہ بھی تھا اور میری اکثر سفر میں طبیعت خراب ہوجاتی ہے تو میں نے یہ عمل کیا تو اب میرا سارا سفر بہت آسانی سے اور خوشگوار طے ہوگیا۔

کپڑوں اجلے چمکدار اور داغ دھبے ختم

داغ دھبے ختم: کپڑے دھوتے وقت اگر آپ بیت الخلا والی دعا پڑھ لیں تو وہ تمام داغ جو آسانی سے نہ اتر رہے ہوں اسی کی برکت سے بہت جلد اتر جائیں گے' یہ آزمودہ ہے اس سے کپڑوں سے نجاست اور نحوست سب ختم ہوجاتی ہے۔ والدہ صاحبہ کہتی ہیں کہ روحانی غسل کرنے سے بہت سے فوائد حاصل ہوئے کہتی ہیں کہ پہلے ہر وقت طبیعت خراب رہتی تھی لیکن جب سے یہ روحانی غسل کا عمل شروع کیا ہے الحمدللہ اب ہر بیماری سے نجات حاصل ہے اور اب میں نے جب بھی غسل کرنا ہو تو یہی طریقہ استعمال کرتی ہوں اس سے اب دائمی بخار سے مکمل نجات حاصل ہے۔ جہاں بھی درد ہو وہاں پر انگلی سے ''محمد'' لکھ دیں اس کے لکھنے سے درد ختم ہوجاتا ہے اس کو اگر یقین سے کریں گے تو اس کا اثر بہت جلد ہوگا۔

گلا خراب' ناک بند! یہ کھائیے

میں رمضان المبارک تسبیح خانہ لاہور میں گزارنے آیا تو اس دوران پانچویں روزے ہی میری طبیعت خراب ہوگئی گلا بہت زیادہ خراب ہوگیا تھا یہاں تک کہ آواز بھی نہیں نکل رہی تھی زکام بھی بہت زیادہ ہوگیا ناک بند ہوگیا بہت زیادہ مشکل کا سامنا تھا بہت پریشان تھا سر میں درد رہتا تھا۔ میڈیکل سٹور سے دوا بھی لی مگر کوئی آرام نہ آیا اسی دوران ایک باباجی ملے انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ستر شفائیں کھانے کا مشورہ دیا جیسے ہی میں نے اس کو استعمال کیا دو دن کے اندر اندر میں ٹھیک ہونے لگا۔ لیکن اس دوا نے تو دو دن میں اپنا اثر دکھایا اور مجھے آرام آگیا' اس کے ساتھ ساتھ میرا گلا بھی صاف ہوگیا اور سانس بھی ٹھیک ہو گیا۔ میرا ان تمام حضرات کو یہ مشورہ ہے جن کی کھانسی یا زکام اور گلا خراب ہو وہ ضرور اس کو استعمال کریں اس سے بہت زیادہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

دانتوں سے ناخن کترنا ایک نفسیاتی مرض اور علاج

فرحت، لاہور

جذباتی لوگ پریشانی کا حل تلاش کرنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں تو اکثر خود آزاری میں مبتلا ہوجاتے ہیں اور اپنے آپ کو نشانہ بناتے رہتے ہیں اور ایسے ہی افراد ناخن خوری شروع کردیتے ہیں یا پھر اپنے ہونٹوں کو چباتے رہتے ہیں۔ دانتوں سے ناخن کترنے کی عادت خاصی عام ہے اور اس عادت میں گھر کے تمام افراد بیک وقت مبتلا ہوسکتے ہیں۔ یہ عادت زیادہ تر بچپن میں ہوتی ہے اور پھر عمر بڑھنے کے ساتھ برقرار رہتی ہے۔ طبی طور پر دیکھا جائے تو عام طور پر ایسی شخصیت غیر متوازن ہوتی ہے اور عموماً اس کا خاندانی پس منظر غیر محفوظ پایا جاتا ہے۔

اس مرض سے بیک وقت سارے ناخن متاثر ہوتے ہیں اور مریض کے آدھ کے علاوہ تقریباً تمام ہی ناخن کترے ہوئے اور شیپ میں نہیں ہوتے۔ بعض اوقات بدرنگ یا بدہیبت ناخنوں کی شکایت ایسے افراد میں بھی دیکھنے میں آتی ہے جو عادتاً اپنے ناخن دوسرے ہاتھوں کی انگلیوں کے سروں پر ملتے رہتے ہیں یا اپنے ناخن کافی گہرائی تک کاٹنے کے عادی ہوتے ہیں اور ناخن کاٹنے کے لیے نیل کٹر اور سیٹ کرنے کیلئے فائل کی بجائے قینچی یا بلیڈ وغیرہ استعمال کرتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض افراد میں انگوٹھے کے ناخن کو اسی ہاتھ کی انگلی سے شعوری یا لاشعوری طور پر چھیڑتے رہنے کی عادت پائی جاتی ہے۔ اس طرح بعض افراد ناخنوں کو ضرب لگاتے رہتے ہیں یا ان کے کناروں کو نوچتے رہتے ہیں جس کی وجہ سے ناخن پر لمبی دھاریاں اور درمیان میں گڑھا پڑ جاتا ہے یہ عادت بھی ناخن چبانے کی عادت کی طرح ایک بار پڑ جائے تو پھر مشکل سے ہی چھوٹتی ہے۔ اس ضمن میں ایک اور عادت کا ذکر بھی باعث خیر ہوگا۔ وہ یہ کہ کچھ افراد کو یہ وہم ہوجاتا ہے کہ ان کے جسم پر کیڑے رینگتے ہیں۔ اپنی اس شکایت کو ثابت کرنے کے لیے وہ اکثر ہاتھ سے نوچے ہوئے ناخن اور اسکے گرد کے گوشت کے چھلکوں کو بھی اپنے ساتھ کلینک پر لاتے ہیں۔ انہیں کتنا ہی سمجھایا جائے مگر وہ قائل نہیں ہوتے اور ایک ڈاکٹر سے دوسرے ڈاکٹر اور ایک ہسپتال سے دوسرے ہسپتال کے چکر لگاتے رہتے ہیں۔ دراصل ان افراد کی شکایات کے پس منظر میں کسی طرح کے ڈپریشن یا نامعلوم پریشانی کا عنصر ہر حال میں موجود رہتا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 57 پر)

یہ موتی گلے میں لٹکائیے! شفا پائیے!

نصیر احمد، لاہور

عبقری قارئین! السلام علیکم! میں آج آپ کے لیے ایک لاجواب موتی کے فوائد لیکر حاضر ہوا ہوں' یہ موتی پنسار کی دکان سے عام مل جاتا ہے' تھوڑا مہنگا ہے مگر عام ہے' اس کے فوائد شاید آپ نے پہلے کبھی نہ پڑھے ہوں گے۔

موتی کی پہچان

موتی کی پہچان: (۱) اصل موتی قزح رنگی یعنی ہر پہلو سے نیا رنگ دکھانے کی خاصیت رکھتا ہے یہ لازمی شناخت کرلیں۔

(۲) یہ دانت سے فوری ٹوٹ جاتا ہے نقلی نہیں ٹوٹتا۔

(۳) اصلی موتی کوئلہ پر رکھنے سے چٹک کر باہر آجاتا ہے نقلی وہیں رہتا ہے۔

(۴) اصلی موتی تیزاب گندھک میں ڈالنے سے فوراً چڑنے لگتا ہے نقلی پر اس کا اثر آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔

(۵) اصل موتی چاند کی چمک دینے والا، موٹا دانہ کا نہایت خوبصورت، چھونے سے چکنا، صاف اور بھاری ہوتا ہے۔

موتی کے لاجواب فوائد

فوائد: (۱) موتیوں کی مالا پہننے سے جلن، بخار کو تسکین ہوتی ہے۔ چہرہ پر چمک آتی ہے، آنکھوں کو سکون ملتا ہے۔

(۲) اگر چھوٹے بچے کو ایک دانہ مروارید سفوف کر کے روزانہ چالیس دن تک کھلائیں تو اسے چیچک اور خسرہ نہیں نکلتا۔

(۳) چیچک اور موتی جھرہ میں مروارید سالم دانہ نگلوانے سے نکلنے والے دانے جلد نمودار ہوجاتے ہیں۔

(۴) دافع امراض چشم ہے۔ زہر وٹی بی (تپ دق) کو نابود کر دیتا ہے۔ کھانسی، دمہ، کمی ہاضم کو دور کرتا ہے جسم کو مضبوط کرتا ہے، ہاتھ پاؤں اور جسم کی تمام اندرونی جلن کو دور کرتا ہے۔ جسم کا رنگ نکھر آتا ہے، عقل بڑھاتا ہے، زہروں کے اثر کو ختم کرتا ہے یہ نہایت مفرح دل ہے، دل دھڑکنے اور بھڑکنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ دل کی رفتار کو ٹھیک کرتا ہے۔ منہ کے راستے خون آنے یا جسم کے کسی حصے سے خون جاری ہونے کو بند کرتا ہے۔ جریان، سیلان کے لیے نہایت مفید ہے۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔ کمزور بچوں کو از حد مفید ہے۔ بہترین کیلشیم ہے۔

(۵) اصل موتیوں کو اس حد تک حل کیا جائے کہ پانی ہو جائیں پھر چہرہ پر ایک دفعہ ہی لگانے سے داغ، مہاسے دور ہوجاتے ہیں اس کو کھرل کرنا ہو تو لیموں کا رس ڈالیں۔

کشتہ مروارید

مروارید کو عرق گھیکوار یا عرق لیموں میں ایک روز تر رکھیں۔ پھر کسی ڈولی میں ڈال کر گل حکمت کر کے تھوڑی سی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں کشتہ تیار ہے۔ خوراک بڑوں کو ایک رتی بچوں کو نصف رتی ہمراہ دودھ کھلائیں۔

دشمن کے چنگل میں بری طرح پھنس جائیں تو میرا آزمودہ عمل کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ اکثر فرماتے ہیں کہ اعمال کے نفع بتایا کریں' میں نے عبقری سے بے شمار فوائد پائے آج لکھنے بیٹھی ہوں' یقیناً قارئین مستفید ہوں گے۔ **18 سالہ پرانا سر درد تھا'** میں نے ایک مرتبہ ایک ٹوپی پر انگلی سے مکمل بسم اللہ لکھی' اب جب بھی سر میں درد ہو' میں وہ ٹوپی پہنتی ہوں یقین کیجئے میرا سر درد ختم ہوجاتا ہے۔ **دشمن کا چنگل:** ہم دشمنوں کے چنگل میں بری طرح پھنس چکے تھے' چاروں طرف موت کے سوا کچھ نظر نہیں آتا تھا' عبقری رسالہ میں یاقہار کے فوائد پڑھے' میں نے یاقہار بے حساب دن رات ہزاروں کی تعداد میں روزانہ پڑھا' یقین کیجئے کوئی ہمارا بال بھی بیکا نہ کرسکا' اللہ کریم نے تمام دشمنوں سے نجات عطا فرمادی۔ **برکت ہی برکت:** سورۂ کوثر صبح و شام 129 مرتبہ برکت والی تھیلی پر دم کرنے سے پیسوں میں بہت زیادہ برکت ہوگئی ہے' مہینہ کے اخراجات کے الگ پیسے کرلینے سے بے حساب برکت ہوتی ہے۔ **مکان:** ہمیں اچھا کرایہ کا مکان نہیں ملتا تھا' مسلسل درس سننے اور درس کے بعد دعا مانگنے سے اپنی مرضی کے مطابق کرایہ کا مکان مل گیا۔ **گندی نظروں سے نجات:** جب بھی گھر سے باہر نکلتی' لوگوں کی گندی نظروں اور بیہودہ الفاظ سے دماغ پھٹنے کو آجاتا تھا' مگر اب جب بھی نکلتی ہوں یاحفیظ یاسلام پڑھ لیتی ہوں' الحمدللہ ہر شر سے نجات مل گئی ہے۔ **ڈاڑھ درد سے نجات:** ڈاڑھ میں شدید درد ہو تو انگلی سے اس جگہ پر زور دے کر سورۂ قریش پڑھنے سے درد فوچکر ہوجاتا ہے۔ **غربت سے نجات:** بہت کسمپرسی کے حالات تھے' سورۂ کوثر ہر نماز کے بعد 129 مرتبہ اول وآخر گیارہ بار درود شریف پڑھنے کے اب صدقہ و خیرات دینے کے قابل رب نے بنادیا ہے۔ الحمدللہ! پہلے نوکری نہیں ملتی تھی' سورۂ کوثر اور یاقہار کی برکت سے نوکری بھی مل گئی ہے۔ (پوشیدہ)

بائی پاس کروانے سے پہلے یہ ٹوٹکہ ضرور آزمالیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چھ سال سے پڑھ رہا ہوں' اس میں آئے ٹوٹکے' نسخہ جات اور وظائف سے میری بے شمار پریشانیاں دور ہوئیں' آج میں بھی عبقری قارئین کے لیے کچھ لے کر حاضر ہوا ہوں! یقیناً قارئین بھرپور مستفید ہوں گے۔ میرے پاس ایک ایسا آزمودہ ٹوٹکہ ہے اگر کوئی امراض قلب میں مبتلا شخص اسے کچھ عرصہ مستقل استعمال کرلے تو وہ بفضل تعالیٰ ضرور شفاء پائے گا اس کے علاوہ جس شخص کا بائی پاس ہونے والا ہو تو میری درخواست ہے اس ٹوٹکے کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی کے ساتھ ضرور استعمال کرلیں' ان شاء اللہ بغیر بائی پاس کے یقینی شفاء حاصل ہوگی۔ **نسخہ:** عرق لیموں ایک کپ' عرق ادرک ایک کپ' عرق لہسن ایک کپ اور سیب کا سرکہ ایک کپ ان تمام اجزا کو مکس کرلیں اور ہلکی آنچ پر ابال لیں' جب تین کپ رہ جائے تو ٹھنڈا ہونے کے لئے رکھ دیں' نارمل ہونے پر ان تین کپ کے اندر خالص شہد ملا کر کسی بوتل میں محفوظ کرلیں۔ ہر صبح نہار منہ ناشتے سے پہلے ایک چمچ باقائدگی سے استعمال کریں' قلب کے تمام امراض میں کچھ عرصہ کے استعمال سے ان شاء اللہ شفاء حاصل ہوگی۔ (بشیر حسین، لاہور)

ایجنسی ہولڈر نے دھوکہ دیا

محترم قارئین السلام علیکم! میں ملتان کا رہائشی ہوں' ملتان میں عبقری کے ایک ایجنسی ہولڈر نے اشتہار چھپوایا کہ میرے پاس ہفتے میں ایک مرتبہ شیخ الوظائف خود تشریف لاتے ہیں' ہم جب وہاں گئے تو انہوں نے بتایا کہ آج وہ نہیں آئے ان کے اسسٹنٹ آئے ہیں' ہمیں انہوں نے جو ادویات دیں وہ عبقری کی نہ تھیں' ہم سے مشورہ فیس بھی لی' ہم سے تین ہزار بٹور لیے گئے شفاء بھی نہ ملی الٹا ان ادویات نے مجھے مستقل معدہ کا مریض بنادیا۔ (ش' ملتان)

اذان اور جنات کی دوڑیں! آنکھوں دیکھے مشاہدات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کیلئے اذان کی اہمیت اور اس کی آواز سے شیاطین کیسے بھاگتے ہیں کچھ سچے مشاہدات لیکر حاضر ہوا ہوں' یقیناً قارئین کو یہ تحریریں پڑھ کر اذان کی اہمیت کا اندازہ ہوگا کیونکہ میں نے معاشرے میں دیکھا ہے کہ اکثر لوگ اذان سنتے نہیں بلکہ اس کے گزرنے کا انتظار کرتے ہیں' آیئے پہلے احادیث مبارکہ کا مطالعہ کرتے ہیں:۔

اذان کی فضیلت وکمال جنات، شیاطین اذان سے کتنا دور بھاگتے ہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سنا ہے۔ فرمایا: شیطان جب نماز کی پکار یعنی اذان سنتا ہے تو مقام روحا کے برابر (جو مدینہ سے 36 میل دور ہے) چلا جاتا ہے۔ (رواہ مسلم)

تمہاری قسمت اچھی تم بچ گئے!

قارئین! ہمارے گاؤں میں میرے ایک مقتدی امین گل صبح سویرے قضائے حاجت کے لیے گاؤں سے نکلے جونہی قضائے حاجت کے لیے بیٹھے ظاہر ہے کہ وہ یہ کلمہ کہے بغیر قضائے حاجت کے لیے بیٹھ گئے کلمہ مبارک جو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے امت کی حفاظت کے لیے بتایا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ اگر وہ یہ دعا پڑھتا تو ایسا واقعہ ہرگز پیش نہ آتا۔

جونہی قضائے حاجت کے لیے بیٹھے۔ کسی شیطان جن نے پیچھے سے زور سے دھکا دیا۔ دھکا لگنے کے ساتھ ہی وہ اوندھے منہ گر گئے اور بلند آواز سے پکارا ''وائے''۔ قریب ہی دوسرے گاؤں کی مسجد سے اذان کی آواز اللہ اکبر شروع ہوئی تو وہ جن اتنا دور بھاگا' اس نے دور سے صرف اتنا زور سے پکارا (جن نے پکارا) کہ ''تمہاری قسمت اچھی تھی کہ تم بچ گئے ہو'' امین گل لرزتے کانپتے بہت مشکل سے گھر پہنچ گئے۔ آس پاس لوگوں نے امین گل کی آواز ''وائے'' اور جن کی آواز کہ تمہاری قسمت اچھی تھی کہ تم بچ گئے'' سنا۔

سچ فرمایا: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اذان کی آواز سے جن مقام روحا تک بھاگتا چلا جاتا ہے' یہ مقام روحا مدینہ منورہ سے 36 میل کے فاصلہ پر ہے یعنی اذان سے شیطان جن 36 میل تک بھاگتا رہتا ہے جہاں اذان ہو جائے وہاں سے جنات بھاگ جاتے ہیں۔

اذان کی آواز سے کتے کو ایسی مار پڑی کہ سب حیران!

واقعہ اس طرح ہے کہ میں درہ آدم خیل کے گاؤں بابوزی مسجد کی امامت کر رہا تھا۔ اذان فجر کے لیے جونہی میں کھڑا ہوا۔ پیچھے دیوار چھوٹی تھی۔ اس پر کتا چڑھ آیا اور مجھ پر حملہ کرنے کے لیے بالکل تیار تھا' میرا منہ قبلہ کی طرف تھا' مجھے بالکل معلوم نہیں تھا کہ پیچھے کتا ہے اور وہ حملہ کیلئے تیار کھڑا ہے' جونہی میں نے اذان شروع کی اور لفظ اللہ اکبر پکارا' دیکھنے والوں نے بتایا کہ کتے کو کسی نے زور سے پیچھے سے پکڑ کر دیوار سے نیچے گرادیا اور کتا بہت زیادہ ڈر گیا اور بھونکتا ہوا بھاگ رہا تھا۔ میں نے اپنے اذان کے عمل کو بے دھڑک مکمل کرلیا مگر قدرت کی ایسی غیبی مدد کا تصور کرکے حیران تھا کہ اللہ نے اذان کی ''اللہ اکبر'' کے ساتھ ہی غیبی مدد بھیج کر کتے کو دور بھاگنے پر مجبور کیا اور میری مدد فرمائی۔ (عبدالوہاب' کوہاٹ)

خسارے میں جانے والا کاروبار چمک اٹھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ دو سال سے کاروبار اتنا خسارے میں جا رہا تھا کہ میں مقروض ہونے کو تھا کوئی راہ نظر نہیں آرہی تھی کہ کیا کروں۔ کیوں دن بدن کاروبار میں اچانک خسارہ ہونا شروع ہوگیا ہے۔ یہ بات میں نے اپنے ایک دوست سے شیئر کی اس نے کہا کہ تو ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ تقسیم بھی کرو اور اس میں دیئے گئے وظائف میں کروان شاءاللہ چند ماہ میں تمہارا کاروبار چمک اٹھے گا۔ میں نے دوست کی بات پر عمل کیا کتابچہ ہر ہفتے 200 کی تعداد میں تقسیم کیا اور ہر نماز کے بعد کتابچہ میں دیئے گئے وظائف کی پابندی بھی کرنا شروع کردی۔ اللہ پاک نے چند ماہ میں میرے کاروبار کو چمکا دیا۔ (ذوہیب، لاہور)

بیٹی کے میٹرک کے امتحانات اچھے ہوگئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کے میٹرک کے امتحان سر پر تھے لیکن وہ کہتی تھی کہ امی پڑھائی کو دل نہیں کرتا دل کرتا ہے کہ ہر وقت فارغ بیٹھی رہوں۔ میں بہت پریشان ہوگئی کہ اس طرح تو میٹرک میں فیل نہ ہو جائے میں نے یہ بات اپنی والدہ سے شیئر کی تو انہوں نے مجھے ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ پڑھنے اور تقسیم کرنے کی ہدایت کی میں نے کتابچہ میں دیئے گئے وظائف پڑھے بھی اور کتابچہ تقسیم بھی کیا جس کی برکت سے میری بیٹی کا پڑھائی میں دل لگ گیا اور اس کے میٹرک کے امتحانات اچھے ہوئے۔ (زوجہ محمد افضل، شیخوپورہ)

(بقیہ: مجھے اپنے اکابر پر اعتماد ہے:) کا باعث ہیں، یہ بات تو مختلف روایات میں موجود ہے۔ بکریوں کے بابرکت ہونے کا ذکر مختلف کتابوں میں موجود ہے۔ البتہ امام طبرانی نے ایک روایت صحیح سند کے ساتھ نقل کی ہے کہ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ گھر میں بکریاں پالا کرو، ان میں برکت ہے۔ وضاحت: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خود بکریوں میں برکت کا ارشاد فرمایا ہے اور اس وجہ سے ان کے پالنے کی ترغیب دی ہے۔ مجلس التحقیق الاسلامی محدث فورم کا فتویٰ 1۔ اُم ھانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُن سے فرمایا اتَّخِذِی غَنَمًا فَإِنَّ فِیھَا بَرَکَۃً تم بکریاں لو (یعنی بکریاں پالو اور اُن کی تجارت کرو) کہ بکریوں میں برکت ہوتی ہے۔ (سنن ابن ماجہ/ حدیث 2304/ کتاب التجارات/ آخری باب اتخاذ الماشیۃ، السلسلۃ الصحیحۃ/ حدیث 773،)2۔ مسند احمد میں ثقہ رواۃ سے موقوفا مروی ہے: وہب بن کیسان فرماتے ہیں کہ میرے والد سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے، تو سیدنا ابوہریرہ نے پوچھا کہاں کا ارادہ ہے، تو میرے والد نے عرض کیا کہ میری کچھ بکریاں ہیں (ان کے پاس جا رہا ہوں) تو سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اچھا ہے، آپ ان بکریوں سے مٹی جھاڑا کیجئے، اور ان کی رہائش کو صاف ستھرا رکھئے، اور ان کے پاس نماز بھی پڑھ لیا کیجئے، کیونکہ بکریاں جنت کے جانوروں میں سے ہیں۔ (مسند احمد 9625)3۔ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی چچازاد سیدہ ام ھانی رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے انہیں فرمایا: اے ام ھانی بکریاں پالو کیونکہ یہ شام کو خیر کے ساتھ آتی ہیں اور صبح خیر کے ساتھ جاتی ہیں"۔ (مسند احمد 26903، حدیث صحیح)4۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: تم لوگ بکری کے ٹھکانے میں نماز پڑھو اور اسکی ناک سے بہنے والا پانی صاف کردو یا مٹی صاف کردو کیونکہ یہ جنت کے حیوانات میں سے ہیں۔ (صحیح الجامع: 3789)

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 141

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

خوش قسمتی کا مبارک دن

آج خوش قسمتی کا وہ مبارک دن ہے کہ آپ ایک ایسا مبارک معتبر' معزز' مقدس نقش حاصل کر رہے ہیں جو صدیوں کا بھید تھا' بڑے بڑے عامل اس کو سینے میں لے کر دنیا سے کوچ کر گئے' جن کے پاس ہے وہ بتانے سے گریزاں ہیں اور جن کے پاس نہیں ہے وہ تلاش کرتے کرتے بال سفید کر بیٹھے' کیا کمال چیز ہے کہ دنیا کا ہر فرد اس نعمت کو حاصل کرنے کے لیے حیران اور پریشان ہے۔ کیا آپ اپنا مقدر سنوار سکتے ہیں؟۔ 2۔ کیا اولاد کے نصیب مقدر عزت شان وشوکت آپ کے بس میں ہے؟ 3۔ کیا خوشحالی محنت سے ہوتی ہے' جان مارنے سے' ہڈیاں توڑ اور جلا دینے سے' ہاں محنت شرط تو ہے لیکن فیصلہ محنت پر نہیں' کتنے محنت کرنے والے ساری عمر غریب' فقیر' منگتے ہیں اور رہے اور کتنے محنت نہ کرنے والے مال' تونگری' عزت اور دولت میں اتنا زیادہ کہ خود انہیں پتہ نہیں ہماری کتنی دولت ہے۔ 4۔ کیا آپ کے بس میں ہے کہ اپنی ایک بیماری کا علاج کر سکیں؟ وہ تھوڑا سا نزلہ زکام ہے یا بہت بڑی بیماری ہے' ہاں دوا ضرور کھائیں اور لازم کھائیں لیکن شفاء کا نظام تو عرشی ہے۔ 5۔ کیا آپ کے بس میں ہے کہ آپ کی نسلوں میں لولے لنگڑے' اپاہج' بھینگے' اندھے' گنجے پیدا نہ ہوں؟۔ 6۔ کیا آپ کے بس میں ہے کہ آپ کے خاندان میں غربت' تنگدستی' فقر اور منگتے نہ ہوں؟

کیا ہماری آنے والی نسلیں بھی مالدار ہوں گی؟

یقیناً یہ تمام چیزیں ایسی ہیں جو ہمارے بس میں نہیں ہیں' آج ہم صحت مند تندرست ہیں' آج ہم مالدار اور خوشحال ہیں ہمیں علم نہیں ہماری آنے والی نسلیں صحت مند اور تندرست رہیں گی' کیا رزق دولت تندرستی ہماری آنے والی نسلوں کو مل کر رہے گی' یہ فیصلہ ہمارے بس میں نہیں اور یہ فیصلہ ہم کر نہیں سکتے تو آیئے! پھر کچھ ایسے کائنات کے روحانی راز' بھید' کرشمات حاصل کریں جو کائنات کے وہ راز ہیں جو عرش الٰہی میں چھپے ہوئے یا پھر رب نے اپنے خاصان خاص کو عطا کیے' ان بھیدوں میں یہ حروف مقطعات ہیں اور یہ ایسے حروف ہیں جو قرآن میں نور کی شکل میں لیکن ہم ان تک پہنچ نہیں پائے اور ہم ان تک ابھی تک رسائی حاصل نہ کر سکے۔

نقش آپ کی آنکھوں کے سامنے ہے

آج وہ حروف مقطعات کا ایک مبارک بابرکت سلسلہ شروع ہو رہا جس کا نقش آپ کی آنکھوں کے سامنے ہے' اس کو دیکھنا ثواب' اس کو پڑھنا ثواب' اس کو لکھنا ثواب' اس کو پھیلانا ثواب' حتیٰ کہ اس کا ورد بھی اور اس کا گمان اور خیال بھی آپ کو ثواب' برکت' رحمت اور راحت میں لے جائے گا۔

> میں نے اس کی قدر دانی جنات میں دیکھی ہے' جنات دیوانے اور پاگل ہیں حروف مقطعات پر' بلکہ جنات کا کہنا ہے کہ وہ شخص خوش قسمت ہوگا جس کے پاس حروف مقطعات کے راز ہوں اور پھر حروف مقطعات کا یہ نقش ہو

ہماری زندگی میں خوشیاں مشکل سے' غم بن مانگے آتے ہیں' یہ نقش غموں کو ٹلوانے دکھوں کو دور کرنے' نسلوں میں عزت شان وشوکت اور خیر و برکت کے دروازے کھلوانے کے لیے حیرت انگیز مبارک اور بابرکت سعادت مند تحفہ ہے جو موجودہ مشکلات اور پریشانیوں کے گھرے دور میں راحت کا واقعی سامان اور سچا سامان ہے' یاد رکھیے گا! قدر دان ہی اس چیز کی قدر دانی میں آگے بڑھے گا اور قدر دان ہی ہمیشہ خیر کے دروازے کھلواتا ہے' برکت کی راہیں کھلواتا ہے' عافیت کو اپنے دل میں جگہ دیتا ہے اور یہ صرف وہ شخص لے سکتا ہے جس کے مزاج اور طبیعت میں عظمت ہو' ادب ہو' اعتماد ہو' اعتقاد ہو اور یقین ہو۔

آپ کو مبارکباد دیتا ہوں!

میں ان خوش قسمت لوگوں کو مبارکباد دیتا ہوں کہ یہ وہ نقش ہے اس کو انسانوں نے کیا کامیاب' جنات نے لیا ہر میدان میں فتح اور کامیابی۔ آپ گمان نہیں کر سکتے جناتی دنیا میں اس نقش کی کیا عزت اور عظمت ہے اور جناتی دنیا میں اس نقش کے کیا وقار اور شان وشوکت ہے اور جناتی دنیا میں گمان اور خیال سے بالاتر ہے' اس نقش کی کتنی خیریں اور برکات جنات کے پاس موجود ہوں' کتنے جنات ایسے ہیں جن کے پاس یہ نقش ہے' وہ اپنی اولادوں کو بتا کر نہ گئے' اپنی نسلوں کو محروم کر گئے اور انسانوں کی مثالیں تو آپ کے سامنے یقیناً ہوں گی کہ کتنے انسان ایسے ہیں جو بے شمار عزتیں دولتیں سرخروئیاں کامیابیاں اس نقش کی وجہ سے پا گئے لیکن آج تک اس نقش کی برکات کو لوگوں تک نہ پھیلا سکے بلکہ سینے کا راز بنا کر قبر میں لے کر چلے گئے۔ میں آپ کو یہ بہت مبارک تحفہ دے رہا ہوں' آپ کو زندگی کا کوئی مسئلہ' مشکل' پریشانی' ناکامی' الجھن' گھبراہٹ' تکلیف دل کی ہے' جسم کی ہے' وہ روگ' ٹینشن اور بیماری کی شکل میں ہے' وہ پریشانی اولاد اور گھر کی صورت میں ہے وہ ناکامی آپ کو زندگی کی کوئی الجھن اور مسئلہ کی شکل میں بس آپ بالکل مایوس نہ ہوں اور نہ پریشان ہوں اس نقش کی برکات اور تاثیر آپ کی نسلوں میں ایسی پھیلتی چلی جائیں گی چاند کی چاندنی کی طرح سورج کی روشنی کی طرح اور ستاروں کی جھلملاہٹ کی طرح۔

رزق اور برکت کی بارش

ایسے محسوس کریں گے کہ آپ نئی دنیا میں آ گئے' سکھ آپ کے قریب' چین آپ کی جھولی میں' رزق اور برکت کی بارش' نسلوں میں سکون چین' ناکامیاں' بیماریاں' تکالیف' الجھنیں اور لاعلاج روگ جو آپ کہتے ہیں کہ شاید اس کا کوئی علاج نہ کر سکیں بس آپ بالکل مایوس اور پریشان ہو چکے ہوں یا پھر آپ کہتے ہیں کہ ہمارے مسئلے کا حل صرف موت ہے اور موت کے علاوہ کوئی حل ہے ہی نہیں تو آپ اس نقش پر اعتماد اور بھروسہ کیجئے جتنا دل کی گہرائیوں' یقین کی دنیا عزت اور عظمت کے ساتھ اس نقش کی طلب رکھیں گے اور قدر کریں گے یہ نقش آپ کو خیریں' راحتیں اور برکات وہ دے گا جو آپ کی نسلیں بھی شاید نہ سمیٹ سکیں۔

اللہ کے خزانوں سے لینے کیلئے کائنات کا راز

آپ کو علم ہے کہ کتنے بڑے بڑے اولیاء صلحاء کتنی بڑی بڑی ہستیاں ایسی جو دنیا کے بھی مالدار روحانیت کے بھی مالدار اور دنیا کے بھی اتنے بڑے مالدار کہ آج بھی ان سے بڑے مالدار دنیا میں نہیں ہیں' یقیناً ان کے پاس کوئی روحانیت کی

کاش میرا شوہر مجھے کبھی نہ بلائے؟ شوہر سے شدید محبت! صفحہ نمبر 41 پر دیکھئے

چابیاں تھیں' رزق کے دروازے کھلوانے اور اللہ کے خزانوں سے لینے کے لیے کائنات کے راز کہیں سے ملے تھے' کیا معلوم کسی کو یہ نقش مل گیا ہو اور اس نے اس نقش کو قدردانی عزت اور عظمت کی نظر سے دیکھا ہو' یقین اور اعتماد سے اس نقش کو چوما اور اس پر عمل کیا ہو۔ آج ان کی نسل در نسل رزق' عزت' برکت اور تونگری میں مالا مال ہے۔

یاد رکھیے گا! حروف مقطعات کائنات کے رازوں میں سے راز' قدرت کے خزانوں میں سے خزانہ اور عزت کے اور وقار کے' شان و شوکت کے انوکھے کمالات میں سے ایک کمال ہے۔ بہت ہی نصیب مقدر بھرا وہ شخص ہوگا جو حروف مقطعات کی آخری درجہ میں قدروقیمت اپنے دل میں لائے گا۔ جتنے بھی صلحاء اولیاء باکمال ہستیاں گزری ہیں ان سب نے حروف مقطعات کے بھیدوں کو تلاش کیا' حروف مقطعات کے سمندر میں غوطے لگائے اور حروف مقطعات کے سمندر سے لال' جواہر' موتی چن چن کر لائے لیکن جو نقش اس وقت آپ کی خدمت میں پیش ہے یہ نقش حروف مقطعات کی ایک ایسی سچی موتیوں کی لڑی ہے جو آپ کو اور آپ کی نسلوں کو وہ کائنات کے روحانی طبی' جسمانی' اور تونگری کے بھید دے گا جو شاید کبھی آپ نہ سوچ سکیں نہ خیال اور گمان کر سکیں۔

اس نقش کی قدردانی جنات میں دیکھی

میں نے اس کی قدردانی جنات میں دیکھی ہے' جنات دیوانے اور پاگل ہیں حروف مقطعات پر' بلکہ جنات کا کہنا ہے کہ وہ شخص خوش قسمت ہوگا جس کے پاس حروف مقطعات کے راز ہوں اور پھر حروف مقطعات کا یہ نقش ہو' آپ یقیناً مقدر نصیب اور برکت والے ہیں جن کو یہ نقش ملا ہے' آپ کے زندگی کے کوئی بھی ناممکن مسائل ہیں اور اس کا معاملہ بندوں سے ہے یا کائنات کے خفیہ نظام سے اور پوشیدہ نظام سے ہے تو بس اس نقش کو عظمت اور قدر کی نظر سے دیکھیں' آپ قسمت کے سکندر اور نصیب کے تاجدار بن جائیں گے۔

تکالیف کے مارے ہوئے جنات

ایک واقعہ آپ کو سناتا ہوں ایک سفر میں جانا ہوا' وہاں میرا قیام ایک مسجد کے ساتھ کمرے میں تھا' رات کا وقت تھا' ایسے محسوس ہوا کہ کسی نے مجھے ہلایا' آنکھ کھل گئی' تو دیکھا پانچ مرد' تین عورتیں اور سترہ اٹھارہ کے قریب بچے تھے' کمرہ بھرا ہوا تھا حیرت ہوئی اتنے چھوٹے کمرے میں

صحابی بابا جن کا عطا کردہ کل 12 نقش کا عمل ہے' پہلا نقش اس سے اگلے صفحہ (نمبر 41) پر شائع کیا جارہا ہے۔ باقی گیارہ نقش بھی ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش کی ترتیب سے شائع کیے جائیں گے۔ ہاں مگر اس کی ہدایات کو غور سے پڑھیے اگر ہدایات نہ پڑھیں تو فائدہ نہ ہوگا۔ خود بھی کیجئے' دوسروں کیلئے بھی علیحدہ نقش پُر کر سکتے ہیں' صدقہ جاریہ کیلئے تقسیم بھی کیجئے۔

(نوٹ: نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے)

اتنے بندے آ کیسے گئے؟ ایک دوسرے میں ایسے سمٹے ہوئے تھے کہ محسوس ہوتا تھا کہ وہ ہواؤں سے بنے ہوئے ہیں یا ہیولے اور عکس سے بنے ہیں' جب شعور بیدار ہوا (کیونکہ گہری نیند میں سویا ہوا تھا) تو احساس ہوا کہ وہ جنات ہیں' وہ تو خود تکالیف سے مارے ہوئے تھے' داستان کافی لمبی' کنبہ زیادہ' کمانے والا ایک' زندگی مسائل اور مشکلات میں بہت زیادہ جکڑی ہوئی' ہر وقت پریشانیاں اور مسائل ان کے ساتھ تھے۔ بے شمار ادھر ادھر پھر پھرا کر تھک ہار گئے تھے لیکن ان کا ساتھ دینے والا کوئی بھی نہ تھا' کئی کئی دن ان کے گھر میں فاقے' غربت اور تنگدستی کا راج تھا' مسائل اور پریشانیاں حد سے زیادہ تھیں ایک الگ دنیا تھی' الگ ہی روگ تھے' ان کے بچوں اور عورتوں کی آنکھوں میں آنسو تھے اور خود بھی رو رہے تھے اور پکار پکار کر کہہ رہے تھے ہم آپ کی خدمت میں حاضری دینے صرف اسی لیے آئے ہیں کہ کوئی ہمارے لیے چارہ ساز ہو' ہمیں کوئی ایسا اسم بتائیں کوئی ایسا عمل بتائیں غربت ختم ہو اور نسلوں کا مقدر نصیب سنورے۔ ہمارے ماں باپ اسی غم اور فکر میں صدیوں زندگی گزار کر چلے گئے اور ہم بھی اسی غم اور دکھ کی زندگی پا رہے ہیں' آخر کب تک یہ زندگی گزاریں گے' آخر کب تک ان مسائل میں روز جئیں گے اور روز مریں گے۔

پہلا نقش' ا' ل' م' کا

میں نے انہیں حوصلہ دیا اور کہا کہ آپ بالکل مایوس اور پریشان نہ ہوں' سوچتے سوچتے اچانک میں ایک نتیجے پر پہنچا اور انہیں یہ حروف مقطعات کے نقش دیئے' سب سے پہلا نقش ال م کا دیا اور اس کی تمام ترکیب جو اس وقت آپ کو بتائی جارہی ہے' ہاں ایک بات چلتے چلتے ضرور کریں کہ اگر آپ اپنی زندگی کو واقعی خوشحالی کی طرف سو فیصد لانا چاہتے ہیں اور پریشانیاں دور کرنا چاہتے ہیں اور تنگدستی کا ازالہ چاہتے ہیں لیکن تھوڑا نہیں زیادہ بلکہ زیادہ کہ دائمی تو پھر فوراً اس نقش پر توجہ کریں لیکن یقین اعتماد اور دھیان کے ساتھ اور یہ نقش وہ نقش ہے جو آپ کے مقدروں کے نصیب مقدر سنوار دے جو آپ کو رزق وسعت اور برکت کے دروازے کھلوا کر دکھا دے جو آپ کے لیے انوکھا نظام خیر اور برکت کا دلوا دے۔ آپ کا گمان خیال نہیں ہوگا آپ کو زندگی میں کتنی خیریں اور برکات ملی ہیں اور ملیں گی۔ میں نے یہ ساری باتیں اور بھی بہت سی وضاحتیں سمجھا بتا کر بھیجا۔ بات آئی گئی ہوگئی' میں بھول گیا' کچھ ہی عرصہ کے بعد وہ خاندان کسی اور جگہ جنات کی ایک تقریب میں مجھے ملا۔

ان کی خوشحالی دیکھ کر حیرت ہوئی

ان کی خوشحالی دیکھ کر مجھے حیرت ہوئی اور پھر جو انہوں نے اس بابرکت نقش کے واقعات مشاہدات اور تجربات مجھے بتانا شروع کردیئے مجھے حیرت ہوئی اور ایسی حیرت کہ اللہ تو کتنا کریم ہے اور تو کتنا شہنشاہ ہے اور تو کتنی کریمی کے ساتھ بندوں کی مدد کرتا ہے اور اپنی کائنات کے حروف مقطعات کے راز اور ان کے اندر چھپے برکت' راحت' رحمت' رزق' وسعت اور خیر کے خزانوں کو تھوڑی سی محنت سے بندوں کو دے دیتا ہے اے اللہ تیرا کتنا شکر ادا کیا جائے اور تیری اتنی مہربانی کیلئے بار بار سجدے کیے جائیں تو ہم حق ادا نہیں کرسکتے۔ لہٰذا اس نقش کی قدر کریں پا جائیں گے۔ (جاری ہے) (نقش اگلے صفحہ (41 نمبر) پر ملاحظہ فرمائیے)

خاص ہدایات ضرور پڑھیں ورنہ محروم رہ جائیں گے

(1) کسی بھی کالی سیاہی والے بال پین یا قلم دوات سے اس نقش کو پُر کرنا ہے‘ سب سے پہلے نیچے دی گئی جگہ پر اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھیں۔ اگر آپ کسی دوسرے کیلئے نقش پُر کررہے ہیں تو اس کا نام مع والدہ لکھیں‘ اس کی والدہ کا نام معلوم نہیں تو صرف اسی کا نام لکھ دیں۔(2) نقش کے درمیان 99 خانوں کو پُر کریں۔ ان خانوں میں لکھے حروف پر قلم پھیریں۔(3) اس نقش کو پُر کرتے ہوئے ہر خانے پر 1 بار ’’الم‘‘ پڑھیں۔(4) اس نقش کو کسی بھی دن‘ کسی بھی وقت پُر کرسکتے ہیں۔ نقش پُر کرنے کے بعد 7 دن تک روزانہ دن میں کسی بھی وقت اس نقش کو دیکھتے ہوئے ایک تسبیح ’’الم‘‘ کی پڑھیں۔ 7 دن کے عمل کے بعد حسب توفیق شیرینی تقسیم کیجئے۔(5) یہ نقش صرف ایک فرد کیلئے ہے۔ گھر کا ہر فرد اپنا علیحدہ نقش پُر کرے اور 7 دن کا عمل کرے۔ گر کوئی بندہ خود یہ عمل نہیں کرسکتا تو اس کی طرف سے کوئی دوسرا بھی کرسکتا ہے۔ ایک وقت میں ایک سے زیادہ نقش بھی پُر کرسکتے ہیں‘ جتنے زیادہ نقش پُر کریں گے اتنی زیادہ برکات‘ خیریں اور سعادتیں ملیں گی۔ آپ اپنے پیاروں عزیزوں اور دوستوں کیلئے بھی یہ عمل کرسکتے ہیں۔ اگر بچے نقش پُر نہ کرسکتے ہوں تو والدین ان کی نیت سے کرلیں۔ حاملہ عورت اپنے بچے کا علیحدہ نقش پُر کرے۔ (باقی صفحہ نمبر 54 پر)

(نوٹ: نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروایئے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے)

محمد صابر، حیدرآباد

کندھوں پر کام کا بوجھ اپنی جگہ مگر کچھ تو اپنا خیال کیجئے!

معاشی پریشانیاں اور گھریلو مسائل

کھیل بھی کسی شخصیت کے نکھار میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں کیونکہ کھلاڑی کی زندگی نظم وضبط کے علاوہ قوت برداشت کے ساتھ ہی اس کی بہترین کارکردگی کا تقاضا کرتی ہے اور یہ تمام چیزیں یکجا ہوکر اسے ایک بہترین شخصیت کے روپ میں ڈھال دیتی ہیں۔ معاشرتی ناہمواریاں، معاشی پریشانیاں، صحت اور خاندانی مسائل کے ساتھ ہی کاروباری اور ملازمت سے وابستہ پیچیدگیاں ایسی چیزیں ہیں جن کا سامنا کم وبیش ہر ایک کو کسی نہ کسی سطح پر کسی نہ کسی حد تک کرنا ہی ہوتا ہے اور زندگی کے کسی بھی شعبے سے وابستہ کھیلوں کی شخصیات کو بھی اپنی بھرپور صلاحیتوں سمیت ان سے نبردآزما ہونا پڑتا ہے۔ اس تیز رفتار دور میں اردگرد پھیلے ہوئے بے شمار مسائل، تفکرات، مسلسل ذہنی دباؤ اور کام کی زیادتی عام لوگوں کے لیے بعض اوقات ناقابل برداشت ہوجاتی ہے لیکن کھیلوں سے جڑے افراد ان مصائب کا سامنا قدرے آسانی سے کرلیتے ہیں۔

موبائل سے ہڈیوں اور جوڑوں کے مسائل

دیکھا گیا ہے کہ کمزور افراد بے پناہ کام اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اسٹریس کے باعث امراض قلب، بلند فشار خون اور ذیابیطس جیسی بیماریوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں جبکہ کچھ لوگ ذہنی امراض میں گرفتار ہونے لگتے ہیں تو کچھ کو نفسیاتی مسائل میں بھی گھرا دیکھا جاسکتا ہے۔ وہ اس مصیبت سے جان چھڑانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں لیکن منفی سوچ اور منفی رویہ انہیں ایسے مسائل سے نکلنے ہی نہیں دیتا۔ ہمارے یہاں موبائل، انٹرنیٹ اور کمپیوٹرز تفریح کا واحد ذریعہ رہ گئے ہیں جن کے سامنے بیٹھ کر وقت گزارنے والے افراد ان دو چیزوں سے پرسکون ہونے کو کافی سمجھ لیتے ہیں قطع نظر اس کے کہ گھنٹوں ایک جگہ بیٹھ کر سستی اور کاہلی کی عادت پڑتی ہے جبکہ ہڈیوں اور جوڑوں کے امراض بونس میں مل جاتے ہیں۔

خود کو تازہ دم اور صحت مند رکھیے

لائف اسٹائل میں مثبت تبدیلی خود کو کسی بھی قسم کی سرگرمی میں ملوث کرکے پیدا کی جاسکتی ہے خاص طور پر کھیلوں کے ذریعے خود کو جسمانی اور ذہنی دونوں اعتبار سے فٹ رکھا جاسکتا ہے۔ اگر کھیل جیسی سرگرمی کو زندگی کے معمولات میں شامل کرلیا جائے تو اس کے مثبت اثرات زندگی پر بہت جلد نمایاں ہونے لگتے ہیں۔ کھیلوں کی مدد سے تفکرات، مسائل، رکاوٹوں اور انسانی رویوں کی اذیت سے خود کو محفوظ رکھنے میں مہارت حاصل ہوسکتی ہے جبکہ ان سے منسلک ہوکر جسم کی مضبوطی، نظم وضبط، احساس ذمہ داری، جدوجہد، وقت کی قدر، مقابلے کا رجحان، صبر و برداشت اور بہتر حکمت عملی جیسی مثبت چیزیں بھی انسان کا ایک حصہ بن جاتی ہیں۔ کامیابی کا احساس اور کامیابی سے ہمکنار کرانے کا یہ عمل تفریح کے ساتھ ہی کسی شخصیت کے لیے وہ سنگ میل بنتا ہے جو مسائل میں گھرے معاشرے میں مشکلات سے نبردآزما ہونے کی طاقت عطا کرتا ہے جبکہ فیصلہ سازی کے علاوہ شخصیت کو طاقتور، متوازن اور پروقار بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔

ہمیشہ چست رہیں!

کاموں میں مصروفیت ہمیں کھیلوں کی طرف متوجہ ہونے کا وقت ہی نہیں دیتی ہے کیونکہ ہمارا بیشتر وقت تو کاموں اور مصروفیت کی نذر ہوجاتا ہے اور جب ہمیں یہ سوچ کر شرمندگی ہوتی ہے تو اس کی دلیل بھی ہم خود ہی تلاش کرلیتے ہیں کہ کاموں اور کھیل کو یکجا کردینا ہماری تباہی کا باعث بھی تو بن سکتا ہے لیکن اس تحقیق سے انکار ممکن ہے کہ کھیلوں سے احتراز کرتے ہوئے صرف کاموں میں مگن رہنے والے افراد سست، کاہل اور غبی ہوکر رہ جاتے ہیں۔ کھیلوں کی ایک معروف شخصیت نے اس حوالے سے ایک سروے کیا تو بات سامنے آئی کہ کاموں کی جگہ سے باہر کی دلچسپیاں نہ صرف لوگوں کو خوش و خرم بلکہ چاق و چوبند رکھتی ہیں۔ یہ بات اب پوری طرح ثابت ہوچکی ہے کہ مشاغل سے دوستی ملازمت کے دوران پیدا ہونے والی فرسٹریشن، اسٹریس اور ذہنی الجھن کا مداوا کردیتی ہے اور انسان نہ صرف نئی کامیابیوں کی طرف قدم بڑھانے کے قابل ہوجاتا ہے بلکہ اس کی استعداد کار کی تعمیر بھی ہوتی رہتی ہے۔ آج ہر شخص کے پاس بے پناہ کام ہے، ہر کوئی مصروف ہے جسے قابو کرنے یا اس بارے میں سوچنے کا وقت بھی نہیں مل رہا ہے اور ہم میں سے بیشتر افراد کو فراغت کے چند لمحات مل جانے پر یہ پشیمانی ہوتی ہے کہ انہوں نے خود کو کاموں میں غیر ضروری طور پر الجھا کر بہت ساری مثبت سرگرمیوں سے منہ موڑ لیا ہے مگر آج ایسے حالات میں جب زندگیاں دباؤ تلے سسک رہی ہیں اور لطف کا عنصر کم سے کم ہوتا جارہا ہے تو آپ کا مشغلہ یا شوق وہ آرام اور سکون فراہم کرسکتا ہے جس کی کمی آپ کو محسوس ہوتی ہے۔ مثبت سرگرمیوں میں حصہ لے کر خود کو ری چارج کریں اور اپنے آپ سے لطف اٹھائیں جس سے آپ کی کارکردگی میں تو بہتری پیدا ہوگی جبکہ کاموں کے دوران آپ کی بے مثال صلاحیتیں بھی بلندیوں کو چھولیں گی۔

صفحہ نمبر 41 پر دیکھیے

دس سال سے اولاد سے محروم تھی کرم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شادی کو دس سال ہوگئے تھے بہت ہی سنگین بیماری میں مبتلا ہوگئی تھی۔ اولاد کی تو امید ہی چھوڑ دی تھی خاوند بھی پریشان اور گھر سسرال میں بھی باتیں سننے کو ملتی تھیں کبھی کبھی دل کرتا تھا کہ گھر سے بھاگ جاؤں دل میں اداسی، گھر میں بھی اداسی تھی۔ دس سالوں میں میرے خاوند نے میرا بہت ساتھ دیا جہاں جہاں کسی نے ڈاکٹرز یا حکیم کا بتایا وہاں اپنے خاوند کے ہمراہ جاتی رہی لیکن جھولی خالی ہی رہی۔ ادویات سے جب تنگ آگئی تو روحانی علاج کروانے نکل پڑی لیکن کچھ حاصل نہ ہوا۔ ایک روز میرے خاوند نے کہا کہ یہاں لاہور میں ایک دواخانہ ہے جہاں بہت بڑے حکیم صاحب بیٹھتے ہیں وہاں جانا ہے کل۔ میں نے کہا کہ رہنے دیں اب بہت پیسے ضائع کرلیے اب میں نہیں جاؤں گی پر خاوند نے کہا کہ نہیں جانا ہے پتہ نہیں اللہ کہاں سے شفاء دیدے۔ اگلی صبح ہم دواخانے گئے تو وہاں آپ سے تو ملاقات نہیں ہوئی البتہ اسسٹنٹ حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی انہوں نے بڑے اطمینان کے ساتھ پوری بات سنی اور مجھے ''پوشیدہ کورس'' چار ماہ استعمال کا مشورہ دیا چار ماہ کی دوائی لے کر گھر آگئی اور استعمال شروع کیا تیسرے ماہ میں مجھے واضح فرق محسوس ہوا اور اللہ پاک نے مجھے اولاد جیسی نعمت کی امید دلادی اور آج میں چار بچوں کی ماں ہوں میں سمجھتی ہوں اگر عبقری دواخانہ میں نہ جاتی تو آج میں ماں کا رتبہ نہ پاسکتی تھی میں اور میرے خاوند آج بھی عبقری دواخانے اور آپ کے شکر گزار ہیں اور اللہ پاک کا شکرادا کرتے ہیں جس نے مجھے شفاء دی۔ (اُلفت بی بی، لاہور)

زندگی غمگینی میں ڈوبی ہوئی تھی اب جینے کو دل کرتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک عجیب وغریب بیماری میں مبتلا تھا جس کو بیان کرنا میرے لیے بہت ہی زیادہ مشکل تھا ہوتا یہ تھا کہ شام ہوتے ہی دل ڈوب سا جاتا تھا عجیب بیماری تھی سورج جوں جوں ڈھلتا تھا دل بھی اس کے ساتھ ڈھلتا چلا جاتا نہ کوئی کام کرنے کو دل کرتا، نہ کسی سے بات کرنے کو دل کرتا بس ایک ہی دل کرتا کہ کمرے میں اندھیرا ہو اور میں اس میں تنہائی اختیار کرلوں۔ ڈاکٹر نے مشورہ دیا اس نے کہا آپ ڈپریشن کے شکار ہیں آپ کو نفسیاتی مسئلہ ہے۔ میں ڈپریشن کا شکار تو تھا نہیں کیونکہ کوئی ایسی سنگین ٹینشن نہیں ہوتی تھی جس کو میں سوچ سوچ کر ڈپریشن کا شکار ہوجاتا پھر میں نے حکیموں سے مشورہ کیا انہوں نے کہا کہ آپ کو معدے کا مسئلہ ہے۔ معدے کی ادویات بھی کھائی لیکن مرض وہی کا وہی تھا کوئی فرق محسوس نہیں ہورہا تھا اس کے بعد میں عاملوں کے پاس گیا انہوں نے کہا تمہارے اوپر جادو کا اثر ہے یہ یہ چیزیں لاؤ تمہارا کام ہوجائے گا اور تمہیں اس بیماری سے نجات مل جائے گی وہاں بھی بے تحاشہ پیسہ ضائع کیا لیکن فرق اور سکون میسر نہ ہوا ایک روز فیس بک استعمال کررہا تھا اس پر عبقری کی ایک پوسٹ دیکھی جو ''کالی کڑوی شفاء'' کے نام سے تھی اس کے فوائد پڑھ کر لگا کہ ہاں اس سے میں ٹھیک ہو سکتا ہوں۔ کیونکہ اس پر ایک بات لکھی تھی کہ ایسی بیماری جو بے نام ہو ڈاکٹرز، حکیموں سے بہت علاج کروالیا ہو لیکن بیماری نہ جاتی ہو اس کے لیے بہت مفید ہے۔ میں نے آفس سے چھٹی کی اور لاہور کا رخ کیا جہاں عبقری دواخانے پہنچا اور اس دوائی کے بارے میں اسسٹنٹ حکیم صاحب سے پوچھا تو انہوں نے کہا آپ دس بوتل استعمال کریں آپ کو کہیں اور جانے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔ میں نے ان کی بات پر عمل کرتے ہوئے دس بوتل استعمال کی اور آج میں بے نام بیماری سے چھٹکارا حاصل کرچکا ہوں ایسے لگتا ہے جیسے ایک نئی زندگی مل گئی ہے اب جینے کو دل کرتا ہے پہلے تو ہر وقت غمگینی چھائی رہتی تھی۔ (اسد منہاس، سیالکوٹ)

بال لمبے کرنے کے چکر میں رہے سہے بھی گنوا بیٹھی تھی، مگر؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سر کے بال اتنے کمزور تھے کہ میں اکثر ڈھانپ کر ہی رکھتی تھی کیونکہ بال اتنے گرچکے تھے کہ آدھے سر پر گنج سی نظر آتی تھی اس لیے بالوں کو اچھی طرح ڈھانپ کر رکھنا میرا معمول تھا یہ سب کیمیکل والے شیمپوز کے استعمال کا نتیجہ تھا۔ میں بالوں کو لے کر اتنی حساس تھی کہ جو بھی نیا شیمپو آتا میں فوراً استعمال کرتی کہ اس سے میرے بال لمبے ہوجائیں۔ بال لمبے کے چکروں میں رہے سہے بال بھی گنوا بیٹھی تھی۔ میری ہمسائی نے مجھے ''عبقری ہیئر آئل'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا میں نے اس کو ہی پیسے دیئے کہ مجھے لادو۔ عبقری ہیئر آئل کی بوتل ہاتھ میں آتے ہی ایک عجیب سی خوشی محسوس ہوئی کہ لگتا ہے بالوں کی طاقت مل گئی بس پھر وہ دن اور آج کا دن چھ ماہ کے مسلسل استعمال سے میرے بال لمبے، بھاری اور چمکدار ہوگئے ہیں۔ (صوبیہ منور، لاہور)

گرمی سردی ناک سے پانی بہنا معمول تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گرمی ہو یا سردی میرے ناک سے بہت ہی زیادہ پانی ہمیشہ بہتا رہتا تھا میں تنگ تھا اس پانی پر میرا اختیار نہیں تھا اگر کچھ کاغذ پر لکھ رہا ہوتا تو اچانک سے ناک سے تین سے چار قطرے کاغذ پر گرجاتے اور کاغذ خراب ہوجاتا۔ سونگھنے کی حس بھی متاثر ہوچکی تھی۔ ناک کے اسپیشلسٹ سے مشورہ کیا ٹیسٹ کروائے پر کوئی ایسی سنگین بیماری نہیں تھی۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ یہ الرجی کی ایک قسم ہے جس کے لیے میں نے ادویات کھانا شروع کردی لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ میرے آفس میں ہی ایک لڑکے نے میرا یہ حال دیکھا تو اس نے کہا کہ آپ دیسی ڈراپر ہے ''ناک شفاء'' کے نام سے وہ استعمال کریں ان شاء اللہ آپ کو ناک کے تمام امراض سے چھٹکارا مل جائے گا میں نے اس سے کہا کہ میں نے بہت سے ڈراپر اور ادویات کا استعمال کیا ہے لیکن فرق محسوس نہیں ہورہا اس نے کہا کہ میں آپ کو ڈراپر لاکر دیتا ہوں، اگلے دن وہ ''ناک شفاء'' ڈراپر لے آیا جو عبقری دواخانے کے تیار کردہ تھے۔ میں نے روزانہ کی بنیاد پر استعمال کرنا شروع کیا صرف دو قطرے صبح، دوپہر اور رات کو سوتے وقت ناک میں ڈال لیتا تھا۔ ایک ہفتے کے استعمال سے مجھے فرق محسوس ہونا شروع ہوگیا میں نے ڈراپر پر لکھے نمبر پر کال کی جو کے لاہور عبقری دواخانے ملی انہوں نے مجھے میرے شہر کی ایجنسی کا نمبر دیا کہ آپ کو وہاں سے ڈراپر باآسانی مل جائیں گے میں وہاں سے ڈراپر لے آیا چار ڈراپر کے استعمال سے میرے ناک سے بہتا پانی رک گیا اور میں نے سکھ کا سانس لیا اور آفس کے دوست کا شکریہ ادا کیا جس نے مجھے مفید مشورہ دیا۔ (زاہد امین، کاموکے)

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش ونگارشدہ، پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو)، لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو، الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

دس غلطیاں جو دل کی دشمن ہیں

افشاں نذیر، اسلام آباد

(۱) ٹی وی مت دیکھیے ہارٹ اٹیک ہوجائے گا

یہ عادت بھی منشیات کے استعمال اور رجحان سے کم نہیں، گھنٹوں تک ٹی وی دیکھتے رہنا ہرگز فائدہ مند نہیں، ورنہ فالج اور امراض قلب کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ سائنس کہتی ہے کہ جسم کا طویل عرصے تک غیر متحرک حالت میں رہنا خون میں شکر کی سطح متاثر کرتا ہے۔ دفتر میں فون سننا ہو تو کھڑے ہو کر بھی سنا کریں یہ کیا کہ چھ گھنٹے سیٹ پر بیٹھے بیٹھے گزار دیں اور بیماریاں اندر ہی اندر پلتی رہیں۔''

(۲) چھوٹی چھوٹی بیماریوں کو ٹالتے رہنا

زندگی میں اگر کسی کا بلڈ پریشر کبھی نہیں بڑھا تو بھی 50 سال کے ہوتے ہی 90 فیصد افراد کا بلڈ پریشر بڑھتا ہے۔ اسی طرح معمولی نزلہ، زکام، بخار، کھانسی، جوڑوں کے درد اور غیر معمولی عارضوں کے لئے خود علاجی نہ اپنائیں۔ معالج سے رجوع کریں۔ ممکن ہے جو مانع درد ادویات آپ کھا رہے ہوں وہ دل کو کمزور کر رہی ہوں اور براہ راست نقصان پہنچ رہا ہو۔

(۳) خراٹوں کو خاطر میں نہ لانا

آپ محض سونے والوں کی ذہنی کوفت کو خاطر میں لاتے ہیں مگر خراٹے کا مریض Obstructive sleep apnea میں مبتلا ہے۔ اس عارضے کو آپ معمولی نہ سمجھیں اس میں مبتلا افراد کی نیند وقتی طور پر سانس رکنے کی وجہ سے اچاٹ ہوتی ہے اور وہ منہ سے سانس لیتا ہے اس عارضے میں بلڈ پریشر خطرناک حد تک بڑھ سکتا ہے اور دل کا مرض بھی لاحق ہوسکتا ہے۔ عموماً خراٹے کے مریض پوری رات سونے کے بعد بھی بیدار ہونے پر خود کو تھکا ہوا محسوس کرتے ہیں۔

(۴) سرخ گوشت کھانے کی عادت

کبھی کبھار گائے کا گوشت کھانے میں کوئی قباحت نہیں مگر اس کو مستقل عادت نہ بنائیں۔ بہت دن تک محفوظ کیا جانے والا سرخ گوشت دل کی شریانوں کو تنگ کرتا ہے اور اس سے بڑی آنت کا کینسر ہوسکتا ہے۔

(۵) سگریٹ نوشی کرنا یا سگریٹ پینے والوں کیساتھ رہنا

یہ دونوں صورت حال خطرے سے خالی نہیں ''سگریٹ نوشی باعث ہلاکت ہے'' آپ نے لاکھوں مرتبہ اس پیغام کو پڑھا اور سنا ہوگا مگر سنجیدگی سے دھیان نہیں دیا۔ یاد رکھئے کہ سگریٹ نوشی دل کی مکمل تباہی ہے کیونکہ اس سے خون میں پھٹکیاں بننے کا عمل تیز ہوتا ہے اور ان پھٹکیوں کے باعث دل تک خون پہنچانے والی نالیاں تنگ ہونا شروع ہوجاتی ہیں۔ علاوہ ازیں اس سے شریانوں میں پلیک بھی جمع ہوتا ہے۔ جو لوگ خود سگریٹ نہیں پیتے لیکن دھوئیں سے آلودہ ماحول میں رہتے ہیں وہ بھی اپنی صحت سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ مضر صحت اجزاء اور دھواں ان کی سانس کی نالیوں کے ذریعہ جسم تک پہنچتا ہے اور بالواسطہ طور پر ان کے دل بھی متاثر ہوتے ہیں۔

(۶) مایوسی اور جبر

اگر آپ زندگی میں تفکرات، بحرانوں اور جذباتی نقصانات جھیل رہے ہوں تو یہ ساری کیفیات دل سے خراج وصول کرتی ہیں۔ کوشش کریں کہ مایوسی کی کیفیت سے نکلیں، جذبات پر قابو پائیں تاکہ دل کی کارکردگی پر منفی اثر نہ پڑے، دباؤ کو اندر ہی اندر چھپا کے نہ رکھیں یہ خطرناک بات ہے۔ ہنسی مذاق کریں۔ دوستوں رشتہ داروں سے قربت بڑھائیں۔ کسی ہمدرد سے کہیں سنیں اور مثبت طرز عمل میں خود کو شریک کرکے دل کی کریں مکمل حفاظت کیونکہ اگر یہ نہ سنبھالا گیا تو آپ جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔

(۷) بہت زیادہ کھانا

اپنی جسمانی ضرورت کو پہچان کر ناپ تول کے کھانا اچھی عادت ہوتی ہے۔ ضرورت سے زیادہ کھانا ڈیپریشن کی علامت بھی ہوتی ہے اگر کسی طرح ضرورت سے زیادہ کھا لیا جائے تو ورزش ضرور کرلینی چاہئے بلکہ بھوک کا کچھ احساس رکھ کر کھانا ترک کردینا ہی صحت مندی کی دلیل ہے۔ غذا کو حلق تک بھر لینے سے معدہ ہی نہیں دل کی کارکردگی بھی متاثر ہوتی ہے۔

(۸) بڑھتی ہوئی عمر کے تقاضوں کو نہ سمجھنا:

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے تھک جانا اور لفٹ کا انتظار کرنا، چہل قدمی سے تازہ دم نہ ہونا بلکہ ہانپنے لگنا اور معمولی کام کرتے ہی تھکن کا شکار ہوجانا خطرے کی گھنٹیاں ہیں۔ ان علامات کو ہم لوگ بیماری کی شروعات نہیں سمجھتے اور دراصل یہی غلطی کرتے ہیں۔ کیا ہم ہارٹ اٹیک کے چار چھ گھنٹوں بعد ڈاکٹر سے ملنے جائیں گے؟

(۹) پھلوں اور سبزیوں سے گریز

دل کی صحت برقرار رکھنے کے لیے سب اہم غذائیں پھل اور سبزیاں ہی ہیں اور ان کے ساتھ ساتھ مغزیات، سالم اناج، کم چکنائی والا دودھ، دہی، پنیر وغیرہ بھی استعمال کرنے چاہئیں۔ خوراک کا آدھا حصہ پھلوں اور سبزیوں پر مشتمل ہونا چاہئے۔ جو لوگ دن میں پانچ سے زیادہ مرتبہ پھل اور سبزیاں استعمال کرتے ہیں انہیں اسٹروک اور امراض قلب کا خطرہ کم سے کم ہوتا ہے۔

(۱۰) نمک کا بکثرت استعمال

بارہا طبی حلقوں نے اس جانب توجہ مرکوز کروائی ہے کہ غذا میں نمک کا استعمال کم کردینا ضروری ہے۔ یہ بلڈ پریشر بڑھاتا ہے اور بلڈ پریشر کی وجہ سے گردوں کے ناکارہ ہو جانے اور ہارٹ اٹیک کے امکان بڑھ جاتے ہیں۔ ہم میں سے اکثر کو یومیہ 2300 ملی گرام سے کم سوڈیم اپنے کھانوں میں استعمال کرنا چاہئے اور جنہیں بلڈ پریشر کی شکایت ہو یا جن کی عمر 50 برس ہوگئی ہو انہیں 1500 ملی گرام تک نمک استعمال کرنا چاہئے مگر اپنا لائف اسٹائل ضرور مدنظر رکھیں۔ ہم آٹا گوندھتے وقت سے نمک کا استعمال شروع کرتے ہیں تو ہر چیز میں چٹکی بھر نمک سے ذائقہ دوآتشہ کرتے کرتے بیماری کو دعوت دیتے ہیں۔ آج سے کم از کم تندوری روٹی کھانے کی عادت ہی ترک کردیں کیونکہ اس آٹے میں نمک کچھ زیادہ ہی مقدار میں استعمال کیا جاتا ہے۔ گھر کی روٹی میں بجائے نمک کے السی کے بیج پیس کر شامل کردیں اور بھوسی ملا آٹا کھائیں تاکہ جسمانی صحت مکمل طور پر بحال رکھی جاسکے۔

میرے تجربات عبقری قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کواور آپ کی نسلوں کو ہمیشہ آباد رکھے۔ آمین۔ یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: اس وظیفہ کے بہت تجربات ہیں' کوئی بھی چیز نہ مل رہی ہوتو ہم یہی دعا پڑھتے ہیں چیز فوراً مل جاتی ہے اب تو ایسا لگتا ہے کہ اگر یہ وظیفہ نہیں پڑھیں گے تو ہماری چیزیں ہمیں کبھی نہیں ملیں گی۔

دوسرا تجربہ: سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا ہے' آپ سے ملاقات کی اپوائنٹمنٹ لینا تھی' آپ سے ملاقات کے لیے ہر ماہ کے آخری ہفتہ کو بتائے گئے نمبر سے کال ملانا پڑتی ہے' اس دن چونکہ ساری دنیا سے کالز آرہی ہوتی ہیں تو نمبر مسلسل مصروف ملتا ہے' ہم فون ملا ملا کر تھک گئے پھر میں نے سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 گیارہ مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھا اور آسمان کی طرف منہ کر کے دم کیا تو فوراً کال مل گئی اور ہمیں ٹوکن مل گیا۔

بیٹی کے بالوں کا مسئلہ حل

میری بیٹی کے بال بہت زیادہ روکھے تھے' اس نے وضو کرنے کے بعد تین گھونٹ پانی پینا اس طریقے سے شروع کردیئے کہ پہلے گھونٹ پر اللہ مافی۔ دوسرے گھونٹ پر اللہ شافی اور تیسرے گھونٹ پر اللہ کافی پڑھا اور پانی پی لیا اور چوتھا گھونٹ ہاتھ میں لیکر وہ پانی سر پر لگانا شروع کردیا اب اس کے بال اللہ کے فضل سے بہت اچھے ہوگئے ہیں۔

گالیاں دینے کی عادت ختم

مجھے گالیاں دینے کی بہت عادت تھی' بیت الخلاء جانے کی دعا مسلسل پڑھنے سے مجھ پر بہت اثر ہوا ہے' اب میری گالیاں دینے کی عادت ختم ہوگئی ہے' اب غصہ بہت کم آتا ہے' دل میں نماز کا شوق پیدا ہوگیا ہے۔

فجر کی نماز پکی ہوگئی

سوتے وقت یَاقَھَّارُ اور سینے پر ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَابَاعِثُ یَانُوْرُ پڑھنے سے اتنا فائدہ ہوا ہے کہ میری فجر کی نماز پکی ہوگئی' بہت فائدہ ہوا ہے' پہلے نماز چھوٹ جاتی تھی یا اذان سن کر سو جاتی تھی پر اب ایسا نہیں ہوتا۔ الم نشرح کے بہت بار تجربات کیے ٹریفک جب بھی بلاک ہوتی ہے' ہم پڑھنا شروع کردیتے تو ایک یا دو بار ہی پڑھتے تو راستہ مل جاتا اور اگر پڑھتے ہی رہتے تو راستہ کبھی بند ہی نہیں ہوتا۔

شوہر کا مزاج گرم' روز لڑائی مگر اب میں وہ نہ رہی

میرے شوہر کا مزاج گرم ہے' ان سے پہلے میری بہت لڑائی ہوتی تھی' ہر روز کوئی نہ کوئی بات دل دکھا دیتی تھی' مگر جب سے تسبیح خانہ آنا شروع کیا ہے اور شیخ الوظائف کے درس سننا شروع کیے ہیں' میری ان سے لڑائی نہیں ہوئی اور پہلے تو وہ کہتے تھے کہ تسبیح خانہ نہیں جانا مگر اب وہ بھی آتے ہیں اور میں اپنے سارے بچوں کو تسبیح خانہ ضرور لے کر آتی ہوں۔ اس کی برکت سے ہمیں بہت کچھ مل جاتا ہے اور حضرت صاحب کی دعاؤں سے اللہ بہت نواز رہا ہے۔ میرے بھائی کے پیسے گم ہوگئے وہ بہت پریشان تھا سب جگہ دیکھا نہیں ملے اس نے یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنا شروع کیا تو اس کے پیسے مل گئے۔ اس عمل میں اتنی برکت ہے کہ لفظوں میں بیان نہیں کر سکتے۔ (عنبرین افتخار۔ لاہور)

صرف ایک مرتبہ یہ عمل کریں بے اولادی ختم

پوشیدہ، جہلم

محترم السلام علیکم! عبقری جیسا لاجواب اور فوائد سے بھرا ماہنامہ نکالنے پر آپ کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں نے اپنے بے شمار مسائل اسی شمارہ کے ذریعے حل کیے ہیں۔ میں عبقری کا ہر شمارہ اپنی نسلوں کے لیے سنبھال کر رکھتا ہوں اور اس میں آئے وظائف ونسخہ جات مخلوق خدا کو بتا بتا کر اپنے اور نسلوں کیلئے صدقہ جاریہ کا سامان پیدا کرتا ہوں۔ میرے پاس بھی کچھ تجربات ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

ناک کے مسائل کا حل

الرجی چھینکیں، ہڈی کا بڑھ جانا، کیرا، ناک کے غدود اس کے علاوہ بھی ناک کے جو مسائل ہوں اس ٹوٹکے کو استعمال کریں فائدہ ہوگا۔ نسخہ: سرسوں کا تیل 25 گرام، نمک 5 گرام۔ ترکیب: سرسوں کے تیل کو گرم کرکے اس میں نمک کو حل کرلیں اور ہر رات ناک میں یہ نمک ملا تیل ایک قطرہ دونوں نتھنوں میں ڈال لیں۔ بہت فائدہ ہوگا۔

بے اولادی سے نجات کے لیے

یہ عمل صرف ایک مرتبہ ہی کرنا ہے:۔ باوضو ہوکر دو رکعت صلوٰۃ حاجت پڑھیں' غسل کے لیے پانی کو ٹب میں بھرلیں اور غسل وہاں کرنا ہے جہاں کچی زمین ہو غسل خانہ نہ ہو اور پانی جذب ہوجائے اور پرانے کپڑے پہن لیں اور ربڑ کی جوتی ہو۔ عمل طریقہ: اپنے سر سے 25 بال لیں اور بالوں کا دھاگا بنالیں۔ ٹپ سے ایک مگ پانی کا بھرلیں اور مگ ہاتھ میں رکھیں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ، سات مرتبہ آیۃ الکرسی، سات مرتبہ چاروں قل پڑھ کر مگ میں سے کلی بھر کر ٹب میں ڈال دیں اور بالوں کے دھاگے کو ایک گرہ لگادیں' اس عمل کو 25 مرتبہ کرنا ہے اور 25 گرہ لگانی ہے۔ 25 مرتبہ یہ عمل کرنے کے بعد اس ٹب والے پانی سے غسل کریں اور جو کپڑے اور جوتے پہنے ہوئے ہیں اور گرہ والے بال بھی ساتھ رکھنے ہیں اور اذان فجر سے پہلے یا پھر نماز عشاء کے بعد بہتے ہوئے صاف پانی میں بہادیں جب تک حمل نہ ہو سوموار کا روزہ رکھیں' ان شاء اللہ پہلے مہینے میں حمل ہوجائے گا۔

اولاد نرینہ کے لیے

چار مہینے ناف والی جگہ سے اوپر ''محمد'' انگلی سے لکھنا ہے اور نیت یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ بیٹا دے اس کا نام محمد رکھوں گی۔ اس عمل کی برکت سے تین بیٹیوں کے بعد دو بیٹے ہوئے۔

آپ ہی کی اولاد معذور کیوں؟ خوشیاں بانٹیں۔ صفحہ نمبر 41 پر دیکھئے

خطرناک موضوع پر قلم اٹھایا! صرف مایوس پڑھیں!

حکیم ریاض حسین میانوالی

آج میں خطرناک موضوع پر قلم اٹھا رہا ہوں اکثر نوجوان' جوانی کی تیز موجوں میں دیوانہ وار بہہ جاتے ہیں اور غلط عادات کا شکار ہوجاتے ہیں پھر یہ عادت بیماری کی شکل اختیار کرلیتی ہے اور بڑھتی ہی چلی جاتی ہے۔ اس عادت بد سے نجات کیلئے کچھ مجربات قارئین کی نذر کررہا ہوں:۔

ہومیو پیتھک کی ایک دوا Natrum Muraticum 200 میں ہر پندرہ دن میں صرف ایک خوراک لیں' اور اسی ترتیب سے چھ ماہ تک یہ دوا کھائیں۔ مقدار خوراک یہ ہے: اس دوا کے پانچ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر دن میں ایک بار کسی بھی وقت پی لیں۔ **دوسری دوا:** یہ بھی ہومیو پیتھک دوا ہے جس کا نام Bufurana 30 ہے۔ اس دوا کے پانچ قطرے دن میں تین مرتبہ ایک گھونٹ پانی میں ملا کر روزانہ استعمال کریں۔ عادات بد کیلئے بہت مفید ہے۔ کئی مریضوں کو استعمال کرایا مفید پایا۔

پیلی رنگت' بے چین دل کیلئے طاقت کا خزانہ

ھوالشافی: گاجر کا مربہ ایک کلو' کھویا آدھا کلو' الائچی خورد ایک چھٹانک' گھی مناسب مقدار' الائچی کو باریک پیس لیں۔ گاجر کے مربہ اور کھویا کو باریک کرکے ملا کر رکھیں' پہلے الائچی کو تھوڑے سے گھی میں براؤن کریں پھر گاجر کے مربہ اور کھویا کو ملا کر اس کو براؤن کریں اور زیادہ گھی ڈالیں کہ حلوہ تر بہ تر ہوجائے ایک چھٹانک ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں جسم طاقتور، رنگ سرخ ہوگا دل و دماغ کو فائدہ مند ہے۔ عادت بد خود بخود چھوٹ جائے گی۔

رنگ نکھارے' معدہ' دل اور جگر کو طاقت دے

ھوالشافی: کھوپرا (ناریل) ایک کلو، گری بادام ایک کلو، گوند کیکر آدھا کلو چینی دو کلو۔ پانی ایک کلو گھی ایک پاؤ پہلے گھی میں گوند کیکر کو پھلائیں پھر ان تینوں چیزوں کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں چینی پانی میں ڈال کر قوام تیار کریں جب قوام تیار ہوجائے اس کو اتار کر فوراً اس میں پسی ہوئی تینوں چیزیں ڈال کر خوب ہلائیں اور کسی کھلے برتن میں پھیلا دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ٹکڑے کاٹ لیں' ایک چھٹانک نیم گرم دودھ کے ہمراہ ایک ٹکڑا روزانہ کھائیں۔ فوائد: جسم کو توانا کرے گا معدہ دماغ دل کو تقویت دے گا۔ رنگ نکھارے گا۔ دکاوت حس اور جلن کی عادت بد سے نجات ملے گی آنکھوں کو فائدہ دے گا۔ مزید ایک نسخہ بھی درج بالا فوائد سے نوازے گا' ضرور استعمال کیجئے گا۔ **ھوالشافی:** زیرہ سفید' کشنیز مقشر، خشخاش' تخم خربوزہ مقشر، تخم تربوز مقشر، تخم قبارس مقشر' چینی سب ہم وزن لے کر پیس لیں ایک سے تین تولہ ہمراہ گرم دودھ۔ آج کل اکثر نوجوان اس مرض میں مبتلا ہیں بہت شرفا کو بھی اس میں مبتلا پایا۔ بہت سارے مریضوں کو استعمال کرایا مفید پایا۔ ایک مریض سعودیہ سے آیا تھا اس کو استعمال کرایا۔ بہت زیادہ فائدہ ہوا' اس بندے کی گھریلو زندگی انتہائی خوشگوار ہوگئی۔ اکثر فون کرکے کہتا ہے کہ میرے گھر والے آپ کو بہت دعائیں دیتے ہیں۔

کلونجی کی کرامات: دانت کے درد سے مستقل آرام کے لیے درج ذیل نسخہ استعمال کیجئے: **ھوالشافی:** تخم پیاز پچاس گرام' کلونجی پچیس گرام کو مکس کرکے رکھیں جب درد ہو اس میں سے ایک چمچ لے کر دہکتے انگارے پر ڈالیں حقے کی چلم الٹی کرکے اس پر رکھ دیں' سانس کھینچ کر کھلا منہ اور چلم کے پیندے پر رکھ دیں جب برداشت سے باہر ہوجائے سارا لعاب پانی کی بالٹی میں تھوک دیں۔

دیواریں اور چھتیں سخت گرمی میں ٹھنڈی رکھنے کا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کے تمام آباؤ اجداد' اولاد اور آنے والی تمام نسلوں کی مغفرت فرمائے۔ آمین! میں آپ کے درس کافی عرصہ سے سن رہا ہوں اور رسالہ تو بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ بخل شکنی میں نے آپ ہی سے سیکھی' راز اگلنا آپ نے ہی سکھایا۔ اب مجھے کوئی چھوٹی سے چھوٹی بات بھی معلوم ہوتی ہے تو دوسروں کو ان کے نفع کے لیے بتاتا ہوں' شاید کوئی چیز میری نظر میں معمولی ہو مگر کسی کی سہولت کا سامان ہوجائے۔ میں نے گرمیوں میں گھروں اور خاص طور پر ان گھروں جو شہر سے باہر ہیں' جہاں سخت گرمی پڑتی ہے' اردگرد گھر کم ہیں ان کیلئے ایک ٹوٹکہ سنا۔ تجربہ کار نے بتایا کہ اس کیلئے دیوار ڈبل ہو' تین سے چار انچ کے فاصلہ سے اور بیچ میں کچی مٹی کا گارا بھوسہ سمیت بھر دیں' اس سے ہمیشہ دیوار ٹھنڈی رہتی ہے' باہر کتنی ہی گرمی ہو اور دھوپ سیدھا پڑتی ہو مگر اندر سے کمرہ ٹھنڈا رہے گا اور حبس بھی نہ ہوگا۔ دوسرا جب ہم گاؤں میں جاتے ہیں تو وہاں چھتیں لکڑی کی بنی ہوتی ہیں اور لکڑیوں کے اوپر بھوسہ اور مٹی کی لپائی ہوتی ہے' یقین کیجئے کمرہ بالکل ٹھنڈا ہوتا ہے' باہر شدید گرمی ہوتی ہے مگر کمرے ٹھنڈے رہتے ہیں اور سردیوں میں ان کمروں کا موسم بہترین ہوتا ہے۔ (ا، سکھر)

تین دن میں جادو ٹوٹ گیا مسائل حل

تین دن تسبیح خانے میں گزارے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر اور صحت میں برکت عطا فرمائے۔ تسبیح خانے کا فیض قیامت تک جاری و ساری رکھے آمین۔ الحمدللہ یہ میرا دوسرا چلہ ہے پہلے میں چار سال پہلے اپنے امی ابو کے ساتھ آئی تھی اب وہ وفات پا گئے ہیں ان سمیت ہم سب پر بہت سخت قسم کا جادو تھا جس کی وجہ سے ہی امی ابو بیماریوں کی زد میں آ کر فوت ہوئے۔ گھر میں بیماریوں، پریشانیوں کے ڈیرے تھے۔ جب سے روحانی چلہ میں شرکت کر کے گئی ہوں گھر میں سکون آ گیا ہے۔ ہم، بہن بھائیوں کے رشتے آتے تھے لیکن بات آگے بڑھ نہیں پاتی تھی میری بہن نے سورۂ آل عمران کی پہلی تین آیات 313 والا عمل کیا جس کی وجہ سے میری بہن کی منگنی ہوگئی ہے اب جلد ہی شادی ہونے والی ہے یہ سب چلہ میں شرکت کی برکات کا نتیجہ ہے۔ (صوبیہ سراج دین، ملتان)

مسنون اعمال اب زندگی کا حصہ ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! روحانی چلہ میں اعمال کر کے مجھے بہت روحانی و جسمانی سکون میسر ہوا جو کہیں بھی نہیں مل رہا تھا۔ چلہ میں شرکت کرنے سے پہلے میرے جسم کے مختلف حصوں میں درد رہتا تھا جو اللہ کے فضل سے ٹھیک ہوگیا۔ یہاں آ کر پتہ چلا کہ مسنون اعمال و دعائیں کیا ہوتی ہیں جس سے میں بے خبر تھا جس کے پڑھنے سے بہت ہی زیادہ قلبی اور روحانی وجسمانی سکون ملا۔ اب مسنون اعمال کو میں نے زندگی کا حصہ بنا لیا ہے جب بھی کوئی پریشانی ہوتی ہے تو مسنون اعمال کرتا ہوں اللہ کے فضل سے پریشانی ٹل جاتی ہے۔ (علی احمد، حیدرآباد)

تسبیح خانہ اور وظائف کی بدولت بچ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت ہی پریشان تھا۔ میں جمعرات کو آپ کے درس میں آتا رہا اور روحانی چلہ میں بھی شرکت کی اور وظائف کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لیا۔ وظائف کو مسلسل پڑھنے سے میرے مسائل ختم ہوئے۔ ہمارے گاؤں میں ایک شخص کالے علم کا ماہر تھا اس نے اپنے علم کی بدولت مجھے پر کئی وار کیے لیکن وظائف اور تسبیح خانہ کی نسبت سے بچ گیا۔ (غلام رسول، سیالکوٹ)

سات رنگ کی دالیں صدقہ کیجئے کمال خود دیکھئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دعا ہے اللہ کریم آپ کی اور آپ کی آنے والی نسلوں کی دنیا و آخرت جو آقا کریم ﷺ نے دنیا و آخرت کی بھلائیاں مانگی ہیں وہ تمام آپ کو اور آپ کی نسلوں کو نصیب ہوں۔ آمین!

میں آج عبقری قارئین کیلئے کچھ ٹوٹکے اور وظائف لے کر حاضر ہوا ہوں۔

رزق میں اضافہ کیلئے حضرت علی ہجویریؒ کا بتایا وظیفہ

مجھے ایک ڈیوٹی والے بزرگ سے ملاہے' کہتے ہیں حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اپنی زندگی میں لوگوں کو بتاتے تھے اور میں ان کی میٹنگز میں اکثر رہتا ہوں انہی سے مجھے یہ وظیفہ ملا ہے۔ وہ بزرگ کہتے ہیں کہ حضرت علی ہجویری المشہور داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ لوگوں کثرت سے سورۂ الحدید پڑھیں' آپ کی پریشانیاں بہت جلد حل ہو جائیں گی۔

جنات سے ملاقات کے متمنی خوش ہو جائیں

جن حضرات کو جنات دیکھنے کا شوق ہو وہ لوگ سورۂ جن پڑھیں اور جب بھی آیت کے شروع میں قل آتا ہے وہاں سے دوبارہ شروع کرے وہ بزرگ کہتے ہیں جہاں جہاں قل اس سورۂ میں آتا ہے وہاں سے دوبارہ سورۂ شروع سے پڑھے' کچھ ہی عرصہ میں جنات نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔

(نوٹ: بغیر کسی کامل کی اجازت کے نہ پڑھیں)

دنیا و آخرت کی تمام بھلائیاں

سورۂ الم نشرح کی آیت وَ رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ کی ایک تسبیح پڑھ کر پھر کثرت سے درود شریف پڑھے اس سے دنیا و آخرت کی بھلائیاں نصیب ہوں گی اور تمام مسائل ان شاء اللہ کچھ عرصہ کرنے والا خود دیکھے گا کہ وہ حل ہو گئے ہیں۔

سات رنگ کی دالوں کے کرشمات

سات رنگ کی مختلف دالیں لیں اور پرندوں اور جانوروں کو ڈالیں۔ وہ بزرگ کہتے ہیں کہ یہ عمل بھی ایسا ہے کہ کچھ عرصہ کرنے والا خود دیکھے گا کہ اس کے حالات کیسے بدلتے ہیں' اس پر ہوا جادو جنات اور بندش کا عمل ختم ہو جائے گا' اس کے رزق میں اضافہ ہوگا' اس پر آئی بلائیں اور مصائب ختم ہو جائیں گے۔

دریا کے پاس رہنے والے خوش نصیب ہیں!

یہی بزرگ کہتے ہیں کہ روزانہ ایک وقت ایسا آتا ہے کہ حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام دریاؤں کا چکر لگاتے ہیں' اس کی نشانی یہ ہے دریا پر ایک لہر صاف پانی کی چلتی ہے وہ لہر چلتی ہی جاتی ہے' اس بزرگ کے بقول اس وقت حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام وہاں سے گزرتے ہیں' جو بھی اس لہر میں سے پانی بھر لے اور اس پانی کو پینے' کھانے پکانے' آٹا گوندھنے میں استعمال کرے' اس پر آئے جنات' آسیب' بلیات' ہر قسم کی مشکلات ختم ہو جاتی ہیں۔ (اشتیاق احمد' سکھر)

ٹوٹکے جو قارئین کے لیے ضروری تھے لکھ دیئے!

3 سال کا بچہ بھی اگر نہ چلتا ہو تو اس کیلئے ٹوٹکہ: جو بچے جو بظاہر بالکل تندرست ہوتے ہیں مگر دیر سے چلتے ہیں' ان کیلئے یہ ٹوٹکہ بہت ہی مجرب ہے۔ آٹے کا پیڑہ بنا کر چٹکی سہاگہ اس میں رکھ کر روٹی بیل کر توے پر پہلے گھی لگا کر پھر روٹی ڈالیں' جیسے ہی روٹی ڈالیں فوراً اس کو پلٹ دیں یعنی ایک سائیڈ بالکل کچی ہو' پھر یہ روٹی کسی نرم کپڑے میں باندھ کر بچے کی کمر پر باندھ دیں' سات دن ایسا کریں' بچہ چل پڑے گا۔

شوگر اور ہر قسم کے زخم کیلئے: اگر شوگر کا زخم ہے اور مسلسل بڑھ رہا ہو تو مٹی کا تیل لیکر ایک قطرہ روزانہ اس پر ڈالیں' مزید گائے کا پتہ لیکر بوتل میں محفوظ کر لیں' اس کے قطرے بھی روزانہ زخم پر ڈالیں' زخم بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ (رضیہ' راولپنڈی)

والد پر ہوئے سخت کالے جادو کا علاج میں نے خود کر لیا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو دونوں جہانوں کی خوشیاں اور کامیابیاں نصیب فرمائے اور آپ کی اولاد کو آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور جہنم سے ڈھال بنادے اور آپ کی قبر کو نور سے بھر دے، آپ کی قبر کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنائے، آپ کا حشر قیامت کے دن انبیاء، شہداء اور صلحا کے ساتھ فرمائے اور آپ کی منزلیں دنیا و آخرت دونوں جہانوں کی آسان فرمائے۔ دعائیں تو بہت ہیں آپ کو دی جائیں کم ہیں کہ اس نفسا نفسی کے عالم میں جب کہ سگے رشتہ داروں کا خون بھی سفید ہو چکا ہے اس دور میں بغیر کسی معاوضہ کے اللہ کی دکھی دل مخلوق کی بھلائی کا سوچ رہے ہیں اور کافی مخلوق خدا اس سے فائدہ حاصل کر رہی ہے اس نیک کام پر اللہ آپ کو بے حساب اور بہترین اجر دے۔

ٹیچر کی ٹیبل پر 2013ء کا عبقری ملا

سب سے پہلے تو میں آپ کو یہ بتانا چاہوں گی کہ میرا عبقری سے تعارف کیسے ہوا۔ دراصل مجھے میگزین، ڈائجسٹ وغیرہ پسند نہیں ہیں میں کم عمری سے ہی حقیقت پر مبنی موضوعات کو پسند کرتی ہوں۔ ایک دن میں اپنے ادارہ کی ٹیچر کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی تو ان کی ٹیبل پر عبقری کے تین پرانے رسالے جس میں سے ایک سال 2013 کا تھا ایک 2017 اور ایک 2018 کا پڑا تھا' وہ بہت سنجیدہ مزاج کی مالک ہیں تو میں نے دل میں سوچا کہ ٹیچر کے پاس یہ رسالے ایسے ہی نہیں ہیں ان میں ضرور کچھ خاصیت ہے کیونکہ میری ٹیچر وقت کی بہت پابند تھی' کبھی بھی اپنا وقت ضائع نہیں کرتی تھی' ہر وقت کسی نہ کسی کام میں مشغول' جب ان کے پاس عبقری دیکھا تو سوچا ضرور کوئی بہت قیمتی چیز ہے' ورنہ میری ٹیچر کبھی بھی میگزین اور ڈائجسٹ نہ پڑھتیں۔ بس یہ سوچنا تھا کہ ہمت کر کے میں نے عبقری دیکھنے کی فرمائش کر دی۔

عبقری دیکھا تو حیران رہ گئی

جب میں نے ان کی اجازت طلب کر کے ٹائٹل پیج دیکھے تو میں حیران رہ گئی اور میں نے سرسری صفحات پلٹے تو مجھے ان کے موضوعات دلچسپ لگے' خاص طور پر وظائف کا صفحہ جس میں عمل کی عام اجازت تھی اور دوسرا جنات کا پیدائشی دوست' میں وہ رسالے گھر لے آئی۔ ان رسائل کا ایک ایک موضوع اپنے آپ میں ایک مؤثر تاثیر رکھتا تھا گویا ہر موضوع قیمتی جواہرات و موتی کا سمندر ہو' مجھے بہت پسند آیا پھر میں نے کتاب ''جنات کا پیدائشی دوست'' جلد اول منگوائی' بہت ہی بہترین اور بے مثال کتاب ہے' اس کے بعد تین جلدیں بھی منگوائیں وہ بھی اپنی مثال آپ تھیں' پریشان لوگوں کو وظائف بتاتی ہوں ماشاءاللہ اللہ کے فضل سے اور آپ کی نیک نیت کی بدولت یا قہار کا نقش بھی دیتی ہوں' لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے اور کیوں نہ ہو آپ نے اتنے اخلاص اور بھلائی کے جذبے سے عوام کے خاطر اپنے سینے کے رازوں کو افشا کیا ہے۔

کسی نے میرے ابو پر جادو کروادیا

ہمارے گھر میں جنات کا مسئلہ تھا ابو کے اوپر کسی نے جادو کروایا تھا ابو ہمارے دشمن بن گئے تھے گھر میں سب کچھ موجود لیکن دلی اور ذہنی سکون نہیں تھا اور ابو کے سخت رویے اور بدکلامی کی وجہ سے سب پریشان رہتے تھے۔ جب ابو کے سامنے یہ کہا جاتا کہ جادو کا مسئلہ ہے تو اس بات کا انکار کر دیتے۔ بہن بھائیوں میں بڑی ہونے کی وجہ سے مجھے سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ابو مانتے نہیں تھے اور امی ایسی چیزوں سے گھبراتی ہیں تو اب مجھے اس سب کو سنبھالنا تھا۔ میں نے کمر کس لی اور پکا ارادہ کر لیا کہ اب میں اپنے گھر سے ان مشکلات' پریشانیوں' بیماریوں کو نکال باہر کروں گی۔

بے شمار جگہ سرمایہ خرچ کیا مگر جادو نہ ٹوٹا

پھر میں نے دو تین جگہ ابو کے علاج اور گھر کے حالات کی بہتری کے لیے کوشش کی لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا اور پیسے بھی خرچ ہوئے گھر کے حالات سے پریشان بہن بھائی امی کو دیکھتی اور ابو کے سخت رویے کو دیکھتے ہوئے میں نے پیسوں کی فکر نہ کی اور ان عاملوں کو منہ مانگی قیمت دی میں کسی بھی طرح گھر کے معاملات بہتر کرنا چاہتی تھی خیر اسی کشمکش میں تین سال گزر گئے اور میں کمزور سے کمزور تر ہوتی چلی گئی۔

جادو کروانے والے کوئی اور نہیں اپنے تھے

جادو کروانے والے کوئی اور نہیں ہمارے قریبی تھے اور وجہ اس کی یہ تھی کہ ابو میرا رشتہ وہاں کر کے آ گئے تھے بات شادی تک پہنچ گئی اور یہ سارے معاملات ہمیں باہر سے پتا چلے ابو نے کچھ نہیں بتایا تھا ہمارے گھر سے کوئی راضی نہیں تھا اس رشتے کے لیے امی نے منع کیا لیکن ابو نے ہمیں ہر طریقے سے ٹارچر کیا کہ میں کسی طرح یہ شادی کر لوں وجہ یہ تھی مجھے مجبور کرنے کی کہ میں زبان دے چکا ہوں امی نے بہت سمجھایا کہ منع کر دو لیکن ابو نہ مانے کسی طرح لڑکے والوں تک یہ معاملہ پہنچا تو انہوں نے اس کی شادی کہیں اور کر دی آج وہ ایک بیٹی کا باپ ہے اس کے بعد ہمارے گھر کے حالات بد سے بدتر ہوتے چلے گئے بھائی اور ابو ایک دوسرے کے دشمن بن گئے۔

یقین کیجئے وہ بہت برے دن تھے

بہت برے دن تھے تفصیل لکھنے بیٹھوں تو پورا ایک رجسٹر بھر جائے پھر تین چار مہینے پہلے میں نے اپنی ٹیچر سے عبقری کا رسالہ لیا جس کا میں پہلے ذکر کر چکی ہوں اور اس میں موجود دکھی دل لوگوں کی آپ بیتیاں پڑھی دل کو سکون ملا اور ایک امید بندھ گئی کہ مسئلہ جیسا بھی ہو اللہ اس کو زیادہ عرصہ تک نہیں رہنے دیتا رب سے نا امید نہیں ہونا چاہیے پھر کتابوں کی فہرست دیکھی کتابیں تو ساری اچھی ہیں ماشاءاللہ لیکن میں نے جنات کا پیدائشی دوست منگوائی وہ پڑھی تو جستجو پیدا ہوئی پھر باقی کی جلدیں بھی منگوائیں اس میں سے علامہ صاحب کا بتایا ہوا یا قہار کا نقش لگایا اور یَا لَطِیۡفُ یَا عَلِیۡمُ یَا خَبِیۡرُ کھلا پڑھا تین چار دن ماشاءاللہ حالات ایسے بدلے کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتی نرم مزاجی نرم لہجہ میں بات اور بھائیوں کے ساتھ سب کے ساتھ سلوک اچھا ہو گیا۔ ماشاءاللہ پہلے سے بہت بہتری ہو گئی ہے رزق میں وسعت بھی ہو گئی ہے۔ گھر میں سکون آ گیا ہے۔

خودکشی کا سوچنا شروع ہوگئی تھی مگر اب نہیں

یہ پہلی مرتبہ ہے کہ میں کسی ادارے کو خط لکھ رہی ہوں کیوں کہ میں کافی پریشان تھی لیکن گھر میں بیٹھ کر پڑھائی کرنے سے جو افادیت، خوشیاں، فضلتیں اور برکتیں حاصل ہوئیں انہوں نے مجھے خط لکھنے پر مجبور کر دیا میں بھی کبھی خودکشی کا سوچتی لیکن اللہ نے حفاظت فرمائی بہت مجبور ہو گئی تھی زندگی سے مایوس ہو گئی تھی۔ (س، لاہور)

استاد محترم کا بلڈ پریشر نارمل اور بواسیر ختم ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بی اے کا طالبعلم ہوں۔ اور عبقری رسالہ کافی عرصہ سے میرے زیر مطالعہ ہے۔ اس کے علاوہ میں آپ کا درس آن لائن بھی سنتا ہوں اور کبھی کبھی ٹائم ملے تو تسبیح خانہ بھی آتا ہوں۔ جس سے مجھے روحانی فیض ملتا ہے۔ ہمارے کالج میں ایک عربی کے پروفیسر ہیں جو کافی دن سے کالج نہیں آرہے تھے میں نے کسی سے ان کی خیریت دریافت کی تو پتہ چلا کہ وہ بواسیر کے مرض میں مبتلا ہیں کچھ دنوں سے ان کی طبیعت بہت ناساز ہے اور بلڈ پریشر بھی ہائی رہنا شروع ہوگیا ہے وہ ہسپتال میں داخل ہیں۔ میں اور کچھ طالبعلم ان کی خیریت دریافت کرنے ہسپتال گئے اور خیریت دریافت کرنے کے بعد واپس آگئے کچھ دن بعد پروفیسر صاحب کالج آنا شروع ہوگئے تو میں نے ان سے بات کی کہ آپ صرف ایک بار میرے ساتھ عبقری دواخانہ چلیں ان شاء اللہ شفاء ملے گی۔ انہوں نے حامی بھر لی اور دو دن بعد کالج سے میں پروفیسر صاحب کو لے کر سیدھا عبقری دواخانے پہنچا اور آپ کے اسسٹنٹ حکیم صاحب سے چیک اپ کروایا تو انہوں نے بواسیر کورس اور فشاری گولیاں استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ تو میں نے دو ڈبی گولیاں فشاری اور دو بواسیر کورس اپنے ٹیچر کو ہدیے کیے۔ پندرہ دن مسلسل استعمال سے انہوں نے بتایا کہ بلڈ پریشر کافی کنٹرول میں آگیا ہے اب میری صحت دن بدن بہتر ہورہی ورنہ ہائی بلڈ پریشر رہنے سے جسم میں کمزوری اتنی ہوگئی تھی کہ چلنا پھرنا مشکل ہوگیا تھا۔ اب میں روزانہ واک پر بھی جاتا ہوں۔ پروفیسر صاحب کے یہ سب تاثرات سن کر خوشی محسوس ہوئی کہ عبقری کی ادویات نے میری عزت رکھ لی کیونکہ مجھے عبقری کی ادویات پر مکمل اعتماد تھا جس بنا پر میں پروفیسر صاحب کو عبقری دواخانے لے کر گیا تھا اور وہ اعتماد عبقری دواخانے نے قائم رکھا۔ اس کے علاوہ پروفیسر صاحب اب ہر جمعرات درس میں جاتے اگر نہ جاسکیں تو آن لائن لازمی سنتے ہیں اور کہتے ہیں روحانی سکون ملتا ہے۔ (مظفر کاظمی، لاہور)

مسلسل رہنے والا سر درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سر میں اکثر درد رہتا تھا جس وجہ سے ہر وقت میرے پرس میں سر درد کی گولیاں پڑی رہتی تھیں۔ شاید ہی کوئی دن ایسا ہو کہ جس دن میں نے گولی نہ کھائی ہوئی۔ گولی کھانا روزانہ کے معمول میں شامل تھا۔ ایک روز انٹرنیٹ پر سر درد سے متعلق سرچ کررہی تھی کہ اچانک فیس بک پر ایک پوسٹ جو عبقری دواخانے کی طرف سے تھی نظروں کے سامنے آئی جس میں ''طلسماتی کنگھی'' بارے لکھا تھا میں نے پڑھا اور حیرت میں ڈوب گئی کہ یہ کنگھی کیا ہے؟ اس کے اتنے فوائد میں نے فوراً سے کال کر کے ایک کنگھی کا آرڈر دے دیا۔ کنگھی آئی اور میں نے دی گئی ہدایات کے مطابق کنگھی کرنا شروع کی۔ سر درد میں چلا گیا اور ایک روحانی سکون میسر ہوا جب بھی سر درد ہونے لگتا کنگھی کرتی اس یقین کے ساتھ کہ درد ختم ہو جائے گا اللہ پاک نے مجھے شفاء دی۔ اس کے علاوہ میں اب آپ کا ہر جمعرات ہونے والا درس آن لائن سنتی ہوں اور ماہانہ دم بھی کروانے لاہور آتی ہوں۔ (صغریٰ بی بی، شرقپور شریف)

جوڑوں کا درد غائب ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری رسالے کا ہر ماہ انتظار ہوتا ہے کیونکہ یہ ایک منفرد رسالہ ہے جس میں ٹوٹکے، نسخہ جات وغیرہ سے بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ میں عرصہ آٹھ ماہ سے جوڑوں کے درد میں مبتلا تھی۔ میں آپ کا درس آن لائن سنتی ہوں اور فیض یاب ہوتی ہوں اس میں بتائے گئے وظائف بھی کرتی ہوں اور دوسروں کو بھی وظائف بتاتی ہوں۔ جوڑوں کے درد بارے میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا کسی قاری نے جوڑوں کے درد بارے بتایا تھا کہ اس نے جوہر شفائے مدینہ، روحانی پھکی کو مکس کر کے جوڑوں کے درد کے لیے استعمال کیا تو اس کو فائدہ ہوا میں نے بھی اسی طرح دونوں پھکیوں کو مکس کر کے استعمال کرنا شروع کیا واقعی مجھے جوڑوں کے درد میں نمایاں کمی محسوس ہوئی پہلے میں زیادہ دیر چل نہیں سکتی تھی سانس بھی پھول جاتا اور ٹانگوں میں درد میں ہونا شروع ہوجاتی جس سے میں نے دونوں پھکیوں کو مکس کر کے استعمال کرنا شروع کیا ہے مجھے کافی افاقہ ہوا ہے۔ (ک، ج، راولپنڈی)

قبض ہضم کی خرابی سے بیس دن میں شفاء مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر سال میں گندم گاؤں سے لے آتا تھا اور سارا سال ہی اس کو استعمال کیا جاتا تھا لیکن چند سالوں سے مصروفیات کی وجہ سے گندم لے نہیں پایا اور بازاری آٹا ہی استعمال کرنا شروع کردیا درمیان میں تھوڑی سی گندم لایا اور آٹا بنوایا لیکن بازاری آٹا کھا کھا کر بچے اور سب فیملی کے ممبران اس کے عادی ہوچکے تھے انہیں اب دیسی گندم کا خالص آٹا پسند نہیں آرہا تھا۔ مگر جب سے میں نے بازاری آٹا کھانا شروع کیا اس دن سے مجھے معدے کے بہت سے مسئلے کا سامنا کرنا پڑ گیا۔ ادویات کے ڈھیر ہر وقت میری الماری میں لگے رہتے تھے۔ ایک دن میری دکان پر اخبار فروش نے اخبار کے ساتھ عبقری رسالہ پھینک دیا میں نے کہا اس رسالے کے پیسے میں نہیں دوں گا تو اس نے کہا کہ اس کے میں پیسے نہیں لوں گا کیونکہ ایک شخص نے مجھے سو رسالہ تقسیم کرنے کا کہا تھا اس لیے میں نے آپ کو بھی ایک دے دیا خیر وہ چلا گیا اخبار سے پہلے میں نے سوچا اس میں ہے کیا کہ اس کو وہ شخص تقسیم کروا رہا ہے۔ جب میں نے اس کا مطالعہ شروع کیا تو مجھے وقت کا بھی اندازہ نہ ہوا کہ دو گھنٹے گزر گئے۔ رسالے میں دیئے گئے ٹوٹکے اور نسخہ جات پڑھ کر مطالعہ میں اضافہ ہوا۔ صفحات پلٹتا گیا پلٹتا گیا ایک جگہ ''معالج آٹا'' کے بارے لکھا پڑھا اور حیرت میں گم ہوگیا کہ اس آٹے کے اتنے فوائد کے بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ میں نے دیئے گئے نمبر پر کال کر کے ایک پیکٹ آٹے کا بک کروایا اگلے روز مجھے پیکٹ مل گیا۔ میں نے اہلیہ سے کہا کہ یہ آٹا الگ آٹے میں مکس کر کے رکھ دو اور اسی آٹے سے تیار کردہ روٹی مجھے دینا میں مسلسل بیس دن معالج آٹے کو دوسرے آٹے میں مکس کر کے استعمال کیا جس سے مجھے حیرت انگیز فائدہ ہوا۔ سب سے پہلے تو قبض کا شکار تھا جس سے جان چھوٹ گئی اس کے علاوہ روٹی کھانے کے بعد ہلکا پھلکا محسوس کرتا ہوں جلد ہضم ہونے والا آٹا ہے۔ (احسن خالد، اقبال ٹاؤن)

خالہ کی شوگر بیس دن میں نارمل ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری خالہ کو ابھی تین ماہ ہی ہوئے تھے شوگر کا مرض لاحق ہوئے جس پر وہ بہت زیادہ پریشان تھی کہ پورے خاندان میں کسی کو شوگر نہیں یہ بیماری مجھے ہی ہونی تھی اب یہ تو قبر تک میرا پیچھا نہیں چھوڑے گی بلکہ قبر میں ہی مجھے لے کر جائے گی۔ میں نے خالہ سے کہاں آپ پریشان نہ ہوں اللہ پاک نے ہر بیماری کے لیے شفاء رکھی ہوئی ہے۔ میں خالہ کے گھر سے نکلا اور فوراً سے میں نے عبقری دواخانے کا رخ کیا کیونکہ میں دو سال سے عبقری رسالے کا مطالعہ کر رہا تھا اور مجھے اتنا پتہ چل گیا تھا کہ کونسی دوائی کس لیے ہے اور اس کے علاوہ عبقری کی دیسی ادویات کی ایک یہ بھی خاص بات ہے کہ اس کا کوئی نقصان نہیں ہے جیسا انگریزی ادویات کا ہوتا ہے۔ عبقری دواخانے پہنچا اور ایک شوگر کورس اور تین بوتل عرق شوگر شفاء لی اور واپس خالہ کے گھر پہنچ گیا۔ خالہ نے میرے ہاتھ میں شاپر دیکھا تو کہنے لگی بیٹا یہ کیا ہے میں نے کہا خالہ یہ دوائی ہے آپ کے لیے تو خالہ کہنے لگی بیٹا مجھے پہلے ہی شوگر ہے تو یہ شربت لے آیا ہے میرے لیے۔ میں نے انہیں سمجھایا کہ یہ شربت نہیں ہے بلکہ یہ شوگر کا علاج ہے اور اس کو باقاعدگی سے استعمال کرنا ہے تو انہوں نے ہدایات پر عمل کرتے ہوئے عرق شوگر شفاء اور شوگر کورس کا استعمال کیا تقریباً پندرہ دن کے بعد انہوں نے روزانہ کی بنیاد پر شوگر چیک کرنا شروع کی تو وہ نارمل آنا شروع ہوگئی جس پر خالہ کی جان میں جان آئی اور مجھے فون پر بتایا کہ بیٹا مجھے اب شوگر نہیں رہی مرض پر جلد ہی قابو پالیا ہے تمہارا بہت بہت شکریہ تم نے اتنی مفید دوائی مجھے لا کر دی ورنہ تو ساری زندگی میں تو انگریزی ادویات میں ہی الجھی رہتی۔ (محمد ذہین، شاہدرہ)

چاچا آنکھوں کے امراض میں مبتلا تھے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے چاچا کی گاؤں سے کال آئی کہ میری آنکھوں میں بہت تکلیف ہے ہر وقت سرخ رہتی ہیں اور پانی نکلتا رہتا تھا جس کے لیے لاہور میں موجود اسپیشلسٹ سے چیک اپ کروانے آرہا ہوں۔ شام تک وہ ہمارے گھر آگئے میں نے چاچا کی آنکھیں دیکھی اور گھر میں موجود عینک توڑ ڈراپر دیا کہ آپ چار چار گھنٹے بعد دو دو قطرے ڈالیں صبح تک آنکھوں کی صورتحال دیکھتے ہیں۔ صبح ہوئی تو آنکھیں جو انتہائی سرخ تھی ان کی سرخی کم ہوگئی چاچا نے دیکھا اور کہا کہ لاجواب ڈراپر ہے سرخی بھی کم ہوگئی اور خارش بھی نہیں رہی پانی نکلنا بھی خاصہ کم ہوگیا ہے۔ اس بناء پر چاچا نے کہا کہ اب اسپیشلسٹ کے پاس جانے کا پروگرام کینسل تم مجھے یہی ڈراپر پانچ ڈبی لا دو مجھ اس سے بہتری محسوس ہوئی ہے۔ میں فوراً عبقری دواخانے آگیا اور پانچ ڈبی ڈراپر لے لیا۔ چاچا اگلے دن ہی گاؤں واپس چلے گئے ایک ماہ بعد کال آئی کہ بیٹا کمال کا ڈراپر ہے میری آنکھیں بالکل ٹھیک ہوگئی ہیں اور بینائی آگے سے زیادہ بڑھ گئی ہے اس کے علاوہ گاؤں میں اور بھی میرے دوست ہیں جنہیں آنکھوں کی پرابلم تھی ان کو بھی استعمال کروایا رزلٹ سو فیصد ملا اس لیے دس ڈبی ڈراپر اور بھیج دو میں نے یہاں اپنے دوستوں کو بطور ہدیہ دینا ہے۔ میں نے دس ڈبی ڈراپر بذریعہ ڈاک چاچا کو گاؤں پہنچادی۔ اس کے علاوہ مجھے بھی جب کوئی جسمانی پرابلم ہوتی ہے تو میں بھی عبقری ہی کی ادویات کو ترجیح دیتا ہوں جو کہ اصل جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ہے۔ ماہنامہ عبقری بھی میں بہت شوق سے پڑھتا ہوں جس میں دیئے گئے ٹوٹکے اور نسخہ جات بہت ہی زیادہ مفید ہوتے ہیں۔ (محمد رضا، لاہور)

وزن میں حیران کن کمی ہوئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 25 سال ہے اور میرا وزن 65 کے قریب ہے جس کو لے کر میں دن رات پریشان رہتی تھی میں نے بہت سے عرقیات اور موٹاپا کم کرنے والی مشینوں اور تیل وغیرہ کا استعمال کیا لیکن بے سود رہے۔ یہی نہیں مختلف کمپنیوں کے موٹاپا کم کرنے والے کورسسز بھی استعمال کر چکی ہوں لیکن صرف اور صرف پیسے کا ضیاع ہے اور کچھ نہیں میری ایک سہیلی نے مجھے سعودی عرب سے کال کی میں نے اپنے حال احوال بتایا اور موٹاپا پر بات چل پڑی میں نے اس سے مسئلہ بیان کیا اور کہا کہ سعودیہ سے کوئی اچھی سی میڈیسن بھیج دو میرا موٹاپا کم ہوجائے تو اس نے کہا کہ آپ کے پاکستان میں لاہور شہر میں عبقری دواخانہ ہے تم وہاں کیوں نہیں جاتی میری نند بھی موٹاپے میں مبتلا تھی میں نے وہاں سے دوائی منگوائی اور تقریباً تین موٹاپا کورسسز کے استعمال سے اس کے موٹاپے میں کافی کمی آئی اور وزن بھی بہت کم ہوا ہے۔ میں نے کہا کہ لاہور میں کس جگہ ہے یہ دواخانہ نے اس نے مجھے تمام انفارمیشن واٹس ایپ کے ذریعے سینڈ کی۔ میں نے دواخانے فون ملایا اور تین موٹاپا کورس کا آرڈ دیا جو تقریباً تین دن کے اندر میرے پاس پارسل پہنچ گیا استعمال شروع کیا ڈیڑھ ماہ کے استعمال سے میرا وزن 65 سے 62 ہوگیا میں خود حیران اتنا اچھا رزلٹ شرط یہ ہے کہ اس دوران تلی ہوئی بازاری اشیاء سے مکمل پرہیز کرنا تب ہی اس کے اثرات نمودار ہوں گے۔ (نبیلہ، ساہیوال)

بیٹی کے قد میں اضافہ نہ ہونا پریشان کن تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کا قد نہیں بڑھ رہا تھا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان رہتی تھی اکثر دل میں پریشانی ہوتی تھی کہ اس کا قد چھوٹا ہی نہ رہ جائے۔ اس کے قد کو بڑھانے کے لیے آج کل بازار میں جو قد بڑھانے کے وٹامن آئے ہوئے ہیں وہ بھی استعمال کروا چکی تھی لیکن فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ ایک روز بیٹے کے ٹیسٹ کے سلسلہ میں میری ملاقات اس کی سکول ٹیچر سے ہوئی تو اس دوران میں نے قد کے بارے میں بھی ٹیچر سے مشورہ کیا تو انہوں نے بتایا کہ آپ میرے کہنے پر صرف تین ڈبے دیسی دوائی کے استعمال کروائیں ان شاء اللہ آپ کی بیٹی کا قد بڑھانا شروع ہوجائے گا میں نے کافی ماؤں کو بھی یہ دوائی استعمال کرنے کا مشورہ دیا ہے میں نے ٹیچر سے پوچھا دوائی کا نام بتادیں تو انہوں نے بتایا کہ عبقری دواخانے کا ''قد دراز کورس'' ہے وہ آپ تین کورس استعمال کروائیں میں نے دواخانے کا ایڈریس لیا اور وہاں گئی تو وہاں اسسٹنٹ حکیم صاحب بیٹھے ہوئے تھے میں نے سوچا ان سے بیٹی کا چیک اپ کرواتی ہوں جب بیٹی کا انہوں نے چیک اپ کیا تو انہوں نے قد دراز کورس کے ساتھ ساتھ فٹنس فولاد ٹانک بھی دیا جو میں اپنے بچے کو دودھ میں ڈال کر دیتی ماشاء اللہ سے تین ماہ کے بعد میں نے محسوس کیا کہ بیٹی کے قد میں اضافہ ہونا شروع ہوگیا تھا جس پر میری پریشانی میں کمی آئی۔ اب رشتہ داروں میں بھی کسی بچی یا بچے کو قد کا مسئلہ ہو تو میں انہیں عبقری دواخانے کا قد دراز کورس استعمال کروانے کا مشورہ دیتی ہوں۔ (افشاں، گرین ٹاؤن)

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات 'فاقے'، بے روزگاری، بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا یا سنا واقعہ ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے تقریباً بیس سال پہلے جب آپ گھر میں کلینک کیا کرتے تھے میں تب سے "عبقری" سے جڑا ہوا ہوں۔ الحمدللہ آج مجھے عبقری کا خادم ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ میں آج جو عمل بتانے جارہا ہوں وہ بھی آپ نے تقریباً بیس سال پہلے بتایا آپ کی دعاؤں سے میں نے جب جب وہ عمل

من چاہا رزق چاہیے تو بس یہ عمل کیجئے!

کیا میرے رزق میں برکت بھی پڑی اور اللہ نے غیب کے خزانوں سے مجھے نوازا بھی۔

آپ نے فرمایا تھا "جب بھی آپ اپنے رزق میں تنگی محسوس کریں تو آپ اپنے ہاتھ سے کھانا بنائیں اور کھلائیں"۔ اس عمل کو کرنے کے لیے کوئی شرط مقرر نہیں چاہیں تو زیادہ بنالیں یا پھر حسب توفیق بنا کر کھلائیں۔ بیس سال قبل اپنے مرشد جی کا کہا ہوا سنا ضرور پر عمل نہ کر پایا، شاید چھوٹی عمر میں اس بات کو سمجھ نہیں پایا لیکن یہ عمل میں بھولا نہیں۔

پہلی بار یہ عمل میں نے اپنی ماسٹر کی ڈگری حاصل کرنے کے دوران کیا۔ پڑھائی کے دوران میں اپنی فیس خود ادا کرتا تھا جبکہ میں ایک اچھے گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں چند ماہ گزرنے کے بعد مجھے فیس ادا کرنے میں دشواری پیش آئی تبھی آپ کا بتایا ہوا یہ عمل یاد آ گیا۔ میں نے خود کھانا بنایا اور اپنے والدین، بہن، بھائی اور چند محلے داروں میں تقسیم کیا، یہ عمل کرنے کے چند دن بعد مجھے پاکستان کے ایک نامور فوڈ برانڈ میں نوکری مل گئی۔ اس نوکری کے بل بوتے پر میں نے الحمدللہ ماسٹر کی ڈوگری مکمل کی چونکہ میں کھانا ہر طرح کا بنانا جانتا ہوں اس لیے مجھے یہ عمل کرنے میں کوئی دقت پیش نہیں آئی۔

2012ء میں مجھے جاپان جانے کا اتفاق بھی ہوا۔ وہاں مجھے ایم فل کرنا تھا جو کہ میں نے جاپان کی سکالرشپ حاصل کرنے کے بعد شروع کیا۔ جاپان میں مجھے ایک یونیورسٹی میں داخلہ بھی مل گیا۔ عموماً غیرملکی سٹوڈنٹس کو یونیورسٹی سے کافی دور رہائش ملتی ہے جس کی وجہ سے آنے جانے کے لیے کافی پیسے خرچ ہو جاتے ہیں۔ یونیورسٹی کے قریب گھر کا حصول آسان نہیں خصوصاً غیرملکی لوگوں کے لیے اس پریشانی کے عالم میں آپ کا یہ عمل ایک بار پھر یاد آیا اور میں نے اس کو عمل کو دہرایا۔ الحمدللہ! اللہ نے میرے اس مسئلے کو حل کیا۔

چند ہی دنوں میں مجھے پڑھائی کے ساتھ ساتھ نوکری ملی اس نوکری کے بارے میں واضح کردوں کہ اس نوکری کو حاصل کرنے کے لیے میں نے وہاں اپلائی بھی نہیں کیا تھا۔ آپ یوں کہہ لیں کہ یہ نوکری خود چل کر آئی۔ یہ عمل میں نے جاپان میں رہ کر چھوڑا نہیں جس کا نتیجہ یہ رہا کہ اللہ نے مجھے غیب کے خزانے سے نوازا۔ مجھے اس عمل کے بدلے رزق میں برکت، کشادگی اور عزت ملی۔

2015ء میں ایک بار پھر مجھے مشکلات نے گھیر لیا نوکری کی مدت پوری ہوچکی تھی لہٰذا ایک نوکری کے ساتھ گزر بسر مشکل تھا۔ میں نے اپنے والد محترم سے ادھار پیسے بھی مانگ لیے انہی دنوں میں آپ کی خواب میں زیارت ہوئی آپ نے مجھے خواب میں بھی ہدایت کی جن کے الفاظ کچھ یہ تھے "آپ نے عمل چھوڑ دیا"۔ اس خواب کے بعد میں نے پھر سے اس عمل کو کیا اور الحمدللہ مجھے جاپان کی فنانس منسٹری میں پڑھانے کا موقع ملا۔ اور میں پہلا پاکستانی تھا جس نے جاپان کے اس ادارے میں اپنی خدمات پیش کیں اور یہ سب مجھے آپ کے بتائے ہوئے اس عمل سے حاصل ہوا۔ میں نے اس عمل کو اپنی زندگی کا معمول بنایا ہوا ہے اور پاکستان آنے کے بعد سے اب تک مجھے کبھی رزق میں تنگی نہ ہوئی آج میرا اپنا کاروبار ہے اور میری تسبیح خانہ سے نسبت بھی ہے جس پر مجھے فخر ہے۔ میں قارئین سے گزارش کروں گا آپ کو جب بھی تنگی محسوس ہو تو آپ یہی عمل کریں ان شاء اللہ آپ کو غیب سے رزق ملے گا۔ (احمد وقاص، لاہور)

ہمارے مہینے

اسلامی	انگریزی	ریاستی	ہندی
محرم الحرام	جنوری	عاشورہ	چیت
صفرالمظفر	فروری	تیراتیزاں	بیساکھ
ربیع الاول	مارچ	بارہ وفاتاں	جیٹھ
ربیع الثانی	اپریل	عرس والا	ہاڑ
جمادی الاول	مئی	خالی	ساون
جمادی الثانی	جون	بیاخالی	بھادوں
رجب المرجب	جولائی	معراج	اسوج
شعبان المعظم	اگست	شعبان	کاتک
رمضان المبارک	ستمبر	رمضان	مگھر
شوال	اکتوبر	عیدوالہ	پوہ
ذی قعدہ	نومبر	خالی	ماگھ
ذوالحجہ	دسمبر	بقرعید	پھاگن

ٹوٹکہ! پڑھیے حیران ہوں مگر فائدہ اٹھائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگر گلے میں بال وغیرہ اٹک جائے اور نگلنے میں پانی وغیرہ تکلیف ہے یا ٹانسلز کا مسئلہ ہو تو پانی کو تین مرتبہ کاٹ کر پانی وغیرہ کی تکلیف ہو یا ٹانسلز کا مسئلہ ہو تو پانی کو تین مرتبہ کاٹ کر یا کوئی بھی لیکوئیڈ کو کاٹ کر پی لیا جائے دن میں کئی مرتبہ کا مجرب ہے۔ طریقہ عمل: پانی کا گلاس لے کر چھری لے کر اس میں چھری کو اس طرح چلائیں کہ جیسے آپ پانی کاٹ رہے ہیں۔ (ن، خانیوال)

اصحاب کہف کے بندش توڑ عمل کا کمال

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو تین سال ہو گئے ہیں اولاد نہیں ہو رہی تھی ہر طرح کا طبی روحانی علاج کروایا لیکن کوئی اُمید نہ ہوئی۔ عبقری ہجویری محل کے آستانہ منت مراد کے افتتاح پر ہم وہاں گئے تو ہم میاں بیوی نے وہاں "اصحاب کہف کا بندش توڑ عمل" کیا۔ اس عمل میں اونٹ کی ہڈی پر بنے روحانی نقوش میں نے بھی اپنے جسم پر ملے اور اہلیہ نے بھی۔ اس عمل کے بعد ایک تو ہم میاں بیوی میں حیرت انگیز طور پر محبت میں بہت اضافہ ہوا۔ پہلے آپس میں محبت تھی اب عشق ہو گیا ہے۔ میری بیوی اب اُمید سے ہے۔ ہم وقتاً فوقتاً آستانہ منت مراد جا کر یہ عمل کرتے رہتے ہیں۔ (ساجد علی، شیخوپورہ)

کالے علم کی نحوست اور عبرتناک انجام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے پرانے درس سن رہی اور خطبات عبقری کی کتب کا بھی مطالعہ کررہی ہوں۔ خطبات عبقری کی جلد نمبر چار میں آپ نے موسیقی اور دعا بددعا، جادو جنات کے نسلوں تک اثرات کا درس دیا ہے۔ میں آپ کو چند باتیں اپنی زندگی کے سلسلے میں بتانا چاہتی ہوں۔

میرے نانا جادوگر اور کالا علم کے ماہر تھے

میری والدہ بتاتی ہیں کہ میرے نانا کچھ منتر جانتے تھے۔ وہ اپنے ہاتھوں پر کالی دیوی اور چند دوسری غیر ماورائی مخلوق کے ذریعے حالات دیکھتے تھے۔ لوگ ان کے پاس اپنے معاملات کے حوالے سے آیا کرتے تھے۔ نانا ابو کی اولاد یعنی میرے ماموں نے ان کے ساتھ بہت برا سلوک کیا کہ آخرکار وہ تڑپتے، سسکتے اس دنیا سے رخصت ہوگئے۔ جب کہ اپنے زمانے کے وہ ماہر آدمی تھے۔

میری والدہ کی عجیب و غریب مزاج کی عورت

اسی طرح میری والدہ بے حد عجیب و غریب مزاج کی حامل خاتون رہی ہیں۔ وہ لوگوں کی نقلیں اتارنا، مذاق اڑانا، چغل خوری، لوگوں کے گھروں میں گھومنا پھرنا لڑائیاں کروانا اس کے علاوہ لاہور کا کوئی منتر منتر جاننے والا ایسا نہیں جہاں وہ نہ گئی ہوں۔ طرح طرح کے عملیات کرنا ان کا مشغلہ رہا ہے۔ اپنی شادی کے بعد وہ کچھ منتر پڑھ کر جوتی پر عمل کرتی تھیں جس کے بعد وہ جوتی گھومنے لگتی تھی اور یہ عمل انہوں نے باقاعدہ سیکھا تھا اور یہ کوئی کالا عمل تھا۔

والدہ کے مشغلے اور گھر میں نحوست

میرے والد انتہائی شریف اور بزدل آدمی ہیں۔ وہ والدہ سے بے حد ڈرتے ہیں۔ کئی بار انہوں نے والدہ کو روکا اور سمجھایا پھر ایک مولوی کے ذریعے روکا تو وہ باز آگئیں۔ اس دوران ان کی حالت بعض دفعہ اتنی غیر ہوجاتی تھی کہ جیسے کسی نے مار مار کر جسم کو نیل اور سوج ڈال دی ہو۔ پھر میرے بڑے بھائی کی پیدائش پہ یہ سلسلہ رکا۔ لیکن والدہ نے عاملین کے پاس جانا نہ چھوڑا۔ وہ مسلسل گھر میں تعویذات، کیل اور پتا نہیں کیا کیا لاکر استعمال کرتی رہیں۔ والد بیرون ملک چلے گئے اور آج تک وہیں ہیں۔ ہم اپنی نانی کے گھر رہے اور آج تک اپنا مکان نہیں ہے۔ والدہ کے مشغلے یہی تھے۔ گھر میں ہر طرح کی نحوست تھی! بڑا بھائی موسیقی کا دلدادہ تھا۔ ہر وقت گانے، ناول مسلسل موسیقی ایک بھائی بری صحبت کا شکار اور نشے کا شکار ہوگیا۔ اتنا نشہ کرنے لگا کہ اس کا دماغ الٹ گیا ہے۔ ایک بہن طلاق یافتہ اور نفسیاتی مریضہ ہے۔

والدہ اور کالے علم کا شوق! گھر برباد ہوگیا

میں بچپن سے یہ سب دیکھ رہی ہوں۔ گھر میں نماز نہ روزہ ہے۔ ہر وقت لڑائی جھگڑے۔ پہلے ہم نانی کے ساتھ رہتے تھے تو ممانی سے جھگڑا پھر وہاں سے نکل کر خالہ کے مکان میں آگئے یہاں بھی وہ حالات رہے بلکہ اور بگڑ گئے۔ ہر وقت کی موسیقی، نحوست، یہاں آتے ہی گھر میں خون کے چھینٹے پڑے ایسے جیسے کوئی بلی کے بچے خون سے بھرے ہوئے ہوں۔ ایک عاملہ آئیں کچھ پڑھائی کی ایک بکرے کے گوشت کی دیگ لی اور چلتی بنی۔ اس دن سے گھر میں نحوستوں کا باب کھل گیا۔ چیخنے رونے کی آوازیں آتیں بھی آدھی رات کو نکل ہوتی' دروازے بجتے۔ پنکھے سے اچانک پانی گرنے لگا کبھی آواز آتی کسی گھر کے فرد کی' پوچھنے پر پتا چلتا اس نے بلایا ہی نہیں۔ آہستہ آہستہ پورا گھر برباد ہوگیا۔

والدہ کی جان اٹکی ہوئی ہے!

والدہ آج بستر پر پڑی ہیں۔ ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہے۔ جان اٹکی ہوئی ہے نہ نکل رہی ہے نہ ٹھیک ہورہی ہے بہن طلاق یافتہ نفسیاتی اور ممانی مریضہ ایک بچی کے ساتھ گھر آبیٹھی ہے۔ اب تو بچی بھی جوان ہے۔ موسیقی کا دلدادہ بھائی فالج کا مریض بن گیا ہے۔ ایک کا نشے سے دماغ الٹ گیا ہے وہ اچانک دورہ پڑنے پر پاگلوں والی حرکات شروع کردیتا ہے۔ میں اتنی عمر کے باوجود کنواری ہوں۔ بھائی بھی دونوں کنوارے ہیں ایک 40 اور ایک 45 کا ہے۔ میں سب سے چھوٹی ہوں 35 سال میری عمر ہے والد بیرون ملک ہونے کے باوجود گھر نہیں بنا پائے۔ وہ وہاں دل کے مریض بن چکے ہیں۔ ان ہی کی کمائی پر گھر چلتا ہے۔ الغرض حالات آپ کو بیان کررہی ہوں اگر ایک ایک کی زندگی بیان کروں تو دکھوں کی پوری داستان بن جائے۔

ماں کا کیا اب بھگت رہے ہیں

میں 2015 میں عبقری سے جڑی اور یاقہار کا عمل کیا کئی بندشیں، رکاوٹیں نظر آئیں مگر مسلسل عمل نہیں کرپاتی ہوں میرے باپ کی نسل ختم ہوگئی ہے۔ میرے گھر بسنے کی آس ختم ہوگئی ہے ماں کا کیا ہم سب بھگت رہے ہیں۔

کیا کبھی میں بھی خوشیاں دیکھ سکتی ہوں!

موسیقی نے گھر اجاڑ دیا ہے۔ جادو جنات نے سب برباد کردیا ہے۔ آپ بالکل ٹھیک فرماتے ہیں عورت ہی اخلاق، ایمان، تربیت گھر لاسکتی ہے۔ کوئی کام سیدھا نہیں نہ اب ہونے کی امید ہے۔ اب تو ہم سب بھی پکی عمروں کو پہنچ چکے ہیں۔ لوگ اور رشتے دار عجیب نظروں سے دیکھتے ہیں کمائی کا ذریعہ نہیں۔ مکان نہیں ہے۔ ہدایت نہیں ہے۔ غربت، نحوست اور ظلمت کا عجب عالم ہے۔ آپ نے وضو والی دعا عنایت کی تھی وہ صرف میں پڑھتی ہوں۔ گھر میں نماز، روزہ کا کوئی رجحان نہیں ہے۔ کیا میں بھی کبھی خوشیاں دیکھ سکتی ہوں۔ اپنا گھر بسنے کی۔ اپنے بھائیوں کا گھر بسنے کی۔ ایک خوشحال زندگی کی۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آتی ہے۔ براہ مہربانی سب کو بتائیں کہ یہ عامل جادو ٹونے سب برباد کردیتے ہیں۔ (پوشیدہ)

بالکل ناکارہ چیز کے ذریعے عرشی دعائیں لیں!

پرانی چارپائی کا مونجھ کا بان، جو بالکل پرانا ہوگیا ہو اور اس کو کاٹ کر یعنی نکال کر پھینک دیا گیا ہو وہ ناکارہ مونجھ کا بان شیخ الوظائف کو بطور ہدیہ دیکر دعائیں لیں' سنہری موقع۔ نوٹ: صرف مونجھ کا بان ہو دھاگے یا سوتر کا بان نہ ہو۔

گلے کی خرابی سے نجات کے 10 آسان طریقے

(محمد بلال یار وکھوسہ)

زبان کی پچھلی طرف حلق میں دونوں طرف چھوٹے چھوٹے دو گلینڈ ہوتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ گلے سے گزرنے والی خوراک یا جراثیم کو پھیپھڑوں کی طرف منتقل کرنے لعابی جراثیم روکنے والے یہ دونوں گلینڈ چوکیداری کرتے ہیں۔ جراثیم آگے جانے سے روکتے ہیں۔ اور خود ستم سہہ کر متورم ہو جاتے ہیں۔ مکمل تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ یہ حلق کی سوزش کا حصہ ہیں۔ یہ سوزش بچپن سے لے کر 35 سال کی عمر تک ہوتی رہتی ہے وہ اسباب جو گلے کی سوزش کا باعث بنتے ہیں وہ درج ذیل ہیں:

گلے کی خرابی کی علامات

(۱) گندی چیزیں کھانے سے (تیز مصالحے دار اشیاء کھانے سے) (۲) جھاگ دار مشروبات۔ (۳) فیڈر اور چوسنی کا زیادہ استعمال۔ (۴) مختلف قسم کی چٹی پٹے پاپڑوں اور بازاری ٹافیوں سے۔ (۵) زیادہ ٹھنڈی اشیاء استعمال کرنے سے۔ بیماری کی ابتداء گلے میں بھاری پن کی کیفیت پیدا کر کے گلے کو متورم کر دیتی ہے۔ بچہ بار بار اپنا تھوک نگلتا ہے۔ گلے میں درد رہتا ہے اور درد کانوں کی تہہ تک محسوس ہوتا ہے۔ بعض اوقات سردی لگ جاتی ہے اور بخار بھی ہو جاتا ہے۔ نبض میں تیز حرارت ہوتی ہے۔ جسم میں حرارت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ گلے میں ورم ہونے کی وجہ سے بھوک بھی کم ہو جاتی ہے۔

بچے کو اگر منہ کھولنے کا کہا جائے تو وہ صحیح طریقہ سے منہ نہیں کھول سکتا اگر ٹارچ جلا کر گلے کے اندر دیکھا جائے تو یہ گلینڈ پھول چکے ہوتے ہیں اور بعض اوقات سرخ دانے بھی دیکھے گئے ہیں اور بعض بچوں میں یہ گلینڈز اتنے پھول جاتے ہیں حتیٰ کہ یہ دونوں آپس میں مل جاتے ہیں اور خوراک کو روکتے ہیں۔ اگر یہ گلینڈز پر ورم آ جائے تو اس سے زہر باد پیدا ہوتا ہے۔ سانس کی نالیوں میں شدید سوزش ہوتی ہے۔ بچہ کمزور ہونے لگتا ہے اور بڑھوتری رک جاتی ہے۔ بچہ منہ سے سانس لینا شروع کر دیتا ہے۔ جب یہ خطرناک علامتیں ظاہر ہو جائیں مریض کا علاج جلد سے جلد کیا جائے۔ بچوں والی ماؤں سے گزارش ہے کہ وہ روزانہ بچوں کے گلے کا معائنہ لازما کر لیں۔ اگر بچہ نومولود ہے۔ تو ماں اپنی باسی لعاب کو بچے کے گلے پر پھیرے اور ہاتھ کی انگلیوں سے ہلکا ہلکا مساج کرے۔ اگر بچہ ایک سال سے پانچ سال تک کا ہے۔ بام کا استعمال کیا جائے۔ اس گلینڈز نرم ہو کر خون میں تحلیل ہو جاتے ہیں اگر بچہ غرارے کر سکتا ہو تو قدرے نمک پانی ملا کر بچوں سے صبح و شام غرارارے کرائے جائیں۔ اس سے فائدہ جلد ہوتا ہے پانی سے بھاپ بھی دی جاتی ہے۔

گلے کے ورم خون میں تحلیل کرنے کے آسان طریقے

(۱) پانی میں کلونجی ڈالیں جب پانی کا رنگ سرمئی یا ہلکا سبز ہو جائے اتار کر رکھ دیں نیم گرم پانی سے رات کو سوتے وقت غرارے کرائیں۔ (۲) کلونجی کی چائے بھی مفید ہے۔ (۳) شہد چوتھائی چمچ چٹکی بھر خوردنی نمک ملا کر گلے کے گلینڈز کو ہلکا سا دبائیں اور مساج کریں۔ ایسا کرنے سے گلے کے گلینڈز سے خون نکل آتا ہے اور گلینڈز نرم ہو کر ختم ہو جاتے ہیں۔ (۴) بعض لوگ گلے کے ان گلینڈز کا آپریشن کروا لیتے ہیں جو کہ بہت نقصان دہ ہے اور خوراک کی روک تھام والے جراثیم اندر جا کر مختلف بیماریوں کا سبب بنتے ہیں۔ (۵) ایسے لوگ جن کے گلے کا زیادہ استعمال ہوتا ہے جیسے کہ، استاد، قوال حضرات آدھی چمچ کلونجی آدھا کلو پانی میں جوش دے کر غرارے کریں تو ایسا کرنے سے حلق کی سوزش میں آرام آ جاتا ہے۔ (۶) پھٹکڑی ملا پانی بھی حلق کی سوزش کو کم کرنے میں بہت ہی کار آمد ہے۔ (۷) سگریٹ نوشی، کھٹائیوں اور بوتلیں زیادہ استعمال کرنے پر خود پر پابندی لگا دیں تو اس مرض نجات پا سکتے ہیں۔ (۸) اگر مہندی کے پتے پانی میں اُبال کر غرارے کیے جائیں تو بھی گلا صاف ہو جاتا ہے۔ (۹) کھولتے ہوئے پانی میں بڑا چمچ شہد کا مکس کریں صبح نہار منہ نیم گرم پانی سردیوں میں اور گرمیوں میں سرد پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ (۱۰) گلے میں خراش اگر زیادہ ہو تو ملٹھی یا بہی دانہ کے بیج منہ میں رکھ کر چوسنا بھی کافی حد تک آرام کا موجب بنتا ہے۔

دس بارہ بیج منہ میں رکھ کر چیونگم کی طرح چوسنے سے بھی تکلیف کم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح طب نبویؐ کی مبارک دواء سے بھی فائدہ لیا جا سکتا ہے۔ جیسے کہ قسط شریں، قسط الهندی بڑے کمال کی جراثیم کش ہے۔ یہ جراثیم کو براہ راست مارنے کے علاوہ جسم کی قوت مدافعت میں اضافہ کرتی ہے۔

قسط شیریں سے گلے کو صحت مند بنائیے!

حضرت انس بن مالکؓ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ’’اپنے بچوں کو حلق کی بیماری میں گلا دبا کر عذاب نہ دو جبکہ تمہارے پاس قسط موجود ہے‘‘ (بخاری و مسلم) قسط بنیادی طور پر جراثیم کش ہے یہ جراثیم کے علاوہ طفیلی کیڑوں کو بھی مار سکتی ہے۔ پیٹ کی بیماریوں میں جہاں جراثیم کے علاوہ امیبا بھی موجود ہوتا ہے وہاں رنگ برنگی گولیاں کھلانے کی بجائے قسط تنہا ہی کافی ہے۔ قسط کا ایک اہم کمال یہ ہے کہ جسم کی قوت مدافعت میں اضافہ کرتی ہے۔

(بقیہ: انگور سے کینسر کا کامیاب علاج! دمہ کے مریض بالکل ٹھیک)

سوڈیم کلورائیڈ کی موجودگی بہت معمولی ہوتی ہے، اس لئے گردوں پر انگور کے استعمال کا برا اثر نہیں پڑتا۔ گردوں کی سوزش اور مثانے اور گردے میں پتھریوں کے خاتمہ کے لیے انگور بہترین غذائی علاج ہے۔ جگر کی بیماریاں: جگر کے فعل کو موثر بنانے اور صفرا کا اخراج تیز کرنے میں انگور چونکہ بہت موثر ہیں، اس لئے یہ جگر کی تمام بیماریوں کا شفائی علاج ہیں۔ بچوں کے امراض: انگور کا رس خون بنانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ یہ ایک موثر گھریلو علاج ہے اور اسے آسانی سے بوتلوں میں ڈال کر محفوظ کیا جا سکتا ہے۔ یہ بچوں میں قبض کی وجہ سے اینٹھن اور مروڑ کے علاج میں بھی کارگر ہے۔ شیر خوار بچے جب دانت نکال رہے ہوں تو انگور کا جوس بہت مفید اور موثر رہتا ہے۔ بیرونی زخم اور پھوڑے: انگوروں کا پلٹس ایسے پھوڑوں پہ باندھنا مفید ہے جن کا منہ نہ بن رہا ہو۔ انگور کے دانوں کو کچل کر اور ململ کے کپڑے میں تہہ جما کر متاثرہ حصہ پر رکھ دیتے ہیں اور اوپر سے کسی خشک کپڑے کی پٹی باندھ دی جاتی ہے۔ پلٹس کو تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد بدل لینا چاہئے کیونکہ یہ بہت تیزی سے فاسد مادے اور زہر کو جذب کر لیتا ہے۔ مسوڑھوں کی سوزش: انگوروں کا نامیاتی تیزاب اور تیز اور موثر قسم کے جراثیم کش مادہ ہوتا ہے۔ ماہرین کے مطابق اگر جو دانت ہل رہا ہو اور مسوڑھوں سے پیپ آ رہی ہو تو بھی فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں۔ چند دن تک انگوروں پر مشتمل اکلوتی غذا کا استعمال یہ کرشمہ دکھاتا ہے کہ دانت مضبوطی سے اپنی جگہ جم جاتے ہیں، مسوڑھوں کی سوزش ختم اور پیپ خشک ہو جاتی ہے۔

کینسر سے نجات چاہیے یا قید سے! یہ پڑھیں

(نذیر احمد قادری، بھی)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے عبقری کا رسالہ، کتابیں پڑھ رہا ہوں۔ مجھے بھی شوق ہوا میں بھی عبقری کے ذریعے لوگوں تک اپنے دوستوں کے، بزرگوں کے اور پرانی مستند کتابوں کے تجربہ شدہ عمل پہنچانے کا خیال آیا۔

کینسر سے نجات کے لیے: پسا ہوا زیرہ تین تین گرام دن میں تین مرتبہ پانی سے استعمال کیجئے ان شاء اللہ عزوجل مرض سے نجات ملے گی۔ روزانہ چٹکی بھر پسی ہوئی خالص ہلدی کھانے سے بھی کینسر ختم ہوجاتا ہے۔

مثانہ کی پتھری کا علاج: مثانہ کی پتھری کے لیے خربوزہ کھائیں کیونکہ خربوزہ کھانے سے جسم کی گانٹھیں گلاتا، خوب پیشاب آتا ہے، سر کی خشکی خارش کو بھگاتا ہے۔ مثانے کی پتھری سے نجات دیتا ہے۔

(۲) مولی اور اس کے پتے، ککڑی، کھیرا، تربوز، خربوزہ کثرت سے کھانا بھی گردے کے درد سے نجات دیتا ہے۔

معدہ میں زخم: دو ہفتہ تک مسلسل دن میں تین مرتبہ بند گوبھی کا رس ایک ایک گلاس پی لیجئے اور بند گوبھی کا سالن بھی کھائیں ان شاء اللہ زخم ٹھیک ہوجائے گا۔

شہوت میں کمی سے نجات: جو شخص وظیفہ زوجیت کسی بھی وجہ سے ادا نہ کرسکے تو وہ شخص یہ اسمائے مبارکہ یَاقَوِیُّ یَامُعِیْنُ صبح و شام باوضو حالت میں ایک ہزار بار اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ پاک کے حضور دعا مانگے تو ان شاء اللہ عزوجل سات یوم کے عمل سے اس کی نامردی کی شکایت دور ہوجائے گی اور وظیفہ زوجیت میں اعلیٰ قدرت حاصل کرے گا۔ یہ روحانی عمل بہت بار کا آزمودہ ہے اور انتہائی طاقتور ہے۔

کان کے درد کے لیے: چھ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکائیں ان شاء اللہ درد ختم ہوجائے گا۔

قید سے رہائی کے لیے: اگر کوئی قید خانہ سے رہائی چاہے تو روزانہ سورۂ جن پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ رہائی نصیب ہوگی۔ اور جس شخص پر آسیب ہو تو وہ روزانہ سات مرتبہ سورۂ جن پڑھے آسیب بھاگ جائے گا۔

پیچش کا علاج: طلوع آفتاب سے قبل اوّل آخر طاق عدد میں درود شریف کے ساتھ ایک مرتبہ ذیل کی آیات مبارکہ ایک گلاس پانی پر دم کرکے نہار منہ پی لیجئے اور آدھے گھنٹے تک کوئی بھی کھانے کی چیز استعمال نہ کریں پرانی پیچش بھی ختم ہوجائے گی۔ علاج مدت اکیس دن۔ آیات: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا (النساء 32)۔

بخار کے لیے: بخار کی صورت میں 141 مرتبہ ''مُصَدِّقٌ ﷺ'' پورا پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کے منہ پر چھینٹے ماریں بقایا پانی مریض کو پلا دیں ان شاء اللہ بخار سے چھٹکارا مل جائے گا۔

مزمل ﷺ'' 313 مرتبہ سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکایا کریں ان شاء اللہ عزوجل درد ختم ہوجائے گا۔

آنکھوں کے زخم کے لیے: اسم مبارکہ یٰسین ﷺ 1001 مرتبہ پڑھ کر آنکھوں کے زخم پر دم کیا جائے تو ان شاء اللہ عزوجل زخم ٹھیک ہوجائیں گے۔

موتیا بند آنکھوں کے لیے: ہر فرض نماز کے بعد اسم مبارک ''نبی اللہ ﷺ'' 149 مرتبہ پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرا کریں موتیا بند کے لیے مفید ہے۔

گردے کی پتھری سے نجات کیلئے آلو بھون کر کھائیے!

ہموزن مولی اور آلو بھون کر حسب ضرورت سونف، نمک اور کالی مرچ شامل کرکے کھانا گردے کے درد اور پتھری کے لیے مفید ہے۔ **گردے کے درد کے دو علاج:** (۱) خربوزے کے تھوڑے سے بیج چھیل کر روزانہ کھائیں اور پانی پی لیجئے ان شاء اللہ عزوجل گردے کے درد میں آرام ہوگا۔

خونی و بادی بواسیر کے لیے: سورۂ الاعلیٰ (پارہ 30) اکثر اوقات خصوصاً ہر نماز کے بعد پڑھیں اور ساتھ اسم مبارک ''محمد مصطفی ﷺ'' کا ورد رکھیں ہر قسم کی بواسیر دور ہوگی۔

کان کے درد سے نجات کے لیے: اسم مبارک ''

پیچش کے لیے: سورۂ الدخان (44) ایک مرتبہ پڑھ کر اس کے ساتھ 777 مرتبہ اسم مبارکہ ''مختار ﷺ'' کاغذ پر لکھ کر پینے سے پیچش دفع ہوجاتی ہے اور مریض صحت مند تندرست ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ معدہ کے امراض میں بھی یہ روحانی ٹوٹکہ بہت بہترین ہے۔

(بقیہ: حروف مقطعات کا عمل، خاص ہدایات ضرور پڑھیں ورنہ محروم رہ جائیں گے)

(6) یہ قرآنی حروف کا نقش ہے ان کو باوضو ہی پُر کریں۔ خواتین ناپاکی کے ایام میں اس نقش کو پُر نہ کریں۔ اگر عمل کے دوران ناپاکی کے ایام آجائیں تو پاکی کے بعد بقیہ عمل مکمل کرلیں۔ (7) اس نقش کو رسالے سے جدا نہ کریں اس کو رسالے میں ہی رہنے دیں۔ اس رسالے پر علامہ لاہوتی صاحب نے حفاظتی حصار کا عمل کیا ہوا ہے۔ اس رسالے کو سنبھال کر اپنے گھر میں رکھیں۔ انوکھی برکت اور سعادت رہے گی' ہمیشہ بلائیں' مصائب' آفات' بندشیں ٹلی رہیں گی۔ گھر میں کبھی جھگڑے نہیں ہوں گے۔ (8) آپ اگر مزید اور زیادہ سعادتیں لینا چاہتے ہیں تو اس رسالے کو زیادہ سے زیادہ تقسیم کریں جتنے زیادہ لوگ یہ نقش پُر کریں گے اتنا زیادہ آپ کو برکات' سعادتیں' خیریں ملیں گی اور نسلیں مالا مال ہوں گی۔ (9) کل 12 نقوش شائع کیے جائیں گے۔ اگر آپ کو اس عمل کی دیر سے اطلاع ہوئی ہو اور آپ کے گزشتہ ماہ کے نقوش کا عمل رہ گیا ہو تو کوئی مسئلہ نہیں آپ اسی ماہ گزشتہ ماہ کے رسالے لے کر یہ عمل پورا کرسکتے ہیں۔ (10) جو تمام 12 نقش کا عمل پورا کرے گا اس کو ایک اجتماعی نقش کا عمل کروایا جائے گا۔ اس کو ہی مکمل اور اصل فائدہ ہوگا اور یہ فائدہ اسی کو ملے گا تو یہ بارہ مکمل حروف مقطعات کا نقش مکمل کرے گا۔

پہاڑ پر روشنی | بندش کی کاٹ کا عمل | عجیب و غریب بچی | گردن کٹی گائے | گھریلو پریشانیوں کا اندیشہ | خواب اور روشن تعبیر

پہاڑ پر روشنی

میں نے خواب دیکھا کہ اپنے مرشد کے گھر پر ہوں لیکن یہ گھر ویسا نہیں جیسا کہ ان کا ہے۔ میرے شوہر کہتے ہیں کہ میں اماں جان سے ملنا چاہتا ہوں تو میں کہتی ہوں کہ میں ان سے پوچھوں گی کیونکہ وہ شرعی پردے میں ہیں۔ ان سے کہتی ہوں تو وہ کہتی ہیں ایسا تو کبھی نہیں ہوا، پھر میں کمروں اور صحن میں دیکھتی ہوں۔ سفید لباس میں چارپائی پر بیٹھے ہیں اور ان کی بڑی بیٹی اور سب گھر والے بھی گھر میں ہیں۔ میرے شوہر اندر گھوم پھر رہے ہیں۔ میں کہتی ہوں کہ ان سب کا تو شرعی پردہ ہے، لیکن کوئی بھی ان کو کچھ نہیں کہہ رہا، پھر میں اس مکان کی چھت پر ہوں۔ باہر ایک مسجد نظر آرہی ہے جو کہ ایک بڑے کمرے جتنی ہے۔ اس کے اطراف میں پودے لگے ہوئے ہیں، میں چھت پر کھڑی دائیں طرف دیکھتی ہوں تو عرب کے تاریخی پہاڑی ہیں۔ ایک دم میرے ذہن میں آتا ہے کہ ان پر نظر جما کر دیکھو تو بینائی تیز ہوتی ہے۔ میں ان پہاڑوں پر نظریں جما دیتی ہوں تو کیا دیکھتی ہوں کہ اس سے روشنی نکل رہی ہے اور میں اس کو واضح طور پر روشن دیکھ رہی ہوں۔ (افشاں، سرگودھا)

آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو اپنے مرشد کی روحانی توجہ اور فیض باطنی کا حصول ہوگا، جس سے تمام معاملات روحانی دنیاوی میں سہولت پیدا ہو جائے گی۔ واللہ اعلم۔

بندش کی کاٹ کا عمل

میں نے اپنی بیٹی کے بارے میں خواب دیکھا کہ دو سیاہ ہاتھ اس کو اٹھا کر غار میں لے گئے ہیں، میں اسے لینے وہاں جاتی ہوں، اندر جگہ جگہ بدبو اور غلاظت کے ڈھیر لگے ہوتے ہیں۔ اپنے آپ کو بچا بچا کر کہ کہیں میری سفید چادر یا پاؤں پر یہ گندگی نہ لگ جائے، چلتی ہوں اور اپنے بارے میں دیکھا کہ میں کمرۂ امتحان میں ہوں اور اسلامیات کا پیپر ہے جو مجھے سارا آتا ہے۔ میں بہت خوش ہوں، ہر سوال کی میں نے تیاری کی ہوئی ہے۔ تین گھنٹے کا پیپر ہے مگر جب لکھنے جاتی ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ جوابی کاپی موجود نہیں، جس پر لکھنا ہے وہ پتہ نہیں کہیں گم ہو گئی، میں بہت پریشان ہوں، اِدھر اُدھر تلاش کرتی ہوں مگر نہیں ملتی۔ ٹیچر کی آواز آتی ہے دو گھنٹے باقی ہیں، پھر آتی ہے اب ایک گھنٹہ باقی ہے۔ خوف اور پریشانی میں سوچتی ہوں کہ میں فیل ہو جاؤں گی۔ (صائمہ، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے ساتھ بندش کا معاملہ ہے، تاہم آپ روزانہ بعد نماز عشاء 3125 مرتبہ ''یا اللہ الصمد'' اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ، چالیس دن تک پڑھ لیں، اس کے بعد روزانہ صرف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں، ہر جائز مقصد میں ان شاء اللہ کامیابی ہوگی اور بندش سے حفاظت رہے گی۔

عجیب و غریب بچی

میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک بچی بارش میں بھیگ رہی ہے وہ کبھی ایک دن کی بچی ہوتی ہے کبھی ایک سال کی تو کبھی اس سے بھی بڑی۔ پتہ نہیں وہ کس کی بچی ہے۔ ایک بار دیکھا کہ ایک آدمی جس کا چہرہ نظر نہیں آرہا، وہ میری گود میں ایک نوزائیدہ بچی دیتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ تمہاری بچی ہے اور چلا جاتا ہے۔ یہ خواب اور اس طرح کے خواب دس بارہ سال سے مجھے بھی اور میری والدہ کو بھی آتے رہتے ہیں۔ (فاطمہ، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے ساتھ کچھ اثرات کا مسئلہ چل رہا ہے۔ آپ فوری طور پر کچھ صدقہ دیں اور سورۂ بقرہ کا اوّل آخر کوع، آیۃ الکرسی، چاروں قل اور سورۂ فاتحہ سات سات بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتی رہا کریں۔ یقین توجہ اور دھیان سے یہ عمل کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے ضرور کریں۔

گھریلو پریشانیوں کا اندیشہ

میں نے خواب دیکھا کہ گھر کی چھت پر ہوں، ہاتھ میں کیمرہ ہے جس سے تصویریں اتار رہی ہوں۔ پاکستانی جھنڈے کی تصویر اتارتی ہوں۔ اتنے میں میری بہن میرے کپڑے پہن کر اوپر چھت پر آتی ہے۔ میں اسے کہتی ہوں کہ جا کر نیچے سے چھوٹی بھتیجی کے کپڑے لے کر آئے۔ (آمنہ، گوجرانوالہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ کچھ گھریلو مشکلات اور پریشانیاں لاحق ہوں گی، تاہم یہ حالات عارضی ہوں گے۔ آپ استغفار کثرت سے پڑھا کریں۔

گردن کٹی گائے

میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں کئی برس سے مستقل ایک ہی خواب بار بار دیکھتی ہوں کہ قربانی کی گائے کٹی ہوئی پڑی ہے۔ جگہ جگہ خون ہی خون ہے۔ قربانی کا بہت سارا گوشت جگہ جگہ بکھرا پڑا ہے۔ اس کے علاوہ بڑی دیوہیکل سائز قربانی کی گائیں مجھے مارنے کے لیے میرے پیچھے پیچھے بھاگ رہی ہیں، میں بہت زیادہ ڈر رہی ہوں۔ کبھی ان کا گلا کٹا ہوا ہوتا ہے اور میرے پیچھے لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ میں بہت ڈرتی ہوں خواب میں بہت زیادہ پریشان ہوتی ہوں، لیکن وہ مجھے چھوتی نہیں۔ (ع، ن۔ ملتان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ خدانخواستہ کسی بیماری میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ آپ فوری طور پر کچھ گائے کا گوشت بطور صدقہ مستحقین میں تقسیم کردیں اور استغفار سو مرتبہ روزانہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔

براؤن پیٹھا

میں نے خواب دیکھا کہ میں گھر کے اوپر والے پورشن میں ہوں کہ اچانک میری والدہ کی مرحومہ خالہ وہاں آجاتی ہیں۔ پٹڑی پر بیٹھی ہوں اور وہاں سے اٹھ کر کچن میں جاتی ہوں تو کیا دیکھتی ہوں کہ وہ براؤن رنگ کا پیٹھا اٹھالاتی ہیں جو میں کوڑے میں پھینک دیتی ہوں، پھر باہر آتی ہوں تو اسی مرحومہ خالہ کی دو بیٹیاں راہداری میں بیٹھی ہیں، دو بچے بھی راہداری میں ہیں، میں ان کو دور کر کے نیچے والے پورشن میں جاتی ہوں تو پورشن نیچے خالی ہوتا ہے۔ (فرح، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ بعض قریبی رشتہ داروں کی حسد کی نظر لگنے سے رزق میں تنگی کا خطرہ ہے۔ تاہم آپ استغفار کم از کم 100 بار پڑھ لیا کریں، تاکہ حفاظت رہے اور رزق میں فراوانی رہے۔

دردیں ختم کرنے والی جادوائی بام مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بینک میں جاب کرتا ہوں آٹھ گھنٹے مسلسل کرسی پر بیٹھ کر کام کرنے سے میری کمر میں درد رہنا شروع ہوگیا جس کے لیے میں پین کلر دوائی استعمال کرتا۔ ایک روز میں پین کلر کھا رہا تھا تو بینک منیجر نے دیکھ لیا اور کہنے لگا یہ کیا کر رہے ہو میں نے ان کو اپنے درد کے بارے میں آگاہ کیا تو انہوں نے کہا کہ کب تک ان رنگ برنگی گولیوں کا سہارا لیتے رہو گے میں نے کہا سر اور میں کر بھی کیا سکتا ہوں ظاہر ہے درد ہو رہی تو دوائی کھاؤں گا تو ٹھیک ہو جاؤں گا۔ تو انہوں نے کہا کہ ہر درد کا علاج کھانے والی دوائی نہیں ہوتی۔ ایسا کرو بریک کے ٹائم مجھ سے ملنا۔ میں بریک کے ٹائم منیجر صاحب کے کمرے میں گیا تو انہوں نے میرے ہاتھ میں ''دردی ہربل بام'' تھما دی جو عبقری دواخانے کی پراڈکٹ تھی۔ میں نے کہا سر یہ کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ تم روزانہ رات کو سوتے وقت اس مرہم کو اپنی کمر پر ہلکی سی مالش کر کے لگانا پھر مجھے بتانا یہ کیا ہے؟ اسی شام میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ اس پر لکھی گئی ترکیب کے مطابق مرہم میری کمر پر لگا دو اس سے ایک ہفتے استعمال کے بعد میں نے منیجر صاحب کا شکریہ ادا کیا کہ اس بام کے استعمال سے کمر درد میں افاقہ ہوتا ہے ورنہ تو میں پین کلر کھا کھا کر اپنا حال برا کر لیتا۔ میں نے منیجر صاحب کا اچھا مشورہ دینے پر شکریہ ادا کیا۔ اب دردی ہربل بام کے علاوہ عبقری کی مختلف پراڈکٹ میرے گھر میں استعمال ہوتی ہیں۔ (حذیفہ، لاہور)

چہرے پر غیرضروری بالوں کا خاتمہ ممکن ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 32 سال ہے اور میں غیر شادی شدہ ہوں۔ دو ماہ پہلے اچانک میرے چہرے پر بال آنے شروع ہوگئے میں سمجھی کہ شاید بازاری رنگ گورا کرنے والی کریموں کے بے جا استعمال سے ایسا ہو رہا ہے لیکن بال دن بدن نکلنے شروع ہوگئے میں نے اپنی ایک سہیلی سے مشورہ کیا وہ جلدی امراض کی اسپیشلسٹ ہے تو اس نے کہا کہ جہاں تک میرا تجربہ ہے تمہیں ہارمونز کا مسئلہ ہے جس وجہ سے ایسی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ یہ بات سن کر تو میں اور ہی پریشان ہوگئی کیونکہ ادویات کے استعمال سے تو میری جان پہلے ہی جاتی ہے۔ اس نے کہا کہ تم ایسے کرو دیسی دوائی استعمال کرو اور وہ بھی عبقری دواخانہ کی۔ میں نے پوچھا دوائی کا نام تو اس نے کہا ''ہارمونز شفاء'' ہے۔ اور راولپنڈی میں عبقری کی ایجنسی ہے وہاں سے آسانی سے دستیاب ہے۔ میں اپنی والدہ کے ساتھ ایجنسی پر گئی اور ''ہارمونز شفاء'' کا ایک ڈبہ لیا اور اس پر لکھی گئی ہدایت کے مطابق استعمال شروع کیا پہلے ڈبے سے کافی فرق پڑ گیا پھر میں نے اور ڈبہ منگوایا ماشاء اللہ سے دو ڈبے کے استعمال سے ہی مجھے شفاء مل گئی۔ اس کے مجھے کافی فوائد حاصل ہوئے پہلا فائدہ تو یہ ہوا کہ میرے ایام ٹھیک ہوگئے دوسرا یہ کہ جو غیر ضروری بال آ رہے تھے ان کا آنا بند ہوگیا۔ اس کے لیے مجھے ایام کے دوران درد بہت ہوتا تھا جس میں واضح کمی آئی۔ اب جب بھی کسی سہیلی یا جاننے والی کو ان مشکلات کا سامنا ہو تو میں ان کو ہارمونز شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیتی ہوں جس سے ان کو فائدہ بھی پہنچتا ہے۔ کمال کی دیسی دوا ہے اس کے استعمال سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا ورنہ انگریزی دوائی کھانے سے ایک مرض ٹھیک ہو جاتا ہے اور ایک نیا مرض سر اٹھا لیتا ہے۔ (ب۔ش۔ راولپنڈی)

ہزاروں روپیہ ملکی غیرملکی شیمپوز پر خرچ کر چکا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بال بہت زیادہ اُترتے تھے اور سردی میں تو سر میں اتنی خشکی ہوتی تھی جیسے کسی نے ٹوکری بھر کر خشکی کی میرے سر پر الٹا دی ہو۔ ہر وقت خارش تو عام سی بات تھی۔ بہت سے ٹوٹکے اور مہنگے سے مہنگا ملکی اور غیر ملکی شیمپو استعمال کیا لیکن خشکی جانے کا نام ہی نہ لیتی۔ عبقری تسبیح خانہ میرا آنا جانا تھا اور وہاں آئے مختلف احباب جب اپنے تجربات بتاتے تو میں غور سے سنتا جن سے متاثر ہو کر میں نے کراماتی تیل استعمال کرنا شروع کیا تھا جس کے استعمال سے جسمانی دردیں اور پرانی چوٹوں کی دردیں ختم ہوگئی تھی۔ اسی طرح ایک شخص نے طب نبوی ہیئر آئل کے بارے میں اپنا مشاہدہ بتایا تو میں نے درس سے واپسی پر ایک بوتل طب نبوی ہیئر آئل کی دواخانہ سے لی اور استعمال شروع کیا میں ہر وقت طب نبوی ہیئر آئل سے اپنے سر کے بالوں کو تر رکھتا پندرہ دن بعد بوتل ختم ہوئی تو نئی بوتل لے آیا ایک ماہ مسلسل استعمال کے بعد میرے سر سے خشکی سکری کا خاتمہ ہوگیا۔ اس کے ساتھ ساتھ میرے بالوں میں جو روکھا پن تھا وہ بھی ختم ہوگیا اور بال گرنا بھی بند ہوگئے۔ اب ہمارے گھر میں چاہے بڑا ہو یا چھوٹا سب ہی طب نبوی ہیئر آئل استعمال کرتے ہیں بہت ہی اچھا ہیئر آئل ہے۔ میری اہلیہ بھی اس تیل کی بہت تعریف کرتی ہیں ان کی چند سہیلیاں بھی اب یہی تیل استعمال کر رہی ہیں بہت اچھا رزلٹ ہے۔ (ابراہیم، شاہدرہ)

ہفتوں سے لگی شدید کھانسی میں افاقہ ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے تین ہفتے سے شدید کھانسی تھی جو کسی بھی سیرپ یا دوائی سے نہیں جا رہی تھی ہر وقت کھانسی کرتا رہتا۔ ایک روز جب میں جنرل سٹور سے کچھ گھریلو اشیاء لینے گیا تو کھانسی شروع ہوگئی تو جنرل سٹور کے مالک نے پوچھا کہ کب سے کھانسی ہے تو میں نے کہا کہ تقریباً دو ہفتے سے مسلسل کھانسی ہے کافی ادویات کا استعمال کیا لیکن کوئی فرق نہیں پڑتا تو اس نے مجھ سے کہا کہ تم ایسا کرو کہ عبقری دواخانے کا شربت اعجاز اور شفاء حیرت سیرپ استعمال کرو۔ میں نے کہا آپ مجھے ایڈریس دے دیں میں لے آتا ہوں اس نے مجھے ایڈریس لکھ دیا میں اگلے روز عبقری دواخانے آیا اور ایک ایک شیشی بوتل دونوں سیرپ کی لی اور لکھی گئی ہدایت کے مطابق استعمال کیا ایک ہفتے کے استعمال سے میری کھانسی ختم ہوگئی اور میں حیران تھا کہ میں نے اتنی مہنگی سے مہنگی دوائی استعمال کی جس سے کوئی فرق نہیں پڑا اور ان دو سیرپ کے استعمال سے میری کھانسی ختم ہوگئی اور ان سیرپ کی قیمت آج کے مہنگائی کے دور میں بھی اتنی کم میں حیران ہوں۔ اب عبقری کی بہت سی ادویات کا استعمال میرے گھر میں ہوتا رہتا ہے انگریزی ادویات آنا بہت کم ہوگئی ہیں میں اور میرے تمام گھر والے اب دیسی اور خالص جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ عبقری دواخانے کی ادویات استعمال کرتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ دوسروں کو بھی دیسی ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیا جائے کیونکہ انگریزی ادویات کا فائدہ وقتی ہوتا ہے لیکن دیسی ادویات کا فائدہ دیرپا ہوتا ہے۔ (محمد شہزاد، لاہور)

(بقیہ: زمیندار بھائیوں کی جائیداد کے مسائل حل! انوکھا عمل)

جب عبقری پر حضرت حکیم صاحب کا نام پڑھا تو خوشی کی انتہا نہ رہی کہ یہ تو وہی حضرت صاحب ہیں جن کا نام دو انمول خزانہ میں پڑھا تھا خیر عبقری پڑھتے ہوئے ابھی کچھ ماہ ہی ہوئے تھے کہ آپ کو مندرجہ بالا ساری صورتحال لکھ کر جوابی لفافہ کے ساتھ ارسال کر دی۔ کچھ ماہ کے بعد آپ کا جواب آیا تو بہت خوشی ہوئی آپ نے ہمارے لیے یہ وظیفہ تجویز فرمایا؛ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اس وظیفہ کو صبح و شام 313 بار اول آخر 7 بار درود شریف کے ساتھ پڑھنے کو کہا اور زیادہ فائدے کے لئے روزانہ ہزاروں کی تعداد میں توجہ اور دھیان کے ساتھ وضو بے وضو اور ناپاکی میں بھی پڑھنے کو کہا اس طرح گیارہ اکیس یا اکتالیس دنوں میں سوا لاکھ بھی پورا کرنا تھا۔ میری والدہ اور والد نے یہ وظیفہ کثرت سے پڑھا اور اس کی برکت سے میرے تایا جان نے خود دادا جی سے بات کر کے سب بھائیوں کو بلوایا اور خود بقیہ زمین سب بھائیوں کے نام لگوا دی اور ہمارا جو مسئلہ اتنے سالوں سے اٹکا ہوا تھا کچھ ماہ یہ وظیفہ کرنے کی برکت سے حل ہو گیا۔

(بقیہ: بغیر میک اپ کے ہونٹوں کو خوبصورت بنائیں)

اب پانچ منٹ کے لئے اسے رکھ دیں اور پھر اس کے بعد 20 منٹ تک لگا رہنے دیں۔ اس دوران خاموش رہیں ورنہ ہونٹوں پر سلوٹیں پڑ جانے کا خطرہ ہے' 20 منٹ بعد گرم پانی سے دھو لیں۔ ایک ماہ مسلسل یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے ہونٹ خوبصورت اور دلکش بھی ہو جائیں گے اور اس کے علاوہ جن کے ہونٹوں پر قدرتی طور پر خشکی جھریاں' سیاہی مائل دھبے یا بے رونقی ہو وہ بھی ختم ہو جائے گی۔ یاد رکھیئے! ہونٹ آپ کے حسن کی نمایاں عکاسی کرتے ہیں اور آپ کے میک اپ کا فائنل ٹچ بھی ہیں' ضروری نہیں کہ ہونٹوں کی خوبصورتی کے لئے ان پر لپ اسٹک کا استعمال لازمی ہے بلکہ ہونٹ بغیر لپ اسٹک کے بھی جاذب نظر بن سکتے ہیں' مگر ضرورت اس بات کی ہے کہ ان کی دیکھ بال اور مناسب حفاظت کی جائے۔

(بقیہ: دانتوں سے ناخن کترنا ایک نفسیاتی مرض اور علاج)

عام طور پر ایسے مریضوں کو نفسیاتی معالج کی ضرورت درپیش ہوتی ہے۔ زندگی کے مسائل سے نمٹنے کے لیے متوازن شخصیت کی ضرورت ہوتی ہے۔ فلون مزاج اور زجذباتی لوگ پریشانی کا حل تلاش کرنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں تو اکثر خود آزاری میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور اپنے آپ کو نشانہ بناتے رہتے ہیں اور ایسے ہی افراد ناخن خوری شروع کر دیتے ہیں یا پھر اپنے ہونٹوں کو چباتے رہتے ہیں دیگر عادت میں سر پر خارش یا جسم کے کسی حصے پر خارش کرتے رہنا بھی شامل ہے۔ ایسا کرنے سے وہ سکون محسوس کرتے ہیں۔ اس حوالے سے ایک نہایت دلچسپ بات یہ ہے کہ اس طرح کے افراد اپنی اس عادت سے تسکین حاصل کرتے ہیں اور ان پر کسی نصیحت کا اثر نہیں ہوتا اور نہ ہی اپنی اس بیماری سے وہ کچھ زیادہ پریشان نظر آتے ہیں۔ ایسی عادات میں مبتلا مریض اپنے تفکرات ہی میں کھوئے رہتے ہیں۔ ان ہی ے عادات میں سے ملتی جلتی کیفیت بسیار خوری بھی ہے۔ بسیار خوری یا ناخن فوری یا دیگر ایسے تمام امراض پریشانیوں سے ذہنی افراد یا شخصی کمزوری کا برملا اظہار ہیں۔ ایسے افراد اگر خود چاہیں تو باآسانی ان تکلیف دہ عادات سے نجات حاصل کر سکتے ہیں لیکن معالج کے سمجھانے اور درست علاج کرنے سے جلد افاقے کی توقع ہے۔

(بقیہ: پان' گٹکا' نسوار اور تمباکو سے نفرت! بس یہ پڑھ لیجئے!)

تمباکو بھی چھوٹ گیا اور اس وجہ سے بے چینی ہو رہی ہے اور جادو کے اثرات ختم ہو گئے۔ میں بیرون کے سفر گھر واپس جا رہا تھا موٹر سائیکل پر سوار تھا بیٹا چلا رہا تھا ایکسیڈنٹ ہوا میری ہنسلی ٹوٹ گئی بہت علاج کیا اب تک ٹھیک نہیں ہوئی۔ درد ہوتا تھا میں ہر وضو کے بعد بھنوں پر لگا پانی لگانا شروع کیا۔ اب درد ٹھیک ہے بازو کے استعمال میں رکاوٹ نہیں رہی۔ (ابو عبداللہ' میانوالی)

(بقیہ: یقین تھا مجھ پر جادو جنات کا حملہ نہیں ہوسکتا مگر یہ کیا ہوا؟)

لیکن مجھے معلوم کیسے ہوگا کہ جادو اب ختم ہو چکا ہے۔ طبیعت میں میری پہلے کے مقابلے میں کافی تیزی آچکی تھی۔ اسی دوران میری شادی کے لیے میری بہنیں رشتہ دیکھ رہی تھیں اب ہو یہ رہا تھا کہ جہاں بھی بات کرتے وہاں سے انکار ہو جاتا کئی جگہوں پر ایسا ہوا کئی بار تو لڑکی والے مجھے دیکھنے گھر پر بھی اور میری جاب کی جگہ پر بھی آئے مجھے دیکھا مجھ سے بات کی مجھے پسند بھی کیا لیکن بعد میں یہ کہہ کر منع کر دیا کہ ہم نے استخارہ کرایا ہے اور استخارہ کے مطابق رشتہ مناسب نہیں۔ بار بار کی ان باتوں سے تنگ آکر میری بہن نے میرے بہنوئی سے کہا کہ کسی سے یہ چیک کروائیں کہ میرے بھائی پر کوئی جادو تو نہیں ہے جو کہ اس کے رشتے میں رکاوٹ ہو رہی ہے۔ میرے بہنوئی کے ایک جاننے والے ہیں جو کہ یہ بتا دیتے ہیں کہ جادو ہے یا نہیں ہے۔ میرے بہنوئی نے انہیں میرا نام بتایا اور ان سے فون پر دریافت کیا۔ یاد رہے اس وقت تک مجھے افحسبتم اور اذان والا عمل اپنے لیے کرتے ہوئے سات یا آٹھ مہینے سے زیادہ ہو گئے تھے۔ ساتھ ساتھ میں روزانہ گیارہ سو بار یا قہار بھی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر رہا تھا۔ جب میرے بہنوئی نے ان صاحب سے میرے اوپر جادو ہونے یا نہ ہونے کے متعلق پوچھا تو انہوں نے واضح طور پر بتایا کہ آپ کے سالے پر اب کوئی جادو نہیں ہے۔ مجھے یہ بات میری بہن نے بتائی تو میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی اور میں سوچ رہا تھا کہ اذان اور افحسبتم کے عمل نے اپنا کمال دکھا دیا اور جادو کو توڑ کے رکھ دیا۔ اب میں نے اپنی بہن سے کہا کہ آپ ہماری والدہ سے متعلق ان صاحب سے معلوم کریں ان پر تو جادو نہیں ہے کیوں کہ والدہ بہت عرصے سے بیماری میں مبتلا ہیں۔ چلنے پھرنے اور رفع حاجت کے لیے بھی خود سے اٹھ کر نہیں جا سکتی۔ علاج برابر ہو رہا ہے لیکن حالات ٹھیک ہونے کا نام نہیں لے رہے۔ میرے کہنے پر بہن نے والدہ سے متعلق معلوم کروایا تو پتا چلا کہ بہت خطرناک اور سخت جادو کیا گیا ہے جو کہ خدانخواستہ ان کی زندگی ختم ہونے کے بعد بھی ختم نہ ہوگا۔ یہ بات مجھے بتاتے ہوئے میری بہن کے آنسو آگئے۔ اس نے مجھے یہ بھی کہا کہ تم امی کے سب سے قریب ہو اور بیمارداری بھی کرتے ہو اس لیے تم پر بھی پریشانیاں اور مشکلات ہیں کیوں کہ جو بھی ان کے زیادہ قریب ہوگا وہ بھی اس جادو کی زد میں آئے گا۔ میرے لیے یہ لمحہ انتہائی پریشان کن تھا میں نے بہن کو کہا کہ دیکھو اگر امی پر جادو ہے تو اس کی وجہ سے میں انہیں تنہا نہیں چھوڑ سکتا۔ اچانک میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ امی کے لیے بھی آج سے اذان اور افحسبتم والا عمل کرتے ہیں میں نے پورے بھروسے کے ساتھ عمل کیا اور تقریباً چھ ماہ سے زائد کا عرصہ گزرنے کے بعد میں نے بہن سے کہا کہ اب دوبارہ امی کے بارے میں پوچھیں کہ جادو ہے یا نہیں۔ بہن کے معلوم کرنے کے بعد انتہائی خوشی کے عالم میں مجھے گھر پر آکر بتایا کہ اب جادو ٹوٹ چکا ہے۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور ساتھ ساتھ دل سے حضرت صاحب آپ کے لیے دعائیں نکلیں۔ بہن نے مجھ سے پوچھا کہ میں نے کیا عمل کیا تھا تو میں نے افحسبتم اور اذان کے عمل کا اور گیارہ سو مرتبہ یا قہار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانے کا بتایا جس کے بعد یہ معجزہ ہوا۔ امی کی حالت اب آہستہ آہستہ سنبھل رہی ہے۔ گو کہ اب بھی وہ سہارے کے بغیر چل نہیں سکتی لیکن جو کیفیت پہلے تھی اس کے مقابلے میں بہتری کے آثار واضح طور پر دیکھے جا سکتے ہیں۔ امی کے بعد میں نے اپنے بڑے بھائی کے متعلق معلوم کروایا جو کہ گزشتہ اٹھارہ سال سے زائد عرصے سے دماغی امراض کا شکار ہے اور ایک طویل عرصے سے اس کا نفسیاتی علاج چل رہا ہے۔ جب بھائی کے متعلق معلوم کیا تو پتا چلا کہ وہ بھی بہت عرصے سے جادو کا شکار ہے۔ میں نے بھائی کے لیے بھی یہی عمل کیا اور پھر 9 ماہ تک عمل کرنے کے بعد دوبارہ معلوم کیا تو بھائی کا جادو بھی ٹوٹ چکا تھا۔ ایک مرتبہ پھر سے اللہ کا شکر ادا کیا کہ مرشد کے لیے دعائیں ایک بار پھر دل سے نکلیں کہ آپ نے ہمیں اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا ہنر سکھا دیا' ہمیں اعمال کی طرف لے کر آگئے ہیں۔ میں نے ابھی بھی اعمال جاری رکھے ہوئے ہیں ان اعمال کی بدولت میری زندگی آہستہ آہستہ بہتری کی طرف آرہی ہے۔ آخر میں اللہ سے دعا ہے کہ وہ آپ کو لمبی اور سلامتی' تندرستی والی زندگی عطا فرمائے اور آپ کا سایہ ہم جیسوں کے سروں پر تادیر قائم رکھے۔ ابھی کچھ عرصہ پہلے آپ کی صحت خراب ہونے کی خبر سنی اور اس کے بعد آپ کی ایک ویڈیو دیکھی جس میں آپ بہت کمزور دکھائی دے رہے تھے یقین جانیے یہ ویڈیو دیکھنے کے بعد دل دہل گیا۔ اللہ سے آپ کی صحت یابی کے لیے دعائیں مانگیں اور اعمال آپ کو ہدیہ کیے۔ کروڑوں لوگوں نے یقیناً آپ کے لیے دعائیں کی ہوں گی اور اعمال ہدیہ کیے ہوں گے۔ ان میں ایک چھوٹا سا حصہ میرا بھی تھا قبول فرمایئے گا۔ اللہ آپ کی سدا حفاظت فرمائے۔ آمین۔

(بقیہ: کتاب کا ادب بھولا سبق یاد کیجئے!)

کتب کی حفاظت چھوڑ گئے ہیں اور مجھے سب سے زیادہ تکلیف تب ہوتی ہے جب سکول کے بچے اور اساتذہ کتاب پر اس طرح بال پین سے لکیریں کھینچتے ہیں جیسے بالکل کوئی فارغ صفحہ ہو' کتاب پر اگر کچھ لکھنا بھی ہے تو قلم سے ایک طرف چھوٹا سا نشان لگا دیجئے تا کہ وہ کتاب اگلے بندے کے پڑھنے کے قابل ہو جائے اور سکول مین آج کل یہ عجب روایت بن چکی ہے کہ جب کسی کتاب کے اوپر قلم کے نشان نہ ہوں اور کتب پھٹی ہوئی نہ ہو تو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ شاید یہ لوگ پڑھے ہوئے نہیں ہیں۔ ایک مثال مزید پڑھتے جایئے! ارطغرل بیگ سلجوقی ترکوں کا سردار گزرا ہے وہ ایک رات کسی شیخ طریقت کے پاس گزارتا ہے اور جب وہ کمرے میں جاتا ہے تو وہاں قرآن پاک پڑا ہوتا ہے۔ وہ دیہاتی بادشاہ کہتا ہے کہ یہ قرآن ہے وہ قرآن کو سر پر اٹھا لیتا ہے ساری رات قرآن کو سر پر اٹھا کر کھڑا رہتا ہے۔ یہ ادب ہے کتاب کا ایک دیہاتی نے یہ ادب کیا جن دیہاتیوں کو شہری سمجھتے ہیں۔ اگلی مرتبہ اگر زندگی رہی تو انشاء اللہ ضرور کسی فائدے مند بات کو لے کر حاضر ہونگا۔

قسط 19 — رومی احمد پوری

کھانے کے بعد کلی کیجئے! جدید سائنس فوائد لکھتے تھک گئی

قارئین السلام علیکم! ہر ایک سنت میں سینکڑوں فضائل و فوائد چھپے ہوتے ہیں‘ اگر کوئی تلاش کرے تو وہ ان موتیوں سے مستفید ہوتا ہے اور سب سے بڑی بات ہے پڑھ کر عمل کرنا۔ علم تو سب حاصل کرتے ہیں عمل کوئی کوئی کرتا ہے۔ ہمارے پیارے نبی سرور کونین ﷺ کی سنت مبارکہ تھی وہ جب بھی کھانا تناول فرما کر فارغ ہوتے تو وہ ایک مرتبہ ہاتھ دھو کر تین مرتبہ کلی فرما لیتے‘ میں نے یہ سنت مبارکہ سنی اور اس پر عمل کرنا شروع کردیا۔ الحمدللہ! بہت فوائد اور مفادات حاصل ہوئے۔ سب سے پہلی بات ہم نے یہ عمل سب سے پہلے سنت کی نیت سے کرنا ہے۔ اس کے بعد جو نفع ہو وہ علیحدہ ہے‘ کلی کرنے سے کھانے کے ذرات دانتوں سے نکل جاتے ہیں۔ سائنس نے چودہ سو سال بعد اعتراف کیا اور دانتوں کے معالجین نے اس چیز کا اقرار شروع کیا کہ کھانے کے بعد اچھی طرح کلی کریں کیونکہ اندر موجود ذرات بیماری بن جاتے ہیں اور دانتوں کو نقصان پہنچاتے ہیں جب ذرات نکل جاتے ہیں تو دانتوں کے درمیان خلا نہیں بنتا۔ خلا بننے سے ایک دانتوں کی خوبصورتی ختم ہوتی ہے دوسری ہر منہ کے اندر آنے والی چیز دانت میں پھنس جاتی ہے۔ دانت اللہ کی عطا کردہ بڑی نعمتوں میں سے ایک ہے‘ آج اگر ہمیں ہر لذت مل رہی ہے تو ان لذتوں کے حصول میں دانتوں کا بھرپور کردار ہے۔ ان لوگوں سے پوچھیں جو دانتوں سے محروم ہیں اور دانت کو ترس رہے ہیں۔ کھانے کیلئے چیز ہے لیکن چبانے کیلئے دانت نہیں ہیں۔ جو ایک سنت کو زندہ کرتا ہے اسے 99 شہیدوں کا ثواب ملتا ہے اور بعض روایات میں 99 بدری شہیدوں کا ثواب ملتا ہے اور بدری صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین وہ ہیں جن کو اللہ کریم نے جنگ بدر کے بعد فرمایا ”جاؤ اب جو مرضی کرو پوری زندگی میں نے تم لوگوں کو معاف کردیا“ اگر تو آپ ان صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ثواب پانا چاہتے ہیں تو آپ کے پاس اس سے زیادہ نفع مند پیکیج کون سا ہوسکتا ہے؟ جب بندہ کھانا کھا کر فارغ ہوتا ہے تو اس کے دانتوں پر لیس دار اشیاء جو کھانے میں موجود ہوتی ہے وہ چپک جاتی ہیں‘ ان کو مندمل کرنا لازم ہوتا ہے ورنہ وہ دانتوں کو پیلاہٹ کی طرف مائل کردیتی ہیں اور جس سے انسان کے دانتوں کی خوبصورتی بہت کم رہ جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ساری دنیا کے درخت قلم بنا جائیں اور سارے سمندر سیاہی بنا جائیں‘ سارے انبیاء میری تعریف لکھیں‘ پھر جب انبیاء تھک جائیں تو فرشتے میری تعریف لکھیں اور جب فرشتے تھک جائیں تو افضل الانبیاء حضور نبی کریم ﷺ میری تعریف لکھیں۔ اسی طرح ہر بندہ تعریف لکھے تب بھی میری تعریف کا ایک ذرا بھی ادا نہ ہوگا۔ اسی طرح معاملہ سنت کا ہے اگر ہم سنت کی تفسیر لکھنے بیٹھ جائیں تو کئی جوانیاں ختم ہوجائیں‘ لیکن میرے نبی کریم ﷺ کی سنت کی تفسیر ختم نہیں ہوتی۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ تابعی تھے وہ مسجد سے باہر بعد نماز عشاء تشریف لے جارہے تھے۔ اندھیری رات تھی تو ایک بندے نے ان سے ایک حدیث مبارکہ کی تفسیر پوچھی۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ وہیں کھڑے ہوگئے اور پھر تفسیر بتانا شروع کردی‘ یہاں تک کہ مؤذن نے فجر کی اذان دے دی اور تفسیر تب بھی ختم نہ ہوئی۔

عبقری رسالہ ادویات' کتب آپ کے شہر میں

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اسلام آباد 0336-0195366
اسلام آباد پی ڈبلیو ڈی 0335-5605603
اسلام آباد: 051-2624335
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
اوکاڑہ: 0303-7610475
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بھلوال: 03027108627
بہاولنگر 0333-6320766
بورے والا 0673352712
بورے والا 03038308891
بنوں: 03139764887
بنوں: 0334-8852912
بالاکوٹ: 0333-5026866
بھاگٹانوالہ 0300-7060068
بٹ خیلہ/ چکدرہ: 0344-9783610
بھل: 0334-4306823
بچیکی: 0306-6482488
براگھر: 0300-2347638
پشاور 0314-9007293
پشاور 0333-9161237
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پنڈی گھیپ 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
پنڈ سلطانی: 0331-5100926
پنڈ دادنخان: 03335007975
پھالیہ: 03016221924
تلہ گنگ 0346-5771975
ترنول (اسلام آباد): 0300-5512135
ترناوہ: 0307-8321046
تیمرگرہ: 03159119967
تیمرگرہ: 0348-9651523
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
ٹیکسلا: 03078321046
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
جہانیاں 0321-7359861
جہلم 0333-5806101
جوہر آباد 0301-4654747
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6484471
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689

"عبقری" نام رجسٹرڈ ہے کسی بھی ایجنسی، کلینک، مطب، اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کر دیں، ورنہ ایجنسی ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

جنڈیال گلگت 0312-9934607
جڑانوالہ 03004829368
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چارسدہ: 0300-8581709
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآسیدن شاہ 054-3580102
چوک اعظم 0300-6767661
چنیوٹ 0301-7070779
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد: 0333-8775548
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حویلی لکھا: 03336943177
حاصل پور: 0305-2064915
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 0321-5352745
راولپنڈی 03337642532
رواٹ اسلام آباد 0335-5490418
رائے ونڈ 0307-7397658
رحیم یار خان 0305-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
رجانہ 03318671720
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
ویہاپور 0300-4059957
دریالا جالب: 0333-5869273
دنداشاہ بلاول 0336-5953230
دولتالہ: 0336-5167423
دائرہ دین پناہ: 0343-6051987
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
